يَاحَيُّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا قَيُّوم

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا

مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ

مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

# مَقَالَاتِ حِكْمَتْ

مؤلف


حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز
المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم



المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین
دارالاحسان دربار شریف (سالار والا) فیصل آباد۔ پنجاب۔ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَاحَیُّ مَاشَآءَاللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلْقِکَ وَرِضٰی نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ یَا قَیُّوم

# مکشوفاتِ منازلِ اِحسان

## المعروف بہ

# مقالاتِ حکمت دارالاحسان

مؤلف

قبلہ شیخ صوفی حضرت **محمد برکت علی** لدھیانوی قدس سرہ العزیز

ترتیب وتزئین

صاحبزادہ **میاں محمد مقصود احمد** عفی عنہ بن **میاں محمد انور علی** قدس سرہ العزیز بن حضرت **محمد برکت علی لدھیانوی** قدس سرہ العزیز

لِلتَّقْسِیْمِ وَالتَّوْزِیْعِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

لانتفاعِ و النفع

لِجَمِیْعِ اُمَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

مقام اشاعت

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین

دارالاحسان دربار شریف (سالاروالا) فیصل آباد۔ پنجاب۔ پاکستان

فون: ++92-41-8742650 0300-321-333-9661047

www.darulehsan.net.pk Email:maqsoodsalarwala@gmail.com

marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَاحَیُّ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ يَا قَيُّوْم
وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

تاریخ اشاعت : ۲۰ جمادی الثانی بروز ہفتہ سنہ ۱۴۳۳ھ

# جلد اوّل

طبع : دوم

مطبع : دارالاحسان سالاروالا

طابع : دارالاحسان سالاروالا

ناشر

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین
(دارالاحسان سالاروالا)

فیصل آباد۔ پنجاب (پاکستان)

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تحریر دست مبارک

حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَاحَیُّ مَاشَاءَ اللہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ یَاقَیُّوم
وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلْقِکَ وَرِضٰی نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اَسْتَغْفِرُ اللہَ الَّذِیْ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

# قُلْ

# عِشْقُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

# مَذْھَبِیْ وَحُبُّہٗ مِلَّتِیْ

# وَطَاعَتُہٗ مَنْزِلِیْ

(یہ کہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا مذہب

محبّت میری ملّت اور اتباع میری منزل ہے

بانی دارالاحسان

حضرت محمد برکت علی

لدھیانوی قدس سرہ العزیز

المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم

marfat.com

Marfat.com

# کتاب النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما یکون من نجوی ثلثۃ الا ھو رابعھم ولا خمسۃ الا ھو سادسھم ولا ادنی من ذلک ولا اکثر الا ھو معھم اینما کانوا ثم ینبئھم بما عملوا یوم القیامۃ ان اللہ بکل شیء علیم ○ ھذا کتاب من محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النبی الامی الصدیق الھادی المھاری الانجلی صاحب القضیب والتاج والکرامۃ صلی اللہ علیہ وسلم

لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ الی مصرف الدار والدیار والرواح والمنار الا طارقا یطرق بخیر ○

اما بعد فان لنا ولکم فی الحق سعۃ فان یکن طارقا مولیا او مؤذیا ان خدعا حقا او باطلا او مؤذیا او مغیما فارکبوا حسلۃ القرآن وانطلقوا الی عبدۃ الاوثان یرسل علیکما شواظ من نار ونحاس فلا تنتصران ○ بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ بسم اللہ وباللہ ولا غالب الا اللہ ولا احد مثل اللہ ولا شیء یعدل اللہ وبسم اللہ استفتح وعلی اللہ توکل حامل کتابی ھذا فی امان اللہ وفی حفظہ وفی کنفہ وفی سترہ این ما کان وحیث ما توجہ لا تقربوہ ولا تضروہ ولا تضروہ قائما وقاعدا وباسما وذاکرا فی الاکل والشرب ولا فی اللیل والنھار ولا فی بعد ولا فی نھار ولا فی بحر ولا فی بر وکلما سمعتم صوت حامل کتابی ھذا فانہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ فکفوا عنہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ باللہ الذی ھو غالب علی کل شیء وھو اعز من کل شیء وھو علی کل شیء قدیر وبمحمد رسول اللہ النبی الزکی المبعوث الی الثقلین ○ اللھم احفظ حامل کتابی ھذا من کل سوء بل من وکل علیہ ھذہ الاسماء بالاسم الذی ھو مکتوب علی سرادقات العرش انک لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ھو الغالب الذی لا یغلب شیء ولا ینجو منہ ھارب فاعیذہ بالحی الذی لا یموت وبالعین التی لا تنام والعرش الذی لا یتحرک والکرسی الذی لا یزول وبالاسم الذی ھو مکتوب فی اللوح المحفوظ وبالاسم الذی ھو مکتوب فی القرآن العظیم وبالاسم الذی حمل بہ عرش بلقیس الی سلیمان ابن داود علیہ السلام قبل ان یرتد الیہ طرفہ وبالاسم الذی نزل بہ جبرائیل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی یوم الاثنین وبالاسم الذی ھو مکتوب فی قلب الشمس واعیذہ بالاسم الذی سماہ بہ السحاب اثقالا ویسبح الرعد بحمدہ والملئکۃ من خیفتہ وبالاسم الذی حمل بہ الرب عز وجل لموسی ابن عمران فخر موسی صعقا وبالاسم الذی کتب بہ علی ورق الزیتون والقی فی النار فلم یحترق وبالاسم الذی مشی بہ الخضر علیہ السلام علی الماء فلم یبتل قدماہ وبالاسم الذی خلق بہ عیسی وھو ابن مریم فی المھد صبیا وابرء الاکمہ والابرص باذن اللہ واحیی الموتی باذن اللہ وبالاسم الذی نجی بہ یوسف من الجب وبالاسم الذی نجا بہ ابراھیم علیہ السلام من نار نمرود حین القی فی النار وبالاسم الذی نجا بہ یونس من بطن الحوت وبالاسم الذی فلق بہ البحر لموسی ابن عمران وجعل کل فرق کالطود العظیم واعیذہ بآیات التی نزلت علی موسی ابن عمران بطور سینا واعیذہ من کل عین ناظرۃ وکل اذن سامعۃ والسن ناطقۃ وابید باطشۃ وقلوب واعیۃ فی صدور خاویۃ والبصر کلیلۃ ومن کل من یعمل عمل السوء ومن سوء شر الثوالیح والسحرۃ ومن فی الجبال والارض والغراب والغربان وساکن الاجام وساکن البحار وساکن ضیق الظلم واعیذہ من شر الشیاطین وجنودھم ومن شر کل خول وغول وساحر وساحرۃ وساکن وساکنۃ وتابع وتابعۃ ومن شیدھم وشر آبائھم وامھاتھم وابنائھم وبناتھم واخوانھم وعماتھم وخالاتھم ومن شر السوابح والسحرۃ والغارات ومن شر ساکن الجبال والتراب والسبان والجن والغراب ومن شر من فی البر والبحر والجبال ومن یسکن فی الظلمات ومن شر من یسکن فی العیون ومن یمشی فی الاسواق ویکون مع الدواب والبھائم والوحوش ویسترق السمع ومن اذا قیل لا الہ الا اللہ یھرب کما یھرب الرمض والصید علی النار ومن شر ما یکون فی الارحام والاجام والاطعام ومن شر ما یوسوس صدور الناس من الشر والشک واعیذہ من الخطر والنظر والکبریت الذی لا یزول وبالاسم الذی ھو مکتوب فی الصحف والناس واعیذہ من کل عین ماخیۃ واذن سامعۃ ومن شر الداخل والخارج ومن شر حضرت الجن والانس ومن شر کل ذی شر ومن شر کل غاو ورابع ومن شر ساکن الزجاج من عصفر وقرنفل وبنفسج واعیذہ من شر من نظر الیہ الا سلم وتضم الیہ القلوب ومن شر ساکن الارض وساکن الزوایا ومن شر من یمشی الغولتہ ویولع بھا ومن شر ما تنظر الیہ الا بصار واعیذہ من شر ابلیس وجنودہ ومن شر الشیاطین ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر، سے دستیاب ہوا
پاکستان میں پہلی بار اس کی اشاعت کا شرف دارالاحسان کو نصیب ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

یاحی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاقیوم

# دارالاحسان کیا ہے؟

دارالاحسان کا لفظی مطلب ''احسان کا گھر''۔ یہ ایک اسلامی رفاہی ادارہ ہے جو ضلع فیصل آباد تحصیل چک جھمرہ میں واقع ہے۔ حضور باباجی سرکارؒ نے فرمایا ہے ''یہ ایسی جگہ ہے جہاں پر لوگ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرتے ہیں جیسے وہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر یہ صحیح نہیں تو یہ یقیناً سچ ہے کہ ان کو اللہ دیکھ رہا ہے''۔ حضور باباجی سرکارؒ نے دارالاحسان کے بارے میں فرمایا ''دو ہزار سال پہلے ایک نبی کا دارالاحسان سے گزر ہوا، اُنہوں نے اس مقام پر قیام فرمایا اور اپنا دفتر لگایا۔'' حضور باباجی سرکارؒ نے فرمایا جب حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو اس دارالاحسان سے اُن کی آمد کی تصدیق کی جائے گی۔ ماشاءاللہ! حضور باباجی سرکارؒ نے فرمایا کہ یہ دارالاحسان بین الاقوامی تبلیغ کا عالمگیر مرکز ہے۔ اور قیامت تک آباد رہے گا۔ انشاءاللہ۔ ماشاءاللہ!

حضور باباجی سرکارؒ نے مخدومہ دارالاحسان بے بے جی سرکار برکت بی بی قدس سرہ العزیز کے وصال کے موقع پر فرمایا (برکت بی بی تیرا در قیامت تک آباد رہے گا) ماشاءاللہ!

اکثر دوست احباب سوال کرتے ہیں **القام النجاف الصحاف المقبول المصطفین** کا کیا مطلب ہے۔ حضور قبلہ باباجی سرکارؒ نے اس کا ترجمہ کچھ اس طرح فرمایا ہے۔

**نجاف:**

نجاف اس مقام کو کہتے ہیں جہاں پہ اللہ تعالیٰ کی مشیّت سے اس کے محبوبان اور محبان اور انبیاء اکرام وعظام اور رسولان مطہرین علیہم السلام اپنے کسی وجود سے یعنی

marfat.com
Marfat.com

روحانی اور باطنی طریقہ سے تشریف لائیں۔

## صحاف

صحاف اس مقام کو کہتے ہیں جس مقام کی صحافت آسمانوں سے لے کر زمین کے تحت الثریٰ کے مقام تک مشہور ہو۔

## المصطفین کے معنی

ل۔ اگر ف کے نیچے زیر پڑھی جائے تو جمع کا صیغہ ہوا، یعنی بہت سی چنی ہوئی برگزیدہ ہستیاں۔

ب۔ اگر ف کے اوپر زبر پڑھی جائے تو یہ معنی ہوئے کہ دو چنی ہوئی برگزیدہ ہستیاں، گویا دونوں طرح لغوی اور معنوی حقیقت کی مناسبت سے یہ نام صحیح ہے۔ ماشاءاللہ!

## جامع مسجد دارالاحسان:

دارالاحسان کی جامع مسجد کے بارے میں حضور بابای جی سرکارؒ نے فرمایا ہے کہ ''یہ جامع مسجد دارالاحسان قدیم ہے۔ یہ دنیائے اسلام کی مساجد میں چوتھے درجہ پہ شمار ہوتی ہے۔

ا۔ بیت اللہ شریف ۲۔ مسجد نبویؐ ۳۔ مسجد اقصیٰ

حضرت امام حسین علیہ السلام کا اسی مقام پہ ورود ہوا۔ ماشاء اللہ! یہ جامع شیشہ کی طرح شفاف ہو۔ صرف ذکر کرنے والے رہیں کوئی اور چیز اس کے اندر نہ ہو۔ یاحیی یاقیوم۔ ۲۱ صفر المظفر ۱۴۰۵ھ

## قرآن کریم محل

دارالاحسان میں ایک قرآن کریم محل ہے۔ جس میں تقریباً پونے دو لاکھ قرآن پاک ہیں اور دس ہزار کے قریب قلمی نسخے ہیں۔ اور ۵۰۰ نسخے تاریخی اور قدیم

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔قرآن محل میں ایک جگہ ایسی ہے جہاں پر حضرت امام حسین علیہ السلام نے دو رکعت نماز نفل ادا فرمائی ہے۔(حضرت امام حسین علیہ السلام اس جگہ پر اپنے جسم الوجود کے ساتھ تشریف لائے)

## مینارہ اصحاب بدرینؓ:

شہدائے بدر کی یاد میں ''مینارہ اصحاب بدرینؓ'' تعمیر کیا گیا جس پر حضور باباجی سرکارؒ نے اسلامستان کے لئے دعا تحریر فرمائی ہے۔حضور باباجی سرکارؒ کے فرمان کے مطابق مینارہ اصحاب بدرینؓ کے صدقے مانگی ہوئی دعا کو اللہ تعالیٰ رد نہیں فرماتے۔ ماشاءاللہ! حضور باباجی سرکارؒ کے وصال کے بعد میاں تجمل حسینؒ (بڑے پوتے) نے ادارہ دارالاحسان کا نظام سنبھالا اور بڑے ہی احسن طریقہ سے اس نظام کو حضور باباجی سرکارؒ کے بتائے ہوئے رہنما اصولوں پر چلایا۔اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند فرمائے۔آمین

دین اسلام کی پہلی درسگاہ اصحابِ صفہ کی تقلید میں مدرسہ صفویہ صمدانیہ قائم کیا گیا ہے۔جس میں بچے قرآن پاک کی فی سبیل اللہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

## دارالحکمت المعروف بہ دارالشفاء

ادارہ دارالاحسان میں حضور باباجی سرکارؒ کے قائم کردہ دارالحکمت المعروف بہ دارالشفاء میں مریضوں کے مفت علاج کے لئے سال میں دو دفعہ فری آئی کیمپ لگایا جاتا ہے۔(یکم تا ۳۱ مارچ، اور یکم تا ۳۱، اکتوبر) اس کے علاوہ ہر جمعہ کے روز بھی مریضوں کا معائنہ کیا جاتا ہے۔

تحریر

مہتمم دارالاحسان

صاحبزادہ میاں محمد مقصود احمد علی عنہ بن میاں محمد انور علی قدس سرہ العزیز بن حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز

marfat.com
Marfat.com

یاحیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یاقیوم

اللّٰھمّ صلّ وسلّم وبارک علیٰ سیدنا ومولانا وحبیبنا محمدن النبی الامی وعلیٰ الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضیٰ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ

یاحیّ الذی لا الٰہ الا ھو الحیّ القیوم واتوب الیہ یاقیوم

۱ قرآن کی تعمیل میں ڈرنا کفر اور مرنا شہادت ہے۔ کافر سے بدتر اور شہید سے بہتر کوئی موت نہیں۔

الحمد للحیّ القیّوم

۲ بلبل گایا کرتی ہے، پروانہ جلا کرتا ہے۔ گانا کبھی ختم نہیں ہوتا اور جلنا ایک دم کی بازی ہے۔

الحمد للحیّ القیّوم

۳ آندلی نے لوے کو نکما کر دیا، ورنہ وہ بھی ایک پرندہ ہے اور باز بھی۔

الحمد للحیّ القیّوم

۴ موتی ہر پرندے کی خوراک نہیں۔ سیمرغ ہی موتی کھاتا اور پچاتا[1] ہے۔

۵ شیطان سالک تھا۔ اگر مجذوب ہوتا کبھی مردود نہ ہوتا۔

الحمد للحیّ القیّوم

۶ سالک پہ حکم اور مجذوب پہ محبّت غالب ہوتی ہے۔ حکم محبّت کی کبھی برابری نہیں کر سکتا۔

الحمد للحیّ القیّوم

۷ خیالات جب پاک ہو جاتے ہیں، متحد ہو جاتے ہیں۔ جب متحد ہو جاتے ہیں بلند ہو جاتے ہیں اور خیالات کی بلندی انسانی معراج کا ابتدائی مقام ہے۔

الحمد للحیّ القیّوم

۸ اہل ذکر اللہ کی راہ میں مرے، اگرچہ اپنے بستر پر مرے۔ انہیں ایک خصوصی زندگی عطا ہے۔ جو عام مُردوں کو حاصل نہیں، پس ہم انہیں عام مُردوں میں کیوں کر شمار کر سکتے ہیں۔
اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝

---

[1] ہضم کرتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

جولوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے انہیں مُردہ مت کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم اسے نہیں سمجھتے۔(البقرہ:۱۵۴)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹ مُردوں کی قبروں پر بے شک گنبد بنانا منع ہے اور نہ ہی آج تک کبھی کسی نے کسی مُردے کی قبر پر گنبد بنایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰ مقرّبین حق حقیقتاً زندہ ہیں اگرچہ صورۃً زندہ نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱ جس کی قبر زندہ ہے۔ بے شک زندہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲ اسی طرح ان کے اعراس باعثِ برکت، باعثِ رحمت اور باعثِ تقویت دین وایمان ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳ کبھی مُردوں کو بھی کسی نے یاد کیا ہے؟ اگر وہ زندہ نہ ہوتے، ان کی یاد زندہ نہ رہتی۔ صدیاں گذرنے کے باوجود کسی بھی دل سے ان کی یاد فراموش نہ ہوئی۔ ہر دل ان کی یاد میں مسرور اور ان کی محبت میں مخمور ہے۔ پھر کیوں کر ہم انہیں عام مُردوں میں شمار کر سکتے ہیں؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴ وہ اسلام کے شیدائی تھے، اسلام کو جو ناز اُن پر ہے کسی پہ بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵ اُن کی یاد قوموں کی زندگی اور اُن کا کردار مشعل راہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶ اُن کی حیات جاودانی ہے جب تک دنیا رہے گی، ان کا نام رہے گا۔ یہی زندگی کی مُراد اور یہی زندگی کی اصل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۷ جس نے انہیں مُردہ کہا متعصّب ہے اور کوئی متعصّب حقیقت کو نہیں پا سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸ تعصّب حسد کی ایک شدید قسم ہے اور حسد نیکیوں کو ایسے جلا دیتا ہے جیسے کہ آگ لکڑی کو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹ خالق مخلوق کے ہر اُس کلام کو جس پہ کہ متکلّم نے عملی نمونہ دیا ہو، نگار خانۂ دہر میں خلق کی زبان پہ زندہ اور قائم رکھتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰ ہر قیمتی چیز ہر جگہ، ہر نظر سے اوجھل رکھی جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱ آنکھ دیکھ سکتی ہے، بول نہیں سکتی۔ زبان بول سکتی ہے دیکھ نہیں سکتی، دل جان سکتا ہے نہ دیکھ سکتا ہے، نہ بول۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲ حُسن جب تک معصوم رہتا ہے، برقرار رہتا ہے نہ بے نور ہوتا ہے نہ بے قدر

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳ اللہ کو اپنے اس بندے پہ ناز ہوتا ہے اور صرف اُس بندے پہ جسے عطا و قضا میں کوئی تمیز نہ ہو، ہر حال میں جو بھی وارد ہو۔ راضی رہے، کوئی اعتراض نہ کرے اور یہ عمل اُمّ العمل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴ امن سے بہتر اور فساد سے بدتر اور کوئی چیز نہیں۔ سلوک کی راہ میں یقین سے بہتر اور کوئی چیز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵ ہر کمال کو زوال ہے، مگر ادب۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶ علم صفات تک اور عشق ذات تک پہنچاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۷ موحّد کے لیے اعلیٰ درجے کے توکّل اور متوکّل کے لیے اعلیٰ درجے کے ایمان کی ضرورت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸ متوکّل وہ ہے جس کو اللہ کی ربوبیت پہ ایسا تکیہ ہو جیسا کہ بچّے کو ماں پہ ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹ متوکّلین کے لیے نہ وطن ہے، نہ جائیداد، نہ گھر، نہ زر، صبح کی تو شام کا، اور شام کی تو صبح کا نہ ذخیرہ ہو نہ فکر اور نہ ہی زندگی کی کوئی امید۔ متوکّلین پرندوں کی طرح صبح بھوکے اٹھتے اور شام کو سیر ہو کر واپس لوٹا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰ کرم لامحدود ہے۔ اگر کرم قدر کا مقدور ہوتا، محدود ہوتا اور اگر محدود ہوتا ناقص ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱ مدبّر کی تدبیر تقدیر کو نہیں ٹال سکتی۔ قادر مقتدر ہے، جب چاہے، جیسا چاہے کرے۔ اگر تقدیر اٹل ہوتی، دعا کا حکم نہ ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲ جس طرح ہر کسان اپنی بوئی ہوئی فصل میں سے فصل کے سوا ہر دیگر خودرَو گھاس کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا کرتا ہے اسی طرح ہر سالک ہر فضول کام اور کلام کو اپنی سلوک کی منزل سے نکال باہر پھینکتا ہے اگرچہ فصل کے علاوہ اگی ہوئی رنگارنگ کی بوٹیاں کھیت کی زینت دوبالا کیے ہوتی ہیں لیکن کسان کو پتہ ہوتا ہے کہ یہ بوٹیاں اُس کے کسی بھی کام کی نہیں۔ فضول، کھیت کی طاقت کھا رہی ہیں۔ لہٰذا وہ ان سب کو اکھاڑ پھینکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳ فرنگی کی فکر کا حاصل، عجائب ایجادات۔ اور تیری فکر کا حاصل بحث، نفاق اور غم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴ فرنگی نے خیال سے حاصل کیا اور تجھے قرآن سے بھی حاصل نہ ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۵ فرنگی کی فکر کے فیض سے دنیا فیض یاب اور تیری فکر نے ملّت کے شیرازے بکھیر دیئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶ فرنگی کو اپنے خیال پر یقین ہے اور تجھ کو اللہ پہ بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷ جو تو جانتا ہے اسے مانتا نہیں۔ جو کہتا ہے کرتا نہیں۔ ورنہ تُو سردار ہوتا۔ تیرا حکم چلتا، جو کہتا وہی ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸ یہ میراث تیری تھی۔ اِسے وہ لے گیا۔ کیا تجھے اس کا احساس نہیں؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹ برسوں گزرنے پر بھی تو اپنی ناداری پہ کبھی نہ رویا اور نہ ہی اس کھوئی ہوئی نعمت کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰ اتّحاد اسلام کی جان ہے۔ اتّحاد کا حامی اسلام کا حامی اور اسلام کا حامی صحیح مسلمان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱ ہم عہد یدار ہیں۔ اگر صرف مسلمان ہوتے (اتّحاد کی اہمیت سے واقف ہوتے اور) متحد ہوتے اور اگر متحد ہوتے، تو کیا بتاؤں، کہ کیا ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۲ اگر ہم اللہ کے حکم کے محکوم ہوتے، اللہ کے حکم سے ہمارا (مسلمانوں کا) حکم چلتا۔ جو کہتے ہوتا۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔ ساری خدائی کے ناخدا ہوتے۔ اُمّت کے خادم اور کائنات کے ناظم ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳ بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ ط صلاح ونجاح وفلاح کی کنجی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۴ اس کا کمال تقریر اور تیرا خاموشی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵ تقریر میں آفات اور خاموشی میں حکمات پوشیدہ ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶ خاموشی کی بارگاہ میں تقریر کا کوئی مقام نہیں ہوتا۔ خاموشی غالب اور تقریر مغلوب ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷ اللہ کے فقیر اللہ کی مخلوق کے خادم ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸ اللہ کے سوا کسی سے بھی کوئی امید نہیں رکھتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹ اللہ کی کوئی مخلوق، کسی مخلوق پہ، کسی بھی قسم کا کوئی تصرف نہیں رکھتی مگر اللہ کے حکم سے۔ نہ کوئی کسی کو نفع پہنچا سکتا ہے نہ نقصان۔ مگر اللہ کے حکم سے۔ جب تک حکم نہیں ملتا کسی کو بھی، اور کسی بھی امر پہ کوئی قدرت نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰ دانائی بزرگی کا اہم ترین جزو ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱ ہر دانا بزرگ نہیں ہوتا مگر ہر بزرگ دانا ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲ یہ دونوں صفات (دانائی و بزرگی) لازم وملزوم ہیں۔ ہر قوم کی صلاح وفلاح انہی دو صفات پر مبنی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳ اگر ان دو میں سے کوئی ایک صفت دانائی ہو یا بزرگی علیٰحدہ ہو جائے تو وہ قوم اپنی بلندی سے گر جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

Edited by Foxit Reader
Copyright(C) by Foxit Corporation,2005-2010
For Evaluation Only.



۵۴ ہر شے کمال ہی کو پہنچ کر فیض پہنچاتی ہے حق ہو یا باطل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵ غور سے سنیں:

حضرت امیر المومنین عمرؓ و علیؑ، حضرت اویس قرنیؓ کی خدمت میں جُبّہ رسول اکرم و اجمل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لے کر حاضر ہوئے لیکن وہ چند ثانیوں سے زیادہ نہ مل سکے۔ یہ محویت ف کی حقیقت تھی۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

اور ہم نے ساری کی ساری اور پوری کی پوری عمر فضولیات میں کھودی۔

ہوش کن!

تیرے لیے یہ ضروری ہے کہ تو گھڑی کی طرح چلے، تیری چابی کبھی بند نہ ہو، اور تو کبھی نہ رکے اور نہ ہی تجھے کوئی روک سکے، اور تیرے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ تو یہ نہ کرے اور یہ نہ کرے اور یہ نہ کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶ لوہے کو جب دہکتی ہوئی آگ کی آغوش میں رکھا آگ بن گیا۔ وہی رنگ اور وہی خصلت۔ ذات کے سوا کوئی اور فرق باقی نہ رہا۔ لوہا ساکت تھا، آگ محرّک۔ حرکت، سکت پہ غالب آ گئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷ پانی اور ہوا کو جب ایک خاص انداز ے کے ماتحت منظوم کیا گیا، ایک تیسری چیز بجلی پیدا ہوئی۔ یہ بجلی پانی اور ہوا کے باہمی عمل ہی کا دوسرا نام ہے۔ کسی گڑھے میں ٹھیرا ہوا پانی بہت جلد سڑ جاتا ہے، کسی کام کا نہیں رہتا اور بہتا ہوا پانی پاک ہے۔ اسے کوئی گندگی ناپاک نہیں کرسکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸ اہلِ ذکر کی مثال ٹھاٹھیں مارتے ہوئے دریا کی مانند ہے جس میں کسی کو بھی کودنے کی جرأت نہیں ہوتی۔ یہاں تک کہ ملاح کو بھی نہیں ہوتی اور خشک نالوں میں گدھے لیٹا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

---

ف: یعنی حضرت اویس قرنیؓ ذکر و فکر میں اس قدر محو و منہمک تھے کہ وہ حضرت عمرؓ و علیؑ جیسے جلیل القدر امرائے کبار سے بھی نہ مل سکے۔ گویا کلیتاً محو حق تھے۔

marfat.com
Marfat.com

Edited by Foxit Reader
Copyright(C) by Foxit Corporation,2005-2010
For Evaluation Only.



۵۹ جس بندے کا، اللہ آسمان پہ ذکر کرتا ہے وہی بندہ دنیا میں اللہ کا ذکر کیا کرتا ہے۔ بندے کا ذکر کرنا اللہ کے ذکر کی بدولت ہوتا ہے۔ جب آپ کسی کو ذکر میں مصروف دیکھیں تو سمجھیں کہ اللہ اس کا ذکر فرما رہا ہے۔ اسی طرح جب تک اللہ بندے پر راضی نہیں ہوتا۔ بندہ اللہ پہ راضی نہیں ہوتا۔ جس بندے کو ہر حال میں راضی دیکھو، سمجھو کہ اللہ اس پہ راضی ہے اور اس کا ہر حال میں راضی رہنا، اس پہ اللہ کے راضی ہونے کی بیّن دلیل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰ جس قوم کی تہذیب کا معیار سرمائے پر مبنی ہو کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔ کسی قوم کو مُہذّب بنانے کے لئے سرمائے کی نہیں شخصیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱ جب کوئی قوم کسی اخلاق کو اپنا لیتی ہے اللہ اسے دانائی (حکمت) بخش دیتا ہے۔ پھر اُسے ترقی کرنے کے لیے سرمائے کی ضرورت ہوتی ہے۔ پہلے ہی روز نہیں، اور جو سرمایہ جس قوم کے لئے ضروری ہوتا ہے اللہ اسے دیتا ہے۔ اللہ کے لطف و کرم سے ہمارے کہسار اپنی اپنی وادیوں میں موتیوں کے ڈھیر لیے بیٹھے ہیں اور کسی بھی چیز کی کوئی کمی نہیں۔ ہر شے کے خزانے بھرے پڑے ہیں۔ ماشاءاللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲ کوئی مرد کسی عورت کو تنہائی میں کوئی علم نہیں پڑھا سکتا۔
عورت اگرچہ رابعہ بصریؒ اور مرد خواجہ حسن بصریؒ۔
درسِ قرآنِ عظیم ہو اور درس گاہ کعبہ، پھر بھی خطرے سے خالی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳ بندہ جب تک کسی تعمیری اور ضروری کام میں مصروف نہ ہو کسی علیحدہ حجرے میں بالکل نہ رہے۔ ورنہ اس کا دل غیر ضروری خیالات کا مرکز بن جائے گا۔ سارا دن بیٹھے بیٹھے فضول خیالات میں مشغول رہے گا۔ اللہ کرے تجھے کوئی کام عطا ہو اور تو پھر اس کام کو سرانجام دینے کے لیے حجرہ میں

marfat.com
Marfat.com

جائے اور تیرا سارا دن اور ساری رات اسی کام ہی کو سرانجام دینے کی تدابیر میں صرف ہو۔
یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ! تو مجھ کو اپنے دینِ اسلام کی دعوۃ وتبلیغ کے کام میں ہمہ تن ومن مصروف ومشغول فرما۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اٰمِین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴ بادشاہوں کو حسرت ہے کہ وہ دنیا میں فقیر ہوتے۔ سب کے سب کہتے ہیں اگر ہم دنیا میں کچھ بھی نہ ہوتے تو کیا خوب ہوتے اور وہ کام کرتے جو یہاں کام آتے۔ کوئی مال جمع نہ کرتے اور نہ ہی چھوڑ کر یہاں آتے۔ اللہ کا مال اللہ کی راہ میں لگا کر آتے تو کیا خوب ہوتے۔ اللہ کا ذکر کرتے۔ ذکر کی مجلسوں میں جاتے۔ اللہ کے لیے جیتے اور اللہ ہی کے لیے مرتے۔ زندوں کو زندگی کا نمونہ دے کر آتے اور زندگی کی حسرت مٹا کر آتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵ ہم حکومت کے انجام سے بے خبر ہیں ورنہ کوئی کسی بھی قیمت پہ کبھی حاکم بننا پسند نہ کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۶ ہر بندے کے لیے ہر معاملے میں اللہ کافی ہے۔ جس کے لیے اللہ کافی نہیں، کوئی کافی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷ اللہ مُعطی، اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قاسم ہیں۔ قَاسِمُ الخَیْرَاتِ الحَسَنَه
اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ یُعْطِیْ ○
میں تو تقسیم کرنے والا ہوں اور عطا کرنے والا اللہ ہی ہے۔
معاویہؓ۔ بخاریؒ ومسلمؒ
اللہ عطا کرتا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تقسیم کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸ قاسم کا مُعطی کے پاس حاضر رہنا ہر وقت ضروری ہے۔ جب بھی مُعطی کسی کو کوئی شے عطا کرے۔ قاسم کا تقسیم کے لیے حاضر ہونا ضروری ہے۔ اللہ ہر وقت اپنی مخلوق کو لاتعداد عطیات عنایت کرتے رہتے ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں تقسیم فرمایا کرتے ہیں۔ کوئی بھی دم خالی نہیں

marfat.com
Marfat.com

گزرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹ مقام سالک کے اور سالک حال کے تابع ہوتا ہے۔ ہر حال اللہ کی طرف سے وارد ہوتا ہے۔ ہر سالک حال کے ماتحت ہوتا ہے۔ حال جب طاری ہوجاتا ہے ساری خدائی زور لگالے، واپس نہیں ہوتا لیکن جب چلا جاتا ہے پھر اسے کوئی واپس نہیں لاسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰ حال طریقت کی وہ کیفیت ہے جو اللہ کی طرف سے سالک کے قلب پہ وارد ہوتی ہے اور وہ حال کے ماتحت نقل وحرکت پہ مجبور ہوتا ہے۔ کبھی رک نہیں سکتا۔ اللہ جب حال کو بدل دیتے ہیں۔ پھر اسے کوئی کبھی واپس نہیں لاسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱ حال ماضی کا شاہد ہے یعنی جو چیز ماضی میں تھی حال میں بھی ہے۔ اگر حال میں نہیں تو ماضی میں بھی نہ تھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲ جتنے کمالات تمام انبیاء علیہم السلام میں تھے، وہ تمام اور ان کے علاوہ بے شمار کمالات ہمارے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکات میں ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات کی پوری جھلک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری امت میں موجود ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۳ اللہ نے جتنے کمالات پیدا کئے ہمیشہ قائم رہتے ہیں۔ ایک صاحب کمال جب انتقال کرجاتا ہے اس کا کمال کسی دوسرے کو منتقل کردیا جاتا ہے۔ گویا ایک کمال ایک ولایت ہے جس میں صاحب ولایت آتے اور اپنی تقرری کا دور ختم کرکے لوٹ جاتے ہیں اور پھر اسی وقت کوئی دوسرا ان کی جگہ کو پُر کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴ جو شے دنیا میں کل موجود تھی آج بھی ہے، اسی طرح کل بھی رہے گی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

Edited by Foxit Reader
Copyright(C) by Foxit Corporation,2005-2010
For Evaluation Only.



۷۵ دین علم وفلسفہ نہیں عمل کا نام ہے۔ ہر فلاسفر دین دار نہیں ہوتا۔ لیکن ہر دیندار فلاسفر بھی ہوتا ہے لوگ دین کا فلسفہ غیر اسلامی ممالک میں جا کر غیر مسلم فلاسفروں سے سیکھتے اور فلسفہ کی سند حاصل کرتے ہیں۔

اگر دین کا کمال فلسفہ ہوتا تو اسلام کے غیر مسلم فلاسفر ضرور دیندار ہوتے۔ دین کا حاصل فلسفہ نہیں عمل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶ دین میں جہاں عالم کے فضائل بیان کیے گئے ہیں، اس سے مراد وہ عالم ہے جو اپنے علم پہ عمل کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷ نفس کی اصلاح کے لیے محض مطالعہ کافی نہیں۔ مطالعہ کے ساتھ ساتھ کسی شخصیت کی رہنمائی لازم و ملزوم ہے۔ کوئی آدمی اپنی اصلاح آپ نہیں کرسکتا۔

اللہ رب العالمین نے فرمایا

اَلرَّحْمٰنُ فَاسْئَلْ بِهٖ خَبِیْرًا ○

نہایت مہربان پس پوچھ لے خبر رکھنے والے سے۔ (الفرقان)

جسے خود خبر نہیں کسی کو کیا خبر دے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸ غیر معمولی عمل ہی سے غیر معمولی حال وارد ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹ یہ کبھی ہوسکتا ہے کہ اللہ اپنے دین اور اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مطہرہ کو اپنی پوری آب و تاب سے بلند نہ فرمائے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰ غور فرماؤ!

دین اللہ کا، دنیا اللہ کی، ہم اللہ کے، ہر کوئی اللہ کا اور ہر شے اللہ کی۔ پھر اللہ کی غیرت کو دین کی بے

marfat.com
Marfat.com

قدری کیسے گوارا ہوسکتی ہے؟
ایمان اسے کبھی قبول نہیں کرسکتا کہ اللہ کا دین اللہ کی دنیا میں بلند نہ ہو، جب کہ دین کا مالک بھی اللہ ہے اور دنیا کا بھی اللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱ یقیناً اللہ ہمیں عمل کی توفیق بخشے گا اور ضرور بخشے گا، جس بے قدری سے ہم دوچار ہیں۔ وہ ہمارے ہی اعمال کی شامت کا نتیجہ ہے۔ ورنہ کبھی مسلمان بھی کسی میدان میں ہارا ہے۔ مسلمان جس میدان میں بھی اترا، بازی لے گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲ اللہ کی کوئی مخلوق۔ کافر ہو یا مشرک، فاسق ہو یا فاجر، اس حقیقت کا انکار نہیں کرتی کہ اسلام ہی ایک ایسی راہ ہے جس پر کہ چل کر وہ امن وسلامتی کی زندگی بسر کرسکتے ہیں۔ اگرچہ تعصب کی بناء پر اپنی ضد پہ ڈٹے رہیں، دل سے ضرور تسلیم کرتے ہیں کہ قرآن اللہ کی کتاب اور اسلام اللہ کا پسندیدہ دین ہے۔ سادہ، پکا، مقبول عام اور مقبول الفطرت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳ حوادث دہر اللہ کے دین اسلام کی تبلیغ پہ اثر انداز نہیں ہوسکتے بلکہ تبلیغ حوادث دہر پر اثر انداز ہوا کرتی ہے۔ ہمیشہ ہوا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴ اللہ کے لطف وکرم سے ہماری یہ تبلیغ اُس دن تک جس دن کہ حضرت اسرافیل علیہ السلام صُور پھونکیں گے پوری آب وتاب سے جاری رہے گی۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵ اس طرح اتحاد ہوسکتا ہے جب اللہ کی راہ میں نکلو۔ دین کے مسائل وفضائل بیان کرو۔ اپنا مسلک بھی بیان کرو۔ اپنے مسلک کی تعریفوں کے پل باندھ دو۔ اس پہ کسی کو بھی اور کوئی بھی اعتراض نہیں۔ لیکن کسی دوسرے مسلک پہ تنقید نہ کرو۔ جب آپ کا وہ مسلک ہی نہیں، اس پہ نکتہ چینی کا کیا فائدہ؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۶ اللہ رب العالمین نے فرمایا:

وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ○

اور صبر کرو۔ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (انفال۔۴۶)

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا پس عمدگی کیساتھ صبر کرو۔ (المعارج۔۵)

۸۷ صبر اللہ کی بہترین نعمت ہے جو اس سے محروم رہا بے شک بھلائیوں سے محروم رہا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸ کوئی اگر کسی تکلیف پہ واویلا کرے گا تو کیا پائے گا؟ واویلا کبھی نقصان کو پورا نہیں کرسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹ واویلا صبر کے اجر کو تو کھا جاتا ہے مگر نقصان کو پورا نہیں کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰ صبر کے سوا کوئی اور چیز کسی نقصان کو کسی بھی طرح پورا نہیں کرسکتی اور فقط صبر ہی ہر نقصان کا بہترین اجر اور نعم البدل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱ صبر اللہ کی رحمت کو کھینچ لاتا ہے۔ نہ مانو تو کر کے دیکھو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲ صبر ایک وہ ہتھیار ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا اور وہ حصار ہے جسے کبھی کوئی پھاند نہیں سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳ صبر کے تیر جب چل جاتے ہیں بس چل جاتے ہیں۔ پھر کبھی واپس نہیں مڑتے۔ سائے ڈھل جاتے ہیں، پہاڑ ہل جاتے ہیں، رستم جیسوں کے پاؤں بھی اکھاڑ دیتے ہیں اور پچھاڑ دیتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴ صبر ایک وہ لذت ہے جس کا مزا سدا باقی رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵ کام کر، ہمہ اوقات اپنے نفس کو مصروف و مشغول رکھ۔ اللہ کی مخلوق کو نفع پہنچانے کے لیے کر۔ اپنے

marfat.com
Marfat.com

لیے کچھ مت کر۔ اپنے تئیں اپنے رب کے حوالے کر، جس حال میں بھی رکھے، راضی رہ، نہ شکوہ کر، نہ اعتراض، تیری کوئی بھی شے تیرے رب سے پوشیدہ نہیں، اور تیرا رب تجھ پر تیری ماں سے سو گناہ زیادہ مہربان ہے۔ پھر کیا تیرا رب تیرے لیے کافی نہیں؟ اور یہ سلوک کی انتہا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶ بہترین تسخیر یہ ہے کہ تو خلق کو نفع پہنچا لیکن خلق سے نفع کی امید مت رکھ، ہر کسی کی خدمت کر، لیکن کسی سے بھی خدمت کی امید مت رکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷ ہم نے رومی جیسوں کو شراب تک پلا دی اور وہ ہمیں ایک تہبند نہ بندھوا سکے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸ اے دل:

تو بات بات پہ خوش اور بات بات پر مغموم رہتا ہے۔ تیری یہ حالت میرے اللہ کے کاموں میں مخل ہے، بری طرح مخل۔ جب تک تو خوشی وغمی سے بے نیاز نہیں ہوتا، میرا کام نہیں چلتا۔ تیری حالت کبھی ایک سی نہیں رہتی۔ آن کی آن میں خوش اور آن کی آن میں مغموم۔ خوشی کس بات کی اور غم کس چیز کا؟ یعنی یہ پتہ نہیں چلتا کہ تو کیوں خوش اور کیوں مغموم ہوتا رہتا ہے۔ تیری یہ دونوں حالتیں مذموم، مہلک، فانی اور غیر مستحسن ہیں، ان دونوں سے بے نیاز ہو۔ دور ہو، باز آ، اور ایک ایسے حال میں رہ، جہاں خوشی وغمی کو کوئی گزر نہ ہو اور کبھی دخل نہ ہو۔ تجھے کبھی بھی کوئی ہنسا نہ سکے اور نہ ہی کبھی رُلا سکے۔

تیرا حال اٹل ہو، اجل ہو، جو نہ کبھی ہل سکے، نہ کسی سے ہلایا جا سکے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹ کوئی ہستی کسی نیستی کا کبھی مقابلہ نہیں کر سکتی، نیستی اگرچہ چھوٹی ہو، بڑی سے بڑی ہستی پہ غالب ہوتی ہے۔ ہستی بھلا نیستی کا کیا مقابلہ کرے اور کیوں کر کرے؟ جب کہ وہ بننے اور یہ مٹنے، وہ جینے اور یہ مرنے کی دل دادہ ہے۔ ہستی کی مراد بننا اور نیستی کی مٹنا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۰۰ ہستی جب نیستی کا لبادہ اوڑھ لیتی ہے کشمکش دہر سے نجات پا جاتی ہے۔ قال و مقال سے گزر کر حال کی وادی میں قدم رکھتی ہے اور اللہ کے سوا کسی دوسرے کو کسی کے حال پہ کوئی خبر نہیں ہوتی کہ کون کس حال میں ہے؟ حال پہ اعتراض خطا ہے۔ کسی کے بھی حال پہ کبھی اعتراض مت کر اللہ ہی اپنے بندوں کے حال کا علیم و خبیر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱ اللہ کے بندے نہ کسی سے ڈرا کرتے ہیں اور نہ برا کرتے ہیں۔ بھلائی کے کام کیا کرتے ہیں، اور موت سے کھیلا کرتے ہیں۔ یعنی اللہ کے لیے جیا اور اللہ ہی کے لیے مرا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲ مال ان کی منزل میں ہوتا ہی نہیں، نہ کبھی مال کی طمع کرتے ہیں، نہ جمع کرتے ہیں۔ جو مال اللہ ان کو دیتا ہے اسی وقت اللہ کی راہ میں خرچ کر دیتے ہیں اور اس حال میں شام کرتے ہیں کہ کل کے لیے نہ کوئی ذخیرہ ہوتا ہے، نہ غم اور نہ ہی زندگی کی امید۔

گویا دنیا میں مسافروں کی طرح رہا کرتے ہیں اور مہاجروں کی طرح مرا کرتے ہیں۔ جب اس دنیا سے جاتے ہیں، کوئی میراث چھوڑ کر نہیں جاتے۔ بے شک اس حال میں وہ سورج کی طرح چمکا اور گلاب کی طرح مہکا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳ مردوں کی طرح جی۔ اے او جینے والے! ہانسے ہانسے جی، اگرچہ ایک دن جی۔ پھر کبھی یہاں نہیں آنا۔ جی بھر کر جی۔ جیسے جینے کی ان کو حسرت ہے، ویسے جی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴ کعبہ سے بڑھ کر کوئی باعظمت نہیں مگر مومن۔

ارے او اللہ کے بندے! تیری عظمت کعبہ سے بھی بڑھ کر ہے۔ اے کاش تجھے اپنے مقام کی خبر ہوتی تو اپنے حال سے بیگانہ اور اپنے مقام سے بے خبر ہے۔ تیری قدر مجھ کو ہے، میں تیری تعظیم کرتا ہوں۔ تکریم کرتا ہوں۔ بے شک تیری نوازش گویا اللہ ہی کی نوازش ہے۔ تیری نوازش کعبے کے طواف سے بھی بڑھ کر ہے۔ مجھ سے تیری یہ ذلّت اور رسوائی دیکھی نہیں جاتی۔ میں تیری تعظیم کا

marfat.com
Marfat.com

اعلان اور تیری تکریم کا اظہار کرتا ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵ محبت کے تیر وحشت کو چھلنی کر دیتے ہیں، محبت دلوں کو سینوں میں زندہ اور بیدار رکھتی ہے۔ محبت وحشت کو کھاتی اور دلوں کو بہلاتی ہے۔ اگر یہ محبت سچّی ہوئی اور سچّی ہوئی تو تیرے من کو موہ لے گی اور تیرے دل کو کھوہ لے گی۔ یہی میری امید اور یہی میرا دعویٰ ہے۔
میں تجھ سے تیری اور تیرے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا طالب ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶ بے قدری کی آغوش میں قدر پوشیدہ ہے۔ جو دنیا میں جتنا بے قدر ہوا اتنی ہی اس نے قدر پائی۔ حضرت یوسف علیہ السلام جب تک مصر کے بازار میں نہیں بکے، مصر کے بادشاہ نہیں بنے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے صبر کیا۔ نہ شکوہ کیا، نہ اعتراض، اللہ نے خوش ہو کر نبوت دی اور مصر کی بادشاہی بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷ اللہ جب اپنے کسی بندے سے خوش ہوتا ہے، اسے نیک اعمال کی توفیق بخش دیتا ہے۔
بندہ جب گناہ (اللہ اور اللہ کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے خلاف قول و فعل) کرتا ہے اللہ ناخوش ہوتا ہے۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو اللہ کی عنایت کردہ نعمتوں کو بدل دیتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو بلا اتارتے ہیں۔
(ہر بلا جو بندے پہ نازل ہوتی ہے، گناہوں ہی کے باعث ہوتی ہے)

اَللّٰھُمَّ احْفِظْنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَآءِ اٰمِیْن○

بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو عصمتوں کو چاک کر دیتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو ندامت کا وارث بناتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو اللہ کی تقسیم کو روک دیتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو سختی لاتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کے باعث بندے کے بندے دشمن بن جاتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو دعا کو واپس کر دیتے ہیں یعنی جن کے باعث اللہ بندے کی دعا قبول نہیں فرماتا۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو آسمان سے بارش روک لیتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو ہوا کو اندھیری کر دیتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو پردے کو کھول دیتے ہیں۔
بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کے باعث جلد فنا آتی ہے۔
اور بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن سے ناخوش ہو کر اللہ اپنے بندوں سے نیک اعمال کی توفیق سلب کر لیتا ہے اور یہ سب سے بڑا خسارہ ہے۔
جس سے نیک اعمال کی توفیق چھینی گویا اس سے ہر شے چھنی۔
اللہ ہمیں ہر گناہ پر سچّی اور پکّی توبہ کی توفیق عنایت فرمائے اور اپنی رحیمی و کریمی کے صدقے ہم سے کسی بھی نیک عمل کی توفیق کبھی سلب نہ کرے۔

اٰمِیْن۔ اٰمِیْن۔ اٰمِیْن

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّهٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ ۔اٰمِیْنO

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸ ہر شے کا غلبہ قوت پہ موقوف ہے۔ ہر لاغر مغلوب ہوتا ہے۔ فاقہ نفس کو لاغر اور روح کو بیدار کرتا ہے۔ کھانا نفس کی اور فاقہ روح کی غذا ہے۔ کھا کر تو دیکھ ہی لیا۔ اب بھوکے رہ کر بھی دیکھیں۔ کھانا اگرچہ طیّب ہو، پھر بھی فاقے کی برابری نہیں کر سکتا۔ یہ ابحاث و فتنات اس کھانے ہی کی پیداوار ہیں۔ جہاں سے جو ملا لے لیا۔ اور کھا لیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
بہت سے پریشان حال آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں۔ یارب! یارب! کرتے ہیں مگر

marfat.com
Marfat.com

کھانا حرام، پینا حرام، لباس حرام، ایسی حالت میں دعا کہاں قبول ہوسکتی ہے۔؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰ کوفہ میں مستجاب الدّعوات لوگوں کی ایک جماعت تھی جب کوئی حاکم ان پر مسلط ہوتا، اس کے لیے بددعا کرتے وہ ہلاک ہوجاتا۔

حجاج ظالم کا جب وہاں تسلط ہوا تو اس نے ایک دعوت کی، جس میں ان حضرات کو خاص طور سے شریک کیا۔ جب وہ کھانے سے فارغ ہوچکے تو اس نے کہا،

''میں ان لوگوں کی بددعا سے محفوظ ہوگیا کہ حرام کی روزی ان کے پیٹ میں داخل ہوگئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱ اللہ کے بندے بھی اللہ کے بندوں کی بھلا کبھی توہین کیا کرتے ہیں؟ متقی وہ ہے جو اللہ کے حضور میں ہر وقت حاضر رہے۔ اور جو اللہ کے حضور میں حاضر ہے۔ خاموش ہے۔ اس کا کسی اور طرف حاضر ہونا ممکن ہی نہیں۔ عام کھانا (پیٹ بھر کر) کثیف ہے۔ مشکوک کھانا غلیظ ہے۔ کثافت اور غلاظت میں لطافت نہیں آسکتی، اور کبھی نہیں آسکتی۔

جس طرح انواع واقسام کی اشیائے خوردنی میں قسم قسم کے حیاتین پائے جاتے ہیں جو صحت کے لیے ضروری ہوتے ہیں، اسی طرح انواع واقسام کے اذکار و دعوات میں عرش عظیم تک روح کی پرواز کی قوت پیدا ہوتی ہے۔

تندرست کے لیے دودھ، گھی، گوشت، مقوی غذائیں ہیں، لیکن بیمار انہیں کھا کر اور بیمار ہوجاتا ہے۔ روغنی غذائیں صرف تندرست ہی کو طاقت بخشا کرتی ہیں۔ بیمار کو نہیں۔ اہل دنیا کے لیے سب سے بدتر اور اہل سلوک کے لیے سب سے بہتر چیز فاقہ ہے، اہل دنیا فاقے کو مصیبت سمجھ کر شکوہ کرتے ہیں اور اہل سلوک فاقے کو سب سے بڑی نعمت سمجھ کر شکر کرتے ہیں۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲

ہم لوگ!

دنیا میں دنیا نہیں، آخرت کمانے آئے ہیں۔ دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی مصیبت آخرت کی کسی بھی

marfat.com
Marfat.com

چھوٹی سے چھوٹی مصیبت کی برابری نہیں کرسکتی۔ اسی طرح دنیا کی کوئی بھی بڑی سے بڑی خوشی آخرت کی کسی چھوٹی سے چھوٹی خوشی کی برابری نہیں کرسکتی۔ جس مصیبت کا ہم گلہ کرتے ہیں اس سے کہیں زیادہ مصیبتوں کا سامنا آخرت میں ہے۔ جن خوشیوں کی تلاش میں ہم مارے مارے پھرتے ہیں۔ اُن سے بدرجہا افضل خوشیاں آخرت کی خوشیاں ہیں۔

دنیا کی ہر شے عارضی ہے۔ خوشی ہو یا غمی۔ لیکن آخرت کی ہر شے ابدی ہے۔

کسی دن کسی قبرستان کی سیر کو جایئے۔ ذرا سوچیے یہ سب کے سب ہماری ہی طرح اس دنیاوی زندگی میں محو تھے اور آج سب کے سب پچھتاتے ہیں، کرلاتے اور واویلا کرتے ہیں کہ انہوں نے زندگی کی بازی ہار دی۔ ان ساتھی دست آج کوئی اور نہیں۔ گویا ان کی پکاریں سنی نہیں جاتیں۔ ہر کسی سے یہی ایک عرض کرتے ہیں۔

''ارے او خوش قسمت جینے والے! اپنی زندگی کے مقصد کو پہچان۔ اللہ نے کیوں تجھ کو پیدا کیا؟ بے شک اللہ نے تجھ کو اپنے لیے پیدا کیا ہے۔ ہر شے تیرے لیے ہے اور تو اللہ کے لیے۔ ہماری یہاں صرف ایک ہی تمنا ہے کہ اللہ ہمیں ایک بار پھر سے زندگی بخشے اور ہم دنیا میں جا کر اس کی ایسی بندگی کریں کہ کسی اور طرف کبھی خیال نہ کریں۔ شب و روز اللہ ہی کی یاد میں محو و منہمک رہیں۔ اللہ کی یاد سے بہتر اور کوئی یاد نہیں اور نہ ہی اللہ کے کام سے بڑھ کر اور کوئی کام ہے۔''

اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ اللہ کے کاموں میں سب سے افضل کام ہے۔ اللہ ہمیں اپنے دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ کی توفیق بخشے۔ آمین

## الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳ ابرہہ دنیادار تھا۔ اُسے جو ناز تھا اپنی طاقت پہ تھا، کعبے کو مسمار کرنے کے لیے مکے پر چڑھائی کی۔ فوج کے ہمراہ جنگی ہاتھی تھے، اللہ نے ابابیلوں کو حکم دیا کہ اپنی چونچوں میں کنکریاں دبا کر ابرہہ کی فوج کے مقابلے میں اترو۔ جس ہاتھی پر بھی ابابیل کی چونچ سے کنکری گرتی فنا کر دیتی۔ یَا حَیُّ قَیُّوْمُ

ہر شے میرے اللہ ہی کی ملک اور اللہ ہی کے قبضہ قدرت میں محکوم و مجبور ہے کسی بھی شے کی اپنی کوئی مرضی نہیں۔ ہر شے کا ہونا نہ ہونا میرے اللہ ہی کے بس میں ہے کسی دوسرے کو کسی بھی امر پہ کوئی

marfat.com
Marfat.com

دسترس نہیں مگر اللہ کے حکم سے اور اللہ کا حکم سدا جاری ہے۔ یَاحَیُّ قَیُّوْمُ
کیا آپ نے کبھی اس پہ غور نہیں فرمایا کہ اللہ جب چاہتا ہے ابابیل جیسے چھوٹے سے پرندے سے ہاتھیوں کو ہلاک کروادیتا ہے۔ کیا وہی اللہ آج موجود نہیں، جو ابابیلوں سے ہاتھی مروا سکتا ہے؟ ضرور ہے پھر ہمیں کسی کا کیا خوف۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴

## عمل:

اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں ہمارے عمل پہ سو فیصدی عمل کی توفیق بخشے۔ آمین یعنی ہمارا کوئی بھی عمل باطل نہ ہو۔ جس عمل کو بھی ایک بار اختیار کرلیں عمر بھر نبھائیں۔ کبھی ترک نہ کریں اور نہ ہی ناغہ۔ اگر آپ نے اپنا عمل پورا نہیں کیا تو سمجھو کہ کچھ بھی نہیں کیا۔ یونہی وقت برباد کیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## مساوات:

اے میرے اللہ کے دین اسلام تیرے شیدایوں کے کس کس قصہ کو بیان کریں۔
حضرت سیدنا عمر فاروقؓ خلیفۃ المومنین جب اپنے غلام کے ساتھ بیت المقدس (دمشق) کا سفر کررہے تھے تو ایک منزل آپؓ اونٹنی پہ سوار ہوتے اور دوسری پہ آپؓ غلام کو سوار کرتے اور خود اونٹنی کی مہار تھامے آگے آگے چلتے۔ جب شہر کے قریب پہنچتے ہیں تو سواری کی باری غلام کی آجاتی ہے۔ غلام اصرار کرتا ہے کہ ''منزل ختم ہونے کو ہے۔ لوگ حضورؓ کے استقبال کو آئیں گے اور یہ زیب نہیں دیتا کہ عرب کا ایک گمنام بدو (آپؓ کا غلام) اونٹنی پہ سوار ہو اور آپؓ نکیل پکڑے آگے آگے چلیں۔''
آپؓ نے عدل ومساوات کی حد کردی اور غلام کی ایک نہ مانی، اُسے باری کے مطابق اونٹنی پہ سوار کیا اور خود آگے آگے چلتے رہے۔
حضرت آدم علیہ السلام کی ساری اولاد کی ساری تاریخ میں کہیں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ ایک

marfat.com
Marfat.com

خلیفہ وقت (بادشاہ) سواری کی نکیل پکڑے آگے آگے چل رہا ہو اور ایک غلام سواری پہ سوار ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶

## اہل سلوک کے لیے ایک امید افزا عمل:

۱۔ ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کریں۔

۲۔ تجدید وضو پہ دو رکعت نفل تحیۃ الوضو پڑھیں، سوائے مکروہ اوقات کے۔ (بعد نماز فجر و عصر تا طلوع و غروب آفتاب اور عین نیم روز یعنی دوپہر، نماز کے لیے مکروہ اوقات ہیں)

۳۔ خاموش رہیں۔ بلاضرورت اور زائد از ضرورت کلام سے اجتناب کریں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جو خاموش رہا، سلامت رہا'' نیز فرمایا ''مرد کا خاموش رہنا اور خاموشی پہ ثابت قدم رہنا ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔''

عبادت سے مراد یہ ہے کہ دن کو روزہ رکھے اور رات بھر قیام کرے۔

۴۔ مراقبہ معیّت..... یعنی ہر وقت، ہر حال میں۔ دن ہو یا رات، کھڑا ہو، یا چلتا پھرتا، بیٹھا ہو یا لیٹا، جس حال میں جو بھی کام کرتا ہو یہ مدنظر رکھے۔

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ
فَاللّٰہُ خَیْرٌ احٰفِظًا○

حضوری یہ ہے کہ دم بھر کے لیے بھی غافل نہ ہو۔ یہ خیال ہمیشہ رہے کہ میرے اللہ میری ہر بات جو بھی میں کہتا ہوں سنتے اور میرے ہر کام کو جو بھی میں کرتا ہوں، دیکھتے ہیں۔ نیز جو بھی میں سوچتا ہوں، جانتے ہیں۔ میرے اللہ میرے پاس اور میرے ساتھ ہیں۔ میری کوئی بھی شے میرے رب سے پوشیدہ نہیں۔

اس حال میں کسی کی نظر کسی اور طرف پھر سکتی ہے؟ یا اللہ کے خیال کے سوا کوئی دوسرا خیال دل میں آسکتا ہے۔؟ یہ کبھی ہو ہی نہیں سکتا کہ اللہ کو حاضر و ناظر تسلیم کرنے والا اللہ کے سوا کسی اور طرف

marfat.com
Marfat.com

متوجہ ہو۔

۵۔ اپنے معمولات باقاعدگی سے ادا کریں۔ حتی الامکان کوئی بھی عمل قضا نہ کریں، ہر عمل کو ہر حال میں جاری رکھیں، عین ممکن ہے ایسا کرنے سے اللہ تعالیٰ دل کی حالت کو یکسر بدل دے دِل گنجینۂ انوار بن جائے۔ توفیق عنایت ہو۔ ماشاءاللہ۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷ جذب وسلوک کی وہ داستانیں جنہیں پڑھ کر مردہ رگوں میں خون دوڑنے لگتا ہے۔

حضرت مخدوم الملک سرکار پیرومرشد قدس سرہ العزیز کے ایک غلام نے طریقت کی اس وادی کو (جسے جس نے بھی عبور کیا، رات کی تاریکی میں کیا، دامن بچا کر چپکے سے کیا، لیکن انہیں حضرت سرکار پیرومرشد کی پشت پناہی پہ وہ ناز تھا کہ) تمام سابقہ روایتوں کو بالائے طاق رکھ کر علی الاعلان اور دن دھاڑے (جان وشیاطین کی وادی کو) صحیح سلامت عبور کر لیا۔ سبحان اللہ کیا جذبہ تھا جب کہا کہ:

"پھر نہ کہنا چپکے چپکے رات کے وقت وادی میں سے گزر گئے۔ ہر خاص وعام کو (جن وشیاطین کو) مطلع کیا جاتا ہے کہ میں اللہ کے بھروسے پہ فلاں دن فلاں وادی کو عبور کرنے والا ہوں۔ جو کوئی مجھے روکنا چاہے اسے پوری طرح اجازت ہے۔"

جب وہ مرنے مارنے پہ اتر آیا۔ دن دھاڑے وادی کو عبور کر گیا۔ کسی کو بھی مداخلت کی جرأت نہ ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸ تُو کچھ مت بن، نہ ہی کچھ بننے کی آرزو رکھ! تیرا کچھ بھی نہ بننا، تیرا سب کچھ بننا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹ ہر پرزہ مشین کا ایک ضروری جزو ہے۔ چھوٹا ہو یا بڑا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۲۰ کسی سے داد کی خواہش مت رکھ۔ نہ ہی کسی منصب کی کوئی طلب رکھ۔ جس کی کوئی طلب نہیں میرا طالب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱ وہ صاحب ولایت، جو ولایت سے بے خبر ہے سیف زبان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲ جو کسی بھی منصب پہ فائز نہیں، فارغ ہے، جو کچھ بھی نہیں آزاد ہے

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳ جس کی کوئی بھی طلب نہیں، اس راہ کا عارف ہے۔ اس کے حضور میں (الحمدللہ) ہر مقام ذلیل اور ہر حال افسردہ ہے۔ جس کی کوئی طلب نہیں۔ اس کی یہ بھی نہیں۔ ہر چیز کی طلب طلب ہے۔ جب تم کسی بھی شے کے طالب نہیں، گویا اس کے بھی طالب نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴ جو (ناحق) کسی سے بیزار ہوتا ہے وہی اس کے لیے بے قرار ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵ یہ فلسفہ نہیں۔ امر و نہی کی جنگ ہے۔ اگر محض فلسفہ کافی ہوتا زہد و ریاضت کی ضرورت نہ رہتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶ جو جس شے سے بے نیاز ہوا۔ وہی شے اس کی نیاز مند ہوئی۔ جو ہر شے سے بے نیاز ہوا ہر شے اس کی نیاز مند ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷ کوئی تفریح کسی مجاہد کو کبھی خوش نہیں کر سکتی مگر جیت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸ تو سبب پہ متوجہ ہے۔ رب پہ نہیں۔ اگر رب پہ ہوتا سبب سے مستغنی ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹ ذکر کے تیر غفلت کے پردوں کو چھلنی کر دیتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۳۰ مدت ہوئی اس گلستان کے کسی پودے کو کوئی پھل نہیں لگا۔ اگر کہیں کسی بوٹے کو لگا بھی تو کھٹا۔ نہ کھانے کے قابل، نہ منڈی میں لے جانے کے اور تیرے بوستان کا یہ حال تیری رحمت کا امیدوار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۱ توکل، رضا، شکر، صبر۔ ایک ہی خصلت کے مختلف نام و مدارج ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۲ فتویٰ میں دعا واجب اور تقویٰ میں ممنوع ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۳ صبر سے رحمت کا انتظار کر۔ مقام رضا پہ نہ دعا ہے نہ بددعا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۴ ادب سب سے افضل اور سب سے مشکل کام ہے۔

ادب کو سہل مت جان۔

ادب کی راہ کٹھن ہے۔

ادب محدود عرصہ تک آسان اور ہمیشہ نبھانا مشکل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۵ حضرت بوعلی شاہؒ قلندر تھے انہوں نے اپنے نفس کو مارا اور اس دور کے قلندر نے اللہ کے دین کو مارا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶ فضول وہ ہے جس کا ترک نظام پہ کوئی اثر نہ ڈالے۔ مقبول وہ ہے جو مردود نہ ہو اور مردود وہ ہے جو رحمت سے محروم ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷ ہر شے سے افضل ذکر ہے۔

جو شے ذکر کے لیے وقف ہے وہ بھی افضل ہے۔ زمین کا جو خطہ ذکر کے لیے وقف ہے مسجد ہے اور مسجد سے مقدس اور کوئی مقام نہیں۔ نہ محل نہ دربار۔

marfat.com
Marfat.com

جو دل ذکر کے لیے وقف ہے "اہل ذکر ہے اور اہل ذکر" سے بہتر کوئی درجہ نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸ پھول کے بغیر بلبل بے قرار اور بلبل کے بغیر پھول آزردہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۹ حباب جب واقف ہوا بحر ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰ جرم کا اقبال مالک کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ ہر مجرم، جو جرم کا اعتراف کر لے قابل معافی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۱ عالم کا علم اور عامل کا عمل اگر نسبت سے خالی ہے عقیم ہے۔ نسبت سے محروم، ہر شے سے محروم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۲ جو دنیا میں مرجّع خلائق نہیں، قبر میں بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۳ محبت کی ابتداء مت دیکھ، انتہا دیکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۴ بے رخی تڑپ اور تڑپ محبت کی جان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۵ عاشق کی آہ معشوق کے سوا ہر شے کو جلا دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۶ یہ دھواں کبھی ٹھنڈا نہیں ہوتا، ہمیشہ سلگتا رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۷ اسے مت چھیڑ اور نہ ہی اس کے حال پہ کوئی اعتراض کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۴۸ اللہ ہی اپنے بندوں کے حال ومقام سے واقف وباخبر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۹ اس کی راہ میں روزی کی فکر حرام ہے۔تو رزق کی تلاش میں کہیں مت جا، رزق تیری تلاش میں ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۰ یہ مقام جلد بازوں کا نہیں جانبازوں کا ہے، جو یہاں آجاتے ہیں پھر لوٹ کر کبھی واپس نہیں جاتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۱ یہاں کھڑنا ذلّت نہیں عظمت ہے۔رسوائی نہیں، کمال عزت افزائی ہے۔یہاں کھڑنا غنیمت ہے، یہاں تک کہ بال بھی سپید ہوں۔ان کے انتظار میں رکنا بہترین عبادت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۲ تو میرے لیے یہ جگہ وقف کردے۔یہی میری جنت اور یہی میری دوزخ ہے۔اس دل سے تو نیلا تھوتھا اور نوشادر اچھی رہی۔اس کا خالق اللہ اور اُس کا ایک فرنگی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۳ جب تک تو یہ نہیں کہتا کہ تیری دنیا میں بسنے والا ہر مسلمان میرا بھائی ہے یارب! پورا مومن نہیں بنتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۴ تمیز نفاق کی ایک علامت ہے قطار تمیز اور محیط اتحاد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۵ اس بہتے ہوئے پانی اور لہراتے ہوئے کھیت کو دیکھ کہ کس احتیاط واہتمام سے دریا کا پانی نہر میں، نہر کا راجباہ میں، راجباہ کا کھال میں، کھال کا کھیت میں اور کھیت سے ہر پودے کی ہر پتی میں آتا ہے۔یہ پودا اگر دریا کے کنارے ہوتا، دریا اسے بہالے جاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۵۶ بندہ بندے کو اللہ تک پہنچاتا ہے ورنہ کوئی کسی بھی طرح وہاں نہیں جا سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۷ یہ راہ ایسی پیچیدہ ہے کہ کوئی راہی، رہنما کی راہبری کے بغیر کبھی منزل پہ نہیں پہنچ سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۸ اس راہ میں اتنی پگڈنڈیاں ہیں کہ راہ نما تک راہ کھو بیٹھتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۹ رب مت ڈھونڈ، راہبر ڈھونڈ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۰ رب دور نہیں، راہبر دور ہے۔ جب تک تجھے راہبر نہیں ملتا اس راہ میں مت چل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۱ اس راہ کو سیدھی سمجھ کر اکیلا مت چل، کبھی مت چل، یہ راہ نہایت نازک وخطرناک ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۲ لیکن اگر راہبر ساتھ ہے تو یہی راہ بہترین راہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۳ آدم کا منکر شیطان ہے۔ شیطان آدم کا منکر ہے، اللہ کا منکر نہیں۔ اللہ کا اب بھی منکر نہیں۔ آدم کے انکار ہی کی بدولت مردود وملعون ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۴ اے قوم! تیری یہ کورانہ تقلید ہی تیری پستی وذلت کا باعث ہے۔ قوموں کی صلاح وفلاح عمل پہ اور عمل نمونہ پہ موقوف ہے۔ لَارَیْب

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۵ کسی کام کو کسی انوکھے انداز میں کرنے کو نمونہ کہتے ہیں۔ تو کوئی نرالا نمونہ پیش کر، ایک مدت سے وقت کی یہ پکار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۶۶ ارے او جینے والے! اس جگ میں ایسے جی کہ جگ جاگے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۷ نہ تو نے بار بار اس جگ میں آنا اور نہ ہی تجھے بھیجا جانا ہے۔ تیرا جینا تیری قوم کے لیے ایک نمونہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۸ وہ ملیں نہ ملیں، تلاش میں تیرا پہلا نمبر ہو۔ یہی زندگی کا مقصد اور یہی ان کی مرضی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۶۹ خیالات تبدیل ہوتے دیر نہیں لگتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۰ خیالات ماحول کے تحت تبدیل ہوا کرتے ہیں وقفے کے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۱ کیا آپ نے کبھی اس پہ غور فرمایا کہ آپ کے ہر سانس کے ساتھ نئی ہوا آپ کے جسم میں داخل ہوتی ہے۔ نت نئی خوراک بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۲ اخلاق انسان کی شخصیت کا آئینہ دار ہے۔ مقبول اور منکر اخلاق کی میزان کے دو پلڑے ہیں، ہر کسی کا قول و فعل ان ہی دو پلڑوں میں تولا جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۳ یہ عبادت گاہ ہے تفریح گاہ نہیں۔ مردوں کا اکھاڑہ ہے۔ بازیچۂ اطفال نہیں۔ جو یہاں سویا اس نے بہت کچھ کھویا۔ بے شک اس کا دل رویا کہ کیوں سویا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۴ یہ میکدہ ہے عشرت کدہ نہیں، دار المحن ہے، دار الصحن نہیں۔ اس میدان میں جو جھنڈا بھی لہرایا اخلاق ہی کی بنیادوں پر لہرایا۔ نہ کہ عبادت کی۔ جس کا جتنا بلند اخلاق، اتنا ہی اونچا مقام ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۷۵ اخلاق کی کمی کو عبادت پورا نہیں کر سکتی۔
لیکن عبادت کی کمی کو اخلاق پورا کر دیتا ہے۔
اللہ ہمیں مقبول عام اور مشہور الاسلام اخلاق عنایت فرمائے۔ آمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۶ پانی جب دودھ میں مل جاتا ہے دودھ بن جاتا ہے۔ نہ رنگت میں فرق رہتا ہے نہ لذّت میں

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۷ اے اللہ کے بندے اللہ میں ایسے جذب ہو جیسے کہ دودھ میں پانی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۸ کسی شے کی، کسی شے میں جذب ہو کر اصل فنا نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۷۹ جب تک کوئی شے اپنی ہستی فنا نہیں کرتی۔ کسی دوسری شے میں جذب نہیں ہو سکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۰ ہر ایک شے ہر دوسری شے میں جذب ہو سکتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۱ ہر شے جو اپنے مرکز سے دور رہتی ہے، بے تاب رہتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۲ قطرے کی اصل دریا ہے جب دریا میں ملا، دریا ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۳ جو جس پہ فدا ہوگا اسی کی اتباع کرے گا۔ بِلا عشق کبھی کوئی کسی کی اتباع نہیں کر سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۴ یہ عشق جو آج ہر زبان پہ جاری ہے محض زبانی ہے ورنہ اگر کوئی واقعتاً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ عاشق ہو جاتا تو کبھی کوئی قدم کسی سنت کے خلاف ہرگز نہ اٹھاتا اور ہر سنت کو اپناتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۸۵ ہر معشوق کو اپنے عاشق کا احساس ہوتا ہے اور کوئی معشوق اپنے عاشق کو کبھی کسی در پہ جانے نہیں دیتا۔ اگر یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ عاشق ہوتے تو غیرت مند ہوتے کبھی در در نہ پھرتے اور نہ ہی ان کی یہ حالت ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۶ اللہ کے بندے نہ کسی کے حال میں مبالغہ کرتے ہیں اور نہ ہجو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۷ کسی کے حال میں مبالغہ کرنے والے ہی اس کی ہجو کرنے والے ہوتے ہیں۔ اگر کسی کو کسی حال میں مبالغہ کرتے سنو، سمجھو یہی کسی دن اس کی ہجو بھی کرے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۸ نہ کسی کا مبالغہ کرنہ ہجو، دونوں ہی مذموم ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۸۹ ظاہر میں باطن پوشیدہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۰ جسم میں روح اور روح میں راز پوشیدہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۱ جو ظاہری احکام کی پابندی نہیں کرسکتا، باطنی احکام پہ کیونکر چل سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۲ شریعت جڑ ہے، جب جڑ ہی نہیں، برگ وبار کہاں؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۳ ہر حال میں نیک ہو یا بد راحت تلاش کر

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۴ خبردار!.....خبردار!.....خبردار!

شام ہو چکی ہے۔ بازار بند ہونے کو ہے اور سودا خریدا ہی نہیں اور یہ وقت کی آخری پکار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۹۵ ہوشیار!.....ہوشیار!.....ہوشیار!

تیرا دل غیر حاضر، آنکھ بے حیا اور زبان بے قابو ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۶ بہترین و مقبول ترین کام خلق کی خدمت ہے۔ خلق کی خدمت میں پہلا نمبر بیمار کی خدمت کا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۷ خلق عام ہے۔ مومن ہو یا کافر، درند ہو یا خزند، پرند ہو یا چرند، ہر اجر و ثمر سے بے نیاز ہو کر خدمت کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۸ ملّت کی بے لوث خدمت خادم کو مخدوم بنا دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۹۹ خدمت بہترین عبادت ہے اور بہترین مخلوق کو عطا ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۰ ہر قول و فعل جو کہ باعث راحت و تسکین ہو، خدمت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۱ ہر باخبر ہر زمانے میں ہر منظر سے بے خبر رہا حالاں کہ ہر زمانے میں ہر بے خبر کو باخبر، باخبر کو بے خبر کہا گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۲ جس نے خبر پائی، گم ہوا اور اس کی خبر کسی نے نہ پائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۳ نہ لکھ.....نہ کہہ.....کر کے دکھلا.....یہی وقت کی پکار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۴ جوہر انہیں.....مر انہیں.....جو مر انہیں.....ملا نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۵ قباحت، حسن کا ایک جزو ہے۔ حسین و قبیح دونوں ایک ہی خالق کی مخلوق ہیں۔ حسین پہ فدا ہو قبیح پہ بھی

marfat.com
Marfat.com

ہو۔قباحت سے کراہت خالق سے کراہت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۶ خلق سے خائف، خالق کو نہیں پاسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۷ اللہ تیرے اندر موجود ہے اسے اپنے اندر ہی ڈھونڈ، نہ کہ کعبہ میں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۸ جہاں اللہ موجود ہے وہاں اللہ کی ساری خدائی موجود ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۰۹ حضور اقدس رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فخر موجودات (کا نور) ہر موجود میں موجود اور ہر موجود کے شاہد ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۰ شہر کا ہر گھر بادشاہ کی ملک ہوتا ہے صرف محل ہی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۱ ہر خیمہ جس میں بادشاہ ہو، محل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۲ بادشاہ اور چور دونوں ایک جگہ نہیں رہ سکتے۔جہاں بادشاہ رہتا ہے چور نہیں رہتا، کوئی چور شاہی رعب کی تاب نہیں لاسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۳ سانس کے سوا ہر شے کثیف اور سانس لطیف ہے، سانس بے رنگ، بے بو، بے مثل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۴ ہر کسی کو اپنی تدبیر پہ اعتماد ہے کارساز کی کارسازی پہ نہیں، ورنہ کوئی کبھی کسی کا محتاج نہ ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۵ بے شک اے جان من! تو منافق ہے۔جلی ہو یا خفی۔اگر تو نفاق سے پاک ہوتا، اللہ کا نائب ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۱۶ اے نوجوان! ہر کسی کو شیطان نے دھوکا دیا تو شیطان کو دھوکا دے۔ یہ جوانمردی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۷ جس نے اس میدان میں شیطان کو ہرایا وہی جوانمرد اور وہی مردِ میدان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۸ جو کسی کے ہاں کسی بھی قیمت پہ کبھی نہیں بِکتا وہ اللہ کے ہاں بِکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۱۹ جس نے اللہ کے ہاں بِکنا ہو وہ کسی کے ہاں کسی بھی قیمت پہ نہیں بِکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۰ راہگیر راہبر ہے ورنہ کبھی کوئی گمراہ نہ ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۱ جب تک مسلمان مائیں بچے جنتی رہیں گی، ٹیپو کے پیدا ہونے کی پھر سے امید ہے اور اسی امید پہ یہ زندگی قائم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۲ اپنی کوشش سے کوئی بھی کسی ملک کا بادشاہ نہیں بن سکتا۔ ہر ملک کی بادشاہی اللہ ہی کے حکم سے بندوں کو عنایت ہوا کرتی ہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (ال عمران:۲۶)

(اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپؐ (اللہ سے) یوں کہیے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ جس کو چاہیں ملک دے دیتے ہیں اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں اور جس کو چاہیں آپ غالب کر دیتے ہیں اور جس کو چاہیں پست کر دیتے ہیں۔ آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی، بلاشبہ آپ ہر چیز پہ پوری قدرت رکھتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۲۳ ہر آدمی ہر وقت ہر بات سیکھ سکتا ہے۔ سکھلانے والا چاہیے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۴ ہر کوئی علم وفن جسے کہ وہ نہیں جانتا سیکھنے کا متمنی ہے، سکھلانے والا نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۵ سیکھنے والوں کی کمی نہیں، سکھلانے والوں کی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۶ ذکر کے بدلے ذکر کا وعدہ ہے (کشف وکرامات کا نہیں)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۷ ذکر اختیاری اور کشف غیر اختیاری ہے۔ ذکر کسبی اور کشف وہبی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۸ ذکر وطاعت مطلوب اور کشف غیر مطلوب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۹ ذکر معتبر اور کشف غیر معتبر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۰ ذکر فی نفسہٖ مصدق اور امر الٰہی کی تعمیل ہے۔ کشف میں سراب وفریب کا امکان اور واجب التّصدیق ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۱ کشف کا سمجھنا کافی مشکل ہے۔ صحیح کشف وہ ہے جو قرآن وسنت کی تائید میں ہو اور جس کی قرآن وسنت تصدیق کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۲ آپ کی دلچسپی کے لیے کشف کی اقسام درج ہیں۔ عموماً کشف کی دو ہی قسمیں بیان کی جاتی ہیں۔ کشف القلوب اور کشف القبور۔ حالانکہ کشف کے بے شمار درجات ہیں جن میں سے چند حسب ذیل ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

Edited by Foxit Reader
Copyright(C) by Foxit Corporation,2005-2010
For Evaluation Only.



کشف الاحیاء، کشف المجدید، کشف الحدید، کشف الوریدوغیرہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۳ ادب کی اصل فرمان کی تعمیل ہے محبّب کا ادب محبوب کے ارشاد کی تعمیل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۴ قرآن کریم کا ادب قرآن کریم کی تعمیل ہے۔ آپ خود ہی فیصلہ کریں کیا ہم قرآن کریم کا ادب کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۵ عشق فطرت بدل دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۶ اسلام کی سب سے بڑی صفت حیا ہے۔ جس آنکھ میں حیا ہے اللہ کی آنکھ ہے، ہر آنکھ سے نرالی، شوخ و بے باک وہی آنکھ نور کے جمال کی مستی میں مدہوش ہے۔ جس طرف اٹھ جاتی ہے۔ دم میں دم آجاتا ہے۔ ہر دل کو موہ لیتی ہے۔ یہی آنکھ مومن کی تلوار ہے۔ اس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔ یہ آنکھ برق ہے۔ دلوں کا قرار چھین لیتی ہے۔ مہر جمال بھی ہے اور قہر جلال بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۷ یہ راہ عاشقوں کی راہ ہے۔ لطائف و وظائف کی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۸ جس علم پہ معلم کو عبور حاصل نہیں متعلّم کو کیونکر ہوسکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۳۹ ایمان یقین ہے، جسے یقین ملا، اللہ ملا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۰ یقین وہم کو کھا جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۱ نکتہ چین کی ساری عمر نکتہ چینی میں کٹ جاتی ہے، جب کسی کام کا نہیں رہتا، اس کے پاس چلا جاتا

marfat.com
Marfat.com

ہے جو کسی کام کا نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۲ ہر تحقیق کے بعد تصدیق اور تصدیق کے بعد تقلید ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۳ جو ایک قول سے پھرا ہر قول سے پھرا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۴ ہر عمل نور، نور قوّت اور قوّت معراج ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۵ ہر عامل منور نہیں ہوتا لیکن ہر منور عامل ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۶ ہر عمل کو زندگی کا آخری عمل جان یہ نصیحت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۷ کل کا فکر تیرے دل کی جمعیّت کو منتشر کر دے گا، کل کی کسے خبر۔ آئے نہ آئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مفتاح الخیر اور خیر مفتاح الجنّت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۴۹ ہر بات عمل ہے۔ نیک بات نیک عمل اور بری بات برا عمل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۰ علم نَحْنُ اَقْرَبُ تک پہنچا کر ختم ہو جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۱ قربِ محجوب عام ہے ہر شے کو حاصل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۲ ہر کسب کوشش، ہر کوشش توفیق اور ہر توفیق عطا ہے۔ بہترین کسب یہ کسب ہے، یہ کسب ہر کسب سے

marfat.com
Marfat.com

مشکل، اور یہی کسب ہر کسب سے آسان بھی ہے، جب عطا و بلا کی تمیز اٹھی، آسان ہوا، یہ کسب روح کی راحت اور نفس کی مخالفت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۳ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ آپ اکثر یہ سنا کرتے ہیں کہ نماز قائم کرنے کا حکم ہے۔ نماز قائم کرنے کا یہ مطلب ہے کہ ایک نماز سے دوسری نماز تک آپ کوئی برائی اور بے حیائی کا کام نہ کریں۔ آپ کی نماز قائم ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۴ اگر آپ برائی بھی کرتے رہے اور بے حیائی بھی تو سمجھو نماز قائم نہیں ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۵ ایک بت کی عبادت کفر ہے، اپنے دل کا جائزہ لیں، کیا یہ بتوں سے خالی ہے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۶ تُو کلمے کا اور کلمہ تیرا پاسبان ہے۔ تیرا دل اور بت کدہ،..... حیرت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۷ شریعت فطرت ہے، فطرت کے خلاف مت چل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۸ دم فطرت ہے دم مت روک۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۵۹ دل آئینہ ہے ذرا سی ضرب سے چُور چُور ہو جاتا ہے

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۰ سوچ صلاحیت کی اصل ہے، خود سوچ، غور سے سوچ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۱ ہائے یا شیخ، برہمن بازی لے چلا، جو محویت برہمن کو بت کے سامنے ہے، ہمیں کعبہ میں بھی نہیں، برہمن کا معبود اس کے رُوبرُو ہے، برہمن نے اپنے معبود ہی کی عبادت کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۶۲ اے مسلم! تو اقوام عالم کا پیشوا تھا۔ آج سب سے پیچھے ہے۔ دین کا وارث تُو تھا تُو نے اس کی بنیاد ہلا دی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۳ کائنات کی ہر شے (میں) لَااِلٰہَ اِلَّا للّٰہُ (کا نور) اور لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۴ تیرے ایمان کا شیشہ نفاق کی شراب سے لبریز ہے۔ اس میں مستی کی بُو تک بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۵ قُرب نوافل احسان ہے اور یہی قرب مطلوب ہے اور ایک حد تک اختیاری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۶ ہر شے دوسری شے سے تقویّت حاصل کرتی ہے۔ مراقبۂ معیّت کی تقویت مراقبۂ موت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۷ جو دنیا کی حقیقت سے واقف ہوا، دنیا سے متنفر و بیزار ہوا۔ یہ معرفت کی ابتدا ہے۔ جو اپنی حقیقت سے واقف ہوا، بے کیف ہوا، پر کیف ہوا، یہ معرفت کا ریاض ہے۔ جو ان کی حقیقت سے واقف ہوا، چپ ہوا، یہ معرفت کی انتہا ہے۔

وَمَاعَلَیْنَا اِلَّاالْبَلَاغُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۶۸ روزی جب تک پاک رہی، اقوال و افعال پاک رہے۔ خیالات پاک رہے، برکت رہی، سطوت رہی، آدمیت کا احترام رہا، اکرام رہا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۲۹ رزق جب مشکوک ہوا، جائز و ناجائز کی تمیز اٹھی، ہر شے رخصت ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۰ پھر کیا ہوا؟

گلستان کی کایا پلٹ گئی، جمعیّت بکھر گئی، بحث آئی، تنقیص آئی اور بوستانِ ملّت کے ٹہکتے ہوئے

marfat.com
Marfat.com

پھولوں کے لیے خزاں کا ایک دل سوز سامان لائی۔
نرگس نے گردن جھکالی۔
کلی کا ننھا سا دل گھائل ہوا۔
لالہ زار کی رنگت ماند پڑ گئی۔
نیلوفر پانی میں کملا گیا۔
گیندے کی رخساریں پیلی پڑ گئیں۔
یاسمین کی نکہت ماند پڑ گئی۔
لالہ کا جگر داغدار ہوا۔
گلاب کی مخملی پتیاں مرجھا گئیں۔
سوسن نے خون کے آنسو بہائے۔
باغبان نے پیچ وتاب کھائے۔
مالی نے شور مچایا۔
ایک راہگیر نے دعا دی تیرا یہ بوستان خزاں کے جھونکوں سے محفوظ اور سدا ہرا بھرا رہے۔
تیری ملت کا یہ بوستان سدا پھلا پھولا رہے۔
یہ مہکتے ہوئے پھول اور مہکتی ہوئی کلیاں سدا بہار ہوں۔

## الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۲۷۱ چھوٹی چھوٹی اور غیر ضروری باتوں پہ اتنی اتنی بحث، اتنی کڑی نکتہ چینی، اور اتنی تحقیق کی کہ بات کا بتنگڑ اور رائی کا پہاڑ ابنا دیا۔ اور اتحاد جو اسلام کی روح ہے، کے پرخچے اڑا دیئے۔
ہر بات پہ بحث، ہر بات پہ تنقید، ہر بات پہ نکتہ چینی، ہر کسی کو حقارت آمیز نگاہوں سے دیکھنا ہرگز اسلام کی تعلیم نہیں۔
جس طرح قیامت کے دن مقتول اللہ رب العالمین کے حضور استغاثہ کریں گے کہ قاتلین نے انہیں کیوں قتل کیا؟ اسی طرح اللہ کے دین اسلام کے مبلغ بھی اپنے اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کے حضور میں یہ مطالبہ کریں گے کہ انہیں تیرے بندوں نے تیرے گھروں

marfat.com
Marfat.com

سے تیرے ذکر سے کیوں روکا؟
مسجد اللہ کا گھر ہے کسی کی ذاتی ملکیت نہیں۔ اللہ کے گھر میں اللہ کا ذکر نہ ہو، تو کس کا ہو؟ اللہ کے بندو! اللہ کے بندوں کو اللہ کے گھروں سے اللہ کے ذکر سے نہ روکا کرو بلکہ ذکر کی تلقین کیا کرو۔
اول تو ایک مدت سے یہ میخانہ ہے ہی بند۔ اگر کہیں کسی نے اسے کھولنے کی کوشش کی تو اس کے گرد ہو گئے اور بُری طرح روکا۔

## یا اللہ

## تیرے ذکر کا یہ معاملہ تیری رحمت کا محتاج ہے

نوجوان نونہال ہر میدان میں پیش پیش رہے۔ یہاں تک کہ تبلیغ کے میدان میں بھی بازی لے گئے۔ حضرت صاحب نے مسجد میں ذکر الٰہی سے روکا تو مشتعل نہیں ہوئے، حلم کی حد کر گئے، غیر متوقع اخلاق کا نمونہ دیا۔ بات بات پہ درگزر کیا۔ لیکن وہ صاحب اپنی ہٹ پہ بضد رہے کہ میری مسجد میں کسی کو بھی ذکر کی اجازت نہیں دی جا سکتی، خاموش واپس لوٹ جاؤ ورنہ جھگڑا ہو جائے گا۔
نوجوان بولے!
''محترم! جس جھگڑے کی دھمکی دیتے ہو، ہم تو اسے مٹانے اور محبت پھیلانے نکلے ہیں، نہ کہ منافرت، ہمارا آپ سے کس بات پہ جھگڑا ہونا ہے ہم آپ کو اللہ کا ایک مقبول بندہ سمجھ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ ہماری طرف سے کبھی بھی اور کسی بھی قسم کی کوئی گستاخی کبھی نہ پاؤ گے۔''
نوجوان کا یہ فقرہ سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہے، جب انہوں نے عرض کی کہ
''آپ ہماری اصلاح فرمائیں اور ہماری کمی سے آگاہ فرمائیں تا کہ ہم اسے دور کریں۔ آپ اللہ کے دین اسلام کے عالم ہیں، ہماری اصلاح فرما کر ہماری دلجوئی فرمائیں، اور ہمیں مزید شوق سے سرفراز فرمائیں۔''
اس پہ وہ بولے!
''جب تک تم فلاں فلاں کو کافر نہیں کہتے، ہم کسی بھی طرح تم سے ملنے کو تیار نہیں۔ یہاں تک کہ سلام بھی کہنے اور سننے کو تیار نہیں۔''

marfat.com
Marfat.com

Edited by Foxit Reader
Copyright(C) by Foxit Corporation,2005-2010
For Evaluation Only.



اس پر بھی انہوں نے نہایت حلیمانہ انداز میں عرض کی کہ

''محترم! ہمارے حضور اقدس واکمل، اطیب واطہر، روحی فدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی مسلمان کو کافر کہنے سے منع فرمایا ہے.....

ابھی یہ بات یہیں تک پہنچی تھی کہ انہوں نے بہت کچھ کہا اور وہ بے چارے اللہ اللہ کرتے اللہ کے گھر سے نہایت ہی بے قدری سے نکال دیئے گئے۔ آخر میں ان سب سے الوداعی سلام کہا اور کہا کہ:

''حضرت صاحب! ہم نے زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ آپ کی خدمت میں رہنا تھا۔ آپ کے اس اخلاق سے ہمیں تو کوئی خاص فرق نہیں پڑا، البتہ اللہ کا دین اسلام ضرور اس سے نالاں ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۲ متوکّل کی اپنی کوئی مرضی نہیں ہوتی۔ اللہ کی مرضی ہی اس کی مرضی ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ اپنی مرضی سے کسی بھی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھا کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۳ دنیا میں ایک مسافر کی طرح رہ۔ اور مسافر کا کوئی وطن نہیں ہوتا۔ نہ ہی وہ کسی کا دوست یا دشمن ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۴ مسافر راہگیر ہے۔

ذرا سی دیر کے لیے آیا، تھوڑی دیر سستایا اور چلا گیا اسے کسی کے کسی معاملہ سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی اور نہ ہی وہ معاملات میں الجھا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۵ کبھی راہگیر بھی راہوں میں دل لگاتے اور مکان بنایا کرتے ہیں۔

راہ گیروں کے مکان درخت ہوتے ہیں، وہی ان کے محل اور وہی ان کی تفریح گاہیں ہیں۔

نال پردیسی نیوں نہ لائیے بھاویں لکھ سونے دا ہووے
اک گلّوں پردیسی چنگا، جد یاد کرے تد رووے

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۷۶ تیراوطن گور ہے۔
تو اپنے اس وطن میں، جہاں کہ تو نے سدا رہنا ہے، اپنے رہنے کے لیے ایک عالیشان محل تیار کر اور اپنی زندگی کی کمائی اس پہ لگا۔
یہاں کے لیے ایک کٹیا کافی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۷ مسافرت، ترک کی اصل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۸ مسافر تارک ہے۔ تارکِ وطن، تارکِ ارض، اور تارکِ مکان۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۷۹ مسافر کوئی مال اپنے پاس نہیں رکھ سکتا، مگر پہنا ہوا لباس اور ضروریات کی ایک بقچی، جسے کہ وہ آسانی سے اپنے ہمراہ اٹھا سکے۔ گویا مسافر کی ساری دنیا ایک بقچی میں ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۰ مسافر متوکل علی اللہ ہوتا ہے۔ صبح کی تو شام کا اور شام کی تو صبح کا۔ نہ ذخیرہ کرتا ہے، نہ فکر اور نہ ہی زندگی کی امید

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۱ جس طرح بچے کو ماں پہ تکیہ ہوتا ہے، متوکل کو رحمن پہ ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۲ تیری نظروں میں سونا اور مٹی یکساں ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۳ تجھے کھانے کو روٹی، پینے کو پانی، پہننے کو کپڑا، اور رہنے کو ایک کُلّی درکار ہے۔
اس کے سوا نہ کسی اور چیز پہ تیرا کوئی حق ہے اور نہ ہی تجھے کسی اور چیز کی ضرورت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۴ اگر تو اپنا مال اپنی ضرورت کے مطابق رکھے۔

marfat.com
Marfat.com

ضرورت سے زیادہ کوئی مال اپنے پاس جمع نہ کرے تو تیرا سارا وقت تیرے پاس کام ہی کے لیے ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۵ ہر شے جو ضرورت سے زائد ہے فضول ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۶ فضول مال کی حفاظت میں جو وقت لگا، فضول گیا۔ اپنا وقت یوں مت کھو۔ تیرے پاس وقت سے زیادہ قیمتی اور کوئی چیز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۷ دنیا میں مال کی کوئی کمی نہیں، ہر قسم کے مال کے ڈھیر لگے پڑے ہیں لیکن پھر بھی غریب پیٹ سے بھوکے اور تن سے ننگے مارے مارے پھرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۸۸ اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے اپنے بعض بندوں کو مالوں کے انبار بخشے ہیں۔ تاکہ وہ فراغت سے رہیں اور اپنے محتاج بھائیوں کو اس مال میں سے خیرات کر کے ثواب حاصل کریں۔

لیکن ایسا نہیں ہوتا، کوئی مالدار کسی حاجت مند کو اپنے مال میں سے کچھ دینے کو تیار نہیں۔ پس یہ مال اس کے لیے عذاب کا موجب ہے۔

اللہ جل شانہ نے فرمایا

اَلَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَیَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَیَکْتُمُوْنَ مَا اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ ط وَاَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابًا مُّھِیْنًاo (النساء : ۳۷)

اور جو لوگ بخل کریں اور لوگوں کو بھی بخل سکھائیں اور جو مال اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دیا ہے۔ اسے چھپا چھپا کر رکھیں اور ہم نے (ایسے) ناشکروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۸۹ اگر مالدار اس معاملہ میں ذرا سی بھی نرمی برتیں اور اس امانت کو حقدار تک پہنچا دیں تو دنیا میں کوئی محتاج نہ رہے۔ اور نہ ہی ان کے مالوں میں کمی واقع ہو۔

جو مال خرچ نہیں کیا جاتا، کسی نہ کسی وجہ سے ضائع ہو جاتا ہے۔

گویا بخل مال کو بھی لے جاتا ہے اور ثواب کو بھی۔ واللہ باللہ۔

اللہ جلّ جلالہٗ اور عمّ نوالہٗ نے فرمایا۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝

(آل عمران: ۱۸۰)

''جو لوگ بخل کرتے ہیں، اس مال سے، جو اللہ نے انہیں دیا ہے اپنے فضل سے، وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں، بلکہ ان کے لیے برا ہے، وہ جس مال میں بخل کرتے ہیں، قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔''

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۲۹۰ اپنے بھائی کی حاجت کو اپنی حاجت پہ مقدم رکھ، اور ہر شے، جو بھی تیرے پاس ہے، اپنے حاجت مند بھائی کو دے کر سرفراز ہو جا۔ کسی حاجت مند کو خالی مت لوٹا، کبھی مت لوٹا، یہی آدمیت ہے اور یہی اسلام۔

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے فرمایا

وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ (منافقون ۱۰)

اے مومنو! اور جو مال ہم نے تم کو دیا ہے، اس میں سے اس وقت سے پہلے خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کی موت آ جائے، تو اس وقت کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے تھوڑی سی اور مہلت کیوں نہ دی تا کہ میں خیرات کر لیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہوتا۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۲۹۱ ہر مال جو بھی اس دنیا میں ہے اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کا مال ہے، تو اس میں بخل مت کر اور نہ ہی اس کا مالک بن، مال کو مال کے حقداروں تک پہنچا۔ بے شک محتاجوں کی دعائیں تیری قسمت پلٹ دیں گی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔

وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ وَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ○ (السباء: ۳۹)

اور تم جو چیز خرچ کرو گے وہ اس کا تمہیں عوض دے گا۔ وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے

۲۹۲ یہ مال آزمائش ہے، اس آزمائش میں پورا تر۔

جیسے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ○ (التغابن: ۱۵)

تمہارا مال اور تمہاری اولاد آزمائش ہے۔

کسی مال کو اپنا مال مت جان، اور نہ ہی اسے اس کے حقداروں سے روک۔ اس مال کو محتاجوں تک پہنچا دے، بھوکوں کو کھلا دے، اور ننگوں کو پہنا دے۔

وَفِیْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ○ (الذّٰریات: ۱۹)

یعنی ان (مالداروں) کے مالوں میں سوال کرنے والے اور (سوال نہ کرنے والے) مفلس کا حق ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۳ یہ مال اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کا مال ہے۔ اور کبھی ختم نہیں ہوسکتا۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یُوَفَّ اِلَیْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ○ (الانفال: ۶۰)

اور جو کچھ تم اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تم کو پورا پورا دیا جائے گا اور تمہارا ذرا نقصان نہیں کیا جائے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۴ تیرے اس در پہ تیرا یہ مال تیری مخلوق کو قیامت تک تقسیم ہوتا رہے۔ یہی ہم سب کی دعا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ط وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اٰمِيْن ثُمَّ اٰمِيْن۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۵ نہ معلوم سونے کی دنیا میں کیوں اتنی قدر ہے حالانکہ یہ نمائش وزیبائش کے سوا اور کسی کام نہیں آتا۔
اس کے مقابلے میں:
لوہا بڑی کارآمد چیز ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۶ ہر وہ شے جس کے بغیر زندگی کا گزارہ چل سکے غیر ضروری ہے۔
سونا اگر کسی کو بھی کبھی نہ ملے تو کسی کا بھی کوئی کام کبھی نہ رکے لیکن لوہا زندگی کا اہم جزو ہے۔ اس کی شاہ کو بھی ضرورت ہے اور گدا کو بھی۔ شیخ کو بھی اور برہمن کو بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۷ مُلکی، قومی اور مذہبی ترقی کا انحصار تعلیم پہ، اور تعلیم کا نصاب اور نصاب کا شخصیت پہ موقوف ہوتا ہے۔ گویا تعلیم کے لیے نصاب اور نصاب کے لیے شخصیت کا ہونا لازم وملزوم ہے۔
قومی کامیابی کے لیے عوام کا تعاون ضروری ہے ورنہ کوئی ملک اور کوئی قوم کبھی ترقی نہیں کرسکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۸ بُرے کو ہر بات بُری معلوم ہوتی ہے۔ زمانہ برا نہیں، بُرے کو ہی بُرا معلوم ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۲۹۹ ولایت نبوت کی، اور نبوت ربوبیت کی مظہر ہے جو شے نبوت نے ناپسند کی، ولایت اسے کیسے پسند کرسکتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۰ شریعت کی پابندی، نفس کی عین مخالفت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۰۱ نفس کی سب سے مرغوب شے شہرت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۲ نفس کی مخالفت میں جو مقام ملامت کو حاصل ہے، کسی اور کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۳ نبوت کا ظاہری کام، احکام پہنچانا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۴ اتقا کا فخر زوال کی ابتدائی علامت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۵ گنہگار کو اپنے گناہوں پہ ندامت اور متقی کو اپنے تقویٰ پہ فخر ہوتا ہے، ندامت کا مقام فخر سے اعلیٰ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۶ سنّت کا اتباع قوی و مستقیم عمل ہے، پہاڑ سے مضبوط، سمندر سے گہرا، ریگستان سے وسیع، آندھی سے سخت اور طوفان سے بھی تیز۔ ماشاءاللہ، جو اس سے ٹکراتا ہے، پاش پاش ہو جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۷ بادشاہ جب عوام کے مفاد سے غافل و بے خبر ہو کر ذاتیات میں مصروف ہو جاتا ہے، بدل دیا جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۸ مغل شہزادوں کی تباہی کا باعث آسائش و استراحت ہی تو تھا ورنہ جب تک وہ تیغ و سناں سے کھیلتے رہے، ساری دنیا میں تمکنت رہی، آسائش قوموں کی رسوائی اور تباہی کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۰۹ بابا آدمؑ کو اللہ نے اپنے ہاتھ سے اور اماں حوّاؑ کو آدمؑ کی پسلی سے پیدا کیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۰ حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی خلافت کے لیے اور اماں حوّاؑ کو آدمؑ کی دلجوئی کے لیے بنایا۔ گویا

marfat.com
Marfat.com

عورت آدمی کے لیے اور آدمی اللہ کے لیے ہے۔ عورت گھر کی مالکہ اور منتظمہ ہے۔ گھر سے باہر اس کا کوئی کام نہیں۔

عورت اندر کے لیے ہے اور مرد باہر کے لیے۔

عورت جب بھی باہر نکلی، خرابی ہوئی۔

عورت کبھی حاکم نہیں ہوسکتی۔ مگر گھر کی

اور کبھی سلامت نہیں رہ سکتی۔ مگر گھر میں

اور کبھی ناظم نہیں ہوسکتی مگر بچوں کی

اور اسی لیے اس کو بنایا گیا ہے۔

عورت وزیر جنا کرتی ہے، بنا نہیں کرتی

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۱ علم اہم امانت ہے۔ اس میں کسی بھی قسم کی خیانت کبھی مت کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۲ فتنات کی اصل مال ہے۔ مال ختم فتنات ختم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۳ اس حال میں اُٹھ کہ آج مرجانا ہے اور اس حال میں سو کہ صبح نہیں اٹھنا۔ موت کا یہ مراقبہ کایا پلٹ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۴ آدم کا انکار کفر اور منکر شیطان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۵ جو بندہ جس کام کے لیے پیدا ہوا ہے اُسے اسی قسم کا علم دیا جاتا ہے۔ لوہار کا یہ گلہ گہ اسے جوتا بنانا نہیں آتا عبث ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۶ لوہار تلوار بناتا ہے، موچی جوتا۔ ہر صاحبِ فن اپنے اپنے فن میں ماہر ہے نہ کہ ہر فن میں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۱۷ جو چیز جس کے لیے ضروری ہوتی ہے دی جاتی ہے، جو نہیں دی جاتی، سمجھیے، اسے اس کی ضرورت ہی نہیں اس لیے کہ کوئی مالک کسی کاریگر کو اوزاروں کے بغیر کبھی کارخانہ میں نہیں بھیجا کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۸ فقر انبیاء علیہم السلام کی وہ سنّت مؤکدہ ہے جس پہ کہ سید الانبیاء حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ناز ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۱۹ جس فقر پہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ناز تھا۔ آہ، ہم اس سے بیزار ہیں۔ یہ نسبت کیسی؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۰ آج فقر سے بڑھ کر ہمیں کسی اور شے سے نفرت نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۱ درویش تارک الدّنیا ہوتا ہے نہ کہ تارک السنت، تارک السنت گمراہ ہے۔ اگرچہ کوئی ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۲ خلافت عام ہے۔ کسب پہ موقوف ہے، نسب پہ نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۳ مشاہدہ یقین کو محکم کرتا ہے۔ یقین خواہ کتنا ہی بلند ہو، مشاہدے کا متمنی ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۴ انسان کے پاس سب سے قیمتی چیز وقت ہے، اور کوئی عقل مند کسی قیمتی چیز کو کبھی ضائع نہیں کیا کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۵ ہر دل ہر شے کا خزینہ ہے، اپنے دل سے پوچھ۔ بے شک دل کی تصدیق اللہ تعالیٰ کی تصدیق ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۶ باطن امر مخفی ہے۔ کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۷ اللہ نے کوئی بھی شے بے فائدہ نہیں بنائی۔ ہر شے کارآمد و مفید ہے۔ تخلیق میں جو اہمیت لعل کو

marfat.com
Marfat.com

حاصل ہے، وہی سنگ کو، جو گُل کو ہے، وہی گِل کو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۸ جب تک کوئی کسی گناہ کی حقیقت سے واقف نہیں ہوتا۔ گناہ سے نفرت نہیں کرتا اور جب تک نفرت نہیں کرتا، باز نہیں رہتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۲۹ جب بھی کسی پہ گناہ کی حقیقت واضح ہوجاتی ہے متنفر ہوجاتا ہے اور جب متنفر ہوجاتا ہے تائب ہوجاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۰ ایک سچّی توبہ ساری عمر کے گناہوں کو دھو دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۱ یہ توبہ کوئی توبہ نہیں۔ اگرچہ ثواب سے یہ بھی خالی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۲ ولایت کے بے شمار مدارج ہیں، تائب کی ولایت ابدی اور سب کی سردار ہے توبہ کے دفتر میں تیری توبہ کا پہلا نمبر ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۳ دلوں کے علم دلوں ہی سے سیکھے جاتے ہیں۔ یہ علم وہبی ہے کسبی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۴ دلوں کے استاد دل ہوتے ہیں۔ دل ہی دلوں کو پڑھایا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۵ یہ شاہی سکے دل ہی کی ٹکسال میں ڈھالے جاتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۶ بے کار، آخر بیکار ہوجاتا ہے۔ پھر کسی کام کا نہیں رہتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۳۷ جس کار کا کاریگر حکم دے۔ کر۔ ان کی حمد وثنا مطلوب ہو تو اجر وعطا سے بے نیاز ہو کر اور اس انداز میں کر کہ تجھ پہ ان کو ترس آئے، تیرا عجز، تیرا نیاز، تیرا نالہ، تیری زاری، تیری خودی، تیرا سکوت، تیرا شکر، تیرا انتظار، تیرا عزم، تیرا استقلال، ان کی رحمت کو کھینچ لائے۔ یہی تیری بازی اور یہی تیرا کمال ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۸ ولایت نہیں، ولایت کا معیار حاصل کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۹ خالق مخلوق کے ہر اس کلام کو جس پہ کہ متکلم نے عملی نمونہ دیا ہوتا ہے۔ نگار خانۂ دہر میں مخلوق کی زبان پہ زندہ اور قائم رکھتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۰ اللہ مطلوب، زندگی منزل اور نفس مسافر ہے۔ مسافر جب تک سفر ختم نہیں ہوتا، بے آرام رہتا ہے، گویا زندگی منزل ہے اور نفس مسافر۔ اور کوئی مسافر، بوڑھا ہو یا جوان۔ کبھی راہ میں ڈیرہ نہیں جماتا جب تک سفر ختم نہیں ہوتا۔ برابر چلتا رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۱ مر کر جینے والا کبھی نہیں مرتا۔ کسی نہ کسی صورت میں زندہ رہتا ہے۔ تو یہاں رہنے نہیں۔ رہنا سکھلانے آیا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۲ وہ ترکِ دنیا تھی۔ یہ ترک تمنّا

وہ ترکِ رنگ وبو، اور یہ ترکِ ہستی ہے۔

گویا وہ آغاز تھا، یہ انجام، وہ خیال تھا اور یہ تکمیل

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۳ ہستی نے جب نیستی کا لبادہ اوڑھا ہر شے سے دست بردار ہوئی، مستغنی ہوئی، بے نیاز ہوئی، اور جب بے نیاز ہوئی، کشمکش دہر سے آزاد ہوئی۔ مستی آئی اور ابدی ہستی لائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۴۴ ترکِ دنیا:

بچوں کا کھیل نہیں، مردوں کا اکھاڑا ہے۔ اس میدان میں بڑے بڑے جوانمرد گھٹنے ٹیک گئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۵ زیادہ بولنا یا بالکل ہی چپ ہوجانا ایک ہی حال (مستی) کے دو مختلف انداز ہیں، البتہ چپ ہوجانا بولنے سے بہتر ہے۔ اگر منصور چپ رہتا کبھی سولی پہ نہ چڑھتا اور اگر سولی پہ نہ چڑھتا، عشق کی کتاب بے ذوق رہتی۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۶ تو نے اے جانِ من! صرف سنا ہے، دیکھا نہیں۔ اگر تو محبت کے جلال کو دیکھ لیتا رونگٹے کھڑے ہوجاتے، اور جیتے جی کبھی نام تک نہ لیتا، نہ ہی کچھ کہتا۔ پھر اس نے کہا کہ ہم ایک مدت اپنے محبوب کے جلال کا تختۂ مشق بنے رہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۷ اور یہ سب اس لیے ہوتا ہے، کہ ہر کوئی ان کی محبت کا دعویدار نہ بن بیٹھے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۸ ملّاح جب کسی بھی طرح نہ مانا، وہ دریا میں کود پڑا۔

مرحبا۔ اے ہمتِ مردانہ مرحبا۔

مرحبا۔ اے جوشِ رندانہ مرحبا

موت وحیات سے بے پرواہو کر دریا میں چھلانگ لگادی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۴۹ ”کسی کی اُمید پہ رکنا کوئی جوانمردی نہیں،، یہ سوچ کر دریا میں کود پڑا۔

مرحبا۔ اے ہمتِ مردانہ مرحبا۔

تیری بلائیں دور اور تیری منزل نزدیک ہے۔

طوفان کی موجوں سے کھیلنے والے نوجوان کو ہاتف نے پکارا، اسے دلاسا دیا اور کہا:

اب کوئی طوفان تجھے ڈبو نہیں سکتا، نہ ہی تو کبھی ڈوب سکتا ہے۔ تیرے ڈوبنے کا وقت گزر چکا، اب کوئی موج تجھے ڈبو نہیں سکتی، یہ بے چارہ گرداب تیری ہمت کی بھلا کیسے تاب لاسکتا ہے، یہ سب

marfat.com
Marfat.com

کچھ ہے لیکن تیرے سامنے کچھ بھی نہیں۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ
یہ موج تیرا کیا مقابلہ کر سکے، اور کیسے کر سکے، دریا کی دریائی تیری ہمت پہ نازاں اور تیرے عزم پہ قربان ہے۔ تیرا عزم دریا کی ساری دریائی پہ غالب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۰ اگر اجتماع کمال ہوتا تو میرے مولا، میرے آقا، میرے مخدوم، میرے صابرؒ کی مجلس کبھی برخاست نہ ہوتی۔
حال یہ تھا کہ شمس الارض شمس الدین ترکؒ کے سوا کسی کو بھی باریابی نصیب نہ ہوئی، یہاں تک کہ بعد وصال بھی کسی کو حاضری کی جرأت نہ ہو سکی، جنگلی درندے ہی آپؒ کی دربانی پہ مامور رہے اگر شہرت کمال ہوتی تو حضرت خواجہ اویس قرنیؒ (عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) قرن کے ایک سنسان جنگل میں اپنے بھائی کے اونٹ چرا کر چھپ چھپ کر جھٹ نہ لنگھاتے[1] اگر عبادت کمال ہوتی شیطان کبھی مردود نہ ہوتا
اگر تقویٰ کمال ہوتا، برصیصا کبھی راندانہ جاتا۔
ندامت کا لبادہ اوڑھ کر محبوب کی ناز برداری کمال اور محبوب کے فراق میں گھلنا کمالِ کمال ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۱ اہلِ طریقت، اہل وفا، اہلِ محبت اور اہلِ جستجو رات کو نہیں سوتے، ساری رات کبھی نہیں سوتے، نہ ہی انہیں رات بھر سونا زیب دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۲ نفع دینے والے علم سے مراد وہ علم ہے۔
جو دنیا اور آخرت دونوں میں نفع دے۔
دنیا میں عزت و ایمان کا موجب ہو اور آخرت میں نجات کا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۳ کفر اسلام کی ضد ہے۔ نہ کبھی ایک فیصلے پہ متفق ہو سکتا ہے، نہ ایک مرکز پہ متحد۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

---
[1] گزارتے

marfat.com
Marfat.com

۳۵۴ طلب وتمنا سے دستبردار ہوکر، بے نیاز کی ناز برداری محبت کا ایک کمال۔ بے پروا کی بے پروائی سے بے پرواہوکر ان کی محبت کے فراق میں گھلنا کمالِ کمال ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۵ ہر شے کی تکمیل کے لیے مادی ہو یا روحانی، مقدار کی مناسبت لازمی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۶ خدائی کاموں سے خدائی طاقت پیدا ہوتی ہے اور خدائی طاقت ہی سے بندہ خدا تک پہنچا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۷ ہر بندہ کو ہر کام میں کامیاب ہونے کے لئے خدائی طاقت درکار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۸ کوئی بندہ جب کسی خدائی عادت کو اپنا لیتا ہے خدا اسے اس کے مثل خدائی طاقت عطا فرما دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۵۹ خدا ہی کی توفیق سے بندہ خدائی کام کرسکتا ہے۔
خدا سے توفیق مانگ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۰ ہر کسی کی قسمت میں کام نہیں ہوتا، کام کسی قسمت والے ہی کو ملا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۱ جسے کام ملا اُسے ہر شے ملی، اور سب کچھ ملا۔ الحمدللہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۲ انعام واکرام سے بے نیاز ہوکر کام میں محو ہو۔ کام بذاتِ خود ایک انعام ہے۔ کاریگر اپنے کام میں محو ہوکر کام کے سوا کسی اور فکر میں کبھی متفکر نہیں ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۳ اہل فن کبھی متفکر نہیں ہوتے۔ کوئی حادثہ کسی اہل فن کو کبھی متفکر نہیں کرسکتا۔ فن کار کا استغراق ہر فکر پہ

marfat.com
Marfat.com

حاوی ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۴ جب تک کوئی فن کار کلیتاً اپنے فن کی دھن میں ہمہ تن محو و مستغرق نہیں ہوتا بامراد نہیں ہوتا۔ یہ تمام ایجادات روحانی ہوں یا مادی، فکر ہی کی بدولت اور فکر ہی کا حاصل ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۵ تو اپنے کسی کام پہ نازاں مت ہو، کام لیا جاتا ہے، کیا نہیں جاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۶ کوئی زمانہ کسی صفت سے کبھی خالی نہیں ہوتا۔

ہر زمانہ ہر صفت سے متّصف ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۷ حال ماضی کا شاہد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۸ جو صفت ماضی میں تھی، حال میں بھی ہے۔ اگر حال میں نہیں، ماضی میں بھی نہ تھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۶۹ جس طرح عشرہ مبشرین کے سوا کسی بندہ کی بابت کوئی قطعی جنتی ہونے کا فتویٰ نہیں دے سکتا اُسی طرح صحابہ کرامؓ کے بعد کسی بندہ کی بابت بھی کوئی بندہ یہ فتویٰ نہیں دے سکتا کہ بے شک اللہ اس پہ راضی ہوا۔ اگر چہ کوئی بھی زمانہ اللہ کے ان بندوں سے کہ جن پہ اللہ راضی ہوا۔ کبھی خالی نہیں ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۰ کیا اتنی بڑی مخلوق میں سے اللہ اپنے کسی بھی بندہ پہ راضی نہ ہوا؟ یا کوئی بھی بندہ اپنے اللہ کو راضی نہ کر سکا؟ بے شک اللہ اپنی مخلوق میں سے بہت سے بندوں پہ راضی ہوتا ہے اگر چہ ہر بندہ پر نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۱ ماحول بدل:

ہر انسان ماحول ہی کے ماتحت پرورش پاتا ہے۔ انسانی تربیت میں جو اہمیت ماحول کو حاصل ہے

marfat.com
Marfat.com

کسی اور تعلیم کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۲ جب تک کوئی اپنا ماحول نہیں بدلتا، یا جب تک اللہ کسی کا ماحول نہیں بدلتا۔ کوئی نہیں بدلتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۳ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

یہ جلیل القدر کلمہ معرفت کی ابتداء بھی ہے اور انتہا بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۴ احوال و مقامات اسی کے تصور کی پختگی کے مختلف مدارج ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۵ گویا تیرا یہ تسلیم کرنا کہ تو کسی بھی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا اور نہ ہی اپنی مرضی کے مطابق کچھ کرنے پہ قدرت رکھتا ہے۔ تیری نیستی کی دلیل ہے۔ اور یہ نیستی اگر دل سے ہو، عین بندگی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۶ جس نے بھی اللہ کی پروا کی، ماسوا سے بے پروا ہوا۔ اللہ کی پرواہر پروا سے بے پروا کر دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۷ زُہد کا ناز، زاہد کو عاجز بننے نہیں دیتا۔

عجز عبودیت کا وہ فخر ہے جس پہ کہ معبود کو ناز ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۸ جس قدر گنہگار اپنے رب سے ڈرا کرتا ہے، زاہد نہیں ڈرتا اس لیے کہ گنہگار کو اللہ کے سوا کسی کا کوئی آسرا نہیں ہوتا اور نہ ہی اس کا کوئی لاگو ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۷۹ گناہ اگرچہ بُری چیز ہے، بڑی چیز ہے، ایک گناہ سارے مان توڑ دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۰ کعبہ سجدہ گاہ ہے.....رب معبود

marfat.com
Marfat.com

کعبہ دور ہے.....رب حضور

کعبے کا اتنا ادب.....اور رب کی پرواہی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۱ جس کی بنیاد نفاق پہ رکھی گئی ہو اُس میں محبت کا پھول کبھی کھل نہیں سکتا۔ اور محبت قوموں کی زندگی کی روحِ رواں ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۲ اگر کوئی کسی سے ایک نیکی کرے اور پھر عمر بھر بدی کرتا رہے۔
مردہ ہے جو اس کی ایک نیکی کو ہمیشہ یاد رکھے، کبھی فراموش نہ کرے، اور اس کی تمام بدیاں فراموش کردے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۳ محبت کبھی نفرت میں تبدیل نہیں ہوتی۔ جو محبت نفرت میں تبدیل ہو سمجھو صفاتی تھی۔ اگر ذاتی ہوتی، اٹل ہوتی، کبھی نہ بدلتی۔
اس لیے کہ محبوب کی بے رُخی محب کی محبت پہ بے اثر ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۴ جسے بقا حاصل ہو جاتی ہے، قیامت تک زندہ اور باقی رہتا ہے
اس کا حکم ربی حکم ہوتا ہے۔
اور ہر مخلوق ارضی ہو یا سماوی، بری ہو یا بحری، نوری ہو یا ناری اُس کے حکم کی تعمیل کرتی ہے۔

ماشآء اللّٰہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۵ قدر تقلی اور بے قدری اصلی مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۶ جس کا جتنا بلند مقام ہوتا ہے اتنی ہی اس کی اس دنیا میں بے قدری ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۸۷ یوسف علیہ السلام جب تک مصر کے بازار میں نہ بکے، مصر کے بادشاہ نہ بنے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۸ ہر بے قدری میں اعلیٰ درجے کی قدر پوشیدہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۸۹ جو راحت بیقدری میں حاصل ہو، ابدی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۰ یہ بے قدری تیری نہیں نفس کی ہے اور ہر نفس جب تک وہ مزکی نہیں ہوتا بے قدر اور بے قدری ہی کا مستحق ہوتا ہے۔ ہر نفس مکار، عیار اور سرکش ہے۔ کوئی تہذیب کسی نفس کو مہذب نہیں بنا سکتی مگر بے قدری

اور بے قدری

تزکیہ نفس کے لیے بہترین تہذیب ہے۔ بے قدری ملامت ہی کا دوسرا نام ہے۔

اور ہر نفس:

کرامت کا طالب ہے، ملامت کا نہیں

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۱ علم قال میں اور عشق حال میں مصروف ہے۔ قال دردِ سر اور حال دردِ جگر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۲ جس طرح ہر انسان اپنے رہنے کے لیے گھر، کھانے کے لیے خوراک اور پہننے کے لیے لباس کا آپ ذمہ دار ہے اسی طرح ہر انسان اور ہر قوم اپنی اصلاح کی بھی آپ ہی ذمہ دار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۳ جب کوئی آدمی یا قوم اپنی اصلاح کا تہیّہ کر لیتی ہے اللہ اسے اُسی وقت ضروری اسباب عنایت فرما دیتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۴ جس آدمی یا قوم نے دنیا میں ترقی کی، اسی اصول کے ماتحت کی کسی دوسرے کو کسی کے لیے کوئی

marfat.com
Marfat.com

عمارت کے بنانے کی کیا ضرورت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۵ جب تک کوئی آدمی یا قوم اپنی اصلاح کا عزم بالجزم نہیں کرتی کوئی دوسرا کبھی کچھ نہیں کرسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۶ انسان خود ہی اپنی پسند کی عمارت تعمیر کیا کرتا ہے، کوئی دوسرا اس کے لیے اس سے بہتر عمارت نہیں بنا سکتا۔ اسی طرح اپنی ہی پسند کا کھانا اور لباس پسند کرتا ہے۔ کسی دوسرے کی پسند کبھی پسند نہیں کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۷ اصلاح کا جذبہ ہر جدوجہد کا، انفرادی ہو، یا اجتماعی راہنما ہوتا ہے اور ہر معاملہ میں دینی ہو یا دنیوی پوری راہنمائی کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۸ اصلاح میں جو اہمیت جذبے کو حاصل ہے کسی اور عمل کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۹۹ قابلیت قوم کا بہترین سرمایہ، اور یہی قوم کی معمار ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۰ انتخاب وعنایت کسب کی قابلیت پہ ہو نہ کہ نسب پہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۱ قومی تعمیر میں نسب کوئی چیز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۲ قومی فخر کا معیار و مدار کسب پہ ہوتا ہے نسب پہ نہیں۔ بالکل نہیں

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۳ قابلیت انسان کی وہ سفارش ہے جسے کوئی رد نہیں کرسکتا۔ یہ کسی اور سفارش کی محتاج نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۰۴ قابلیت کی تحسین فنکار کی وہ دل جوئی ہے جس کی برابری کوئی اجرت نہیں کرسکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۵ اور بے قدری فنکار کو سست اور لاپروا بنادیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۶ گویا تحسین بہترین اجرت اور تحقیر بدترین بے قدری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۷ صاحبِ فن تحسین وتحقیر سے بے نیاز ہوکر اپنے فن ہی کی تکمیل کے لیے اپنے فن میں مشغول ہوا کرتے ہیں۔
اور یہ مقام ہر فنکار کا نہیں، اہلِ فن کا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۸ جس فنکار کا فن بین الاقوامی اہمیت کا امین ہوتا ہے اُسے اللہ اجرت کی ندامت سے مبرّا رکھتا ہے۔
کسی فن کار کے فن کی عالمگیر مقبولیت بہترین اُجرت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۰۹ حضرت شیخ صنعان یکتائے زمانہ تھے۔
ساری دنیا میں چالیس ابدال ہوتے ہیں، اس زمانہ کے چالیسوں ابدال آپ ہی کے مرید تھے، جب مکہ کی راہ میں چلے، ان پر ایک حال طاری ہوا، اور سفر ترک کرکے وہیں راہ میں بیٹھ گئے۔ آپ کے ہمراہ انتالیس ابدال تھے انہوں نے ہرچند سمجھانے کی کوشش کی کہ وہ ایسا نہ کریں، کعبے کو چلیں۔ آپ پہ حال کا غلبہ تھا، فرمانے لگے کہ:
''کعبہ اب وہاں نہیں رہا، یہاں آ گیا ہے۔''
آخر مایوس ہوکر وہ کعبے کو چل دیئے، جب کعبے میں پہنچے، اور اپنے اس چالیسویں ساتھی سے جو ان سب کا سردار تھا، اور کسی وجہ سے اُن کے ساتھ نہ جاسکا تھا، ملے اور شیخ صاحب کا سارا ماجرا بیان کیا تو انہوں نے ایک وہ بات کہی جو قیامت تک اہل طریقت کے لیے مشعل راہ ہے، آپ نے فرمایا:
دوست کو اکیلے چھوڑ کر کیوں یہاں آئے، دوست کے ساتھ کیوں نہ رہے۔ دوست کے ساتھ کافر

marfat.com
Marfat.com

ہوجانا، دوست کو جنگل میں اکیلے چھوڑ کر مکے میں آنے سے بہتر تھا، تم نے دوستی کے نام کو لاج لگادی، دوست بھی کبھی دوست کو تنہا چھوڑ کر کہیں جایا کرتے ہیں۔ اور پھر اس حال میں۔

(طریقت کے ایک اہم سوال کے جواب میں)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۰ کیا اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی مخلوق کسی مخلوق پہ کسی قسم کے تصرّف وتسلّط کی کوئی قدرت رکھتی ہے؟ ہرگز نہیں، مخلوق مخلوق پہ کوئی قدرت نہں رکھتی۔ نُوری ہو یا ناری، خاکی ہو یا آبی۔ مگر اللہ کے حکم سے! ورنہ ہر طاقت ور کمزور کو کھا جاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۱ جب تک حکم نہیں ملتا کوئی ذرّہ کسی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۲ تیرے حضور میں دنیا ذلیل ہوا کرتی تھی لیکن آج تو اُس کے حضور میں ذلیل ہے۔ آہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۳ تو اسے ایسا منہ کے بل گرا کہ دوبارہ اٹھنے کی طاقت ہی نہ رہے۔ یہ مردانگی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۴ جسے تو حلال سمجھتا ہے، مردار ہے۔ اور کسی کی کوئی دلیل۔ مردار کو پاک نہیں کرسکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۵ تو قوم کا راہنما تھا۔

اگر جیسے تو کہتا ہے، کرتا۔ قوم تیرے قدم چومتی۔

قوم اب بھی تیری قدردان ہے۔

تو جو کہتا ہے، حق ہے لیکن جو کہتا ہے، کرتا نہیں۔ تیرا فعل تیرے قول کے خلاف ہے یہی وجہ ہے کہ تیری خطابت دین کے شیرازے بکھیرے جارہی ہے۔ کاش! تو چپ ہوتا، ملت پرور ہوتا نہ کہ ملت شکن۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۱۶ اُس نے کہا:
میں تیرے کرم کا محتاج اور تیری رحمت کا امیدوار ہوں! تو اپنی اس مملکت پہ اپنی رحمت کی بارش برسا، اور کرم کے دریا بہا۔ بے شک تیرا کرم مکمل اور تو کریم بے مثال ہے۔ آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۷ اے قوم!
تجھے کائنات کی تربیت کا معلّم بنا کر بھیجا گیا ہے۔ تو کائنات کا معلّم ہے۔ نہ کہ کائنات تیری۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۸ تیرے ملک میں نہ کوئی غیر مدرسہ ہو، نہ مطب

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۱۹ زحمت جب اٹھالی جاتی ہے تو کوئی نحوست باقی نہیں رہتی۔
یہ مدرسہ فرنگی زحمت کی نحوست ہے جسے کہ وہ یہاں چھوڑ گیا۔ گویا زحمت اگرچہ اٹھ گئی، نحوست اب بھی باقی ہے۔
اے قوم!
تو اس نحوست کو اپنے ملک سے مٹا، اور ضرور مٹا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۲۰ فرنگی کے اس مدرسے کو بند کرنا تیرے بس میں ہے۔ تو اپنے بچے کو مت بھیج۔ بس بند ہے۔
کسی کو بھی کچھ کہنے کی ضرورت نہیں اور بالکل نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۲۱ جو خوبی ان میں ہے تو اپنے میں پیدا کر۔ بلکہ اس سے بھی بڑھ کر۔ تاکہ وہ تیرے مدرسے میں آئیں جیسے کبھی آیا کرتے تھے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۲۲ روزی روز ملتی ہے، ہر ذی روح کو ملتی ہے، ضرورت کے مطابق ملتی ہے اور روزی کا رازق مطلق اللہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

روزی کھانے کے لیے کسی کی بھی کم نہیں ہوتی۔ جمع کرنے کے لیے کم ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۳ جهد للبقا

یعنی حیاتِ جاودانی کی جدوجہد آخری دم تک جاری رہتی ہے۔ کبھی کم نہیں ہوتی کبھی ختم نہیں ہوتی۔
عمر جذبے پہ کوئی اثر نہیں رکھتی۔
جذبہ عمر پہ پورا اثر رکھا کرتا ہے۔
ماضی کے اس قول کی حال نے ہر حال میں تائید کی، تصدیق کی کہ مومن کا جذبہ ہمیشہ قائم اور زندہ رہتا ہے۔

ہر کسی نے ہر میدان میں یہی کہا کہ:
عمر۔ اگرچہ گزر چکی ہے، پھر بھی باقی ہے
جوانی۔ اگرچہ ڈھل چکی ہے، پھر بھی باقی ہے
قوت۔ اگرچہ گھٹ چکی ہے، پھر بھی باقی ہے
حوصلہ۔ اگرچہ پست ہو چکا ہے، پھر بھی باقی ہے
جوش۔ اگرچہ سرد ہو چکا ہے، پھر بھی باقی ہے
تمنا۔ اگرچہ مٹ چکی ہے، پھر بھی باقی ہے
امید۔ اگرچہ ٹوٹ چکی ہے، پھر بھی باقی ہے

اور

یہ باقی سدا باقی رہے۔ یا باقی: آمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۴ تُو نے اپنی مخلوق کی صلاح وفلاح کے لیے کیا کیا جتن کیے۔ کیسے کیسے رنگ بدلے۔ کس کس روپ میں پرگٹ ہوا۔
کبھی نبوت، کبھی رسالت، کبھی امامت اور کبھی ولایت
تیری ہر طرز نرالی اور عقل سے بعید تھی۔

marfat.com
Marfat.com

کہیں سالک، کہیں مجذوب، کہیں غازی، کہیں شہید۔
تیرے سارے سودے میں یہ رنگ اور وہ رنگ نہایت دلکش اور دل آویز ہے۔ تیرا کربلائی رنگ کتنا کڑا اور رقت آمیز تھا۔
تیری مخلوق تیرے ہی وسائل سے ہر میدان میں تیرے ہی مدمقابل رہی اور تو خاموش رہا۔
قدرت کے باوجود کسی کی قوت سلب نہ کی، نہ ہی کسی پہ اپنی ہیبت طاری کی۔
مخلوق کے ہر معرکے میں تیری رحمت تیرے غصے پر حاوی رہی تیرے جلال کے آگے تیرے جمال نے پردے تان دیئے اور حلم نے درگزر فرمایا۔
واہ سبحان اللہ تیری شان! ذوالجلال والاکرام! تو کتنا بڑا رب اور ہم کتنی ناشکری مخلوق ہیں۔ کسی نے بھی اور کسی نعمت پہ تیرا شکر نہ کیا۔ تیری عنایت کو اپنی کوشش سے منسوب کیا۔
اگر کسی کو کوئی مصیبت پہنچی تو تیرے ذمہ کی۔ خود بری الذمہ رہا۔
بے شک تیری شان وریٰ الوریٰ اور تیری حکمت بعید از عقل ہے۔
یہ مقالات کتاب سے نہیں، ام الکتاب سے نقل کیے جاتے ہیں۔
اور ان کا روای یہ راقم الحروف نہیں، راقم الحروف کا ہادی ہے۔

الحَمْدللہِ القیّوم

۴۲۵ غلام اگر وفادار ہو، مالک کا قائم مقام ہوتا ہے۔

الحَمْدللہِ القیّوم

۴۲۶ سعدؓ

مولانا علی کرم اللہ وجہہ کا جانثار غلام تھا۔ شہزادۂ کونین سیدنا امام حسین علیہ السلام کی حمایت میں شہید ہوا۔

مرحبًا مکرمًا مشرفًا

سعدؓ شہادت کی سعادت سے مسعود ہو کر اہل بیتؑ میں شمار ہوا اور اس سے بڑھ کر کوئی اور درجہ نہیں۔

الحَمْدللہِ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۲۷ اسی طرح

فیروز۔ شہزادۂ کونین سیدنا امام حسین علیہ السلام کا وفادار تھا۔ حضور کے ہمراہ شہید ہوا۔

مرحبًا مکرمًا مشرفًا

فیروز کا شمار اہل بیتؑ میں ہوا اور یہ عطا کی حد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۲۸ ہماری پیاس دریا بھی نہ بجھا سکا۔ اگرچہ ہم سالہا سال اُس کے کنارے کھڑے رہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۲۹ دریا میں پانی کی کوئی کمی نہیں ہوتی لیکن ہر کوئی دریا سے پانی پینے کی جرأت نہیں رکھتا۔ پھسلنے گرنے اور ڈوب مرنے کا اندیشہ لاحق رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۰ ہم مذہب کے لیے جھگڑتے ہیں۔ مذہب کے مطابق عمل نہیں کرتے۔ اگر عمل کرتے، کسی بھی قسم کی کوئی بے لذتی کبھی پیدا نہ ہوتی۔

محبت کا دور دروہ ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۱ عورت کی عقل خام اور حکم ناقص ہوتا ہے، کبھی حاکم نہیں ہو سکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۲ جس نیک بخت کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی، بمنزلہ صحابی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۳ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر ارشاد ہر زمان میں بمنزلہ حدیث ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۴ آدمی ذکر نہیں کرتا اور شکر نہیں کرتا۔ یہی وجہ ہے کہ کسی بھی حال میں خوش نہیں رہتا۔ نہ شاہی میں خوش رہتا ہے نہ گدائی میں ہر آدمی جس بھی حال میں ہے بے قرار ہے۔

اور یہ بے قراری ترک ذکر ہی کے باعث ہے۔

marfat.com
Marfat.com

یہی ناشکری کی سزا بھی ہے، جو ہم سب کو مل رہی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۵ کسی کا کوئی حیلہ کسی کے حال کو کبھی بدل نہیں سکتا۔
کسی کا بھی کوئی حیلہ کسی کے حال کو کبھی بدل نہیں سکتا۔
پیر ہو یا فقیر۔ ملا ہو یا صوفی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۶ ہر حال میں شکر کر، نہ کہ شکوہ۔ اس لیے کہ کوئی بھی حال حکمت سے خالی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۷ اللہ کے حکم کے بغیر کوئی مخلوق کسی مخلوق پہ کوئی قدرت نہیں رکھتی۔ اللہ کے حضور میں ہر مخلوق مجبور و محکوم ہے۔
کوئی کسی پہ کسی کو نہ مسلّط کر سکتا ہے، نہ مسترد مگر اللہ کے حکم سے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۸ قرآن کی حقیقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور
سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقیقت، فقر حیدریؑ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۳۹ بھنگ پی کر بھنگڑا مارنا فقرِ حیدری نہیں، فقر حیدریؑ کی توہین ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۰ سنت نبویؐ کی کامل اتباع فقر حیدریؑ ہے۔
اللہ کی قسم اے جان من! سنت نبویؐ کی کامل اتباع ہی فقر حیدریؑ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۱ یہ محل، یہ ذخیرے، یہ تفریحیں، یہ تقریبیں، سنت نبویؐ کی اتباع نہیں، صریح خلاف ورزی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۲ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ساری عمر کھجور کی چٹائی پہ گزاری، اور کبھی بھی پیٹ بھر کر کھانا نہ کھایا نہ ہی

marfat.com
Marfat.com

کبھی کوئی فاخرہ لباس پہنا۔ اور یہ ترک سنت مؤکدہ ہے۔
جس پہ کہ ہم میں سے کسی کو بھی گزر نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۳ کسی نے تیرے کسی پیراہن کو کبھی پیوند لگے نہیں دیکھا۔ حالانکہ یہ سنت مؤکدہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۴ اگر سالن ختم ہو جائے تو مہمان۔ اگر روٹی نہ ہو تو میزبان ذمہ دار۔
طریقت الاسلام کی معروف درس گاہوں میں، ایک لسوڑے سے دو روٹی کھانے کا عام دستور ہوتا ہے۔
ہم اسے اپنی زبان میں یوں کہا کرتے ہیں کہ

دال مک جائے تے کھان والے دا قصور
روٹی مک جائے تے کھلان والے دا قصور

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۵ اے مسلمان!
تو اپنے مقام سے بے خبر ہے تو اللہ کی وہ مخلوق ہے کہ دنیا میں جب جیتا ہے تو تیری کامیابی کے لیے کائنات کی ہر شے دعا کرتی ہے اور تجھ پہ رحمت بھیجا کرتی ہے۔ یہاں تک کہ کیڑی بھی تیرے مقام سے بے خبر نہیں۔ اور جب تو مرتا ہے تو کائنات کی ہر شے تجھ پہ روتی ہے۔ زمین روتی ہے، آسمان روتا ہے۔
افسوس! آج تو غفلت کی گہری نیند سو رہا ہے اور کسی بھی آواز سے نہیں جاگ رہا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۶ اے مسلمان! کیا تجھے یہ نہیں پتہ کہ:
تجھے مٹانے کے لیے اللہ کے دشمن صدیوں سے تیرے درپے ہیں۔ کیا تو نے کبھی اس بات پہ نہیں غور نہیں کیا کہ ساری دنیا کی ساری طاقتیں تجھے مٹانے کے لیے ایک مرکز پہ متحد ہیں، لیکن تو کسی بھی طرح مٹ نہ سکا۔

marfat.com
Marfat.com

تو توحید و رسالت کا علمبردار ہے، تو مٹ سکتا ہی نہیں اور نہ ہی کوئی کبھی تجھے مٹا سکتا ہے۔ اللہ کے دین اسلام کی دشمن طاقتیں تیری تاک میں ہیں اور گھات میں ہیں۔ وہ تجھے کبھی مٹا نہیں سکتیں۔

اس لیے کہ:

تو مٹنے کے لیے نہیں، مٹانے کے لیے آیا ہے۔

الحَمْدللہ الحیّ القیّوم

۴۴۷ ایک صاحب، ایک صاحب کی لکھی ہوئی ایک کتاب لے کر ایک صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تبصرے کی فرمائش کی۔ انہوں نے کہا کہ:

دین اللہ اور اللہ کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے ہے اگر اُس میں کوئی کمی ہو تو بتا۔ آپ کی اس کتاب کا مصنف آپ ہی کی مانند ایک عالم ہے، رسول نہیں۔ ہر عمل کا دارومدار نیت پہ موقوف ہوتا ہے۔ یقیناً اُن کی نیت میں قطعی گستاخی نہ تھی، اگر کسی عبارت میں کوئی کمی ہو، اللہ اسے معاف کرے۔ اللہ ہر کمی کو پورا کرنے پر قادر ہے، اتنے ضخیم مسودے میں اگر سہواً کوئی کمی ہو تو اسے گستاخی نہیں کہا جا سکتا۔ یہ ابتلاء کا دور ہے۔ اس دور میں اگر اس راگ کو بند کر دیا جائے، رحمت کی امید ہے۔

دین اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے ہے اور ساری خدائی کے لیے ایک اور قیامت تک کے لیے ہے اور دین میں کوئی کمی نہیں ہر لحاظ و اعتبار سے کامل و اکمل ہے۔ کیا یہ دین کافی نہیں؟

مذہب بندوں کی طرف سے ہے، ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

## چار مذاہب معروف ہیں

چاروں کے مقلدین سیدھی راہ پہ ہیں۔ اس سے زیادہ ہم نے کسی بھی بحث میں نہیں الجھنا۔ اور یہ ختم الکلام ہے۔

الحَمْدللہ الحیّ القیّوم

۴۴۸ اللہ کا بندہ اللہ کے ذکر و طاعت میں مصروف و مشغول ہو کر اللہ کی مخلوق کا خیر خواہ، دعا گو اور خادم ہوتا ہے۔ لیکن خالق و مخلوق کے مابین مخل نہیں ہوتا۔ قدرت کو حکمت اور حکمت کو اللہ کی طرف سے

marfat.com
Marfat.com

بھلائی سمجھ کر خندہ پیشانی سے تسلیم کرنے والا ہوتا ہے۔ معترض نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۴۹ کسی ملک کی بین الاقوامی شہرت میں صنعت ایک اہم کردار رکھتی ہے۔
چاند مارکہ لالٹین کی قیمت تین روپے ہے اور شاید ہی کہیں تین دن سے زیادہ جلی ہو۔ دوسرے نہیں تو تیسرے دن تو ضرور ہی بھک بھک کر کے بجھ جاتی ہے۔
اور یہ ہماری پچیس سالہ صنعتی جدو جہد کا حاصل ہے۔ اگر اس کی پائیداری بین الاقوامی معیار کی ہوتی پھر اگر اس کی قیمت تیس روپے بھی ہوتی تو لینے والے کو اتنا قلق نہ ہوتا۔ ایک بار لے کر ایک مدت اطمینان سے جلاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۵۰ اللہ رب العالمین کی آخری کتاب قرآن کریم کا جوہر ہے۔
جب کسی کے دل میں اتر جاتی ہے، گھر کر لیتی ہے۔
پھر اس میں کسی اور شے کی نہ گنجائش رہتی ہے، نہ ضرورت۔
جو رفعت، راحت، برکت اور عظمت اسے عطا ہے کسی دوسرے عمل کو نہیں۔
اسی میں جلال ہے، اسی میں جمال
اس میں ہیبت بھی ہے اور قدرت بھی۔
عزت بھی ہے، منزلت بھی۔
قوت بھی ہے، جبروت بھی
بسم اللہ، ب، کے نقطے کی برکت سے فیض کے چشمے ابلا کرتے ہیں اور اللہ کی ہر مخلوق خاکی ہو یا آبی، نوری ہو یا ناری، فیض یاب ہوتی ہے۔
جب یہ نازل ہوئی
شیطان نے اپنے سر پہ خاک ڈالی اور اس پہ پتھر برسائے گئے۔
اللہ رب العالمین نے اپنی عزت اور جلالت کی قسم کھائی کہ:

marfat.com
Marfat.com

جس کام میں بھی میرا یہ برکت ولا نام لیا جائے گا، برکت ہوگی۔
جس بیمار پہ پڑھا جائے گا شفا ہوگی۔
جو اسے پڑھے گا، جنت نصیب ہوگی۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِo

ہم سے پہلے کسی بھی امت پہ یہ پوری اور ہمیشہ کے لیے نازل نہیں ہوئی۔ یہ شرف اس امت ہی کو حاصل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

(باقی کسی دوسری مجلس میں)

marfat.com
Marfat.com

# انوار مجلس ثانیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۵۱ جب تو نے ہر کام اور کلام سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہا تو گویا اقرار کیا کہ تو اس کام اور کلام کو شروع کرتا ہے اپنے اس رب کے نام سے جس نے کہ تجھے اور کائنات کی ہر شے کو پیدا کیا اور وہ رحمن ورحیم ہے۔ پس بے شک تیرا رب تجھ پہ خوش ہوا، اس لیے کہ تو نے یاد کیا اپنے رب کو، اس کی بہترین صفت سے، کہ وہ رحمن ورحیم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۲ پس کھول دیئے تیرے رب نے وہ دروازے جو بند تھے، اور ڈال دی اس کام اور کلام میں جسے کہ تو کرنے لگا ہے ہر قسم کی برکت، اور دور فرما دی ہر برائی جو کہ اس کام اور اس کلام میں تھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۳ چونکہ کائنات کی ہر خیر وشر کا واحد رب اللہ ہے۔ پس کیوں کر کوئی شے حائل ہو تیری راہ میں جب کہ شروع کیا تو نے وہ کام، یا کوئی کلام ساتھ نام رب سب کے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۴ بے شک اسم اعظم ہے یہ اسم اور جوہر ہے سارے قرآن کریم کا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۵ ہر صفت اللہ ہی کی صفت ہے۔ رحمن ورحیم ہر صفت سے بہتر صفت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۶ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے لائق وسزاوار ہیں۔ وہ اللہ جو رب ہے ہر شے کا۔ رحمن ورحیم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۷ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن کریم کی مفتاح سورۃ الفاتحہ سے کی اور قرآن کی مفتاح کی مفتاح بسم اللہ الرحمن الرحیم کو بنایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۵۸ چوں کہ تو ان باتوں کو بلا سوچے سمجھے یونہی پڑھے چلا جا رہا ہے، اس لیے تو اس کی عظمت سے بے خبر ہے ورنہ اگر اس راز میں ذرا سا بھی غور کرے تو تجھ پہ اس کی اہمیت منکشف ہو اور پھر اگر تو اس ایک ہی اسم پہ اکتفا کرے۔ یہی تیرے لیے کافی ہو جائے اور دنیا و آخرت میں تجھے کسی اور جستجو کی حاجت ہی نہ رہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۵۹ اگرچہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ہر اسم اسمِ اعظم ہے۔ لیکن جو رتبہ اسے حاصل ہے، کسی دوسرے کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۰ کائنات گونا گوں ہے۔ اس میں کافر بھی ہیں، مومن بھی۔ اور ایسے بھی ہیں، جو اپنے رب کو رب ہی تسلیم نہیں کرتے، لیکن وہ رحمن و رحیم پھر بھی ان سب کو اپنی مخلوق جان کر کسی پہ بھی ظلم و تشدد نہیں کرتا۔ نہ ہی کسی سے اپنی کوئی نعمت روکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۱ اگر وہ رحمن و رحیم نہ ہوتا تو رب کیسے کہلاتا

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۲ تیرا یہ اقرار کہ تیرا جینا تیرا مرنا، تیری وفا، تیری خطا اللہ ہی کے نام سے ہے جو تیرا رب ہے اور رحمن و رحیم ہے۔ کافی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۳ یہ اسم اعظم نور ہے اور اپنے قاری کو منور کر دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۴ اس کا قاری بے شک پاک ہو ہر گناہ سے اور بے شک واجب کی اس کے لیے جنت اس کے رب نے جو رحمن و رحیم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۵ جب میں ''بسم اللہ الرحمن الرحیم، پڑھ کر قبر (کی منزل) میں داخل ہوں گا۔ اور میرے گناہوں کی بدولت قبر کے فرشتے مجھ کو عذاب دینا چاہیں گے تو میرے پاس کوئی ڈھال نہیں ہوگی مگر بسم اللہ

marfat.com
Marfat.com

الرحمن الرحیم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۶ اے میرے رب۔ میں تو تجھے رحمن ورحیم تسلیم کرکے یہاں آیا ہوں اور گمانوں کا ایک لشکر اپنے ساتھ لایا ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۷ اے میرے رب!
بے شک میں گنہگار و بدکار ہوں لیکن میں تجھے رحمن ورحیم مان کر آیا ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۸ میں تیری رحمت کا سہارا لے کر تیری پناہ میں آیا ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۶۹ اللہ کی قسم! میرا رب رحمن ورحیم ہے۔ مجھ کو معاف فرمانا اس کے لیے کوئی بات نہیں۔ (اسی معافی کے لیے ہم سب عبادت کرتے ہیں اور اسی معافی کے لیے یہ ساری جدوجہد ہے۔)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۰ گویا بسم اللہ الرحمن الرحیم ساری عبادت کا جوہر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۱ جس مریض پہ یہ اسم اعظم پڑھا، شفا ہوئی اسے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۲ بسم اللہ الرحمن الرحیم شفا ہے ہر مرض کی۔ جس مریض پہ بھی یہ اسم اعظم پڑھا جاوے، ماشاء اللہ شفا ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۳ جب تو نے اپنے رب کو یاد کیا۔ اے میرے رب! تو رحمن ورحیم ہے، شفا دے اپنے اس بندے کو! پس فوراً شفا ہوئی (ہر مرض سے) اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۷۴ یہ اسم اعظم حصار ہے ہر شیطان سے اور شرمندہ کرنے والا ہے ہر بلا کو، جو نازل ہوئی، اور جو ابھی (آسمان میں ہے، اور) نہیں نازل ہوئی، اور بے بس کرتا ہے ہر دشمن کو، اور ٹھنڈا کرتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کے غضب کو۔ لَارَیْبَ فِیْهِ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۵ بند ہوتے ہیں اس سے دوزخ کے دروازے اور کھلتے ہیں جنت کے بند دروازے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۶ پشت پناہ ہے یہ اسم اعظم ہر طالب صادق کا اور نور ہے یہ ایسا کہ نہیں بجھا سکتی کوئی شے اس نور کو ہرگز اور منور ہوتے ہیں نفس وقلب اس سے اور بلند کرتا ہے یہ نور روح کو اتنا کہ معراج ہو اس کو۔

ماشاءاللہ الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۷ بے نیاز کرتا ہے یہ اپنے قاری کو ہر شے سے اور دفع کرتا ہے ہر قسم کی تنگی اور کھینچ لاتا ہے برکت، کبھی محتاج ہونے نہیں دیتا یہ اپنے قاری کو کسی کا اور نہ ہی کبھی گھرنے دیتا ہے ہم وغم میں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۸ عزت دی گئی اس کے قاری کو، ہر عزت اور دور کی گئی اس سے ذلت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۷۹ نہیں کوئی بدل اس کا اور بے شک یہ نعم البدل ہے سب کا اور نعم البدل ہے کل کا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۰ اس کی قرأت ہر قرأت کی کفایت اور کوئی قرأت اس کی کفایت نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۱ گویا جس کا کوئی قائم مقام نہ ہو سکے، یہ وہ اسمِ اعظم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۲ یہ تسخیر ہے کل کی، نوری ہو یا ناری، خاکی ہو یا آبی، مسخر کرتی ہے ہر شے (موجود) کو اپنے قاری کے لئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۸۳ ایسا منتر ہے یہ کہ جب بھی پڑھا جائے اور جس پہ بھی پڑھا جائے دور ہو وحشت اس کی اور زائل ہوئے خفگی، بے شک مطیع و فرمان بردار ہو وہ فوراً۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۴ تندرستی پکڑیں بیمار قلوب اور بیمار روحیں ذکر اس کے سے۔ معاف کردی جائیں تمام رجعتیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۵ آزاد ہوں غلام اور خلاص ہوں جسم اور ملے ہر مانگنے والے کو ہر مراد، برکت اس کی سے اور وسیلے اس کے سے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۶ بے شک تدبیر کرتا ہے شیطان بیچ تیرے قلب کے کہ نہ پڑھے تو یہ اسم اعظم اور پیش کرتا ہے طرح طرح کی اور باتیں کہ تو لگ جائے خیال ان کے میں اور نہ رشتہ جوڑے اس اسم اعظم سے اس لئے کہ جس نے بھی جب جوڑا رشتہ اس سے گویا توڑا رشتہ اس سے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۷ نہیں چلتی کوئی تدبیر شیطان کی نہ ہی اس کے کسی لشکری کی آگے اس ہتھیار کے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۸ بے شک یہ قلعہ ہے مضبوط اور کبھی داخل نہیں ہوسکتا، اس میں کوئی شیطان اور نہ ہی کرسکتا ہے شگاف بیچ فصیل اس کی کے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۸۹ شیطان کامیاب رہا بہکانے میں ہر طالب کے۔ پر کبھی کامیاب نہ ہوا، اس پر جس نے کہ بنایا اسے اپنا وظیفہ، اس لئے کہ برسائے جاتے ہیں پتھر اوپر شیطان کے اور نہیں زور چلتا اس کا اس پر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۰ یہ پردہ ہے بیچ طالب اور شیطان کے، اور یہ دیوار ہے درمیان دونوں کے، مضبوط دیوار۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۱ یہ راہ ہے پہنچانے والی اللہ تک راہ سیدھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۴۹۲ یہ کنجی ہے ہر مشکل کی اور راحت ہے واسطے ہر طالب کے، راحت ابدی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۳ یہ تعریف ہے رب کی، تعریف بڑی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۴ یقین اگر تو کھالے زہر پڑھ کر یہ اسم اعظم تو ہرگز ہلاک نہ کرے تجھے وہ زہر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۵ پھر اس نے کہا کہ
میرا اپنا یقین اتنا بلند تھا اور اتنا بلند تھا کہ اگر میں اس اسم اعظم کو پڑھ کر پانی پہ چلنا چاہتا تو پانی کی سطح سڑک کی مانند ہو جاتی لیکن تیری ہم نشینی نے میرے اس یقین کی بنیادیں ہلا دیں۔
اے ہم نشین! جب تک تو دور نہیں ہوتا میرا یقین پھر سے محکم نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۶ جس نے دوست رکھا اسے دوست رکھا اللہ نے اس کو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۷ تو اسے اپنا دوست بنا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۸ جب کہ تو نے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اسے اپنا دوست بنایا ہے، کبھی مت آزما، کسی بات میں بھی مت آزما اور نہ ہی کبھی کوئی فرمائش کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۴۹۹ تو اپنا اور اپنے ہر سائل کا ہر معاملہ اللہ کے سپرد کر اور کسی معاملے میں اپنا ہو یا پرایا کوئی دلچسپی نہ لے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۰ دوست کی آزمائش دوستی کی ضد ہے، دوست کو کسی معاملہ میں مت آزما۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۰۱ دوست کبھی دوست کو نہیں آزماتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۲ دوست دوست کی خاطر جان دے دیتا ہے، دوستی پر دھبہ نہیں آنے دیتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۳ دوست کے حکم سے دوزخ میں جانا جنت سے کم نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۴ دوزخ اور جنت دونوں دوست ہی کی ملک ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۵ پاک کرتا ہے یہ اسم اعظم اپنے قاری کو بغیر وضو کے اور نہیں پاک ہوتا وضو کرنے والا بغیر اس کے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۶ یارب! میں دوست رکھتا ہوں تجھ کو اور تیرے اس اسم اعظم کو، دوست خالص بے لوث دوست۔ محض اس لئے کہ تو میرا رب ہے۔ رحمن و رحیم اور یہ ہے تیرا اسم اعظم۔ پس قبول فرما میری اس محبت کو اگرچہ نہیں ہے یہ تیرے لائق اور ناقص ہے ہر پہلو سے پھر بھی تو اسے جیسی بھی یہ ہے۔ قبول ہی فرمالے یارب، آمین ثم آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۷ عالمگیر اتحاد بین المسلمین کا اصطلاحی نام ملت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۸ قطار تمیز اور محیط اتحاد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۰۹ ہم سب قطار میں نہیں محیط میں ہوں، ایک دوسرے کے بازوؤں میں بازو ڈالے۔ ایک دوسرے کو مضبوطی سے تھامے ہوئے۔ نہ کوئی آگے ہو نہ پیچھے، نہ کوئی اعلیٰ ہو نہ ادنیٰ اور یہی وہ مضبوط رسی ہے جسے کہ مضبوطی سے تھامنے کا اللہ رب العالمین نے ہمیں حکم دیا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۱۰ اس سے سنسان اور ویران تیری دنیا میں کوئی اور جگہ نہیں۔ خاندان مغلیہ کے نامور شہزادہ سلیم کا یہ محل آج بالکل غیر آباد ہے۔

چند سو سال پہلے

یہ فرش یہ در و دیوار اترایا کرتے تھے اور آج آدم زاد کے نام کو ترستے ہیں۔ صدیاں گزریں کسی نے بھی اس طرف منہ تک نہ کیا۔ ایک آدمی کے چند دن رہنے کے لئے ہزاروں معمار شب و روز برسر پیکار رہے جیسے کے کہ اس نے ہمیشہ یہاں رہنا تھا جو رونق اس بیچارے کی قسمت میں تھی، اس دور ہی میں تھی۔ اس کے بعد کسی نے بھی اس میں قدم نہیں رکھا اور آج چمگادڑوں کا مسکن ہے۔ اس مقام کی یہ ذلت فخر کی بدولت ہے۔

یہ مقام بڑا اترایا کرتا تھا کہ مجھ سا خوش نصیب کوئی اور مقام نہیں۔ میں شہزادے کا شیش محل ہوں۔ اور آج یہ ندامت کا لبادہ اوڑھے فریاد کرتا ہے کہ کاش میں کسی گمنام فقیر کا ایک حقیر مسکن ہوتا اور لوگ مجھ سے فیض حاصل کرتے۔

یہ قلعہ جو کبھی شہزادوں کی آرام گاہ تھا، آج اہل بصیرت کی خاموش درس گاہ ہے۔

جب وہ قلعہ کے در و دیوار سے مخاطب ہوا کہ بتا تو سہی تو اتنی شان سے بس کر کیوں اجڑا؟

اس پر اس نے خون کے آنسو بہائے اور کہا کہ

مجھ میں ہر شے تھی، ایک اللہ رب العالمین کا ذکر نہ تھا۔ شب و روز شاہی ارباب کا جمگھٹ رہتا، یہاں کیسے کیسے دیوان لگے لیکن ذکر الٰہی کی محفل ایک بھی نہ لگی۔ یہ قلعہ ذکر الٰہی کی محفل کو ترستا ہی رہا۔

لیکن کوئی بھی وقت رقص و سرود کی محفل سے خالی نہ ہوتا۔

پھر اس نے حق کی بھرپور تائید کی کہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ مقامات اللہ رب العالمین کے ذکر ہی سے آباد اور قائم رہا کرتے ہیں جہاں اللہ کا ذکر ہوتا ہے، اللہ کی رحمت برسا کرتی ہے اور وہ کبھی نہیں اجڑتا۔ یا یوں کہ جو مقام اللہ کو پسند ہوتا ہے، اللہ وہاں اپنے ذکر کی توفیق بخش دیتا ہے۔ کاش یہاں اللہ کا ذکر ہوتا اور یہ دن دیکھنے نصیب نہ ہوتے۔

marfat.com
Marfat.com

پھر اس نے کہا

شہزادے جب شکار سے واپس لوٹتے تو یہ سمجھتے کہ وہ دنیا و دین کا کوئی اہم معرکہ سر کر کے آئے ہیں، اب ان کے ذمہ کوئی اور کام نہیں رہا جسے کہ وہ کریں پھر محل سرائے میں داخل ہو جاتے اور دوسرے دن تک باہر نہ آتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۱ میرا ایک دوست یورپ سے پڑھ کر آیا ہے، اس نے مجھے ایک وہ بات بتائی جس کا ذکر اس رسالہ میں ضروری سمجھتا ہوں۔ اس نے بتایا کہ ایک دوست نے ہماری دعوت کی، ہم نے اس سے کہا کہ ہم مسلمان ہیں، سور کا گوشت ہم نہیں کھاتے، اس لئے ہمارے دسترخوان پر یہ گوشت پیش نہ کرنا۔ اس کے جواب میں میزبان نے ایک عجیب لہجے میں کہا کہ شراب تو آپ پیتے ہیں لیکن سور نہیں کھاتے حالانکہ مسلمان کے لئے شراب اور سور ایک ہی حکم رکھتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۲ پودا جب پھل پر آتا ہے، پھول جھڑ جاتے ہیں، پھول کی آغوش میں پھل ہوتا ہے۔
بعض پھل ترش، بعض شیریں ہوتے ہیں، اپنی اپنی جگہ دونوں ضروری ہیں لیکن بازار میں جو مقبولیت شیریں کو حاصل ہوتی ہے ترش کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۳ ضرورت کے لحاظ سے ترش کی بھی اتنی ہی ضرورت ہوتی ہے جتنی کہ شیریں کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۴ ہر بیماری کا علاج ہر پریشانی کا ازالہ
ہر غم کا چارا ہر درد کی دوا
ہر اعتراض کا جواب ہر لڑائی کا ہتھیار
ہر وار کی ڈھال ہر محصور کے لئے قلعہ
ہر کمی کی تکمیل ہر جدوجہد کا مقصود
ہر شیطان سے حصار اور ہر ایجاد کی ابتداء

marfat.com
Marfat.com

اللہ کا ذکر اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہے

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۵ ذکر و محبت کی اہلیت عنایت کی جاتی ہے، اپنے آپ نہ کوئی اہل ذکر ہوا، نہ اہل محبت مگر جسے بھی چاہا نوازلیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۶ بندہ جب ان کے کرم سے مکرم ہو کر ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے، دونوں عالم سے بے خبر و بیگانہ ہوتا ہے، بے خود ہوتا ہے، مدہوش ہوتا ہے، بے پرواہ نہیں، بے پرواہ کا نیاز مند ہو کر لا پرواہ ہوتا ہے۔ اور محبت کے انداز کا یہ ایک مقام ہے۔

اور جب وہ بندہ ناچیز کی طرف اپنے کریمانہ انداز میں متوجہ ہوتے ہیں، ایک ننھے سے دل میں کل کائنات کا ظہور ہوتا ہے، دل کی دنیا کا ہر ذرہ مخمور ہوتا ہے۔ مسرور ہوتا ہے اور ایک چھوٹے سے دل میں علم و حکمت کے چشمے ابلنے لگتے ہیں۔ ماشاءاللہ

اور ہر طالب: ہر وقت ان دو مقامات میں سے کسی ایک مقام میں ہوتا ہے۔ دونوں مقامات حال ہیں اور حال ہی پہ عنایت ہوتے ہیں اور ان سے ہوتے ہیں، ان کی قسم ان کے سوا کوئی اور کسی کو بھی نہ حال عنایت فرما سکتا ہے نہ سلب کر سکتا ہے مگر ان کے امر سے۔ وماعلینا الا البلاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

پھر جب: وہ بندہ کسی بندے کی طرف متوجہ ہوتا ہے، اسی وقت اس کی فرمائش کے مطابق اللہ اس کی کیفیت بدل دیتے ہیں۔

ایک آدمی ایک بندے کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ ایک دن اپنے لڑکے کو لے کر حاضر ہوا۔ کہنے لگا کہ یہ نماز نہیں پڑھتا، میرا کہنا نہیں مانتا اور بھی برائیوں سے باز نہیں رہتا۔

یہ سن کر انہوں نے لڑکے کو اپنے پاس بلایا اور کہا کہ

نماز پڑھا کر، ان کا کہا مانا کر، نیکی کیا کر اور بدی سے باز رہا کر۔

اور بس اس دن سے لے کر پھر اس کی کوئی نماز کبھی قضاء نہ ہوئی، والدین کا مطیع و فرمانبردار ہوا گویا اس کی کایا ہی پلٹ گئی۔

marfat.com
Marfat.com

ایک دن اس کے باپ نے اس سے کہا کہ میں نے ایک عرصہ سے ان کی خدمت میں حاضری دی ہے اور تو صرف ایک دن گیا جو مقام تجھے ایک حاضری میں حاصل ہوا مجھے سالوں میں بھی نہ ہو سکا۔ اس پر اس لڑکے نے وہ بات کہی جو سنہری حروف میں لکھنے کے قابل اور طریقت کا نچوڑ ہے۔

لڑکے نے ابا سے کہا:

تو ان کی طرف متوجہ ہے، وہ اللہ کی طرف، اللہ کا شکر و احسان ہے کہ

اس دن وہ میری طرف متوجہ ہوئے اور اسی وقت اللہ نے میری کیفیت بدل دی۔ الحمد اللہ۔ آپ کا مقام کسی بھی طرح مجھ سے کم نہیں۔ طالب جب تک اپنے شیخ کی محبت میں محو نہیں ہوتا، طریقت کا کوئی اسرار کبھی اس پر کھل نہیں سکتا۔ طریقت الاسلام میں جتنے بھی مقامات ہیں ان سب کا دارومدار شیخ ہی کی اتباع و محبت پر موقوف ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۷ ضرورت اور زینت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔

ضرورت محدود اور زینت لامحدود ہے۔

ضرورت رکتی نہیں اور زینت مکتی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۸ درویش نہیں درویش کا طالب بن۔

مخدوم نہیں مخلوق کا خادم بن۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۱۹ جو کام اللہ کو منظور نہیں ہوتا، کبھی نہیں ہوتا اگرچہ کوئی لاکھ جتن کرے، ہر کام کا ہونا نہ ہونا میرے اللہ ہی کے بس میں ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۰ جس لکڑی کو جلانا مقصود ہوتا ہے اسے درخت سے کاٹ کر دھوپ میں سکھایا جاتا ہے تاکہ رطوبت خشک ہوا اور جلانے میں آسانی ہو ورنہ گیلی لکڑی کا جلانا دھواں ہی دھواں ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۲۱ ہر وصل کی شرط خلوت ہے، حقیقی ہو یا مجازی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۲ روح کی خلوت خیر اور نفس کی خلوت شر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۳ ایک آدمی کی موجودگی خلوت کو باطل کرتی ہے، جب تک وہ دور نہیں ہوتا، راز و نیاز نہیں ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۴ ہر خیر و شر کی جزا و سزا ہر دو عالم میں ملا کرتی ہے، دنیا میں بھی ملتی ہے اور آخرت میں بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۵ ناقص تعلیم، ناقص حال کی حامل ہوتی ہے، یہ تعلیم ان کی ہے کامل و اکمل، اس میں نقص کا کوئی امکان ہی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۶ اس کا عامل کامل ہے اور یہ شرف کسی اور عمل کے عامل کو ہرگز حاصل نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۷ اگر کسی نے کسی اور علم کو اس علم پر ترجیح دی، عمر بھر بھٹکتا رہا۔ فیض سے محروم رہا، کہیں اماں نہ ملی اور نہ ہی اس علم نے اسے کوئی فیض دیا۔
یہ علم ہر علم کی ماں اور ہر علم اس علم ہی سے زندہ اور جاری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۸ اس علم کے بے ادب کو کسی علم نے کوئی فیض نہ دیا جو مراد اس سے نہ ملی کہیں سے نہ ملی۔ یہ سمندر ہے جس کی پیاس یہاں نہ بجھی، کہیں نہ بجھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۲۹ جو علم تجھ کو آتا ہے، اس پر عمل کرتا کہ جس علم کا تو متلاشی ہے عنایت ہو، جب تک کوئی اپنے موجودہ علم پر عمل نہیں کرتا، مطلوبہ علم عنایت نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۳۰ ہر غیر اختیاری امر غیر ضروری ہوتا ہے اور اطاعت و ذکر کے سوا ہر امر غیر اختیاری ہے، غیر اختیاری امور کا طالب حقیقتاً اللہ کا طالب نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۱ کشف و کرامت لامحدود اور لامطلوب ہیں، ان کا طالب ہمیشہ بے چین و بے قرار رہتا ہے اسے وہ سکون جو اللہ والوں کو حاصل ہوتا ہے، کبھی نصیب نہیں ہوسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۲ کسی ولایت میں نہ کشف ضروری ہے نہ کرامت لیکن ہر ولایت میں ذکر ضروری ہے اور اطاعت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۳ ذکر و اطاعت کے بغیر کوئی طالب کسی مراد کو نہیں پہنچ سکتا، ذکر کے بدلے ذکر کا وعدہ ہے نہ کشف کا وعدہ ہے نہ کرامت کا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۴ جب تم فرش پر اللہ کا ذکر کرتے ہو، سمجھو کہ اللہ عرش پر تمہارا ذکر کر رہا ہے۔ تم بندوں میں اس کا ذکر کرتے ہو، وہ فرشتوں میں تمہارا ذکر کرتا ہے۔ اب تم ہی بتاؤ اس سے بہتر انعام اور کیا ہوسکتا ہے کہ ایک ناچیز بندے کا ذکر اللہ رب العالمین کرے اور فرشوں میں کرے

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۵ ذکر کثیر کی تعداد

فتویٰ میں تین سو اور تقویٰ میں لامحدود ہے، ستر ہزار ہے، سوا لاکھ ہے اور اس سے بھی زیادہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۶ ذکر کے لئے یہ پانچ چیزیں ضروری ہیں۔

مرکز--- وقت--- قوت--- قلب اور نصاب

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۷ بلاضرورت اور زائد از ضرورت مرکز سے جدا مت ہو۔

marfat.com
Marfat.com

مرکز عبادت گاہ ہو نہ کہ تفریح گاہ اور عبادت گاہ میں معصیت حرام ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۸ وقت بڑا ہی قیمتی ہے، تیرا کوئی وقت کبھی ضائع نہ ہو اور تیرا قلب مشغول ہو کر بھی فارغ ہو نہ کہ فارغ ہو کر مشغول جیسے کہ اب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۳۹ پیٹ کا روزہ روز ممکن نہیں، اس کی بجائے زبان کا روزہ رکھ۔
اگر زبان آزاد ہے تو پیٹ کا روزہ کوئی معنی نہیں رکھتا۔
اور زبان کا روزہ اگرچہ پیٹ بھرا ہو بڑی تاثیر رکھتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۰ تو ہر کسی کو دوست کہہ کر دوستی کے نام کو شرمندہ مت کر، دوست ذاتی ہوتا ہے نہ کہ صفاتی اور ذاتی دوست کا ملنا بہت مشکل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۱ سب سے مشکل انتخاب دوست کا انتخاب ہے، دینی ہو یا دنیوی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۲ تیرا کسی عورت سے ملنا زوال کی علامت ہے۔
کیا تجھے برصیصا کا قصہ یاد نہیں؟
یہ جس بھی بیڑے میں بیٹھی ڈوب گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۳ خاوند کی خدمت میں عورت کی ولایت ہے نہ کہ تیری۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۴ تیری اپنی لڑکی کے سوا تیری کوئی لڑکی نہیں۔
اگرچہ ہر لڑکی تیری لڑکی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۴۵ بدی چھپ کر کرتے ہو، نیکی بھی چھپ کر کرو، یہی اخلاص ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۶ جب حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جبہ اطہر لے کر حضرت اویسؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہیں نماز میں پایا۔ حضرت اویسؓ سلام پھیر کر فرمانے لگے آج سے پہلے کبھی کسی نے مجھے نماز پڑھتے نہیں دیکھا۔ اللہ اللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۷ ہر سیرت بلا صورت مقبول اور ہر صورت بلا سیرت نامقبول ہے۔ تو سیرت پر مر نہ کہ صورت پر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۸ جو اللہ کا طالب نہیں، اس کا کوئی طالب نہیں اور اللہ کے طالب کی ہر شے طالب ہے، یہاں تک کہ نباتات بھی ہے اور معدنیات بھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۴۹ مداری اپنے کھیل کی طرف متوجہ ہوتا ہے، نہ اپنی طرف متوجہ ہوتا ہے نہ تیری طرف۔ مداری کا کرتب دیکھ، لباس مت دیکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۰ تیرا یہ سمجھنا کہ تیرا ہر قول و فعل، جلی ہو یا خفی، ان کے روبرو ہے۔ ہر مراقبہ کی اصل ہے، اس مراقبہ سے بڑھ کر تیرے لئے کوئی اور مراقبہ مفید نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۱ ہر گناہ میں شامت ہے۔
ہر گناہ عمل کو باطل کرتا ہے۔
اور ابطال عمل سے بڑھ کر اور کوئی شامت نہیں۔
جب تک عمل قائم رہتا ہے کوئی شامت نہیں آتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۵۲ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تیرا سب سے بہتر دوست تیرا اپنا عمل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۳ جس کلمے کے پڑھنے سے کافر مسلمان ہوتا ہے جب تک وہ اس کلمے کا منکر نہ ہو کافر نہیں ہو سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۴ جس چیز کی ممانعت نہیں، جائز ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۵ تو مسلمان بن، نہ دیوبندی بن نہ بریلوی۔

دیوبند اور بریلوی ایک ہی دین کی دو درس گاہیں ہیں۔

یہ دونوں درس گاہیں سو سالہ ہیں۔

ان سے پہلے ہم کون کہلاتے تھے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۶ جب ہم تعصب سے بالاتر ہو کر فراخ دلی سے دور حاضرہ کی اس سب سے بڑی کشمکش کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ

دیوبندی اور بریلوی

دونوں ہی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شیدائی ہیں۔

دونوں ہی کا مقصود رضائے الٰہی ہے۔

دونوں ہی ایک امام کے مقلد اور آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۷ مولانا جامیؒ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے شیدائی تھے، جس انداز سے آپ کا نام و کلام زندہ ہے کسی اور کا نہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں سرشار ہو کر جو کلام لکھا جاتا ہے، اثر رکھتا ہے، باقی رہتا ہے، مقبول عام ہوتا ہے اور مقبول الاسلام۔ ماشاء اللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۵۸ مصنف چلا جاتا ہے، تصنیف چھوڑ جاتا ہے۔

بہترین تصنیف وہ ہے جو قرآن وسنت کی تائید کرے اور قرآن وسنت اس کی تصدیق کرے، تیرا کوئی کلام اور تیری کوئی تحریر دین کے کسی کلام اور کسی تحریر کے کبھی خلاف نہ ہو، تیرا کلام محبت کا ایک پیغام لائے اور جو دل ایک دوسرے سے متنفر و بیزار ہو کر منہ موڑ بیٹھے ہوں انہیں پھر سے ملائے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۵۹ اختلاف میں نفاق اور اتفاق میں محبت ہے اگر کر سکے تو محبت پیدا کر۔

نفاق قوموں کی تباہی اور محبت زندگی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۰ جن میں اتفاق ہوتا ہے، جیت جاتے ہیں، جس میدان میں بھی جاتے ہیں، بازی لے جاتے ہیں۔

دیکھا ان میں اتفاق ہے جیت گئے، ان میں بھی ہے، وہ بھی جیت گئے اور ہم ایک دوسرے کے دشمن بنے ہوئے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۱ کیا کبھی آپ نے اس بات پر غور بھی کیا کہ آخر کس بات پر ہم اب بھی باہم دست وگریبان ہیں۔ ایک ہی امام کے مقلد ایک دوسرے کو سلام تک کہنا پسند نہیں کرتے، یہاں تک نفرت پھیل چکی ہے کہ:

ایک ہی پیر کے مرید آپس میں متفق نہیں، ایک دوسرے کو گرانے اور مٹانے کے درپے ہیں۔ ہمارا یہ حال مستحسن نہیں، مذموم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۲ جب تک اللہ کی رحمت سے ہمارا یہ حال نہیں بدلتا، ہماری کوئی بھی کمی دور نہیں ہو سکتی اور یہ کمی فروعی نہیں بنیادی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ کرے ہماری یہ کمی دور ہو اور یہ مصنوعی دیواریں جو ہم نے کھڑی کی ہیں منہدم ہوں۔ آمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۳ طاقت: بذات خود کوئی چیز نہیں، اتفاق ہی کا اصطلاحی نام ہے۔ جب بہت سے اجزاء ایک مرکز پر متحد ہو جاتے ہیں، طاقت بن جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۴ اگر تجھے اپنی قوم سے کوئی ہمدردی ہے تو محبت کی بنیاد ڈال۔
ہم اسلام کے لئے نہیں، نام کے لئے لڑ رہے ہیں۔
اگر اسلام کے لئے لڑتے ہوتے محبت ان تمام اختلافات کو مٹا دیتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۵ اپنے مسلمان بھائی کو برا مت کہہ، برا مت جان، دل مت دکھا، دل مت ستا، عیب نہ ٹٹول، پردے نہ کھول، عار مت دلا، حقیر مت جان، ذلیل مت کر، ظلم مت کر، لعن مت کر، طعن مت کر، اللہ سے ڈر اور کسی حد سے تجاوز کبھی مت کر، اپنے کسی مسلمان بھائی کو کافر مت کہہ، کبھی مت کہہ۔ ہم گناہگار ہیں، کافر نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۶ انسان، انسان پر حکومت کرنا چاہتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اللہ اسے قبول نہیں فرماتا تو اپنے نفس پر حاکم ہو اور اپنے ہم جنس کا خادم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۷ کیا تیرے لئے اللہ اور اللہ کا رسول کافی نہیں؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۶۸ فرنگی کوہ پیماؤں نے ہمالیہ کی چوٹی تک پہنچنے کے لئے اپنی جانیں وقف کیں، کیا تو اللہ تک پہنچنے کے لئے ایک جان وقف نہیں کر سکتا؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۶۹ اے مخاطب، اے میری جان!
یہ زندگی اگرچہ سو سالہ ہو، یہ گئی، یہ گئی اور یہ گئی۔
نہ معلوم! یہ باتیں کیوں تیرے دل میں نہیں اترتیں۔
کسی دن قبور کی سیر کو جا اور دیکھ۔
ایک ملکہ کی قبر پر کنکروں ہی کا ڈیرا لگا رہتا ہے، کنکروں کے ساتھ گدھے اور کتے ضرور ہوتے ہیں، کیا عبرت کے لئے یہ منظر کافی نہیں؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۰ وہ کہنے لگے۔
اگر ہمیں اپنی اس بے قدری کا دنیا میں پتہ ہوتا، دم بھر کے لئے بھی دنیا میں جی نہ لگاتے اور کسی بھی شان سے بسنا پسند نہ کرتے اگر ہمیں دنیا کی ناپائیداری اور بے وفائی کا دنیا میں علم ہوتا، گلے میں الفیاں ڈال کر بنوں کو چل دیتے اور مُردوں کی طرح جیتے اور کبھی دنیا میں جی نہ لگاتے۔ اللہ ہی کی رضا کو راضی کرنے کے لئے ذکر و اطاعت میں مصروف رہتے۔
ٹاٹ کو اطلس اور چنے کے دانوں کو اس پلاؤ پر جس سے کہ انسانیت کا وقار مجروح ہو، ترجیح دیتے۔
صرف ایک ہی افسوس ہے کہ ہم دنیا میں اپنے رب کو راضی نہ کر سکے، اس کے حکم کی تعمیل نہ کر سکے۔
ہمیں بڑا وقت دیا گیا اور ہم نے اس سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا، اپنا قیمتی وقت فضول کاموں میں ضائع کیا۔ ہمیں مال دیا گیا لیکن اس میں سے آخرت کی کوئی تجارت نہ کر سکے۔ دنیا میں مال آخرت کی تجارت کے لئے دیا جاتا ہے، افسوس! ہم اس سے کوئی فائدہ نہ اٹھا سکے۔
عمل کے لئے علم دیا گیا۔
وہ بھی ہم نے دنیا ہی پر صرف کیا، جو علم اللہ نے ہمیں دیا تھا ہم نے اس پر کبھی عمل نہ کیا بلکہ اسے دنیا ہی کا ذریعہ قرار دیا۔ ہمارے پاس بہت سے بتلانے والے آ۔ ئے لیکن کسی کی بھی بات کو مطلق نہ سنا۔ ہمیں سمجھانے کے لئے زبانیں چلیں، قلم چلے لیکن کسی بھی بات کو کبھی دل میں جگہ نہ دی۔ آج ہم سا نہتا کوئی بھی نہیں۔
کہنے لگے کہ:

marfat.com
Marfat.com

ہماری نگاہیں دنیا والوں کی طرف لگی رہتی ہیں لیکن ہمارے کسی عزیز نے بھی ہمیں یاد نہ کیا، نہ ہی کبھی کوئی تحفہ بھیجا، ہمارے اعمال ختم ہوئے۔

دنیا دارالعمل ہے۔

یہاں کوئی عمل نہیں کیا جاتا جو عمل دنیا میں کسی نے کیا ہوتا ہے، اسی کا بدلہ یہاں ملتا ہے۔ یہاں شاہ و گدا ایک ہی حال میں پچھتا رہے ہیں کہ دنیا میں رہ کر آخرت کیوں نہ کمائی۔

یہاں کسی کا کوئی کچھ نہیں لگتا، ہر کوئی اپنے حال میں مبتلا ہے۔ باپ اپنے حال میں اور بیٹا اپنے میں، اسی طرح ماں کو بچہ کی اور بھائی کو بہن کی کوئی خبر نہیں۔

## کاش!

ان باتوں کا ہمیں دنیا میں پتہ ہوتا کہ دنیا کی ہر شے ناپائیدار، فانی اور فریب وسراب ہے۔ کبھی اس کے دھوکے میں نہ آتے۔ اللہ ہی کے لئے جیتے اور اللہ ہی کے لئے مرتے۔ اللہ کی راہ میں دنیا کی ہر شے لٹا کر آتے۔ اللہ نے جو بھی شے دنیا میں دی تھی، اللہ ہی کو دے کر آتے۔ ہمیں یہ پتہ ہی نہ تھا کہ ہماری یہ چند روزہ زندگی برزخ کی ابدی زندگی کے لئے ہے۔ دنیا کے لئے نہیں لیکن ہمیں آخرت کی کوئی پرواہ نہ تھی اگر آخرت کی کوئی خبر سناتا، ہم اس کا مذاق اڑاتے۔ ہم نے دنیا میں زندگی کی بازی ہار دی اور یکسر ہار دی۔ آج ہم اس سا تہی دست کوئی نہیں۔

اے دنیا میں بسنے والے خوش نصیب بندو!

ہماری زندگی سے عبرت حاصل کرو، آخرت کے لئے عمل اختیار کرو۔ یہاں کسی نے بھی سدا نہیں رہنا اور نہ ہی دوبارہ لوٹ کر آنا ہے۔ دنیا کی ہر شے دنیا ہی میں چھوڑ کر خالی ہاتھ آنا ہے۔ کسی بھی سامان کو ساتھ نہیں لانا اور نہ ہی کسی نے پیچھے پہنچانا ہے۔ اس دنیا کی یاد ایک خواب کی طرح ہے جیسے کہ کوئی راہگیر دم بھر کے لئے کہیں ستایا ہو۔ جو بھی یہاں آتا ہے، روتا ہوا آتا ہے، روتا ہی رہتا ہے۔ صرف ایک حسرت لے کر آتا ہے کہ اللہ اسے ایک بار پھر سے دنیا میں بھیجے اور وہ دنیا میں جا کر اللہ کی عبادت کرے، دم بھر کے لئے بھی کبھی غافل نہ ہو لیکن اس کی یہ مراد کبھی پوری نہیں ہوتی۔

کیا آپ نے کبھی اس پر غور نہیں کیا کہ:

marfat.com
Marfat.com

ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام میں سے چند ایک کے نام باقی ہیں، دوسروں کا نام تک کسی کو یاد نہیں۔

جس دنیا میں انبیاء علیہم السلام کے نام یاد نہیں رہے اور کس کے رہ سکتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۱ آپ کا موجودہ علم عمل کے لئے کافی ووافی ہے۔

علم میں نہیں عمل میں اضافہ کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۲ اس ملاقات کے بعد اس دارالاحسان میں ذکرالٰہی کی ایک مجلس لِمَغْفِرَةِ اُمَّةِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ۔

یعنی:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی مغفرت کے لئے قائم کی گئی، اللہ کرے ذکرالٰہی کی یہ مجلس قیامت تک قائم وجاری رہے---------- آمین۔

ذکرالٰہی کی مجلس کے اختتام پر یہ دعا کی اور اسی طرح اللہ کے لطف وکرم سے ہمیشہ کرتے رہا کریں گے۔

اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالَی الْعَزِیْز وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ

marfat.com
Marfat.com

# حِزْبُ الْوَاهِبُ الْحَسَنَات

## لِمَغْفِرَةِ اُمَّةِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

یہ دعا اس دارالاحسان میں ہر روز ہر مجلس کے اختتام پہ کی جاتی ہے، مجالس ذکر الٰہی کے اختتام پہ کی جائے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ اَنْ یَّغْفِرَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ یَآ اِلٰهَ الْعٰلَمِیْنَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَبَّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ یَا رَبَّ الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ اَجْعَلْ ثَوَابَ هٰذَا الذِّكْرِ اِلٰى رَسُوْلِكَ وَ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى وَاَحْمَدِنِ الْمُجْتَبٰى لِمَغْفِرَةِ اُمَّتِهٖ ط رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اٰمِیْنَ ثُمَّ اٰمِیْنَ

رَبَّنَا اَعْطِ ثَوَابَ هٰذَا الذِّكْرِ الْجَمِیْلِ اِلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِكَ وَ بِحَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَیِّدُهُمْ وَ مَوْلَاهُمْ وَ لٰكِنَّهُمْ لَمْ یَرْضُوْكَ وَ لَمْ یَتَمَسَّكُوْا بِسُنَّةِ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِقُصُوْرِهِمْ وَ عِجْزِهِمْ وَ لَمْ یَزَالُوْا فِی الدُّنْیَا یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ وَ لَمْ یَتَزَوَّدُوْا لِقُبُوْرِهِمْ اِلَّا الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ وَ یُعَذِّبُوْنَ فِیْ قُبُوْرِهِمْ لِلْاَعْمَالِ السَّیِّئَةِ الَّتِیْٓ اِرْتَكَبُوْهَا یَا رَبِّ فَاغْفِرْ لِكُلِّ اَحَدٍ۔ مِّنْ اُمَّةِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ لَا تُعَذِّبْهُمْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَیُّ یَا

marfat.com
Marfat.com

قَيُّوْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ فَاِنَّ كَرَمَكَ الْجَمَّ وَ لُطْفُكَ الَّذِیْ عَمَّ لَا يُدْرِكُهٗ اَحَدٌ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اٰمِيْنَ ثُمَّ اٰمِيْنَ

وَهٰذَا هَيِّنٌ لَّكَ وَ مَا عَلَيْكَ بِعَزِيْزٍ ط فَاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْ قَدِيْرٌ وَّ بِالْاَجَابَةِ جَدِيْرٌ ط لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مَوْلَائِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ ضَعِيْفٌ وَمِسْكِيْنٌ اَنْتَ الْمَالِكُ الْاَحَدُ وَ اَنَا مَمْلُوْكٌ اَنْتَ الْقَادِرُ الصَّمَدُ وَاَنَا مُحْتَاجٌ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَ اَنَا لَسْتُ بِشَیْءٍ يَا سَمِيْعُ فَاسْمَعْ اِسْتَغَاثِیْ وَ تَقَبَّلْ دُعَآئِیْ فَاغْفِرْ اُمَّةَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اٰمِيْنَ ، اٰمِيْنَ ، اٰمِيْنَ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، کیونکہ تو ہی ہے اللہ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ایک ہے، بے نیاز ہے، جس نے نہ جنا اور نہ جنا گیا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے۔ یا حی یا قیوم۔

میں خدائے عظیم، رب عرش کریم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو بخش دے، اے تمام جہانوں کے معبود، اے رحمن، اے رحیم، اے رب عرش کریم، اے رب عرش مجید، اے رب عرش عظیم، اے صاحب جلال وعظمت میں اس ذکر کا ثواب تیرے رسول اور تیرے حبیب حضرت محمد مصطفی احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی مغفرت کے لئے پیش کرتا ہوں۔ اے ہمارے رب تو ہماری طرف سے قبول فرما۔ بے شک تو سننے والا، جاننے والا ہے۔ یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم۔ آمین ثم آمین۔

اے ہمارے رب! اس ذکر جمیل کا ثواب ان لوگوں کو پہنچا جو تجھ پر اور تیرے حبیب

marfat.com
Marfat.com

اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے اور جنہوں نے تجھے رحمن اور رحیم اور حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا آقا اور مولا تسلیم کیا مگر نہ تو وہ تجھے راضی کر سکے اور نہ ہی تیرے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی پابندی کر سکے۔ بوجہ اپنی کوتاہیوں اور عجز کے اور دنیا میں ہمیشہ برائیاں ہی کرتے رہے اور سوائے حسرت اور ندامت کے اپنی برزخ کی زندگی کے لئے کوئی بھی زادراہ تیار نہ کر سکے اور اپنے برے اعمال کی وجہ سے جوان سے سرزد ہوئے، اپنی قبروں میں عذاب پا رہے ہیں۔

یارب العزت! ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے ہر فرد کو بخش دے اور عذاب میں مبتلا نہ رکھ۔ یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم کیوں کہ تیرا کرم مکمل اور لطف عام کسی کے بھی احاطہ علم میں نہیں آ سکتا۔ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے، اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے، اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے، اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

آمین ثم آمین

اے میرے مولا! یہ تجھ پہ آسان ہے اور تجھے کوئی مشکل نہیں کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے اور ہر التجا قبول کرنے کے لائق ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے زندہ، اے ہمیشہ قائم رہنے والے، اے صاحب جلال و عظمت۔

اے اللہ! تو مولیٰ ہے اور میں تیرا ضعیف و ناتواں بندہ ہوں، تو مالک ہے احد اور میں مملوک تو قادر ہے اور بے نیاز اور میں محتاج تو قادر ہے ہر چیز پر اور میں کوئی چیز بھی نہیں۔ اے سننے والے پس تو میری فریاد کو سن اور میری دعا کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی مغفرت کے لئے قبول فرما۔

اے زندہ، اے ہمیشہ قائم رہنے والے، اے صاحب عظمت و جلال۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۝

اے لوگو! تم اس وقت تک ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکتے جب تک اللہ کی راہ میں اپنی پیاری محبوب چیزیں خرچ نہ کرو۔ (آل عمران ۹۲)

ف: بے شک نیکیاں انسان کا محبوب ترین مال اور باقیات وصالحات ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْكَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ○

یعنی دوسروں کی حاجت براری کے لئے بخشش کرتے ہیں یعنی اپنے نفسوں پر دوسروں کو بخشش کے طور پر مقدم رکھتے ہیں اگرچہ انہیں اس کی خود بھی ضرورت ہو اور ایثار کرتے ہیں اگرچہ خود اس کے حاجت مند ہوں۔

(سورۃ حشر ۹)

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ○ (سورۃ نوح ۲۵)

یعنی اے میرے رب! مجھ کو اور میرے ماں باپ اور جو مومن ہونے کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہیں، ان کو (یعنی اہل وعیال کو) اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے۔

...❁...

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ آمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ ○

(سورۃ حشر ۱۰)

اے ہمارے رب! ہمیں مغفرت فرما اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی (مغفرت فرما) جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ ہونے دیجئے۔ اے رب! آپ بڑے شفیق اور رحیم ہیں۔

...❁...

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

قَالَ الْبَيْهِقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاالْمَيِّتُ فِيْ قَبْرِهٖ اِلَّا شِبْهَ الْغَرِيْقِ الْمُتَغَوِّثِ يَنْتَظِرُ دَعْوَةً تُلْحِقُهٗ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ وَلَدٍ اَوْ صَدِيْقٍ ثِقَةٍ فَاِذَالَحِقَتْهُ كَانَتْ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَ مَا فِيْهَا وَ اِنَّ اللّٰهَ

marfat.com
Marfat.com

لَیَدْخُلَ عَلٰی اَھْلِ الْقُبُوْرِ مِنْ دُعَآءِ اَھْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ وَ اِنَّ ھَدِیَّۃَ الْاَحْیَآءِ اِلَی الْاَمْوَاتِ الْاِسْتَغْفَارُ لَھُمْ۔

بحوالہ بیہقی شعب الایمان حضرت ابن عباسؓ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان فرماتے ہیں کہ میت قبر میں غرق ہونے والے فریادی کی مانند ہوتی ہے اور وہ اپنے ماں باپ، بیٹا، دوست مخلص کی دعا کی منتظر ہوتی ہے جو اس کے لئے ساری دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے اور اللہ سبحانہ اس دعا کے اجر کو پہاڑ کی مانند قبر میں داخل فرماتے ہیں اور زندوں کا ہدیہ مُردوں کے لئے ان کی بخشش و مغفرت طلب کرنا ہے۔

(شرح الصدور صفحہ ۲۰۶)

...❁...

مالک ابن دینار سے ابن نجار نے روایت کی ہے کہ میں جمعہ کی رات کو قبرستان میں گیا دیکھا کہ وہاں نور چمک رہا ہے۔ میں نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ نے قبرستان والوں کو بخش دیا ہے، غیب سے آواز آئی کہ اے مالکؒ بن دینار! یہ مسلمانوں کا تحفہ ہے جس کو قبر والے بھائیوں کے پاس بھیجا ہے۔ میں نے کہا بخدا تم مجھے بتاؤ، یہ کیا تحفہ ہے؟ کہا ایک مومن نے وضو کیا اور دو رکعت نماز نفل پڑھی۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۃ کافروں اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ سورۃ اخلاص پڑھی اور کہا اے اللہ! اس کا ثواب اس قبرستان کے مسلمان بھائیوں کو میں نے بخش دیا، اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر روشنی اور نور بھیجا اور ہماری قبروں کو کشادہ کیا۔

مالکؒ بن دینار کہتے یں کہ اس کے بعد سے میں ہمیشہ جمعہ کی رات کو اسی طرح سے دو رکعت نماز پڑھ کر مُردوں کو بخشتا رہا، پس میں نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے مالکؒ بن دینار! جس قدر تو نے میری امت کے لئے نور کا تحفہ بھیجا ہے، اس کی گنتی کے موافق اللہ تعالیٰ نے تمہاری مغفرت کی اور اسی قدر تم کو ثواب دیا اور تمہارے واسطے جنت میں ایک مکان تیار کیا ہے جس کا نام منیف ہے۔

(شرح الصدر ۲۰۵)

ف: اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایصال ثواب کے لئے یہ نماز اور یہ سورتیں ہی مخصوص ہیں بلکہ یہ مطلب

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ یہ ایک اللہ کے بندے کا ایک عمل ہے جو اس نے اپنے بھائیوں کو مغفرت کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش کیا۔ اسی طرح ہر کوئی ہر وقت ہر قسم کی ہر شے پڑھ کر بخش سکتا ہے نماز ہو یا قرآن، تسبیحات ہوں یا دعوات۔

حضرت جنید بغدادیؒ کے کسی مرید کا رنگ یکا یک متغیر ہو گیا۔ آپؒ نے سبب پوچھا تو بروئے مکاشفہ اس نے کہا کہ اپنی ماں کو دوزخ میں دیکھتا ہوں۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے ایک لاکھ پچیس ہزار بار کبھی کلمہ طیبہ پڑھا تھا، یوں سمجھ کر کہ بعض روایتوں میں اس قدر کلمہ طیبہ کے ثواب پر وعدہ مغفرت ہے۔ اپنے جی ہی جی میں اس مرید کی ماں کو بخش دیا اور اس کو اطلاع نہ کی مگر بخشتے ہی کیا دیکھتے ہیں کہ وہ نوجوان ہشاش بشاش ہے۔ آپؒ نے پھر سبب پوچھا، اس نے عرض کیا کہ اب اپنی والدہ کو جنت میں دیکھتا ہوں سو آپ نے فرمایا اس پر کہ اس نوجوان کے مکاشفہ کی صحت تو مجھ کو حدیث سے معلوم ہوئی اور حدیث کی تصحیح اس کے مکاشفہ سے ہو گئی۔

تحذیز الناس صفحہ ۳۴ از مولانا محمد قاسم نانوتویؒ

...❁...

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعًا وَّ عِشْرِيْنَ مَرَّةً اَوْخَمْسًا وَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً اَحَدَالْعَدَدَيْنِ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ يَسْتَجَابُ لَهُمْ وَ يُرْزَقُ بِهِمْ اَهْلُ الْاَرْضِ۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص ہر روز مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے ستائیس یا پچیس بار مغفرت کی دعا کرے گا یعنی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ۔ تو وہ ان مستجاب الدعوات لوگوں میں ہو جائے گا جن کی وجہ سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔

(ابی الدرداءؓ حصن حصین صفحہ ۱۲۷)

دوسری روایت میں ہے کہ جو مومن مرد اور مومن عورتوں کے لئے استغفار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ہر مومن مرد و عورت کے بدلہ میں ایک ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔

...❁...

marfat.com
Marfat.com

اِنَّ لِلْاِنْسَانِ اَنْ یَّجْعَلَ ثَوَابَ عَمَلِہٖ لِغَیْرِہٖ صَلٰوۃً کَانَ صَوْمًا اَوْحَجًّا اَوْ صَدَقَۃً اَوْ قِرَأَۃَ قُرْآنٍ اَوْغَیْرَ ذٰلِکَ مِنْ جَمِیْعِ اَنْوَاعِ الْبَرِّوَیَصِلُ ذٰلِکَ اِلَی الْمَیِّتِ وَیَنْفَعُہٗ عِنْدَ اَھْلِ سُنَّۃِ۔

انسان کواپنے اعمال کا ثواب دوسرے کو پہنچانا درست ہے، نماز ہو یا روزہ، حج ہو یا صدقہ یا قرآن کریم کی تلاوت یا اس کے سواہر قسم کے نیک اعمال ہوں اور اہلسنّت والجماعت کے نزدیک یہ ثواب میت کو پہنچتا ہے اور اسے نفع دیتا ہے۔

(شرح فقہ اکبر صفحہ ۱۵۸ وشرح کنز وغیرہ)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۳ ہر آدمی کو ہر وقت اپنی ضرورت کے مطابق اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اللہ کی طرف سے دعا مانگنے کی اجازت ہے، اسی اجازت کے تحت بندہ اور بندے کے تمام دوست اپنے ان مسلمان بھائیوں کی مغفرت کے لئے جو قبروں میں ہیں، دعا کرتے ہیں کہ

اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی رحیمی کریمی کے صدقے ان سب کو بخش دے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔۔اٰمِیْن

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۴ ہر قوم کی بنیاد پتھروں پر نہیں، شہداء کی ہڈیوں اور خون پر رکھی جایا کرتی ہے۔

ہر قوم کو اپنے شہداء پہ ناز ہوتا ہے۔

الحمدللحی القیوم

۵۷۵ ہر مہمان واجب التعظیم ہے مومن ہو یا کافر۔

اور مہمان کی تعظیم شرعی حدود تک محدود رکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۶ حکیم:

اگرچہ بقراط وسقراط ہو نہ ہر مرض کی تشخیص کرسکتا ہے نہ علاج۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۵۷۷ سب سے بڑا غم ہجر ہے لیکن جو لطف ہجر میں ہے، وصل میں نہیں۔ جو دوری میں ہے حضوری میں نہیں، اسی طرح جو لطف گناہ کے بعد توبہ میں ہے معصومیت میں نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۸ سرما کی ساری رات سو کر گزار دی۔
اگر تو جاگنے کی لذت سے آشنا ہوتا تو کبھی سونے کے لئے بستر نہ بچھاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۷۹ میں حلیم ہوں، میرے سوا کوئی بادشاہ کسی غلام کی کسی نافرمانی پر کبھی درگزر نہیں کرتا اور تو!
ایک مدت سے میرے روبرو میری نافرمانی کر رہا ہے، میں نے کبھی تجھ سے پوچھا ہی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۰ یہ کہہ کر کہ میری کوئی بھی طلب وتمنا نہیں مگر یہ اور صرف یہ کہ مجھ کو تیری اطاعت اور تیرے ذکر کی پوری توفیق عنایت ہو اور میرے گلے میں تیری غلامی کا طوق پہنا دیا جائے تا کہ بازار دنیا کا کوئی گاہک کسی قیمت پہ بھی مجھے خریدنے کی کبھی کوشش نہ کرے۔ میرے گلے میں تیری غلامی کا پٹہ پہنے دیکھ کر ہر کوئی کہے کہ یہ غلام سلطان کے ہاں بک چکا ہے، اب اسے کوئی کبھی نہیں خرید سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۱ جس کی نظر میں اثر نہیں، اس کی خبر میں بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۲ جو مخلوق پہ راضی ہوا، خالق اس پہ راضی ہوا اور یہ رضا کا ادنیٰ مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۳ جو قضاء پہ راضی ہوا، اس پہ قاضی راضی ہوا، یہ رضا کا میانہ مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۴ جو رضا پہ راضی ہوا، اس پہ اللہ راضی ہوا، صاحب مقامِ رضا ہوا، یہ رضا کا اعلیٰ مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۵ جب اللہ کسی بندہ پہ راضی ہو جاتا ہے، بندہ اللہ پہ راضی ہو جاتا ہے ورنہ بندہ کسی بھی حال میں کبھی

marfat.com
Marfat.com

اللہ پہ راضی نہیں ہوتا۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۶ یوں کہہ:

تو میرا رب ہے، مجھ پہ راضی ہو جا یا رب!

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۷ صالحیت، دین کی شان، فقر کی آبرو اور عظمت کی جڑ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۸ دین تیرا، دنیا تیری، ملک تیر، اہم تیرے اور تو ہمارا ہے۔

رب ذوالجلال والاکرام

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۸۹ یہی تسلیم ہمارا ایمان اور اسی ایمان کے ایماء پر ہم دعا کی جسارت کرتے ہیں۔ اپنی طاقت و تدبیر تو ہم دیکھ ہی چکے، اب ہم تیری قدرت کو دیکھنے کے متمنی ہیں۔ تیرے لطف و کرم سے تیرے اس ملک کا اقبال بلند ہو۔

تیرا یہ ملک ایک بار نہیں، کئی بار آزمایا جا چکا ہے۔ اب یہ تیری دلجوئی کا مستحق ہے تو اس پہ اپنی رحمت نازل فرما۔

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔۔اٰمِیْن

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم۔

'امین، 'امین، 'امین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۰ ماں نے جب بھی اپنے کسی بچے کو پیٹا پھر اس کی دلجوئی کی، بچے کی شرارت سے جھنجھلا کر ماں نے اسے خوب پیٹا، بچہ رونے لگا۔ ماں کی ممتا کو یہ ناگوار گزرا، فوراً ہی بچے کو گود میں لے کر اس کی

marfat.com

Marfat.com

دلجوئی کرنے لگی۔ کھانے کو مٹھائی دی حتیٰ کہ وہ خوش ہو کر پھر سے کھیلنے میں مصروف ہوا۔
اور تو اے میرے رب! ماں سے سو گنا زیادہ مہربان ہے، پٹائی تو ہماری ہو ہی چکی ہے اب دلجوئی باقی ہے
تو اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمیشہ قائم و دائم رہنے والی نبوت و رسالت کی عزت و عظمت کے صدقے ہماری کھوئی ہوئی عظمت و وقار کو پھر سے بحال کر کے دلجوئی فرما۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۱ جیسے جس کے اعمال تھے ویسے ہی اس کی قبر کا منظر تھا۔
(جیسا وہ دنیا میں کیا کرتا تھا، اسی طرح اس کی قبر پہ دیکھا۔)
بادشاہ کی قبر پہ حسرت اور فقیر کی قبر پہ رحمت۔ برس رہی تھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۲ مساوات، انسانیت کے احترام اور عدل کی حد ہے۔ عمر فاروقؓ کے سوا کوئی اور اس حد تک نہ پہنچ سکا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۳ عرب کے ایک بدو کو یہ جرأت حاصل تھی کہ بھرے مجمع میں یہ کہہ دے کہ ایک چادر میں عمرؓ کا کرتہ نہیں بن سکتا تھا، دوسری چادر کہاں سے آئی؟
عمرؓ نے اس جسارت کی تحسین کی، ان کی جبیں پہ شکن تک نہ آئی۔ سائل کے سوال کا پورا جواب دے کر مطمئن کیا کہ دوسری چادر ان کے بیٹے کی تھی جو اس نے ان کو دے دی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۴ یہ حکم بھی صرف عمرؓ نے ہی دیا کہ کوئی گورنر اپنے گھر کے آگے ڈیوڑھی نہ بنائے جو بھی آئے، بلا جھجک داد پائے۔
گھر کے در ہمیشہ کھلے رہیں اور در پہ دربان نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۵ صدیقؓ کو محبت، عمرؓ کو عدل، عثمانؓ کو حیاء اور علیؓ کو حکمت عطاء ہوئی۔

marfat.com
Marfat.com

(حد درجے کی عطاء ہوئی) اور بدرجہ اتم عنایت ہوئی۔
پھر ان کے بعد کسی کو بھی اور کسی بھی زمانے میں یہاں تک رسائی نہ ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۶ جس تحریر سے لکھنے والے کی تسلی نہیں ہوتی، پڑھنے والے کی کیسے ہوسکتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۷ بلّی کے بچے جب پیدا ہوتے ہیں، بھدے ہوتے ہیں، بلی انہیں چاٹ چاٹ کر خوبصورت بنایا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۸ اللہ تجھے کسی بھی معاملہ میں کسی غیر کا محتاج نہ کرے اور کفایت کے درجہ تک روزی عنایت فرمائے، آمین۔
بے شک رزق کی بہتات اور قلت دونوں برائی ہی کی طرف لے جایا کرتی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۵۹۹ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جتنی بیبیاں تھیں۔ حضرت عائشہؓ کے علاوہ کوئی بھی کنواری نہ تھی، ایک ایک، دو دو نکاح پہلے ہو چکے تھے۔
چنانچہ کتاب الاسیعاب جلد دوئم صفحہ ۷۶۵ پر ہے۔
قَالَ اَبُوْ عُمَرَ لَمْ یَنْکِحُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِکْراً غَیْرَھَا (اُیْ غَیْرَ عَائِشَۃُ)
حضرت ابوعمرؓ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی کنواری عورت سے سوائے عائشہؓ کے نکاح نہیں کیا۔
تو یہ سنت سے ثابت طریقہ ٹھہرا۔
اور حدیث میں ہے کہ
''جو کوئی میرے چھوٹے ہوئے طریقہ کو پھر پھیلائے اور جاری کرے اسے سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔'' (مشکوٰۃ شریف)

marfat.com
Marfat.com

اس لئے

بیوہ عورتوں سے نکاح میں جو کوئی کوشش کرے گا اور اس کا رواج پھیلائے گا اسے سو شہیدوں کا ثواب عطاء ہوگا اور جو بیوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشنودی کے لئے اور رواج پڑنے کے لئے نکاح کرے، وہ بھی سو شہیدوں کا ثواب پائے گی۔

صحابیہ عورتوں میں بھی بیوہ عورتیں نکاح ثانی کرلیا کرتی تھیں۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کی صاحبزادی ام المومنین حضرت حفصہؓ کے نکاح ثانی کا ذکر صحیح بخاری جلد دوئم صفحہ ۷۷۰ اور اصابہ جلد ۸ صفحہ ۵۱ پر مذکور ہے۔

''حضرت حفصہؓ کا پہلا نکاح خنیسؓ ابن حذیفہ سے ہوا تھا۔ غزوہ بدر میں حضرت خنیسؓ زخمی ہوگئے اور اسی سبب سے واپس آ کر شہادت پائی۔ عدت گزرنے کے بعد حضرت عمرؓ نے پہلے نکاح کے سلسلے میں حضرت عثمانؓ سے ذکر کیا پھر حضرت ابوبکرؓ سے ذکر کیا۔ آخرکار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح کی صورت پیدا ہوگئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح ہوگیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۰ کسی بیوہ کا یہ اصرار کہ وہ اللہ اللہ کرتی اپنی زندگی گزار دے گی، نفس کی فطرت کے خلاف اور سنت راشدہ کے منافی ہے۔

بے شک ایک نکاح ہزار برائیوں کی روک ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۱ ایک زمیندار، ایک پٹواری کو چنے کے ہولے کھلا رہا تھا کہ اتنے میں تحصیل کا چپراسی ایک فرمان لے کر حاضر ہوا۔

زمیندار نے پوچھا کیا حکم لایا ہے؟ پٹواری نے جواب دیا کہ میری تبدیلی فلاں جگہ ہوگئی ہے۔

زمیندار نے چنوں کے وہ دانے جو پٹواری کی ہتھیلی پر ڈالے تھے، واپس لے لئے اور کھا گیا۔

پٹواری نے حیرانی سے پوچھا یہ کیا؟ جواب دیا یہ آپ کے جانشین کو دوں گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۲ لارڈ کرزن ہندوستان کا وائسرائے تھا۔

marfat.com
Marfat.com

جب اپنے عہدے سے فارغ ہوکر انگلستان جانے کے لئے جہاز پر سوار ہونے لگا تو اس نے ایک الوداعی تقریر کی اور کہا کہ:

''اگرچہ میں ہندوستان میں ایک ممتاز عہدے پر فائز تھا لیکن پھر بھی ایک حسرت لے کر اپنے وطن واپس جارہا ہوں کہ کسی گاؤں کا پٹواری نہ بنا۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۳ جو جانتا نہیں اور جانتا نہیں کہ وہ جانتا نہیں۔

جاہل ہے

مثلاً ایک نے کہا:

کہ وہ جس سے بھی ملا اور جس بھی کام کے لئے ملا، وہ جانتا نہیں تھا اور جانتا نہیں تھا کہ وہ جانتا نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۴ جو جانتا ہے اور جانتا ہے کہ وہ جانتا ہے۔

دانشور ہے

مثلاً اس کی تشریح اس نے یوں کی

کہ وہ یہ جانتا ہے اور خوب جانتا ہے کہ وہ کچھ بھی نہیں جانتا۔

و ما علینا الا البلاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۵ یہ بھی نہیں جانتا۔

کہ یہاں آنے سے پہلے کہاں تھا؟ اب کہاں جائے گا؟ اور کب جائے گا؟

شرعی احکام کا اجراء ظاہر پہ ہے اور ظاہر ہی میں باطن پوشیدہ ہے۔

جہاں کوئی شے ظاہر میں نہیں، باطن میں بھی نہیں۔

انسان کا جسم الوجود گویا ایک جہان ہے جو اس میں ہے سارے جہان میں ہے۔

انسان دھوکے میں ہے۔

marfat.com

Marfat.com

عارف کہلاتا ہے، عارف بالکل نہیں۔
آنکھوں کی بصارت، کانوں کی سماعت، زبان کی گویائی کی حقیقت سے کوئی آگاہ نہیں کہ کس کی آواز کون سنتا ہے اور کیسے سنتا ہے؟
اسی طرح
یادداشت دماغ میں کیسے محفوظ رہتی ہے؟
یہ اپنی جان کی بابت کچھ بھی نہیں جانتا، کل کیا کرے گا؟ اور کیا ہوگا؟
جب کسی کمال کا دعویٰ کرتا ہے، سننے والا شرماتا ہے۔
اس کے بس میں کوئی شے نہیں اور اسے کسی بھی شے پہ کوئی قدرت نہیں۔
اس کی ہر شے اس کے خالق کی طرف سے ہے۔
کیا ہی اچھا ہو جو خالق ہی کے لئے ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۶ شہزادہ کونین سیدنا امام حسینؑ کی شان میں جو عبارات لکھی گئی ہیں، ترمذی شریف جلد دوئم اور غنیۃ الطالبین سے نقل کی گئی ہیں۔
ایک صاحب نے لکھا کہ یہ عبارات غلط ہیں اور وہ انہیں غلط ثابت کریں گے، انہوں نے مناظرے کی فرمائش کی۔
بندہ نے جواب دیا کہ بندہ اور بندے کے تم دوست شہزادہ کونین سیدنا امام حسینؑ اور ان کے اہل بیتؑ کے وفادار و جانثار، ازلی غلام ہیں۔ انؑ کی شان میں کسی سے بھی اور کوئی بھی کلام کبھی گوارا نہیں کر سکتے۔ یہ مناظرہ کسی اور ہی سے کریں۔ کبھی محبت کے شیدائی بھی اپنے محبوب میں کوئی نقص نکالا کرتے ہیں اور پھر سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کے بیٹے شہزادہ کونینؑ ہیں۔
حسینؑ میرے مولیٰ ہیں اور میں بغیر کسی دلیل کے آپ کا غلام ہوں اور یہ کافی ہے۔ آپؑ کی شان میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

اَلْحُسَیْنُ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنَ الْحُسَیْن۔
حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

اور یہ ابلاغ کی حد ہے۔

و ما علینا الا البلاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۷ شہر میں علم ہوتا ہے اور ظلم ہوتا ہے۔
جنگل میں جہل ہوتا ہے اور برکت ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۸ جہل:
تخلیق کا ہیولیٰ، تہذیب کا محرک اور دانش کا خادم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۰۹ جہل:
عرفان کے چشمے کا منبع، حقیقت کا متلاشی اور اپنی حیات کا ارتقائی عروج، علم کے صیغے میں حاصل کرنے کا آرزومند ہوتا ہے۔
گویا انسانی زندگی کی جدوجہد کا آغاز جہل ہی سے ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۰ جہل:
فتوے سے پاک اور مرفوع القلم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۱ جہل:
جسے کہ ہم حقارت کی نگاہوں سے دیکھا کرتے ہیں، بہت سی انسانی صفات سے متصف ہوتا ہے۔ سادہ لوح، خاموش طبع اور کم گفتار ہوتا ہے۔ غریب ہوتا ہے، بھولا ہوتا ہے۔ ہر کسی کو اپنے سے افضل سمجھا کرتا ہے۔ متواضع ہوتا ہے، عاجز ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ کسی کے بھی برابر بیٹھنے کی جرأت نہیں کرتا۔ محبت کا طالب و متمنی ہوتا ہے لیکن کوئی بھی اس سے محبت نہیں کرتا، کسی کے معمولی سے احسان کو کبھی نہیں بھولتا، ہمیشہ یاد رکھتا ہے۔ ذرا سی عزت پر خوش ہو جاتا ہے۔ اپنے محسن کو سر پر بٹھا

marfat.com
Marfat.com

لیتا ہے۔اس کے لئے جان تک دینے سے گریز نہیں کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۲ محبت کے میدان میں وفا کا علم غریب ہی کے ہاتھ رہا اور امیر کی دوستی مطلب تک محدود ہوتی ہے۔
مطلب ختم دوستی ختم

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۳ جو دنیا کی بے ثباتی اور دین کی عظمت سے واقف ہوا، دانش ور ہے اور دانشور کبھی دنیا میں جی نہیں لگایا کرتے۔

دنیا کو مسافر خانہ سمجھ کر مسافروں کی طرح جیا کرتے ہیں اور کوئی بھی دم اللہ کی اطاعت اور ذکر سے غافل نہیں رہا کرتے، چلتے ہوں یا کھڑے بیٹھے ہوں یا لیٹے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۴ دانشور دنیا میں کبھی خوش نہیں ہوتا اور نہ ہی کبھی اپنے نفس پر راضی ہوتا ہے۔نفس اگرچہ کتنا ہی عبادت گزار ہو، کسی نہ کسی رنگ میں سرکش ہوتا ہے۔متکبر ہوتا ہے، کبھی عاجز نہیں ہوتا اور نہ ہی اپنے کسی داؤ سے باز رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۵ دانشور اپنے نفس کو ذلیل اور قابو میں رکھا کرتے ہیں، کسی بھی رنگ میں کبھی ابھرنے نہیں دیتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۶ ہنرمندی، دانش کا ایک جزو ہے اور دانش انسانی خرد کی تخلیق ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۷ ہر دانشور ہنرمند ہوتا ہے لیکن ہر ہنرمند دانشور نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۸ جو دانشور سرمایہ دار ہو، دانشور نہیں۔
دانشور کا سرمایہ علم ہوتا ہے نہ کہ زر۔
اگر دانشور ہوتا، دنیا کی طرف کبھی راغب نہ ہوتا۔

marfat.com
Marfat.com

یہ جان کر کہ دنیا کی ہر شے فانی، ناپائیدار اور چند روز کی مہمان ہے، اللہ ہی اللہ میں محو و منہمک رہتا۔
نہ شہرت کا طالب ہوتا، نہ راحت کا اور اپنے لئے کسی بھی زینت و لذت کو کبھی پسند نہ کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۱۹ جہل خادم ہے، دانش مخدوم۔
جہل دانش کا قدردان ہے، شکر گزار ہے لیکن دانش جہل کی نہیں۔
حق یہ تھا کہ دانشور جہل کا قدردان ہوتا اور اپنے خادم کی خدمت پر شکر گزار ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۰ جو کام کسی نے دنیا میں کرنا ہوتا ہے، کر کے ہی رہتا ہے اگرچہ تلقین کا حکم دیا گیا ہے۔
حقیقت یہ ہے کہ جو کام بندے کی قسمت میں لکھے ہوتے ہیں، بندہ ضرور کرتا ہے اور کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۱ جہاں قال ہوتا ہے، حال نہیں ہوتا۔
اور جہاں حال ہوتا ہے، قال نہیں ہوتا۔
قال قال میں اور حال حال میں مصروف رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۲ میرے بیٹے:
قال کے ساتھ حال کا ہونا لازم و ملزوم ہے۔
تو نے قال دیکھا ہے، حال نہیں دیکھا۔
نمائندہ دیکھا ہے، نمونہ نہیں دیکھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۳ انسانی کردار کی ہر خصلت کا، ہر دور نے عملی نمونہ پیش کیا۔
جو نمونہ اسلام نے پیش کیا، نادر المثال، وراء الوریٰ اور سب کو مات کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۶۲۴ صدر، سربراہ، وزیر اعظم، خلیفہ
بادشاہ ہی کے مختلف نام ہیں۔
وہ بھی کیا دور تھا کہ مسلمانوں کی عظیم مملکت کے امیر مولا علی المرتضیٰؑ اپنے اور اپنے اہل وعیالؑ کے کھانے کے لئے ایک یہودی کے باغ میں نلائی کیا کرتے تھے۔ شام کو جب روزی کما کر لاتے اگر کوئی سائل دروازے پر دستک دیتا اسے دے دیتے، خود پانی پی کر لیٹ جاتے اور یہ روز ہوتا۔
آپؑ کسی بھی سائل کو کبھی خالی نہ لوٹاتے۔
ایک سائل نے سوال کیا اسے ایک لڑکا دیں۔
آپؑ نے دونوں دے دیئے۔
حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کی ساری داستان میں کوئی بھی واقعہ ایسا نہیں ملتا کہ کسی بادشاہ نے اپنے کھانے کیلئے کسی کے باغ میں نلائی کی ہو۔
اور یہ بھی کبھی نہیں سنا کہ اللہ کے نام پر کسی نے کسی کو بیٹے دیئے ہوں اور پھر وہ بھی
حسنؑ اور حسینؑ جیسے

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۵ آج سب قوت حیدریؑ کی رٹ لگاتے پھرتے ہیں، قوت حیدریؑ کا دارومدار اکل حلال پر موقوف ہے۔ جب تک کسی کا کھانا طیب نہیں ہوتا اور کمائی کر کے نہیں کھایا جاتا، کسی میں بھی اور کوئی قوت کبھی پیدا نہیں ہوسکتی اور نہ ہی کوئی جدوجہد کسی بھی منزل پر پہنچ سکتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۶ جو کچھ اللہ نے اپنی کتاب قرآن کریم میں فرمایا قال ہے۔
اس قال پر عمل کا اصطلاحی نام حال ہے۔
اسی طرح جو کچھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری صلاح وفلاح کے لئے فرمایا، قال ہے۔
اور اس پر عمل کا نام حال ہے۔
آپ جو بھی کہتے ہیں، قال ہے۔
جو کرتے ہیں، حال ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اور یہ ازبر کرلیں کہ قال پر عمل ہی سے حال پیدا ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۷ نکتہ چینی اتفاق کی ضد ہے۔
اور نکتہ چین کسی نکتہ پر کبھی متفق نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۸ چودہ سو سال گزر چکے، قیامت قریب آ چلی لیکن ابھی تک ہم اپنے آقا و مولیٰ روحی فداہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان پر متفق نہیں اور کس پر ہو سکتے ہیں؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۲۹ حضرت بابا صاحب فرید الدین گنج شکرؒ نے درویشی کے ستر ہزار مقامات بیان فرمائے اور عرش عظیم پر حاضری کو پہلا مقام فرمایا۔ یقیناً ہم ایسا نہیں کر سکتے، ہرگز نہیں کر سکتے پھر بھی درویشی میں پہلا نمبر رکھتے ہیں۔
حاصل یہ کہ ہم درویشی کے مقامات سے بے خبر ہیں، نبوت کے مقامات و مدارج کو کیوں کر ادراک میں لا سکتے ہیں؟
مدارج نبوت ہماری سمجھ سے کہیں بالاتر ہیں اور ہم اس عقل سے ان درجات و مقامات کو کبھی سمجھ نہیں سکتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۰ حضرت عبدالرزاقؒ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عبداللہ انصاریؓ سے روایت کیا ہے کہ میں نے عرض کیا کہ
میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا ہوں، مجھ کو خبر دیجئے کہ سب اشیاء سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کونسی چیز پیدا کی؟
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
اے جابرؓ! اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور اپنے نور سے پیدا کیا پھر وہ نور قدرت الٰہیہ سے جہاں اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا، سیر کرتا رہا اور اس وقت نہ لوح تھی، نہ قلم تھا، نہ

marfat.com
Marfat.com

بہشت تھی، نہ دوزخ تھا، نہ فرشتہ تھا، نہ آسمان تھا، نہ زمین تھی، نہ سورج تھا، نہ چاند تھا، نہ جن تھے اور نہ انسان پھر جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا تو اس نور کے چار حصے کئے۔

ایک حصے سے قلم پیدا کیا۔

دوسرے حصے سے لوح، اور

تیسرے حصے سے عرش۔

پھر چوتھے حصے کو چار جزوں میں تقسیم کیا۔

پہلے حصے سے عرش اٹھانے والے فرشتوں کو پیدا کیا۔

دوسرے سے کرسی کو۔

تیسرے سے باقی تمام ملائیکہ کو۔

پھر چوتھے جز کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔

پس پہلے حصے سے آسمانوں کو پیدا کیا۔

دوسرے سے زمینوں کو۔

تیسرے سے جنت کو۔ اور

چوتھے سے دوزخ کو۔

پھر چوتھے کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ پس

پہلے حصے سے مومنوں کی آنکھوں کے نور کو پیدا کیا۔

دوسرے سے ان کے دل کے نور کو جس سے مراد اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے۔

تیسرے حصے سے ان کا نور، انس پیدا کیا اور وہ توحید ہے۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم

(الانوار المحمدیہ من مواھب لدنیہ مصرے صفحہ ۹ از امام قسطلانی مرحبًا مبارکًا مکرمًا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com

Marfat.com

۶۳۱ حدیث قدسی ہے۔

كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًا فَاَرَدْتُ اَنْ اُظْهَرَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ۔

یعنی میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا، جب میں نے ظاہر ہونے کا ارادہ کیا تو خلقت کو پیدا کیا۔

مخلوق سے فرد کامل مراد ہے اور وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک ہے کیونکہ سب سے پہلے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور پیدا کیا گیا تھا۔

حضرت جابرؓ نے پوچھا۔

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! سب سے پہلے مولائے کریم نے کسے پیدا فرمایا؟

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

يَا جَابِرُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ قَبْلَ كُلِّ الْاَشْيَآءِ نُوْرَ نَبِيِّكَ مِنْ نُّوْرِهٖ وَ لَمْ يَكُنْ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ لَوْحٌ وَّ لَا قَلَمٌ وَّ لَاجَنَّةٌ وَّ لَا نَارٌ وَّ لَا مَلَكٌ وَّ الْاَسْمَآءُ وَلَا اَرْضٌ وَّ لَا شَمْسٌ وَّلَاقَمَرٌ وَّ لَا جِنٌّ وَّلَا اَنْسٌ۔

اے جابرؓ! اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہر شے سے پہلے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کو پیدا کیا اپنے نور سے اور اس وقت نہ لوح تھی، نہ قلم، نہ جنت، نہ دوزخ، نہ آسمان، نہ فرشتہ، نہ زمین، نہ سورج، نہ چاند، نہ جن، نہ انسان۔

حجۃ اللہ علی العالمین صفحہ ۳۸

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۲ ویروی انه لما خلق الله تعالیٰ آدم علیه السلام الهمته ان قال یا رب لم کنیتی ابا محمد؟ قال الله یا آدم ارفع راسك فرفع راسه نرائ نور محمد صلی الله علیه وسلم فی سرارق العرش فقال یا رب ماهذا النور؟ قال هذا نور نبی من ذریتك اسمهٗ فی السماء احمد و فی الارض محمد لولا ہ ما خلقتك و لا خلقتك سماء و لا ارضا۔

حضرت امام قسطلانی علیہ الرحمۃ مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو ان کے دل میں ڈالا کہ اے رب! تو نے میری کنیت ابو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیوں

marfat.com
Marfat.com

رکھی ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے آدم علیہ السلام! اپنا سر اٹھا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنا سر اٹھایا تو عرش کے پردوں میں ایک نور دیکھا۔ عرض کیا کہ اے رب! یہ کیسا نور ہے؟ فرمایا یہ نور ایک نبی کا ہے جو تیری اولاد میں سے ہوں گے، ان کا نام آسمان میں احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زمین میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اگر وہ نہ ہوتے تو میں نہ تمہیں پیدا کرتا، نہ آسمان کو اور نہ زمین کو۔

(مواہب لدنیہ صفحہ ۸ جلد اول)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۳ حضرت ابوہریرہؓ سے ایک حدیث مروی ہے کہ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت فرمایا کہ اے جبرائیلؑ! تمہاری عمر کتنی ہے؟ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے کچھ خبر نہیں، میں اتنا جانتا ہوں کہ

ان فی الحجاب الربع نجما یطلع فی کل سبعین الف سنة
مرة رایته اثنین و سبعین الف۔

چوتھے حجاب میں ایک ستارہ ستر ہزار برس کے بعد چمکا کرتا تھا، میں نے اسے بہتر ہزار دفعہ چمکتے دیکھا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سن کر فرمایا کہ

رعزة ربی انا ذلك الکوکب۔

''مجھے اپنے رب کی عزت کی قسم میں ہی وہ تارہ ہوں''

(تفسیر روح البیان جلد اول)

ف: ستر ہزار ضرب بہتر ہزار، برابر ہے پانچ ارب اور چار کروڑ سال کے اور واضح ہو کہ حضرت آدم علیہ السلام کو دنیا میں تشریف لائے کوئی نوے پچانوے صدیاں گزری ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۴ اللہ رب العالمین نے ارادت ازلی کے تحت کل عالم کو پیدا کیا۔

عالم میں انبیاء علیہم السلام، صدیقین، شہداء، صالحین، مومنین، مسلمین، مشرکین و منافقین و کفار سبھی

marfat.com
Marfat.com

شامل ہیں۔
پھر اپنی مخلوق کی طرف متوجہ ہوا اور فرمایا۔

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ

کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارواح کی رہبری فرمائی اور بلیٰ کہنے کی تعلیم دی۔ سب نے یک زبان ہو کر اپنے رب کی ربوبیت کا اقرار کیا اور کہا کہ بلیٰ یعنی یا اللہ! بے شک تو ہی ہمارا رب ہے پھر دنیا اور جو کچھ بھی دنیا میں ہے، پیدا فرما کر مخلوق کے سامنے پیش کیا۔ انبیاء علیہم السلام کے بعد ایک فقر اپنے قول پہ ثابت قدم رہا۔ باقی جس نے بھی دنیا کی جس بھی چیز کو دیکھا، اس پر فریفتہ ہو گیا۔ اپنا وعدہ بھول گیا، کوئی اقرار یاد نہ رہا۔
فقر کو عشق کی رہبری حاصل تھی، اپنی جگہ ڈٹا رہا۔ بالکل نہ ڈگمگایا، بے شک فقر اللہ کی ایک ہی مایہ ناز مخلوق تھی جو اپنے قول پر کاربند رہی جو دنیا کے کسی بھی منظر کی طرف راغب نہ ہوئی، نہ ہی کسی چیز کی طرف آنکھ تک اٹھائی۔
فقر اللہ کی واحد مخلوق تھی جو اللہ ہی کی طرف متوجہ رہی جسے دنیا کا کوئی منظر اپنی طرف راغب نہ کر سکا اور کوئی بھی چیز اسے للچا نہ سکی۔ فقر اپنے کسی بھی قول و اقرار سے بال بھر پیچھے نہ پھرا۔

مرحبًا مکرمًا مشرفًا

خلق نے مخلوق کو دیکھا فقر نے خالق کو دیکھا
خلق نے کاریگری دیکھی فقر نے کاریگر

## فقر

اپنے مالک و معبود کو دیکھ کر مطمئن ہوا، سجدہ ریز ہوا، جمال کے جلوے میں محو ہوا۔ ایسا ہوا اور اتنا ہوا کہ کسی اور طرف کا خیال تک نہ رہا۔ قال و مقال سے گزرا، حال و مقام سے گزرا۔ جب دیکھا کہ کائنات کی ہر شے میں خاکی ہو یا آبی، نوری ہو یا ناری، ایک ہی نور جلوہ گر ہے۔ یہاں تک کہ جو نور گلاب کے اس ٹہکتے ہوئے پھول کی پتی میں جلوہ گر ہے، وہ گھاس کے اس سوکھے ہوئے تنکے میں بھی ہے اور ازل و ابد، اول و آخر، ظاہر و باطن میں کوئی فرق نہیں، کوئی بھی نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

## شرح صدر ہوگئی

فقر اللہ کی وہ مخلوق ہے جو
اللہ کے سوا اور طرف کبھی متوجہ نہ ہوئی، ہرگز نہ ہوئی اور اللہ ہی کے لئے اللہ کی راہ میں نکلی جس کا اللہ کے سوا کوئی اور مدعا و مطلب نہ تھا۔ جس نے دنیا کی کسی بھی چیز اور منصب کو کبھی قبول نہ کیا، جس کے حضور میں دنیا ذلیل اور ہمیشہ بے قدر رہی، جس نے دین کے میدان میں وفا کے علَم کو بلند کیا۔ کبھی گرنے نہ دیا، جس نے کبھی کوئی مطالبہ نہ کیا، جو اللہ ہی کے لئے جیا اور اللہ ہی کے لئے مرا، جس نے کبھی کچھ نہ کھایا مگر جینے کے لئے اور کبھی کچھ نہ پہنا مگر ستر ڈھانپنے کے لئے، کسی سے کبھی کچھ نہ مانگا مگر اللہ ہی کے لئے۔ اللہ کی محتاج و نادار مخلوق کی خدمت کے لئے اور کبھی کچھ نہ کیا مگر اللہ کے لئے۔ ہمیشہ اپنی بے قدری پر خوش ہوا، جب اسے حقارت کی نگاہوں سے دیکھا گیا تو خوشی سے پھولے نہ سمایا۔ جب اس پر جہل کے آوازے کسے گئے تو خاموش رہا۔ کسی کو کوئی جواب نہ دیا اگر اسے زندیق کہا گیا تو مسکرایا، کسی کے بھی برا کہنے کو برا نہ منایا، اسے دعا دی اگر کسی نے کوئی مذاق کیا، درگزر کیا اگر کبھی کسی نے کسی منصب کی پیشکش کی تو اپنے جہل کا اعتراف کیا اور دانشمندی کی حد کردی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۵ عشق نے فقر کو رب کا تعارف کرایا، یہ تیرا رب ہے، یہی تیرا مالک اور یہی تیرا معبود ہے۔ کون و مکان کی ہر شے اسی کے قبضہ قدرت میں محکوم و مقدور ہے۔
تو اپنا رشتہ اپنے رب سے جوڑ، اس کے سوا ہر کسی سے توڑ اور یہ اس راہ کا وہ موڑ ہے جہاں پہنچ کر بندے کا گمراہ ہو جانا ایک معمولی بات ہے اور امکانی بات ہے۔ بڑے بڑے مسافر اس موڑ پہ اپنی منزلیں کھو بیٹھے۔
اللہ تجھے سیدھی راہ پر رکھے، سیدھی راہ سنت کی راہ ہے۔
یہ سن کر فقر ہمہ تن و من اپنے معبود کی طرف متوجہ ہوا، دل و جان سے متوجہ ہوا، کسی اور طرف کبھی رخ نہ کیا، نہ ہی کسی سے کوئی دلچسپی لی، یہاں تک کہ دیکھا تک بھی نہیں۔
فقر کا یہ حال ازلی ہے، ابدی ہے اور وہ اپنے مقام پر مہر و ماہ کی طرح ثابت قدم ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

marfat.com
Marfat.com

ایک مدت استغراق میں رہا، حتیٰ کہ اسے کائنات کی ہر شے میں اپنے معبود ہی کا جلوہ نظر آنے لگا پھر عشق نے، عروسِ مملکت، عین النعیم، دائم النعیم، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعارف کرایا کہ یہ ہیں تیرے محسن اعظم، کل کائنات کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تیرے رب کے حبیب، حبیب اقدس واکمل، اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

یہ سن کر فقر نے اپنے رب کے حضور میں دعا کی کہ اے میرے رب! اے میرے مالک! اے میرے معبود! مجھ کو تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت عنایت ہو۔

یا حی یا قیوم، آمین طیب ومبارک

محبّت

آمین

میرا یہ کاسہ تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سے سدا لبریز رہے۔ آمین۔

عشق ہی نے فقر کو اللہ کی مخلوق سے متعارف کرایا۔ کہا یہ تیرے رب کی مخلوق ہے۔ اس میں سبھی شامل ہیں، مومن بھی، کافر بھی، مشرک بھی، منافق بھی، نیک بھی اور بد بھی اور یہی تیرے رب کا کنبہ ہے، اس کے ساتھ ہر معاملے میں اور ہر حال میں احسان کر۔

فقر نے پھر دعا کی کہ

اے میرے رب! رب ذوالجلال والاکرام! تیرے اس فقیر کو تیری مخلوق کی خدمت عنایت ہو۔

آمین، یا حی یا قیوم

اور کہا کہ

میں تیری ہر مخلوق کا، خاکی ہو یا آبی، نوری ہو یا ناری، درند ہو یا چرند، پرند ہو یا خزند، بے لوث وفادار خادم ہوں، کبھی کسی کے خلاف کچھ نہ کہوں گا۔ کبھی کچھ نہ کروں گا اگرچہ کوئی کچھ کہے اور کچھ کرے مگر تیرے لئے اور تیرے حکم سے، اس کے بعد اور اس کے علاوہ فقر نے کبھی کچھ نہیں مانگا اور نہ ہی کبھی کسی شے کی طلب کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۶۳۶ شریعت — علم
طریقت — علم پہ عمل
حقیقت — علم پہ عمل کا حال اور
معرفت — پہچان ہے اپنی پہچان

جب تک کوئی اپنے آپ کو نہیں پہچانتا، کسی اور چیز کو نہیں پہچان سکتا۔ یہاں تک کہ اللہ کو بھی نہیں۔ ہر شے کی پہچان کی ابتداء بندے کی اپنی جان سے شروع ہوتی ہے اور یہ بندہ ہی مولا کریم کا شاہکار اور جہان اصغر ہے۔ یہی بندہ اللہ کا خلیفہ ہے، خلیفہ بمنزلہ اصل ہوتا ہے۔
خلافت میں تین چیزوں کا ہونا ضروری ہے، جب تک یہ تین چیزیں جمع نہیں ہوتیں، خلافت مکمل نہیں ہوسکتی۔

علم ------ مقام ------ اور ------ اختیار

وما علینا الا البلاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۷ شریعت ظاہر اور طریقت باطن ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۸ ظاہر باطن کا تہہ بند اور پردہ ہے اور کوئی دانشور اپنا پردہ کبھی چاک نہیں کرتا۔

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنَا بِسَتْرِكَ الْجَمِیْلِ ط اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنَا بِسَتْرِكَ الْجَمِیْلِ
اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنَا بِسَتْرِكَ الْجَمِیْلِ۔ آمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۳۹ حضرت منصور حلاجؒ کی ہمشیرہ اللہ کی ولیہ تھیں۔ ہر روز رات کو چپکے سے بغداد کے صحرا میں جاتیں اور اللہ کی یاد میں مصروف ہو جاتیں۔ جب فارغ ہوتیں تو اللہ کی طرف سے ایک جام نصیب ہوتا جسے وہ پی کر رات کی تاریکی میں گھر لوٹ آتیں۔ جب حضرت منصورؒ کو پتہ چلا کہ اس کی بہن رات کو گھر نہیں ہوتیں، نہ معلوم کہاں جاتی ہے۔ ایک رات وہ ان کی تاک میں رہا، جب وہ حسب معمول صحرا کی طرف چلیں، منصورؒ ان کے پیچھے پیچھے ہو لئے۔ حتیٰ کہ وہ متعینہ مقام پر پہنچ کر اپنے

marfat.com
Marfat.com

معمول کے مطابق یاد الٰہی میں مصروف ہوگئیں۔ جب فارغ ہوئیں تو جنت سے شراباً طہوراً کا ایک جام اسرار الٰہی سے لبریز پیش ہوا، آپ پینے لگیں۔ منصورؒ نے فریاد کی، اس کو بھی دیں، اس پر انہیں بہت رنج ہوا اور اس بات کا رنج ہوا کہ آج اس کا راز کھل گیا۔

اس نے بچا ہوا پیالہ منصورؒ کو دے دیا جسے اس نے پیا اور پیتے ہی بول اٹھا۔

اَنَا الْحَقُ اَنَا الْحَقُ

منصور کو یہ نعمت مفت عطاء ہوئی، وہ اس کی تاب نہ لا سکے۔

اسی جام کو ان کی بہن بیس سال پیتی رہی اور ڈکار تک نہ لی۔

منصور نے ایک دن پیا اور وہ بھی بچے ہوئے دو گھونٹ اور بول اٹھے۔

اَنَا الْحَقُ

بغداد میں شور مچا۔ معاملہ قاضی کے سامنے پیش ہوا۔ شاہ جنیدؒ سے فتویٰ طلب کیا گیا۔ آپؒ نے خرقہ اتارا اور شرعی لباس پہن کر ظاہر پر فتویٰ دیا۔ شاہ منصورؒ پر اسرار الٰہی کے افشاء کی تعزیر نافذ ہوئی اور بندی خانے میں بھیج دیئے گئے۔

محبت کا غلبہ تیز ہوا۔

بندی خانے کی حراست منصورؒ کو اس کے اعلان سے روک نہ سکی، شاہی حکم سے منصورؒ پر پتھراؤ کیا گیا۔ شاہ شیخ شبلیؒ منصور کے حال کا محرم تھا۔ شریعت کے احکام کے احترام میں منصور کو پتھر کی بجائے پھول مارا، جس پر وہ دھاڑیں مار کر رویا۔

اس لئے کہ شبلیؒ اس کے راز کا محرم تھا۔

منصورؒ کا کھانا پینا بند کیا گیا۔ تیسرے دن آپؒ کے لئے کھانا آیا۔ ایک سائل نے سوال کیا کہ اللہ کے نام پر کچھ دو، آپؒ نے وہی کھانا اسے دے دیا اور یہ سخاوت کی حد تھی۔

جس دن آپ کو سولی پر لٹکایا گیا، ایک میلہ لگا۔

اللہ کے منصورؒ کے منظر کو دیکھنے کے لئے اللہ کی ساری خدائی حاضر ہوئی۔

عرشی عرش پر صف آراء ہوئے اور فرشی فرش پر، شاہ منصورؒ کے اس بے نظیر منظر کو دیکھنے کے لئے ہر کوئی بے تاب تھا۔ منصورؒ کے لئے جنت کی حوریں آراستہ ہوئیں، پیراستہ ہوئیں، شادیانوں کے

marfat.com
Marfat.com

دف بجانے لگیں، منگل گانے لگیں۔

چلو سیو رل ویکھن چلیے جتھے عاشق سولی چڑھدے
سولی چڑھدے کرن مذاخاں موتوں مول نہیں ڈر دے

جب انہیں سولی پر لٹکانے کا وقت آیا۔ منصورؒ نے تازہ خون کا ایک پیالہ منگوایا اور اسے منہ پر مل لیا، پوچھا یہ کیوں؟ کہا قید و بند کی صعوبت سے میرا رنگ پیلا پڑ گیا۔ کہیں لوگ یہ نہ سمجھیں کہ منصورؒ کا رنگ سولی کے خوف سے اترا ہے۔ سولی کے تختے پر کھڑے ہو کر جب یہ کہا کہ

کھینچ لو کھینچ لو اب احمد مختارؐ کی خاطر

عرش لرزنے لگا۔ کائنات کی ہر شے تھرا اٹھی۔ قلوب دھڑکنے لگے۔ آنکھوں میں آنسو امڈ آئے۔ اشکبار ہوئیں اور دریا بہا ڈالے۔ منصورؒ نے سولی پر لٹک کر عشق کی داستان کو ایک انوکھے باب سے آشنا کرایا۔ شاہ منصورؒ کا یہ قصہ اب بھی کسی سے سنا نہیں جاتا جہاں شروع ہوتا ہے وہیں حال وارد ہوتا ہے۔

میرے مولا منصورؒ معرفت کے امام کے مقام پر جاں بحق ہو کر واصل باللہ ہوئے۔

لئے پھرتی تھی بلبل چونچ میں گل
شہید ناز کی تربت کہاں ہے

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۰ امارت کی عمارت

شفقت کی بنیادوں پر استوار ہوا کرتی ہے، جب تک بنیاد قائم رہتی ہے، عمارت نہیں گرتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۱ منافق کبھی کسی کا دوست نہیں ہوتا۔

منافق کے ساتھ احسان کر، احسان کی امید مت رکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۲ لوگ یہ کہہ کر کہ لڑکے کی تنخواہ کافی ہے لیکن کام کچھ بھی نہیں، آرام ہی آرام ہے، خوش ہوا کرتے ہیں۔ چاہئے یہ تھا کہ لڑکے کی مصروفیت پر ناز کرتے اور تنخواہ کا نام تک نہ لیتے۔

اجرت نہیں، اسامی کی اہمیت قابل ذکر ہوتی ہے اور جب تک کسی کام میں جدّت نہیں ہوتی سمجھو کہ

marfat.com
Marfat.com

کام کرنے والے دلچسپی سے کام نہیں کرتے۔
اس لئے کہ جس کام میں بھی دلچسپی لی جاتی ہے اور کام کرنے والے کی نیت محض اجرت نہیں، کام کے معیار کی بلندی مقصود ہوتی ہے، جدّت پیدا ہوتی ہے، خودبخود پیدا ہوتی ہے اور ضرور ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۳ آج سے سوسال پہلے سپاہی کا ہتھیار لاٹھی، تلوار اور نیزہ تھا، جب کسی کی کسی سے جنگ ہوتی، ایک میدان میں ہوتی۔ دونوں دشمن ایک ہی میدان جنگ میں ایک دوسرے کے مدمقابل صف آراء ہوتے۔ جنگجو نامزد کیا جاتا پھر رجز پڑھا جاتا۔ مجاہد کا دشمن سے تعارف کرایا جاتا۔ یہ فلاں بن فلاں ہے اور اس میں یہ جوہر ہے، اس کے بعد وہ میدان میں اترتا، اسی طرح دشمن بھی کرتا۔
دو جوانوں کے درمیان جب جنگ شروع ہوتی، دونوں جماعتیں خاموش کھڑی جنگ دیکھتیں۔ دو میں سے ایک رہ جاتا، دوسرا جوڑا میدان میں آتا۔ جب سے حضرت بارود نے جنگ کے میدان میں قدم رکھا ہے، شجاعت رخصت ہوئی، ایک آدمی ہوا میں پرواز کرتا ہوا آتا ہے اور رات کو شہری آبادی پر بم گرا کر چلا جاتا ہے۔
یہ کوئی جوانمردی نہیں ہرگز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۴ دین کبھی پرانا نہیں ہوتا، کبھی نہیں بدلتا۔
نئی تہذیب کے ساتھ نیا شعور اور پرانا دین لازم وملزوم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۵ اللہ کے دین اسلام کی صداقت کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ہر حکم فطرت کے مطابق، مقبول عام اور ازلی وابدی ہے جس دن سے جاری ہوا، ساری ہوا، طاری ہوا، کسی کو بھی بدلنے کی نہ ضرورت ہوئی، نہ جرأت اور جس نے بھی اس دنیا میں جو ترقی کی، مادی ہو یا روحانی، ان احکام پر ہی چل کر کی۔

شرقی ہو یا غربی ، عربی ہو یا عجمی

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۶۴۶ اے ملّت کے پاسبانو! اے دنیا بھر کے مسلمانو! اے گزرے ہوئے دور کی داستانوں سے دل بہلانے والے غافل نوجوانو!

عمل کے میدان میں اترو، ملّت کی داستان نو کا آغاز کرو جو کسی بھی طرح گزری ہوئی کسی داستان سے کبھی کم نہ ہو۔

ہر داستان کی ابتداء جدوجہد سے ہوتی ہے، جدوجہد جب جوبن پر آتی ہے، داستان بن جاتی ہے۔
ملّت کے نونہال نوجوانو! آج ملّت کو تمہاری ضرورت ہے۔
ملّت چند چیزوں کے نمونے کی طلبگار ہے، نمونہ پیش کرو۔
صداقت کا
عدالت کا
شرافت کا اور
شجاعت کا
انسانی صحت کی بقاء کا دارومدار بلغم، باد، صفرا اور سودا کے مساوی توازن پر قائم ہے اور ملت کی صحت کا صداقت، عدالت، شرافت و شجاعت پہ۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

جب تک ہم ان کو نہیں اپناتے، یہ مصنوعی دیواریں جو ہم نے کھڑی کی ہوئی ہیں، کبھی نہیں گرتیں اور جب تک یہ نہیں گرتیں، بوستان ملت پر ان گزری ہوئی بہاروں کا دور کیسے آ سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۷ شیخ وہ ہے

جسے شریعت، طریقت، حقیقت و معرفت پر سیر حاصل عبور میسر ہو۔ ہر چہار سلسلہ عالیہ میں تعلیم دے سکے، تلقین کر سکے، دور حاضرہ کی ایجادات میں ضرورت کے مطابق اجتہاد کر سکے جو مقبول الفطرت ہو اور مقبول الاسلام۔ جس کا کوئی حال کسی قال کی تردید نہ کرے، جس کے باطن کا کوئی نور ظاہر کے کسی نور کو رد نہ کرے۔

marfat.com
Marfat.com

اپنے مقام پر مستقیم ہو اور حال پر مستعد اور جس کے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے میں سنت ہو۔ سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۸ سمندر کی سطح پر پانی کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا، سمندر میں جو کچھ بھی ہوتا ہے، تہہ میں ہوتا ہے اور کسی کو بھی پتہ نہیں چل سکتا کہ کس جگہ کیا چیز پائی جاتی ہے۔
سمندر کی تہہ میں جوہڑ کی طرح گاراہی نہیں ہوتا۔
گوہر ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔جوہر ہوتے ہیں
ہیرے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔موتی ہوتے ہیں
بدرے ہوتے ہیں۔۔۔اور۔۔۔۔۔لعل ہوتے ہیں
اور اے جان من! ابر نیساں بھی سمندر ہی پر برسا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۴۹ یہی حال اللہ کے بعض بندوں کا ہوتا ہے جو دیکھنے میں دیکھنے کے قابل نہیں ہوتے لیکن تحت الثریٰ سے عرش عظیم تک گزر رکھا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۰ ظاہر سے باطن کا جائزہ نہیں لیا جا سکتا اور کوئی نہیں لے سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## سلطان ابراہیم ادھم بلخی قدس سرہ العزیز

۶۵۱ ایک کشتی میں سوار دریا عبور کر رہے تھے کہ ایک مسخرا آپؒ کے پیچھے پڑ گیا۔ آپؒ کا حال اور آپؒ کے بال دیکھنے میں ایک دیوانے کے سے تھے۔ اس نے آپؒ کی نقلیں اتارنا شروع کر دیں اور یہاں تک بڑھا کہ اس نے انہیں یونہی سمجھ کر ان پر پیشاب کر دیا، آپؒ اس پر مسکرائے اور اس روز آپؒ نے مراد پائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۲ اللہ کی بعض مخلوق اللہ کو ساری خدائی سے محبوب ہوتی ہے۔ اللہ اپنے بندوں کو بندوں کی نظروں

marfat.com
Marfat.com

سے اوجھل رکھا کرتے ہیں۔ اللہ کے سوا کوئی دوسرا ان کے حال سے واقف نہیں ہوتا۔
آج تک کبھی ایسے نہیں ہوا کہ اللہ کے کسی دوست کی اللہ کے سوا کسی دوسرے کو خبر ہوئی۔ ساری خدائی کے خدا کا دوست، کبھی ظاہر نہ ہوا۔ اللہ اسے ایسے حال میں رکھا کرتے ہیں کہ کوئی بھی نظر اس طرف نہیں اٹھ سکتی۔ ان کے چہروں کی رنگت پیلی، ہونٹ خشک، پچکے ہوئے گال، الجھے ہوئے بال، ہڈیوں کے پنجر میں صرف سانس ہوتی ہے۔ نہ رت ہوتی ہے نہ ماس، جس بھی قسم کا کپڑا کہیں سے مل جاتا ہے، پہن لیتے ہیں۔
نہ جبّہ رکھتے ہیں، نہ عصاء، نہ کلاہ، نہ خرقہ، نہ قلندرا، اللہ نے انہیں ان تمام آلائشوں سے پاک رکھا ہوتا ہے۔ فتویٰ سے بھی پاک رکھا ہوتا ہے۔ دیکھنے میں ہوش مند ہوتے ہیں، حقیقت میں مدہوش۔ کسی بھی ساز وسامان کے پابند نہیں ہوتے اور نہ ہی کسی مال واسباب کے مالک ہوتے ہیں۔ ساری خدائی کے خدا کے دوست، خدا کے سوا کوئی بھی شے نہیں رکھتے اور نہ ہی انہیں کسی بھی شے کی طلب وتمنا ہوتی ہے۔ پھٹے ہوئے جامے اور پھٹے چھتر ان کی وردی ہوتی ہے جسے وہ کبھی نہیں بدلتے۔ محبت کے نشے میں چور ہو کر ماسوا سے دور رہتے ہیں۔ مخمور رہتے ہیں اور مسرور رہتے ہیں۔ خمر طہور کا نشہ، جب ایک بار چڑھ جاتا ہے پھر کبھی نہیں اترتا۔ یہاں تک کہ بعد از مرگ قبر میں بھی اسی سوز وگداز میں رہتے ہیں۔ فراق یار میں رہتے ہیں، نہ کچھ کہتے ہیں، نہ کچھ سنتے ہیں۔
بارگاہ محبت کا یہ حال ازلی ہوتا ہے، ابدی ہوتا ہے اور ایک بار عطاء ہو جانے کے بعد پھر کبھی نہیں چھنتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۳ میں اپنے دوستوں سے فرمائش کرتا ہوں کہ وہ اپنے گھروں میں باقاعدگی سے روزانہ ذکر الٰہی کا اہتمام کیا کریں۔ مثلاً رات کو کھانا کھانے کے بعد ایک جگہ جمع ہوں اور اپنے رب کے انعامات کے شکر کے صلے میں ذکر کیا کریں اور ضرور کیا کریں۔ گھر کے تمام افراد ضرور ایک جگہ بیٹھ کر چند منٹ اور کچھ نہیں تو الحمدللہ، الحمدللہ ضرور کہا کریں اور پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا کریں۔ یہ مجلس ہر گھر کا ایک ضروری معمول ہو۔ ہر روز ہر مجلس میں، یہ کلمات اگرچہ چند بار ہوں۔ ضرور پڑھے جائیں اور ہر گھر میں پڑھے جائیں، جس طرح ہر گھر میں ہر روز شام کے وقت شام کا کھانا پکانا ضروری ہے۔ اسی طرح اللہ کا ذکر بھی ضروری ہے۔ آپ اس پر غور فرمائیں کہ

marfat.com
Marfat.com

ساری دنیا کے ہر گھر میں امیر ہو یا غریب، شام کے وقت کھانے کا اہتمام ضرور کیا جاتا ہے اور بڑی کاوش سے کھانا تیار کیا جاتا ہے لیکن کسی بھی گھر میں ذکر الٰہی کا کبھی اہتمام نہیں کیا جاتا یعنی لوگوں نے یوں سمجھ رکھا ہے کہ وہ دنیا میں کھانا کھانے اور کھا کر سونے ہی کے لئے آئے ہیں اور ساری رات سونے ہی کے لئے ہے، ہرگز نہیں۔ اس میں ایک حصہ اللہ کی یاد کا ہونا ضروری ہے۔ سارا دن کام کیا جو کمایا رات کو کھایا اور سو گئے۔ یہ کوئی زندگی نہیں۔ انسان کو اللہ نے اپنی ساری مخلوق پر شرف بخشا ہے اور یہ شرف ذکر ہی کی بدولت ہے۔

لوگ لوگوں سے دعا کی فرمائش کیا کرتے ہیں کہ ان کے گھر سے بیماری نہیں جاتی، ناداری نہیں جاتی، ہم نہیں جاتا اور غم نہیں جاتا۔ اس قسم کے تمام سوالوں کا صرف ایک ہی جواب یہ ہے کہ اپنے گھروں کو اللہ کے ذکر سے آباد کرو، بے شک اللہ کا ذکر رحمت و راحت کا موجب اور ہر قسم کے ہم و غم کو زائل کرنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بار بار اپنی کتاب قرآن کریم میں فرمایا کہ

اللہ کا ذکر کثرت سے کرو۔

اور ہم کثرت تو درکنار بالکل ہی نہیں کرتے اور یہ جو کچھ بھی ہمارے ساتھ ہو رہا ہے، ترک ذکر ہی کے باعث ہے۔ اونچے طبقے کے لوگ ٹیلی ویژن، ریڈیو اور ناولوں میں مصروف رہتے ہیں جو وقت ان پہ صرف ہوا، فضول ہوا، اس کی بجائے فرش پہ بیٹھ کر اپنے خالق و مالک و معبود کی تسبیح و تحمید و تہلیل و تکبیر ضروری ہے اور اس سے احتراز، میرے محترم شیطان کی طرف سے ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# مجلس ذکر کا ایک مختصر..... مگر

# مقبولِ عام اور مقبول الاسلام نصاب

گھر میں صاحب خانہ حکم دے کہ سب اہل خانہ وضو کر کے آئیں اگر کسی نے عشاء کی نماز نہ پڑھی ہو، پڑھیں پھر فارغ ہو کر یہ ذکر کریں۔

۱ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

۲ سُوْرَۃُ الْفَاتِحَہ۔۔

۳ سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ۔

۴ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

۵ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُلِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

۶ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ط

۷ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ ارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَ ارْفَعْنِیْ ط

۸ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ط

۹ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ ط

۱۰ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ

marfat.com
Marfat.com

لَكَ اَسْتَغْفِرُاللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ ط

۱۱ دعا مانگیں

مجلس برخاست

یہ مختصر سی مجلس ہر روز ہر گھر میں ہو اور میرے دوست مجھے ضرور مطلع کریں کہ انہوں نے اس کی پوری تعمیل کی۔

جَزَاكَ اللّٰهُ خَیْرًا فِی الدَّارَیْنِ۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

اللہ کرے اللہ کے ذکر سے ہر گھر کا کونہ کونہ معمور ہو جائے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

پھر چند منٹ بیٹھ کر اللہ کے دین اسلام ہی کے بارے میں بات چیت کیا کریں، یہ روزانہ اور ہر محفل میں کہا کریں کہ

ہم لوگ دنیا میں آخرت کمانے آئے ہیں اور یہاں کسی نے بھی سدا نہیں رہنا اور نہ ہی دوبارہ لوٹ کر آنا ہے۔ ہم ساری امتوں میں سے چنی ہوئی امت کے فرد ہیں، اللہ ہمیں نیکی کرنے اور نیکی کو پھیلانے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ اسی طرح برائی سے بچنے اور برائی کو مٹانے کی بھی۔ آمین۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

اٰمِیْن، اٰمِیْن، اٰمِیْن

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

یا اللہ! تیرے ذکر کی جو محفل تیرے اس دارالاحسان میں لگ رہی ہے، سدا لگی رہے اور دم بھر کے لئے بھی کبھی برخاست نہ ہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

بے شک مقامات کی تقدیس مقامات کے مالک و معبود کے ذکر ہی کی بدولت ہوا کرتی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْم

marfat.com
Marfat.com

۶۵۴ پروانوں میں رقابت نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۵ پروانہ شمع کے جمال میں اس قدر محو و منہمک ہوتا ہے کہ اسے یہ پتہ ہی نہیں ہوتا کہ اس کے سوا کوئی اور بھی شمع کا پروانہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۶ شمع روشن ہوئی، پروانے دیوانہ وار شمع کے گرد منڈلانے لگے۔ جب قریب ہوئے محبوب کے جلال کی تاب نہ لا سکے، پر جل گئے۔ زمین پر گر کر بسمل کی طرح لوٹنے لگے۔ شمع بدستور جلتی ہوئی مسکراتی رہی، جب پوچھا یہ کیوں؟ کہنے لگی۔

یہی تو محبت کا ازلی دستور ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۷ محبت کو جب بھی موت کا سامنا ہوا، موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائی اور کبھی نہ گھبرائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۸ محبت صرف فراق میں روئی اور جی بھر کر روئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۵۹ یہ حال پتنگوں کا ہے، مومن کی محبت کا حال اس سے کہیں بالاتر، بعید از عقل اور وریٰ الوریٰ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۶۰ عہد الست کے بعد

جب فقر کو رخصت کیا گیا، عشق ساتھ رخصت ہوا۔ عشق فقر کا امام ہے۔ ہر جگہ، ہر وقت، ہر معاملے میں پوری رہنمائی کرتا ہے۔ یوم الست کے عہد کی یاد دلاتا رہتا ہے۔

یہ تیرا رب ہے، یہی تیرا مالک ہے اور یہی تیرا معبود۔ اپنے رب کے حضور سجدہ کر۔ ہر طرف و جانب سے منہ موڑ کر کلیتاً اپنے رب کی طرف متوجہ ہو۔ تیری ہر شے تیرے رب ہی کے قبضہ

marfat.com
Marfat.com

قدرت میں ہے۔ تیرے رب کے حکم کے بغیر نہ تجھے کوئی نفع پہنچا سکتا ہے نہ نقصان۔ جو چیز اللہ نے تجھے بخشی ہوئی ہے اسے اللہ کے سوا کوئی اور کبھی چھین نہیں سکتا۔ جو چیز نہیں دی گئی اسے کوئی اور کبھی دے نہیں سکتا۔ اپنے رب کا ذکر کر، کثرت سے کر، بات بات پہ اور ہر بات پہ سبحان اللہ کہہ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہہ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہہ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ۔ اپنے رب کی نعمتوں کا شکر کر اور ضرور کر۔ تیرا رب تیرے پاس حاضر و ناظر اور تیرا رب ہی تیرا حافظ و ناصر ہے۔ تیرا رب تیرا سب کچھ ہے اور تیری کوئی بھی شے تیرے رب سے اوجھل نہیں۔

اَللّٰہُ حَافِظِیْ، اَللّٰہُ نَاصِرِیْ، اَللّٰہُ حَاضِرِیْ، اَللّٰہُ نَاظِرِیْ،
اَللّٰہُ مَعِیْ، فَاللّٰہُ خَیْرًا حَافِظًا
الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۶۶۱ یہ تیرے رب کے حبیب ہیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حبیب اقدس و اکمل، احسن و اجمل، اطیب و اطہر، خاتم النبین، شفیع المذنبین، رحمۃ اللعالمین، نور من نور اللہ، عین النعیم۔ اگر یہ نہ ہوتے، کچھ بھی نہ ہوتا۔ نہ یہ آسمان ہوتے، نہ زمین، نہ چاند، نہ سورج اور نہ ہی کچھ اور۔ ان کے حضور میں صلوٰۃ وسلام پیش کر۔ کل کائنات ان کے لئے ہے اور ان ہی کے نور سے بنی۔ فقر نے اللہ سے اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت طلب کی اور یوں کی۔

یا اللہ! مجھ کو تیرے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت عنایت ہو۔

یا حی یا قیوم
طیب و مبارک محبت آمین
الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۶۶۲ حضرت خواجہ خواجگان سیدنا سید حسن سنجری ثم اجمیری ؒ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لئے دامن دراز کیا، انہیں محبت عنایت ہوئی اور پوری عنایت ہوئی۔

مبارکًا، مکرمًا مشرفًا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کی برکت سے پورے کا پورا ہندوستان مشرف بہ اسلام ہوا۔ الحمد للہ۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے جلال کے آگے کوئی بھی شیطان ٹھہر نہ سکا۔ محبت ہی نے

marfat.com
Marfat.com

وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ

کے حجاب کو اٹھایا۔ جب اللہ معی کے راز سے پوری طرح واقف ہوئے ماسوا سے بے نیاز ہوئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبَّنَا وَ یَرْضٰی

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۶۳ یہ تیرے رب کے مقبول بندے ہیں، سب کے سب مقبول ماشاء اللہ۔

یہ سب کے سب، کسی نہ کسی انداز میں اللہ کے دین اسلام کی دعوت وتبلیغ کے مبلغ ہیں۔ ان سب کا احترام واکرام اپنے اوپر لازم قرار دے اور کسی کی بھی شان میں کسی بھی قسم کی کوئی گستاخی کبھی مت کر۔ یہ سب کے سب تجھ سے افضل اور تو ان سب کا خیر خواہ، دعا گو اور خادم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۶۴ یہ تیرے رب کی مخلوق ہے اور یہی تیرے رب کا کنبہ ہے۔ مخلوق کے ساتھ احسان کر لیکن احسان کے بدلے احسان کی امید مت رکھ۔

یارب! مجھ کو تیری مخلوق کی خدمت عنایت ہو، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۶۵ ان سب کا لُبِّ لباب یہ ہے کہ عشق نے فقر کو خالق ومخلوق سے متعارف فرمایا کہ

یہ تیرا رب ہے، اپنے رب کو سجدہ کر۔

یہ سنتے ہی وہ سجدے میں گر پڑا۔

یہ تیرے رب کے حبیب ہیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، یہ سنتے ہی وہ بولا۔

یارب مجھ کو تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت عنایت ہو، آمین۔

یہ تیرے رب کے مقبول بندے ہیں، ان سب کا احترام واکرام کر۔

یہ سننے کے بعد پھر اس نے کسی کی بھی اور کوئی برائی کبھی نہ کی۔

یہ تیرے رب کی مخلوق ہے اور یہی تیرے رب کا کنبہ ہے، اپنے رب کے کنبے کے ساتھ احسان کر۔

یہ سن کر وہ کھڑا ہوا، عرض کی کہ

marfat.com
Marfat.com

یارب! مجھ کو تیری مخلوق کی خدمت عنایت ہو، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## وحدت الوجود والشہود والعطوف

۶۶۶ انسانی فطرت کا خاصہ ہے کہ ہر کام میں جسے کہ وہ بالکل نہیں جانتا، یہ مشہور کرتا ہے کہ جانتا ہے اور پھر اسی پر اکتفا نہیں کرتا۔ اپنے فہم وفراست کے مطابق اس پر لکھنا بھی شروع کر دیتا ہے۔ چنانچہ بندہ کو وحدت الوجود کے مطالعہ کا موقع میسر ہوا۔ بندہ کسی بھی صاحب کی کسی بھی تحریر پر نکتہ چینی کا عادی نہیں۔ وحدت الوجود والشہود والعطوف پر چند سطور قلم بند کرنے کی جسارت کرتا ہے۔

وحدت الوجود ایک منزل ہے جو اللہ کی طرف سے زمین پر اتاری جاتی ہے۔

وحدت الوجود والشہود والعطوف ایک حال ہے جو اللہ کی طرف سے بندوں پر وارد کیا جاتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری امت میں یہ منزل اور یہ حال گنتی کے چند بندوں پر نازل ہوا جن کی تعداد پانچ یا سات سے زیادہ نہیں۔

یہ منزل اللہ ہی کے لطف وکرم سے طے کی جاسکتی ہے۔

سلوک میں اس سے کڑی، مشکل، سخت اور دشوار کوئی بھی منزل نہیں۔ صاحب منزل کا مقام، دم بہ دم بڑھتا اور بدلتا رہتا ہے اور صاحب منزل کے سوا کسی دوسرے کو اس کے حال ومقام کے مطلق خبر نہیں ہوتی۔ یہاں تک کہ اس کی کسی بھی نقل وحرکت پر کوئی قیاس آرائی تک بھی نہیں کرسکتا۔ یہ منزل دو چار ماہ کی نہیں، سالوں کی ہوتی ہے۔ اس منزل کی اعلیٰ وارفع نعمت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جمال ہے جو اسے ہر وقت حاصل ہوتا ہے۔ اس منزل کے کسی بھی حال کو اکتسابی علم کا عالم کبھی بیان نہیں کرسکتا۔

وَ مَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۶۷ حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ پر یہ منزل پوری طرح وارد ہوئی اور جس وضاحت سے انہوں نے اس منزل کو بیان کیا ہے اور کسی نے نہیں کیا۔ یہ منزل وجود پر وارد ہوتی ہے، فہم میں آسکتی ہے، بیان نہیں کی جاسکتی۔ جیسے پھول کی خوشبو سونگھی جاسکتی ہے، دیکھی نہیں جاسکتی یا جیسے بعض لذتیں ایسی ہوتی ہیں جو محسوس کی جاسکتی ہیں، بیان نہیں کی جاسکتیں۔ اس منزل کے کسی حامل نے کبھی بھی

marfat.com
Marfat.com

اور کسی دور میں بھی یہ نہیں کہا کہ ہر شے اللہ ہے بلکہ یہ کہا کہ ہر شے میں اللہ ہے اور یہی اس منزل کا لب لباب ہے۔

برسوں متحیر رہے، جب اللہ کی رحمت ہوئی صحیح وسلامت حیرت کی وادی کو عبور کیا پھر جو کچھ حیرت کی وادی میں ان کے وجود پر وارد ہوا تھا۔

راحت کی وادی میں ان واردات کا مشاہدہ کیا جسے اصطلاح میں وحدت الشہود کہتے ہیں۔

توحید کا حقیقی مفہوم ہی یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی اور موجود ہی نہیں، ہر موجود کا وجود اللہ ہی سے زندہ وقائم ہے، کسی کو کسی پہ کسی قسم کی کوئی قدرت وتصرف نہیں مگر اللہ کے حکم سے، ہر شے میں اللہ ہے۔ اور ہر شے ہر حال میں مجبور ومحکوم اور معذور ومقدور ہے۔ ہر شے اللہ ہی کے نور سے قائم اور موجود ہے۔ کائنات کی ہر شے میں اللہ (کا نور) ہے۔ اور کوئی بھی شے اللہ (کے نور) سے خالی نہیں۔ موجودات کی ہر شے کا موجود ہونا اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ کا نور ہر شے میں ایسے پوشیدہ ہے جیسے کہ گنے میں گڑ۔

جیسے پہلے بھی ہم بار بار دہرایا کرتے ہیں کہ موجودات کی ہر شے میں اللہ کا نور جلوہ گر ہے جو نور گلاب کے اس مہکتے ہوئے پھول میں پایا جاتا ہے وہی اس گھاس کے سوکھے ہوئے تنکے میں بھی ہے۔ آپ یوں سمجھیں۔

کل کائنات ارادت ازلی ہی کی ایک تفسیر ہے۔

کسی بھی شے کا اپنا کوئی وجود نہیں، جیسے اللہ نے بنائی، بن گئی، جیسے چاہا، کرنے لگی۔ زمانے کے نشیب وفراز، زیر وبم، ردوبدل، سب اللہ ہی کی طرف سے ہیں۔ یہاں تک کہ ہر حکم میرے اللہ ہی کا حکم اور حکمت پہ مبنی ہوتا ہے جو کچھ بھی اور جیسے بھی آج اس دنیا میں ہو رہا ہے۔ اللہ ہی کے ارادے، مرضی اور حکم سے ہو رہا ہے اور اسی طرح ہو رہا ہے جیسے کے ہونا چاہئے اگر ہر کسی کی اپنی اپنی مرضی ہوتی، کائنات کا نظام درہم برہم ہو جاتا۔ حال یہ ہے کہ ہر شے حیوانات ہو یا نباتات، معدنیات ہو یا جمادات، اللہ ہی کے قبضہ قدرت میں محکوم ہے اور اس حد تک محکوم ہے کہ کوئی بھی ذرہ بدوں ارادت الٰہی اپنی جگہ سے سرک کر دوسری جگہ نہیں جا سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۶۶۸ اللہ نے دن کو کام کے لئے اور رات کو آرام کے لئے بنایا ہے تا کہ دن کے تھکے ماندے رات کو آرام کریں۔

اگر رات نہ ہوتی تو لوگ کام ہی میں لگے رہتے۔ کبھی آرام نہ کرتے۔ رات کی تاریکی آدمی کو مجبور کر دیتی ہے کہ وہ کام چھوڑ کر آرام کرے۔ رات کا جاگنا، ہر کسی کا کام نہیں۔ رات کو جو جاگا مجبوری ہی کی بنا پر جاگا۔

بیمار پر بیماری کا غلبہ ہوتا ہے سو نہیں سکتا۔

بیمار کا تیماردار بھی جاگنے پہ مجبور ہوتا ہے۔

جتنی تکلیف بیمار کو ہوتی ہے، اس سے زیادہ تیماردار کو ہوتی ہے اگر بیمار اپنی بیماری کو اللہ کی طرف سے تحفہ سمجھ کر اور یہ سمجھ کر کہ یہ بیماری اسے گناہوں سے ایسا پاک کرنے والی ہے جیسے کہ بھٹی لوہے کو، اللہ کا شکر کرے تو اللہ کی رحمت برسے مثلاً یوں کہے کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (رَبِّ الْعَالَمِیْنَ) عَلٰی کُلِّ حَالٍ

اسی طرح تیماردار اللہ کی بیمار مخلوق کی خدمت کو نعمت سمجھ کر جاگے تو یہ جاگنا اللہ کی اعلیٰ درجے کی عبادت میں شامل ہوگا۔

تاجر حلال روزی کمانے کے لئے جاگتا ہے۔

کاشتکار اپنے کھیتوں کی آبپاشی کے لئے جاگتا ہے یا اپنی فصل کو جنگلی جانوروں سے بچانے کے لئے۔

یہ سب قسم کے جاگنے والے روز نہیں جاگتے، مجبور ہو کر جاگتے ہیں۔

اب بندہ آپ کو جاگنے کی ایک مثال پیش کرے گا۔

## واقعہ

یہ واقعہ طریقت کی کتاب میں ایک اہم مقام رکھتا ہے۔

سوہنی ایک کمہار کی لڑکی تھی، مہینوال کی ملاقات کے لئے رات کو جاگتی، گھڑے پر تیرتی ہوئی دریائے چناب کو پار کر کے اپنے محبوب سے ملتی اور رات ہی کی تاریکی میں واپس لوٹ آتی۔ یہ اس کا روز کا معمول تھا۔ ایک دن اس کی نند کو پتہ چلا کہ وہ رات کو گھر پر نہیں ہوتی، اس کا تعاقب کیا

marfat.com
Marfat.com

اور سارا ماجرا آنکھوں سے دیکھا۔ دوسرے دن وہ دریا کے بیلے میں گئی اور اس کے پکے گھڑے کی بجائے مٹی کا کچا گھڑا رکھ آئی۔ سوہنی جب حسب معمول دریا عبور کرنے کے لئے آئی تو دریا میں طغیانی آئی ہوئی تھی اور جب گھڑے کو اٹھایا تو دیکھا کہ وہ کچا تھا۔

گھڑے نے کہا:

''میں کچا ہوں، میں نے عشق کی آوی میں جل کر پکنے کی منزل طے نہیں کی۔ میں طغیانی کی تاب نہ لاسکوں گا۔''

سوہنی نے ایک نہ مانی، بسم اللہ پڑھ کر گھڑے کو اٹھا لیا۔ بجلی کی کڑک، بادل کی گرج، دریا کی موجوں کا شور، کمہاروں کی ایک لڑکی کے عزم کو پھیر نہ سکے اور جب وہ دریا میں کودنے کے لئے کمر بستہ ہوئی۔

دریا نے کہا کہ

''تو مجھ میں کبھی قدم نہ رکھنا، میری موجوں نے کبھی کسی کو معاف نہیں کیا تو مجھ میں کود کر کبھی جانبر نہیں ہوسکتی۔''

مٹی کے کچے گھڑے نے بھی اپنی بے بسی کا اظہار کیا، بڑی منتیں کیں۔ دریا نے اسے بڑا سمجھایا لیکن اس کے عزم میں کوئی فرق نہ آیا اور اللہ کا نام لے کر اپنے محبوب کو ملنے کی تمنا لے کر دریا میں کود پڑی اور یہ شوق کی انتہا تھی۔

سوہنی کا یہ عزم نادر المثال

اور قیامت تک کے لئے طریقت کے نصاب کا ضروری باب بنا رہے گا۔

اس دنیا میں

کردار کو بقاء حاصل ہے، گفتار کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

چور بھی رات کو جاگتا ہے۔

اگرچہ چور کا جاگنا ہر کسی کے لئے اور اس کی اپنی جان کے لئے بھی عذاب کا موجب ہے لیکن ایک رات جاگنے کا صلہ یہ ہے کہ ایک معمولی سا آدمی جو سارا دن محنت مزدوری کرنے کے بعد بمشکل

marfat.com
Marfat.com

تین یا چار روپے کماتا ہے، ہزاروں کا مال چرالیتا ہے۔ چور نے یہ فیض اگرچہ برا ہے، رات کو جاگنے ہی کی بدولت پایا۔

بندہ گناہگار آپ کو کیا بتائے، رات کو کیا ہوتا ہے؟

مغرب کے بعد ایک دربار لگتا ہے جس میں روئیداد کے کوائف مرتب کئے جاتے ہیں، ایک دربار پرانوار رات کے آخری تیسرے حصے میں آسمان پہ لگتا ہے، جس کی بابت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یوں فرمایا کہ

''اترتا ہے پروردگار برتر روزانہ رات کے وقت دنیا کے آسمان پر جبکہ باقی رہتی ہے آخری تہائی رات اور فرماتا ہے کون ہے جو مجھ سے مانگے تا کہ میں اس کے سوال کو پورا کروں، کون ہے جو مغفرت چاہے مجھ سے اور بخش دوں میں اس کو۔'' (بخاری و مسلم)

اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ

''پھر اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کھولتا ہے اپنے لطف اور رحمت کے ہاتھوں کو اور کہتا ہے کہ کون ہے جو قرض دے ایسی ذات کو جو نہ تو فقیر ہے اور نہ ظالم اور صبح تک اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام یہی فرماتا رہتا ہے۔'' (مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۱۱۴۴)

اللہ بندے کو بلاوے اور بندہ سوتا رہے۔

اللہ پکارے کہ

میرے بندے آ، مجھ سے اپنی حاجت مانگ، میں بادشاہوں کا بادشاہ ہوں۔ میرے خزانے بھرپور اور میرے ہاں کسی بھی چیز کی کوئی کمی نہیں، مجھ سے جو چاہے مانگ، میں تجھ کو دوں گا، اپنا سوال کر، میں پورا کروں گا اگرچہ تو ساری دنیا کی ساری چیزیں بھی مانگ لے، تجھے دینے کے بعد میرے کسی بھی خزانے میں کوئی کمی نہیں آتی۔

اسی طرح اگر ساری دنیا بیک وقت جو بھی چاہے مانگے اور میں ہر کسی کو اس کے سوال کے مطابق ہر شے دوں، میرے خزانے جوں کے توں رہیں۔

یہ سن کر بندہ پھر بھی محوِ خواب رہے، نبدے کی بندگی پر افسوس نہیں تو اور کیا ہے؟

اللہ بندے کو پکارے، ایک دو بار نہیں رات بھر پکارے اور بندہ اپنے رب ذوالجلال والاکرام کی

marfat.com
Marfat.com

کسی بھی پکار کا کوئی جواب نہ دے، بدستور سوتا رہے۔ مالک اپنے غلام کو پکار رہا ہے کہ آ اور جو چاہے مجھ سے مانگ، غلام اتنا لاپرواہ ہے کہ مالک کی کسی بھی پکار کو بالکل نہیں سنتا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں؟

اللہ کریم ہے اور اللہ کا بلانا ہر بندے کو بلانا ہے۔ کوئی خاص بندہ مراد نہیں اگر آپکے دل میں اللہ کی محبت ہے جیسے کہ آپ کہا کرتے ہیں۔

لَا مَطْلُوْبٌ اِلَّا هُوْ، لَا مَقْصُوْدٌ اِلَّا هُوْ، لَا مَوْجُوْدٌ اِلَّا هُوْ

پھر تو یہ معاملہ اور بھی افسوسناک ہے اور اوپر والا قصہ اس پر پوری طرح لاگو ہے۔

مالک و محبوب بلائے اور محب سوتا ہو، مالک و محبوب اپنی آمد کی خبر دے کہ میں فلاں وقت ملوں گا، محب اس کی محبت کا دعویدار ہو اور حاضری کی پرواہ تک نہ کرے۔

ہم سے تو سوہنی اچھی رہی جو ایک آدمی کی محبت میں محو ہو کر دریا میں کود پڑی۔

ہماری محبت کا دعویٰ زبانی ہے۔

ہمیں نیند سے محبت ہے اللہ سے نہیں، اگر اللہ سے محبت ہوتی تو شوق مجبور کرتا اور ضرور کرتا اور ہم اپنے مالک و محبوب کے استقبال کے لئے پوری طرح تیار ہوتے، غسل کرتے کپڑے بدلتے، عطر لگاتے اور کیا کیا انداز اختیار کرتے۔

لیکن یہ سب کچھ نیند ہی کی بھینٹ چڑھا اور ساری رات سوتے ہی گزار دی تو کسی دن بھی حاضر نہ ہوا، کسی دن تو ہوتا۔

تیرا رب بڑا ہی قدردان ہے، ذرا سی بات پر خوش ہو جاتا ہے۔ اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے اگر تو روز حاضر ہوتا تیری دلجوئی ہوتی اور تمہیں پوچھا جاتا، تم کون ہو؟ کہاں سے آئے ہو؟ کیوں آئے ہو؟ تمہیں کس نے بھیجا؟ کس نے یہاں بلوایا؟

اور تو جواب میں کہتا کہ

میں تیرا ایک بدکار بندہ ہوں، میں تجھ کو راضی کرنے آیا ہوں، سجدہ کرنے آیا ہوں اور جس طرح بھی تو مانے، منانے آیا ہوں، یہاں رہنے آیا ہوں اور جس حال میں بھی تو رکھے راضی رہنے کا اقرار کر کے آیا ہوں۔ اعتراض کو جلا کر، تدبیر کو مٹا کر آیا ہوں۔ دین، دنیا اور آخرت کی کسی بھی

marfat.com
Marfat.com

خواہش کوساتھ نہیں لایا۔ ہرخواہش کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہہ کرآیا ہوں۔ ہستی کی ایک ایک چیز کو مٹا کراورلٹا کرآیا ہوں، ہستی کی بستی سے ہجرت کرکے آیا ہوں اور تیرے در پرآیا ہوں، گمانوں کا ایک لشکرساتھ لایا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

یااللہ! تو میرا رب بڑی ہی شان والا ہے، میں تیرے ہی در کا فقیراور تیری ہی رحمت کا امیدوار ہوں۔

پھر کہتا

یا اللہ! تیرے لطف وکرم سے تیرے اس فقیر کو اعلیٰ درجے کا ایمان، اعلیٰ درجے کا توکل، اعلیٰ درجے کی حیاء، اعلیٰ درجے کا اخلاق اوراعلیٰ درجے کی استقامت عنایت ہو، آمین۔

یااللہ! میرا تیری دنیا میں جینا تیرے ہی لئے ہواور تیری ہی راہ میں تیرا یہ فقیر موت سے ہمکنار ہو۔ آمین۔

تیرے اس فقیر کی جان تیرے لئے نکلے، تیری راہ میں نکلے، تیرے اس فقیر کی کوئی بھی طلب وتمنا نہیں کوئی بھی نہیں مگر یہ اورصرف یہ کہ تیرے لطف وکرم سے تیرے اس فقیر کو تیرے ذکرواطاعت کی توفیق عنایت ہوآمین۔

یہ کہہ کر چپ ہوجاتا، سرکوسجدہ میں رکھ کرسرفراز ہوجاتا۔

پھراس نے تعجب سے کہا کہ تو اتنا بڑا رب، تیرا اتنا بڑا دربار اوراتنی بڑی دنیا میں سے کوئی بھی حاضر نہیں۔ اللہ سے کبھی کسی نے کچھ نہیں مانگا۔ اللہ جب بلاتا ہے کوئی سائل حاضر نہیں ہوتا، دربار جب اٹھ جاتا ہے پھر سوئے اٹھتے ہیں۔ بڑی مشکل سے اگر کسی کی قسمت میں فجر کی نماز ہوتی ہے، پڑھتے ہیں۔ دن کی ابتداء تسبیح وتحمید کی بجائے بدکلامی، غیبت، کینہ اور دیگر رذائل سے کرتے ہیں۔ پھر جب دن روشن ہوجاتا ہے۔ ہر کسی کے برے ہم نشین بنتے اوردل آزاری کرتے ہیں اگرآپ اللہ کے چاہنے والے ہیں اورآپ کے دل میں اللہ کی محبت ہے جیسے کہ آپ اللہ کی محبت کے دعویدار ہیں، کبھی آپ نے یہ نہیں سوچا کہ محبوب محب کے ہاں آئے اوروہ سوتا ہو، ایسے وقت میں اہل محبت تو کبھی بھی نہیں سوتے۔

marfat.com
Marfat.com

میرے بیٹے! جاگنے کے لئے کبھی قہوہ نہیں پینا، نہ ہی کوئی اور حربہ استعمال کرنا ہے۔ جاگنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کوئی غیر ضروری کلام کبھی نہ کی جائے، فوراً سویا جائے ماشاء اللہ۔ ٹھیک وقت پر آنکھ کھلنے کی امید ہے۔ جو بندہ ساری رات جاگتا ہے، صبح کے وقت اس پر ایک کیف طاری ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے کے قلب کی طرف اپنے کریمانہ انداز میں متوجہ ہوتے ہیں اور اس بندے کی طبعی حالت ایسی ہو جاتی ہے جیسے کہ ساری رات نرم و گرم بستر میں سو کر اٹھنے والے کی ہوتی ہے اور اسے طیب رزق مرحمت کیا جاتا ہے۔ اس کے دل پہ اللہ کی رحمت کا ہاتھ ہوتا ہے، مطمئن ہو جاتا ہے، کبھی نہیں ڈولتا۔ اس پہ اللہ کی رحمت نچھاور کی جاتی ہے اور برکات نازل کی جاتی ہیں۔

اللہ کریم کا اپنے کسی بندے کی طرف متوجہ ہونا اللہ کی بہت بڑی کرم نوازی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۶۶۹ آخری امت کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری حجتہ الوداع کے آخری خطبۂ مبارک کا آخری پیغام اللہ کے دین کی دعوت و تبلیغ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

## بادشاہا

۶۷۰ تیری آزمائش سے غیر مسلم قوموں کو اسلام کے خلاف بڑی بڑی باتیں کرنے کا موقع مل رہا ہے تو ہمیں آزماتا ہے، ہم اس میں پورے نہیں اترتے۔ لوگ ہمارا مذاق اڑاتے ہیں اور ہم شرم کے مارے باہر نہیں نکلتے۔ آج ہماری آزمائش کا نہیں نصرت کا وقت ہے۔ ہم خاک نشینوں کو تو نے کس بات پر اور کیوں آزمانا ہے؟ ہمارے متعلق یہ عرش کے کسی کنگرے پر لکھ لے کہ ہم نے کسی بھی حال میں اور کبھی بھی اس میدان سے لوٹ کر واپس نہیں جانا اور جس بھی حال میں تو رکھے یہیں رہنا ہے اور نہ ہی اس میدان میں کسی کو پیٹھ دکھانی ہے۔ ہم اس میدان کو جیت نہیں سکتے، تیری توفیق و مدد کے بغیر، کوئی بھی جیت نہیں سکتا۔ میدان گرم ہو چکا تو اس میدان میں اپنی رحمت بھیج۔

marfat.com
Marfat.com

پوری رحمت اور برکت بھی۔ آمین، پوری برکت۔ میدان بہت گرم ہو چلا۔
تیری طرف سے تیری مدد کا منتظر ہے۔ تیری مدد کس کے لئے ہے؟ اسلام کے لئے نہیں تو پھر کس کے لئے ہے؟ لوگ تیرے اسلام کا مذاق اڑا رہے ہیں، تیری رحمت کیوں جوش میں نہیں آتی؟ ہم ایک مدت سے تیری فتح و نصرت کی راہیں تاک رہے ہیں اور تیری اس دیر کو، تیری ہی طرف سے ایک حکمت سمجھ کر اپنا دل بہلا رہے ہیں۔ دیر بہت ہو چکی ہے، یہ وقت کی وہ پکار ہے جو فوراً سنی جائے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰهُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ

۶۷۱ جس عمل سے اسلام کو فائدہ نہیں پہنچتا، عامل کو بھی کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷۲ اللہ کا کوئی منکر نہیں، یہاں تک کہ شیطان بھی نہیں۔ ہر منکر اللہ کے دین کا منکر ہے، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منکر ہے۔
اللہ ہمیں اپنے دین اسلام اور اپنے حبیب اقدس حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان و سیرت کو بلند کرنے کے لئے اپنے ملک میں تبلیغ کی توفیق مرحمت فرمائے، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷۳ ہر کسی کا ہر قصور معاف کر دو، کسی سے کوئی انتقام مت لو۔
جو مزا، لذت، مرتبہ معاف کرنے میں ہے، بدلہ لینے میں نہیں۔
کسی کا کسی سے بدلہ لینا کوئی جواں مردی نہیں البتہ درگزر کرنا، معاف کر دینا، صبر کرنا اور کچھ نہ کہنا بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔
اگر کوئی تم سے زیادتی کرے اگرچہ کتنی ہی زیادتی کرے، معاف کر دو، صبر کرو، کچھ نہ کہو۔
بے شک آپ نے بہترین بدلہ لیا۔ یا حی یا قیوم احسان کا بدلہ احسان ہے۔ جس سے بھی کوئی احسان کرو گے، بدلہ پاؤں گے، اللہ رب العالمین نے فرمایا۔

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ط

marfat.com
Marfat.com

کسی کو معاف کر کے تو دیکھو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷۴ مخلوق کی خدمت کر لیکن مخلوق سے خدمت کی امید مت رکھ، یہ بہترین تسخیر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷۵ کرامات کا طالب اللہ کا طالب نہیں ہوتا۔

اللہ کا طالب محض اللہ کا طالب ہوتا ہے، کسی درجہ، منصب اور مقام سے کوئی دلچسپی نہیں رکھا کرتا۔ فقر کی ساری تاریخ میں کبھی کسی طالب نے اپنے شیخ سے اپنے لئے کسی درجہ کی فرمائش نہیں کی، ہمیشہ غلامی کی فرمائش کی۔ یوں کہا کہ

''تیری دید میرا حج اور تیری قربت میری منزل ہے۔''

شیخ کے حضور میں اس طرح حاضر ہوتے جیسے کہ صحابہ کرامؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے تھے۔ اپنے آپ کو شیخ کے حوالے کر کے ہر بات سے دستبردار ہو جاتے۔ شیخ رنگریز ہے، جس رنگ میں چاہتا ہے رنگتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷۶ باغ میں ہر قسم کے پودے ہوتے ہیں، پھلدار بھی اور پھول دار بھی۔ سایہ دار بھی اور کانٹے دار بھی۔ بعض دفعہ آندھی وطوفان سے کئی پودے جڑوں سے اکھڑ جاتے ہیں، کئی ٹوٹ جاتے ہیں لیکن باغ باوجود ایسے حادثات کے ہمیشہ ہرا بھرا رہتا ہے اگر ایک پودا اکھڑتا ہے تو اس کی جگہ اس سے بہتر کئی اور اگ آتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## علم الحدیث رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۶۷۷ اگر کسی خوش نصیب، بالا بخت بندے کو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے خاص لطف وکرم سے اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم الحدیث پہ توفیق اور توفیق پہ استقامت عنایت فرما دے اسے گویا ہر شے عنایت فرما دی، اپنے سارے خزانوں کی کنجیاں بخش دیں، اسے ہر شے دے دی۔ کوئی بھی باقی نہ چھوڑی اور یہ عنایت کی حد ہے۔

marfat.com
Marfat.com

علم الحدیث کے عالم تو ہر جگہ آسانی سے مل سکتے ہیں لیکن عامل کا ملنا اتنا ہی مشکل ہے جتنا کہ بے رتے پھل کا۔

اللہ پاک اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی اتباع کرنے والے گمنام فقیروں کو اپنے پاک پردوں میں ایسے چھپا کر رکھا کرتے ہیں جیسے کہ بادشاہ شاہی خزانے کے بیش قیمت لعلوں کو رکھا کرتے ہیں۔

اے ہم نشین!

ہر شے اس میں ہے اور اسی میں ہے۔ یہ قرآن کریم کی وہ کلید ہے جس کے بغیر کوئی بھی آدمی کبھی قرآن کریم کو پوری طرح نہیں سمجھ سکتا۔ اسی میں جلال ہے، اسی میں جمال ہے، یہی وصال ہے اور یہی کمال، یہی ہوشمندی ہے اور یہی دیوانگی اور یہی فلسفہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۶۷۸ مسلمان کی غیرت کا ساری دنیا میں پہلا نمبر ہے اور کوئی غیر تمند اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھ سکتا، جب تک کہ وہ اپنی توہین اور گراوٹ کا بدلہ نہ چکالے۔ یہ غیرت مند کا عہد ہوتا ہے، دنیا کی تاریخ ہمیشہ عوام ہی نے لکھی اور عوام ہی کے خون سے جغرافیہ کی سرحدیں نقشوں پہ آویزاں ہوئیں۔ جغرافیہ کا متعلّم تاریخ کے متعلّم سے استفسار کرتا ہے کہ اس نقشے کے بننے میں کس کس زمانے کے عوام نے اپنے خون سے اس ملک وقوم کے نقشے کو مزین کیا۔ اس مملکت کی فلک بوس عمارت میں کس زمانے کے لوگوں نے اپنی ہڈیاں اور خون پیش کیا؟

وقت ہمیں پھر پکار رہا ہے کہ ماضی کی کوتاہیوں سے سبق سیکھ اور نئے سرے سے صف بندی کر۔ اپنی کھوئی ہوئی عظمت کو بحال کر، اگر ہم نے آنے والی نسلوں کے جوان ہونے کا انتظار کیا تو یہ داغ کیسے اترے گا؟

یااللہ! ہمیں توفیق بخش، ہمیں ایک مرکز پہ متحد فرما اور ہمیں نتائج کے حاصل کرنے تک جدوجہد کی توفیق بخش۔

ایک مسلمان لڑکی کی غیرت سے متاثر ہو کر اس کی فریادرسی کے لئے اٹھارہ سالہ نوجوان محمد بن قاسم

marfat.com
Marfat.com

آندھی اور طوفان کی طرح سندھ میں آیا اور سارے ہندوستان میں اسلام کی داغ بیل ڈالی، گویا ہند میں اسلام غیرت ہی کی بدولت آیا اور غیرت ہی نے پھیلایا اور غیرت ہی اس کی اب پاسبان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۷۹ دوست کا دوست، دوست اور دشمن دشمن ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۰ جو کام آدمیت کو نفع پہنچانے کے لئے کیا جاتا ہے، کوئی اور غرض و غایت اس میں نہیں ہوتی۔ نیکی ہے۔

کوئی نیکی ایسی اور اتنی بڑی ہوتی ہے کہ تمام بدیوں کو مٹا دیتی ہے، اسی طرح کوئی برائی بھی ایسی بُری ہوتی ہے کہ تمام نیکیوں کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۱ جو بھی چیز اللہ کی راہ میں خرچ کی جاتی ہے اگرچہ ذرہ بھر ہو اس کا اجر دیا جاتا ہے۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے کوئی مال بھی کم نہیں ہوتا، اللہ غنی المغنی، کریم العفو اور خیر النصیر ہے۔ ذرا سی چیز کو قبول فرما کر مال میں برکت بھر دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۲ اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کا ایک مستقل طریق۔

مسجد اللہ کا گھر ہے، جس مسجد میں چاہو

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

کہہ کر داخل ہو جاؤ، نماز کے بعد دو حرفی بات کرو کہ:

''ہم اللہ کے حکم کے ماتحت دین کی چند باتیں جو ہم کو آتی ہیں لوگوں کو سنانے گھر سے نکلے ہیں، ہمیں بولنے کی اجازت دی جائے۔''

اگر اجازت مل جائے الحمدللہ نہ ملے تو صرف ایک بار یہ سوال کریں کہ:

ہمیں صرف یہ بتایا جائے کہ مسجد میں بولنے کی کیوں اجازت نہیں دی گئی؟ یہ اس لئے پوچھتے ہیں کہ پتہ چلے کہ ہم میں کیا کمی ہے؟ جس کے باعث قرآن و سنت کے مطابق بولنے کی اجازت نہیں

marfat.com
Marfat.com

دی گئی۔

پھر اللہ کا نام لے کر اللہ کے گھر سے نکل آؤ، مسجد سے باہر نکل کر یہ دعا کرو۔

یا اللہ! تیرے ہم گناہگار بندے، تیرے اور تیرے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے ماتحت دین اسلام کی تبلیغ کے لئے گھر سے نکلے تھے۔ اب تیرے گھر سے بھی نکال دیئے گئے۔ الحمدللہ، یہ معاملہ ہمارے لئے تو بہت ہی نافع ہے۔ نیکی ہی نیکی ہے اگر تیری راہ میں ہماری کھال بھی اتار دی جائے تو ہمارے لئے نفع ہی نفع ہے۔ ہماری کسی بھی چیز کو نقصان نہیں پہنچتا اور ہماری یہ بہترین تجارت ہے البتہ تیرا اسلام اور تیری دنیائے اسلام ضرور اس اخلاق سے نالاں ہے۔

حرم کا یہ نظام کہیں تیرے نوجوانوں کے دلوں میں دُوری کا بیج نہ بو دے، جب وہ نکلے تو نکالنے والے اپنی کامیابی پر مسکرائے، حالانکہ یہ رونے کا مقام تھا۔ عبرت کا مقام تھا۔ یہ کون سا مسکرانے کا مقام تھا۔ اللہ کے بندوں کو جو اللہ کے لئے اللہ کی راہ میں نکلے تھے، اللہ کے گھر سے نکال دیا گیا۔ کیا یہ ہنسنے کا مقام ہے؟ ہرگز نہیں۔

اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو، اللہ کے گھروں میں سے اللہ کے بندوں کو مت نکالو، اللہ کے ذکر و تبلیغ سے نہ روکو۔ نوجوانوں کو اللہ کے گھر سے ذکر کرنے سے روک دیا گیا۔ اسی پر اکتفا نہیں کیا، ان کو مسجد سے نکل جانے پر مجبور کیا، دور حاضر کا مشتعل گریجوایٹ جس پر کوئی بھی قابو نہیں پا سکتا، اللہ کے لئے اپنے آپ پر قابو پا گیا۔

یا اللہ! اگر تو نے اپنے گھر کے اس نظام کی اصلاح نہ فرمائی تو ڈر ہے کہ کہیں تیرے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملت کے نونہال نوجوانوں کا جذبہ جو ان کے دل میں تیرے دین کو تازہ کرنے کے لئے ٹھاٹھیں مار رہا ہے، نفرت میں تبدیل نہ ہو جائے۔

کہیں تیرے حرم کا یہ اخلاق نوجوانوں کے دلوں کی حرارت کو سرد نہ کر دے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۶۸۳ آزادی کے پہلے ہی جھٹکے نے غلامی کی زنجیروں کو کڑی کڑی کر دیا۔

تن کی قید، اگر من آزاد ہو، کوئی معنی نہیں رکھتی۔

اور من کی قید اگرچہ تن آزاد ہو دوزخ سے بدتر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اے غلام ملک کے باشندو! فدایان حریتِ آزادی کا پہلا دن ہمیشہ زندانوں ہی میں مناتے چلے آئے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۴ اے حسینان جہاں! اسیر زلف کو زنجیر کی حاجت نہیں، تیرا اپنے چاہنے والوں کو پابند زنجیر کرنا بے رحمی نہیں تو کیا ہے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۵ بلالؓ حسن کی زلف کا اسیر تھا، اور ''وہ،، سطوت شاہی کا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۶ ہر شے کی تکمیل ارادت پر مبنی ہوتی ہے، انسان جب کسی کام کا مصمم ارادہ کر لیتا ہے، اللہ اسے پایۂ تکمیل تک پہنچا دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۷ اللہ کے بندے اپنے لئے کوئی کمائی نہیں کیا کرتے اور نہ ہی کمانے کے لئے کوئی کام کیا کرتے ہیں، ہر کام کو اللہ کا کام سمجھ کر اللہ ہی کے لئے کیا کرتے ہیں، کسی سے بھی کوئی اجرت یا معاوضہ نہیں لیتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۸ دنیا میں کسی بھی چیز کے کبھی مالک نہیں بنتے۔ ہر چیز جو بھی اللہ نے انہیں استعمال کے لئے دی ہوتی ہے، اللہ ہی کی ملک و میراث سمجھتے ہوئے اپنے استعمال میں لاتے ہیں لیکن کسی بھی چیز کی ملکیت کا دعویٰ نہیں رکھتے۔ ہر مال کو اللہ کا مال اور ہر مِلک کو اللہ کی مِلک سمجھ کر، ہر مال و مِلک سے دستبردار رہتے ہیں جو مال بھی ان کے پاس ہوتا ہے، ہاتھ کی ہتھیلی پر ہوتا ہے۔ دل میں نہیں ہوتا۔ دل کو ہر وقت ہر شے سے پاک وصاف رکھتے ہیں اور اسی نسبت سے لوگ انہیں صوفی کہتے ہیں۔
دل کے حجرے کو اللہ کے لئے خالی رکھتے ہیں، اپنے نفس سے ہر وقت آگاہ رہتے ہیں، اس کی کسی بھی غیر مستقیم خواہش کو ابھرنے نہیں دیتے، ذلیل اور قابو میں رکھتے ہیں۔
آپ کو ایک اللہ کے بندے کا قصہ سنائیں۔

marfat.com
Marfat.com

ایک آدمی نے اپنے شیخ سے فرمائش کی کہ مجھے کسی اللہ کے مقبول بندے کی زیارت کرائیں، انہوں نے ان کی نشاندہی کی۔ اس نے دیکھا کہ وہ ایک بازار میں لکڑیاں سر پر اٹھائے بیچنے کے لیے جارہا ہے، پولیس کے ایک سپاہی نے آواز دی یہ گٹھا کتنے پیسوں میں بیچے گا۔ اس نے کہا تین آنے میں۔ اس پر اس نے ان کے ایک چابک مارا اور کہا کہ ڈیڑھ آنے لے اور یہ گٹھا مجھ کو دے۔ انہیں مجبوراً وہ گٹھا ڈیڑھ آنے میں دینا پڑا پھر وہ اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئے۔ اس شخص نے ان کا تعاقب کیا۔ محترمہ بیوی صاحبہ نے پوچھا کہ کتنے پیسے لائے ہو؟ کہا ڈیڑھ آنا، اس پر وہ بہت ناراض ہوئیں، انہیں برا بھلا کہا اور کہا کہ تجھے تو تین آنے میں بیچنے کو کہہ کر بھیجا تھا۔ ڈیڑھ آنے میں کیوں بیچا؟ زائر نے ان سے پوچھا کہ آپ اتنے بلند پایہ انسان ہیں، آپ سے ایسا سلوک کیوں؟

جواب دیا۔

یہ میری بیوی ہے، میری خدمت کرتی ہے، میری لئے کھانا پکاتی ہے۔ اس کا مجھ پر حق ہے۔ جب میں باہر جاتا ہے، اس سے پوچھ کر جاتا ہوں۔ جتنے پیسے مجھے کہتی ہے لے کر آتا ہوں، جس دن اتنے نہیں لاتا، اسی طرح ہوتا ہے۔ مجھے اس کا یہ سلوک اس لئے برا نہیں لگتا کہ اس نے مجھ کو اللہ کے کاموں کے لئے پوری طرح فارغ کیا ہوا ہے۔ میرے کسی اور کام میں کبھی مخل نہیں ہوتی، میں اس کا احسان مند ہوں لہٰذا ایسی معمولی باتوں کو کیوں کر خاطر میں لاسکتا ہوں۔

ہمارے پاس قال ہے، ان کے پاس حال تھا۔ وہ کرتے تھے، کہتے نہ تھے۔ ہم کہتے ہیں، کرتے نہیں۔

ہمارا حال ان سے کہیں مختلف ہے، ہمارے پاس اسلاف کی سی کوئی بھی عادت نہیں اور نہ ہی کوئی کردار ہے۔ اس صورت میں کسی کے بھی مقام کو کیا بقاء حاصل ہوسکتی ہے اور کب تک ہوسکتی ہے؟ ہمارا یہ حال اللہ کی رحمت ہی کا منتظر ہے، اللہ ہمیں علم پر عمل اور عمل پر استقامت عنایت فرمائے۔ آمین

ورنہ یہ لرزتی ہوئی دیواریں کیوں کر ہمیشہ قائم رہ سکتی ہیں؟

و ما علینا آلا البلاغ

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۸۹ نظم و تنظیم یہ ہے کہ ہر شے کے لئے جگہ متعین ہو اور ہر شے اپنی جگہ پر ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۰ جس کام میں خلوص ہوتا ہے، وہ کبھی ناکام نہیں ہوتا، اخلاص کے معنی ہر قسم کی آلائش سے پاک کرنا ہیں۔ ناکامی جو ایک آلائش ہے، خلوص کے سامنے کافور ہو جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۱ سنجیدگی ادب کا حصار ہے جو اسے کبھی حد سے تجاوز کرنے نہیں دیتی اور بے تکلفی ادب کی تمام حدیں توڑ دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۲ نفس تیرا حاکم نہیں محکوم ہے، اپنے نفس کو زیر دست اور قابو میں رکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۳ ہر بندے کا دل ہر وقت کسی نہ کسی واردات کا مرکز بنا رہتا ہے۔ شیطان دل کے قریب اپنا مورچہ بنائے بیٹھا رہتا ہے۔ اس کی صرف ایک ہی منزل مقصود ہے کہ بندے کو اللہ کی نافرمانی پر آمادہ کرے اور اس کے لئے وہ اپنی پوری کوشش ہمیشہ جاری رکھتا ہے۔ بندے اس سے غافل ہوتے ہیں لیکن یہ کسی بھی وقت کسی بھی بندے سے کبھی غافل نہیں ہوتا۔ ہر وقت ہر بندے کی تاک میں رہتا ہے اور گھات میں رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۴ نفس شیطان سے قریب تر ہے۔

ہر نفس

لذت کا طالب ہے۔

راحت کا طالب ہے

زینت کا طالب ہے۔

شہرت کا طالب ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ہروقت، ہرحال میں، کسی نہ کسی خواہش کی فرمائش کرتا رہتا ہے۔دل کو مجبور کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ جیسے وہ چاہتا ہے منوا ہی لیتا ہے۔جب تک اپنی خواہش پوری نہیں کروالیتا، اصرار کرتا رہتا ہے۔

دل کے ایک طرف فرشتہ رہتا ہے جو بندے کو اللہ کی اطاعت کی طرف بلاتا ہے، ہر معاملہ میں اللہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔دعا کرتا ہے، تلقین کرتا ہے، شیطان کے شر سے بچاتا ہے، کبھی گرنے نہیں دیتا۔ڈگمگانے لگتا ہے، تھام لیتا ہے گویا سینے کا سکینہ ہے۔

صاحب دل کا دل، اللہ کی تجلیات کا مرکز ہوتا ہے اور کوئی دل کسی وقت بھی تجلی سے کبھی خالی نہیں رہتا۔

تجلیات کی دو ہی قسمیں ہیں۔

ایک جلالی اور دوسری جمالی۔

اور یہ ہمیشہ ایک سی نہیں رہتیں۔بعض دفعہ ایک ہی دن میں کئی کئی بار بدلا کرتی ہیں۔اس وقت وہ بندہ گویا اللہ کے حضور میں حاضر ہوتا ہے۔شیطان اس کے قریب نہیں آسکتا، اس پر اس کا کوئی داؤ نہیں چل سکتا پھر بھی تاک میں ضرور رہتا ہے کہ جونہی اسے ذرا سا موقع ملے اپنا کام کر جائے۔ نفس اللہ کی تجلیات کی تاب نہیں لاسکتا، لاغر ہوجاتا ہے، ناامید ہوجاتا ہے جب اسے حق الیقین ہو جاتا ہے کہ اب اس کی کوئی خواہش پوری نہیں ہوسکتی، ہتھیار پھینک دیتا ہے۔مجبور ہوکر دونوں ہاتھ کھڑے کر دیتا ہے۔روح سے اتحاد و اتصال وارتباط کر لیتا ہے حتیٰ کہ اس کی کوئی بھی خواہش باقی نہیں رہتی۔طلب وتمنا سے کلیتاً پاک ہوجاتا ہے اور یہ انسانیت کا بہت اونچا مقام ہے گویا ہر حال میں اللہ کی رضا پر راضی اور مطمئن ہوجاتا ہے ورنہ کسی اور طرح کوئی نفس کبھی مطمئن نہیں ہوسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۵ جلال وجبروت، دبدبہ شاہی کی یہ تجلی حکمت الٰہی پہ مبنی ہوتی ہے۔

بندہ بیچارہ نہ اس حکمت کو سمجھ سکتا ہے اور نہ ہی اس کی تاب لاسکتا ہے اور بندہ کے ننھے سے دل میں جب عرش عظیم کا رب جلوہ نمائی کرتا ہے، اللہ اللہ! بندہ سلطانی دبدبے کی ہرگز تاب نہیں لاسکتا، تھر تھر کانپنے لگ جاتا ہے۔پانی پانی ہوجاتا ہے۔خوف کے مارے دم خشک ہوجاتا ہے، دل گھٹنے لگتا ہے۔کھڑے رہنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

marfat.com
Marfat.com

اور یہ خوف ادب کے تحت ہوتا ہے رعب کے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۶ علم الحدیث رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حدیث:

اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلام الستی سبق اور دیوانوں کا سرمایہ حیات ہے، اس کا چھن جانا یا لٹ جانا تو موت کے مترادف ہے ہی، اس کا کم ہو جانا بھی موت سے کم نہیں۔ سنت کا مدار حدیث پر ہے، گویا حدیث سنت کی اُم ہے۔

ایک سنت ایک نعمت ہے اور یہ نعمت ساری دنیا کی نعمتوں سے کہیں بھاری ہوتی ہے۔ دنیا کی کوئی بھی نعمت سنت کی کسی بھی نعمت کی برابری نہیں کرسکتی، کبھی نہیں کرسکتی۔

اولیائے عظام کا مجاہدہ ومشاہدہ اگرچہ کتنا ہی بلند کیوں نہ ہو، ایک چھوٹی سی بھی سنت کی برابری نہیں کرسکتا۔ مقام ومقبولیت میں جو درجہ سنت کی اتباع کو حاصل ہے، کسی اور کو نہیں، بالکل نہیں ہرگز نہیں۔

بلالؓ کا سوز اور اویسؓ کی محبت سنت ہی کے اتباع کے نور کی برکت سے تھی، سنت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقیقت سادگی ومساوات ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۷ محبت کے پھول آنکھوں کے گملوں میں پرورش پاتے ہیں جو پلکوں کی حفاظت میں سینچے جاتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۶۹۸ اسلام حق ہے اور حق:

مٹنے کے لئے نہیں مٹانے کے لئے آیا ہے۔
دبنے کے لئے نہیں دبانے کے لئے آیا ہے۔
گرنے کے لئے نہیں گرانے کے لئے آیا ہے۔

وما علینا الا البلاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۶۹۹ جب تک سارنگی کی ساری تاریں پوری طرح کسی نہیں جاتیں، کوئی راگ کبھی نہیں نکل سکتا۔ یہی حال بندے کے من کا ہے۔ جب تک کسی کا تن من مالک کی مرضی کے مطابق منظوم نہیں ہوتا، کوئی سالک کبھی کسی منزل پر نہیں پہنچ سکتا اور نہ ہی کسی کی کوئی جدوجہد کوئی رنگ لاسکتی ہے۔

خواجہ معین الدینؒ والحق جب منظم ہوئے، تیز گام سے بھی تیز مدینہ سے اجمیر پہنچے۔ آپ کی راہ میں کوئی پہاڑ، کوئی سمندر اور کوئی بیابان و ریگستان حائل نہ ہوسکا، ہرگز نہ ہوسکا۔ اور ہم ہر وقت سواری کے محتاج ہیں، ایک قدم چلنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ اسی طرح حضرت مخدوم صاحب صابر کلیریؒ نے

بارہ سال اپنے ماموں

حضرت فریدالدین مسعودؒ صاحب کا لنگر تقسیم کیا، مہمانوں کو کھلایا لیکن خود کچھ نہ کھایا۔ ایک مدت گولڑ کی شاخ کوتھامے استغراق کے عالم میں کھڑے رہے، ہمارا وقت یونہی گزرا اور فضول گزرا۔ اس حال میں جینا کوئی جینا نہیں اور نہ ہی اس حال میں مرنا کوئی مرنا ہے۔ اللہ اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے ہماری کمی دور فرمائے اور پوری فرمائے اور ہمیں قابل رشک زندگی مرحمت فرمائے۔ آمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۰ اس مقام پر یہ دعا پوری طرح لاگو ہے اسے کثرت سے پڑھیں اور خوب پڑھ کر اس دعا کے فضائل و برکات سے متفیض ہوں۔

دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَ اجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ ط اٰمِیْن۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ہدایت بخش اور مجھے عافیت سے رکھ اور مجھے روزی عنایت فرما اور میری کمی کو دور کر اور میرا رتبہ و نصیب بلند فرما، آمین۔ یا حی یا قیوم گویا دین و دنیا کی ساری چیزیں مانگ لیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۰۱ گیدڑ کی بزدلی دنیا بھر میں مشہور ہے لیکن اپنے بچوں کی حفاظت کے لئے ایک گیدڑی شیر کی سی جرأت رکھا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۲ کیا یہ مسلمان کے لئے غیرت کا مقام نہیں کہ اَلْمُنْجَدُ، مِفْتَاحِ کَنُوْز السُّنة نَجُوْم الفُرْقَان فِیْ اَطْرَافِ القُرْآن وغیرہ جیسی تحقیقی کتب کے مرتب جرمن وانگریز ہیں اور ہمارا سارا وقت ابحاث ہی میں ضائع ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۳ اگر ہم دین کے علم کو ہر علم سے افضل اور کافی سمجھتے تو اپنے ہونہار نونہالوں کو دین کا پورا علم سکھلاتے اور پھر یہ کام جو انگریز نے کیا، وہ کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۴ اگر کسی کو کسی بھی در سے کچھ نہ ملا ہو، ہر در سے خالی پھرا ہوا گرچہ ازلی بدنصیب ہو پھر بھی ناامید نہ ہو، علم الحدیث اکرم الاکرمین کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مائدہ ہے اگر کوئی یہاں دست سوال دراز کرے، اللہ کی رحمت برسے اور یہ کبھی نہیں ہوسکتا کہ کوئی بھی سائل کبھی اس مائدہ سے خالی پھرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۵ ارے او صحرا نورد
اتنی کڑی گرمی تو کیا کرتا پھرتا ہے؟ کسی ایک جگہ چین سے کیوں نہیں بیٹھتا۔
میں صرف یہ دیکھتا پھرتا ہوں کہ شیطان اس جگہ کس انداز میں اور کیا کام کر رہا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۶ دنیا میں کوئی بھی جگہ اور کوئی بھی آدمی ایسا نہیں جو پوری طرح شیطان سے محفوظ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۰۷ تصور محبت کے کمال کا ابتدائی مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۰۸ جب قلب، روح اور نفس تینوں ایک مقام پر متحد ہو کر تصور پیدا کرتے ہیں تو تصور کی تصاویر حقیقت کا جامہ پہن لیتی ہیں۔ چنانچہ اعمال انسانی میں جو خوش رنگیاں اور بے ڈھنگیاں ظہور میں آتی ہیں، وہ ان ہی تینوں عوامل کی متناسب یا غیر متناسب آمیزش کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ مثلاً

(ا) اگر انسان اپنے قلبی واردات کو جو اس آب و رنگ کی دنیا کے مشاہدہ سے پیدا ہوتے ہیں، خواہشات نفس کی عینک سے دیکھتا ہے اور بے ثبات جلوہ آرائیوں سے مسحور ہو جاتا ہے تو روح کے داروغہ ضمیر کے بار بار متنبہ کرنے اور چابک کھانے کے بعد بھی اعمال قبیحہ سرزد ہوتے ہیں، اس وقت روح کمزور ہونے کی وجہ سے نفس اور قلب سے اتحاد کر لیتی ہے۔

(ب) اگر انسان واردات قلبی کو منضبط نفس (یعنی جس نفس کی خواہشات کو ضابطہ کے اندر لایا گیا ہو) کے تحت لا کر روح کے داروغہ کی ہدایات پر عمل کرے تو اعمال صالحہ ظہور میں آتے ہیں، اس وقت بھی روح، قلب اور نفس متحد ہوتے ہیں۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۷۰۹ دنیا کا کوئی لالچ اور کوئی خوف کسی فقیر کو کبھی للچا نہ سکا اور دھمکا نہ سکا جب اس کے حضور میں امارت پیش ہوئی، منہ پھیر لیا اور جب دولت پیش ہوئی، اللہ اللہ اس پر تھوک دیا۔ دنیا کا کوئی منظر اسے کبھی راغب نہ کر سکا، نہ ہی وہ کسی بازار میں بک سکا۔

## سلطان ابراہیم ادھمؒ

ایک لق و دق جنگل میں شکار کے لئے تشریف لے گئے، انہیں ایک پرانا قلعہ نظر آیا۔ آپؒ اس کے اندر داخل ہوئے تو ایک طرف چند اینٹوں کا ایک بے ترتیب سا ڈھیر دیکھا، آپؒ نے ان اینٹوں کو جب اٹھایا تو دیکھا کہ وہاں ایک خزانہ مدفون ہے۔ آپؒ نے سوچا اسے کسی غریب آدمی کو دے دیا جائے۔ آپؒ باہر تشریف لائے تو دیکھا کہ قریب ہی ایک آدمی لکڑیاں اکٹھی کر رہا ہے۔ آپؒ نے اسے آواز دی کہ میرے ساتھ چل، میں تجھے ایک خزانے کا پتہ بتاتا ہوں، اسے اٹھا کر گھر لے جا اور آرام و راحت سے زندگی بسر کر۔

بوڑھے لکڑہارے نے جواب دیا کہ

بادشاہو! اس خزانے کو آپؒ ہی اپنے گھر لے جاؤ، اس کی آپؒ ہی کو ضرورت ہوگی، مجھے اس کی کوئی

marfat.com
Marfat.com

ضرورت نہیں، اسے میں بچپن سے دیکھتا چلا آ رہا ہوں۔
یہ سن کر سلطان ابراہیم ادھمؒ بلخی بڑے ہی نادم ہوئے، شرم کے مارے پانی پانی ہو گئے، آنکھیں نیچی کر لیں، سوچنے لگے کہ
آج ایک لکڑہارا مجھ سے بازی لے گیا، حقیقت میں یہ لکڑہارا بادشاہ اور میں بادشاہ ہوتے ہوئے بھی حرص ہی کا غلام ہوں۔
جوں جوں آپ غور کرتے گئے، اسرار و رموز منکشف ہوتے گئے اور بہت سی سبق آموز اور عبرت انگیز باتیں ظہور پذیر ہوئیں جو بالآخر آپ کے ترک سلطنت کا باعث بنیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## کپاس کا پھول

۷۱۰ جس دن وہ اللہ کا برکت والا نام لے کر اللہ کی راہ میں نکلا، کپاس کے کھیت کے پاس سے گزرا، کپاس میں پھول آئے ہوئے تھے۔ اس نے ایک پھول کو توڑا اور بڑے غور سے دیکھ کر کہنے لگا کہ تیرا رنگ کتنا دلکش ہے لیکن یہ رنگ تجھے پھر نہیں ملنا، اسی طرح شام تک کہتا رہا، شام کو سونگھا تو بُو نہ تھی۔

پھر وہ پھول سے یوں مخاطب ہوا:
''اے پھول! تو شباہت بھی رکھتا ہے، بناوٹ بھی، نزاکت بھی اور سجاوٹ بھی، تجھ میں ہر شے ہے۔ ایک بُو نہیں تو سب کچھ لایا، بُو سے خالی کیوں آیا؟ شاید تجھے یہ معلوم نہ تھا کہ نگارخانہ دہر میں رنگت بلا بُو نا مقبول اور بُو بلا رنگت مقبول ہے۔''
اس پر وہ بہت تلملایا، کہنے لگا۔
کیا تو نے بو کی بے ثباتی پر غور نہیں کیا، مجھے کلیوں کے حال پر رونا آتا ہے۔ کھلتے ہی توڑ کر شہزادی کے حضور پیش کیا گیا، اس نے کسی کو سونگھا، کسی کو بالوں میں سجایا اور کسی کا ہار پہنا اور پھر چند گھنٹوں کے بعد ان سب کو اتار کر پھینک دیا۔ میں نے کلی کی بو کو جب یوں بے آبرو اور پامال ہوتے دیکھا، بو سے بے نیاز ہوا، میں بو نہیں اپنے ساتھ ایک پتی لایا ہوں اور اس ننھی سی پتی میں
بادشاہ کی خلعت، شہزادی کا آنچل، فقیر کی گدڑی، عالم کی قباء، مجاہد کا بکتر اور ہر کسی کا پیراہن ہے۔

marfat.com
Marfat.com

دنیا میں بسنے والا کوئی بھی آدمی میری اس بقچی سے بے نیاز نہیں حالانکہ میں سب سے بے نیاز ہوں، کل عالم انسانیت کا میں ستر پوش ہوں اور وہ میری اس بقچی میں ملبوس ہے۔ کسی بھی وقت مجھ سے مستغنی نہیں۔ مجھے پہنا جاتا ہے، سجایا جاتا ہے اور اپنی عظمت کے اظہار کا ذریعہ بنایا جاتا ہے، جس بو کو تو مقبول کہتا ہے اس بو کو مجھ پر چھڑکا جاتا ہے اور مجھ کو معطر بنایا جاتا ہے۔ میری آغوش میں بقچی تھی اگر بقچی کے ساتھ بو بھی ہوتی، گلچیں میرے بوستان کو لوٹ لیتا اور میں بقچی کو سلامت لے کر منزل تک نہ پہنچتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷ ہر قسم کا مکر و فریب، دھوکہ، دغابازی، ہیرا پھیری، جھوٹ، دوڑ دھوپ یہ سب دو روٹی ہی کے لئے ہے حالانکہ کھانا انسان کا پیدائشی حق ہے۔ کھانا سب کو ملتا ہے، کوئی بھی بھوکا بستر پر نہیں سوتا۔

سادہ روٹی: حلوے پلاؤ سے ہر لحاظ سے اچھی ہوتی ہے، آسانی سے حاصل ہوتی ہے۔ آسانی سے تیار کی جاتی ہے اور آسانی ہی سے ہضم ہو جاتی ہے اور طاقت و قوت کا باعث بنتی ہے۔

روغنی غذائیں: لذیذ تو ہوتی ہیں، مشکل سے ملتی ہیں اور مشکل سے ہضم ہوتی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸ اے مسلمان! اے ملت کے پاسبان!

ملت تیری صداقت و عدالت و شجاعت و شرافت و سخاوت کے جوہر دیکھنے کی طلب گار ہے تو نیکی کے میدان میں آ اور زندگی کا کوئی نمونہ پیش کر، اللہ کا "کن" تیرے ارادے کی تکمیل کے لئے بے قرار ہے۔

کیا تو نے کبھی اس پہ بھی غور کیا کہ تو زمین پہ اللہ کا خلیفہ ہے۔ اللہ کا خلیفہ! اللہ نے تجھے اپنا خلیفہ بنا کر تیرے مقام کو ہر مقام سے بلند فرمایا اور یہ خلافت عنایت کی حد ہے، تجھے اس کی قدر ہی نہیں گویا خبر ہی نہیں۔

آدمؑ تیرا باپ ہی تو تھا، تیرے باپ کو فرشتوں نے سجدہ کیا۔ جبرائیلؑ نے کیا، میکائیلؑ نے کیا، اسرافیلؑ نے کیا، عزرائیلؑ نے کیا، بیٹے کو باپ کی وراثت ملا کرتی ہے، ضرور ملا کرتی ہے، تجھے کیوں نہ ملی؟ تو اپنی میراث کی تلاش کر اور جیسے بھی ہو اسے حاصل کر۔

marfat.com
Marfat.com

تیرا ارادہ اللہ کا ارادہ ہوا کرتا تھا۔

وہ بھی کیا دن تھے جب تیری اپنی کوئی مرضی نہ تھی، اللہ کی مرضی تیری مرضی تھی۔ تیری مرضی اللہ کی مرضی میں مدغم ہوتی تھی اور اللہ کی رضا تجھ پر راضی ہوتی تھی تو نے جب بھی کسی چیز کا ارادہ کیا، پورا کیا۔ کسی بھی ارادے کو ادھورا نہ چھوڑا۔ تیرا ارادہ کبھی نہ ٹلا، کبھی نہ ہلا، کبھی نہ رکا اور کوئی بھی رکاوٹ تیری راہ میں کبھی حائل نہ ہوئی تو جس بھی میدان میں اترا، بازی لے گیا۔ تیرے عزم آہنی کے سامنے یہ پہاڑ، ایک تنکے سے بھی زیادہ وقعت نہ رکھتے۔ کوئی پہاڑ تیری راہ نہ روک سکا، سمندر تیرے عزم کے سامنے ایک چلو بھر پانی سے زیادہ اہمیت نہ رکھتا۔

اے نوجوان مسلم!

جب تک تو دنیا میں اللہ کے لئے رہا، سارا جہان تیرے لئے رہا اور ساری خدائی تیرے لئے رہی اور جب سے تو جہان کا بنا، تیرا کوئی بھی نہ بنا اور کچھ بھی نہ بنا۔ یہی تیری پستی اور یہی تیری ذلت ہے۔ تیری داستان کے بوسیدہ اوراق ملت کے بوستان میں بکھرے پڑے ہیں، ان کو یکجا کر اور پڑھ کہ

اسلام کو جب بھی کسی نے للکارا اور جب بھی اسلام نے تجھ کو پکارا تو مسکرا کر اٹھا، دندنا کر بڑھا اور اغیار پر قہر الٰہی بن کر ٹوٹا۔ اسلام کی خاطر تو سولی پر لٹکا۔ تپتے ہوئے صحراؤں میں تڑپا، انگاروں پر لوٹا، دریاؤں میں کودا، پہاڑوں سے ٹکرایا، مصائب پر مسکرایا، کھال کھنچوائی لیکن اسلام پر آنچ نہ آنے دی۔

آج نہ معلوم کیوں تو ٹس سے مس نہیں ہوتا، آج تو نے خود اپنی جمعیت کے شیرازے بکھیر ڈالے، تیرا خون ملت کی بے آبروئی اور رسوائی پہ کیوں نہیں گرماتا۔ کاش! تجھ میں کوئی بھی بات تو باقی ہوتی۔ جب تک تو اللہ کے لئے رہا، فتح و نصرت تیرے ساتھ رہی اور تیرے ہاتھ رہی تو جہاں بھی جاتا فتح پاتا، کبھی مار نہ کھاتا، کبھی ہار نہ مانتا۔

اللہ کا کن تیرا مشتاق اور تیرے ارادے کی تکمیل کے لئے بے تاب رہتا۔ آخر یہ کن تیرے ہی لئے تو ہے اور تجھے اس کی خبر ہی نہیں۔ تو جس بھی میدان میں اللہ اکبر کہتا، رن کانپ اٹھتا تو کسی بھی میدان میں اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرا، یہی تیری غیرت، یہی تیرا فخر اور یہی تیری مردانگی تھی۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرنا فتویٰ میں شرک اور تقویٰ میں کفر ہے۔
تو کسی سے بھی کوئی امید نہ رکھتا، کسی سے کوئی امید رکھنا اپنے لئے ذلت اور رسوائی کا موجب سمجھتا۔
نوری فرشتے تیرے در کی دربانی کیا کرتے تھے اور آج شیاطین تجھے ڈرا اور دھمکا رہے ہیں، یہ دنیا جو آج تیری امام بنی ہوئی ہے، تیرے غلاموں کی غلام ہوا کرتی تھی۔ یہ عزت کوئی عزت ہے کہ جس پر تو اتراتا نہیں تھکتا، یہ واہ واہ یہ کھانا یہ پینا، ایک دھوکہ ہے، فریب ہے اور اس میں ہر کوئی مبتلا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱۳ چوکیدار کبھی رات کو سویا نہیں کرتا۔
کسی کا کوئی بچاؤ، کسی کو موت سے کبھی بچا نہیں سکتا، موت کا وقت معین ہے، اس سے پہلے کوئی ذی روح کبھی مر نہیں سکتا اگرچہ اسے مارنے پر ساری دنیا آمادہ ہو، جب وہ معین وقت آ جاتا ہے تو اسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔
ہمارے حفاظتی دستے ایمان کی کمزوری کے باعث ہیں ورنہ اگر کوئی کبھی بھی حفاظتی دستہ نہ رکھے تو وہ اپنی موت کے وقت سے پہلے کبھی مر نہیں سکتا اگرچہ دشمن کے شہر میں ہو اور جب اس کی موت کا وقت آ جائے تو بچ نہیں سکتا اور نہ ہی بچایا جا سکتا ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

## عہد فاروقی کا واقعہ ہے

کہ حضرت خالد بن ولیدؓ فتوحات کا پرچم اڑاتے شام کے علاقے میں جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک قلعہ پڑا، جس کے رہنے والے مسلمان افواج کی آمد کا سنکر قلعہ بند ہو چکے تھے۔ مسلمانوں نے محاصرہ کر لیا۔ چند دن اسی طرح گزر گئے۔ اچانک ایک دن قلعہ کا دروازہ کھلا۔ ایک وفد جو راہبوں اور معززین شہر پر مشتمل تھا، نمودار ہوا اور پوچھتا ہوا حضرت خالدؓ کے پاس پہنچا اور صلح کی گفتگو کے ارادے کا اظہار کیا۔ دوران گفتگو ان لوگوں نے بتایا کہ وہ اپنی قوم سے یہ وعدہ کر کے آئے ہیں کہ اگر وہ اپنے مشن میں کامیاب نہ ہوئے تو واپس لوٹنے کی بجائے وہیں خودکشی کر لیں گے اور پھر ایک شیشی دکھائی، جس میں ایک خطرناک قسم کا زہر تھا۔ جونہی حضرت خالدؓ نے ان کا

marfat.com
Marfat.com

ارادہ معلوم کرلیا فرمایا کیا میں یہ شیشی دیکھ سکتا ہوں؟ انہوں نے کہا کہ کیوں نہیں لیکن خیال رہے کہ اس زہر ہلاہل کے چند قطرے ہزاروں انسانوں کی ہلاکت کے لئے کافی ہیں۔

حضرت خالدؓ نے باتوں باتوں میں اس شیشی کا ڈھکنا کھولا اور بسم اللہ پڑھ کر سارا زہر پی گئے۔ اس حیرت انگیز واقعہ پر ان لوگوں کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے اور نہایت بے چینی سے حضرت خالدؓ کی طرف دیکھنے لگے کہ ابھی گر کر اور تڑپ کر جان دے دیں گے مگر حضرت خالدؓ بدستور بڑے اطمینان سے ان لوگوں سے مصروف گفتگو رہے۔

راہب حیرت میں گم تھے، ان کے منہ سے بات تک نہ نکلتی تھی۔ وہ سوچ رہے تھے کہ یہ انسان ہیں یا جن، بالآخر پوچھ ہی لیا۔

یہ زہر ہلاہل آپؓ کے سارے لشکر کے مارنے کو کافی تھا لیکن کیا وجہ ہے کہ آپ پر اس نے کوئی اثر نہیں کیا؟ اور پھر جب آپؓ کو معلوم تھا، آپؓ نے یہ خطرہ مول کیوں لیا؟

حضرت خالدؓ نے فرمایا:

''تمہارے اور ہمارے ایمان میں یہی بنیادی فرق ہے، تم لوگ موت اور زندگی کے حقیقی مفہوم سے نا آشنا ہو، تم اپنی موت کو اس زہر کی شیشی میں سمجھتے تھے لیکن ہمارا ایمان ہے کہ موت وحیات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں ہے، موت کا ایک وقت معین ہے جسے کوئی بڑھا سکتا ہے اور نہ کم کرسکتا ہے۔''

حضرت خالدؓ کے اس زندہ جاوید خطبے نے وہ کام کیا جو پورے لشکر کی تلواریں بھی نہ کرسکتی تھیں، وہ سارے لوگ وہیں مسلمان ہوگئے۔

ایک سپاہی کی ضرب کرتی ہے کار سپاہ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

موت کے آگے ہر قوت وحکمت، ہیچ وبیکار ہے اگر قوت وحکمت کو موت کے معاملہ میں کوئی دخل ہوتا تو بادشاہ اور حکیم کبھی نہ مرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴ ۷ جس طرح معصیت میں ہمارا پہلا نمبر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

صالحیت میں بھی ہو، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱۵ تیرے نور کی لہروں سے تیرے فقیروں کے یہ خاکی وفانی اجسام نوری وباقی ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱۶ سفارش رشوت کی بہن ہے، عدلیہ عدلیہ ہے، کسی کی بھی اور کسی سے بھی سفارش نہیں سنتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱۷ منصف وہ ہے جو انصاف کی جمیع صفات سے متصف ہو، اپنے پرائے میں کوئی تمیز نہ رکھے۔
جب عدل کی کرسی پر بیٹھے، عدل کرے، یگانہ ہو یا بیگانہ، ایک ہی میزان سے تولے۔ جو سفارش سے مجبور کرے، یہ کہے کہ ملک کے وقار کا دارومدار عدلیہ پر اور عدلیہ کا غیر جانبداری پر موقوف ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱۸ اللہ نے پہلے آسمان کو بنایا پھر میزان قائم کی اور حکم دیا کہ اس میزان کو قائم رکھو، ذرا سی بھی کمی نہ کرو پھر زمین بنائی۔

عدلیہ میزان ہے۔
اور کوئی بھی فیصلہ کسی سفارش کے تحت کبھی نہ ہو۔ ہر فیصلہ حقائق کی بناء پہ ہو، اپنا ہو یا بیگانہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۱۹ عدلیہ اپنے پرائے میں کوئی تمیز روا نہیں رکھا کرتی، یہاں تک کہ مومن اور کافر میں بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۰ میزان کے دو پلڑے ہوتے ہیں، دونوں پلڑوں میں انصاف کے باٹ ہوں اور کسی بھی پلڑے میں کسی کی بھی اور کوئی سفارش کبھی نہ رکھی جائے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۱ لوگوں نے حضرت عمرؓ سے شکایت کی کہ
حضرت عباسؓ کے گھر کا پرنالہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں گرتا ہے، جس سے لوگوں پر چھینٹیں پڑتی ہیں۔ اسے اکھڑوا دیا جائے۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت عمرؓ نے ابن عباسؓ سے پوچھے بغیر مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرمت اور لوگوں کی تکلیف کے احساس اور شکایت کی بناء پر پرنالہ اکھڑوا دیا۔ حضرت ابن عباسؓ نے دیکھا تو حضرت عمرؓ سے شکایت کی کہ

''اے عمرؓ! اے امیر المومنینؓ! تجھے معلوم ہے کہ وہ پرنالہ جو تو نے اکھڑوایا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے نصب فرمایا تھا تو نے اسے اکھڑوا کر زیادتی کی ہے۔

یہ سن کر حضرت عمرؓ کانپ اٹھے، زمین پر بیٹھ گئے اور حضرت ابن عباسؓ سے فرمایا کہ:

اے ابن عباسؓ! میرے کندھوں پر چڑھ جاؤ اور اس پرنالہ کو وہیں گاڑ دو جہاں سے اسے اکھیڑا گیا تھا اور ساتھ ہی فرماتے جاتے تھے کہ اتنی اچھی سیڑھی تمہیں مدینہ بھر میں نہیں مل سکتی۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۲ شیر شاہ سوری ہندوستان کا حکمران تھا۔ ایک دن اس کا بیٹا ہاتھی پر سوار بازار میں سے گزر رہا تھا کہ اس کی نظر ایک کوٹھے پر پڑی جہاں ایک عورت غسل کر رہی تھی۔ شہزادے نے ہاتھی کو روکا، شرارت سے اس عورت پر پھول پھینکا اور چل دیا۔

شام کو جب اس عورت کا خاوند جو کہ ایک غریب لکڑہارا تھا، گھر آیا تو بیوی کو مغموم اور مضطرب پایا۔ دریافت کرنے پر اس نے شہزادے کا سارا ماجرا اپنے خاوند کو کہہ سنایا۔ لکڑہارے کا خون کھول اٹھا، اگلی صبح بیوی کو ساتھ لیا اور شیر شاہ سوری کے دربار میں جا پہنچا، شکایت کی اور انصاف چاہا۔ بادشاہ نے فریاد سنی، شہزادے کو طلب کیا، استفسار پر شہزادے نے ندامت سے سر جھکا لیا، گویا یہ جرم کا اعتراف تھا۔

شیر شاہ سوری نے حکم دیا کہ ''شہزادے کی بیگم اسی طرح کوٹھے پر غسل کرے، اس لکڑہارے کو ہاتھی پر سوار کرایا جائے اور یہ اسی طرح شہزادی پر پھول پھینکے۔''

یہ تھا عدل، یہ تھا انصاف۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۳ بندے جب زمین پہ عدل کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ فضل کرتے ہیں۔ اللہ سے فضل مانگ، بندوں

marfat.com
Marfat.com

سے عدل نہ کہ اللہ سے عدل اور بندوں سے فضل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۴ فقر کے دو مقام ہیں نقلی اور اصلی۔
نقلی مقام پہ نقلی احباب اور اصلی مقام پہ اصلی احباب عنایت ہوا کرتے ہیں اور اصلی مقام کی انتہا احدیت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۵ طالب جب مطلوب سے ملا خلوت میں ملا اور تنہا ملا، طالب مطلوب کو مل کر ہی مطلوب کا عارف ہوا، راز و نیاز کی کوئی بات کسی نے کبھی بھی افشا نہ کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۶ طالب و مطلوب کی تمام باتیں دونوں تک ہی محدود ہوتی ہیں، کسی تیسرے کو کوئی خبر نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۷ طالب جب مطلوب کی طلب میں بڑھا، متحیر ہوا، تحیر کی گمراہیوں سے بچ نکلا تو رموز کائنات کا عارف ہوا، مطمئن ہوا اور خاموش ہوا جو وہ دیکھتا ہے اللہ اور بندے کے درمیان ایک راز ہے مقدس راز۔
یہ راز وہ کسے بتائے، کیسے بتائے اور کیا بتائے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۸ کائنات کی ہر شے اور ہر رتبہ، ناپائیدار، فانی اور چند روزہ ہے۔ کسی بھی شے کو بقاء حاصل نہیں، ہر درجہ، ہر منصب، ہر شے عارضی، فانی اور نظر ہی کا فریب ہے۔
ہر شے اللہ کی اور اللہ ہی کے لئے ہے جسے جب چاہتا ہے اور جو چاہتا ہے عنایت کر دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے، چھین لیتا ہے۔
کوئی بندہ کسی بھی شے کا مالک نہیں، نہ ہی کسی شے پر قدرت رکھتا ہے۔ ہر بندہ عاجز و مسکین ضعیف و ناتواں، بے کس و بے بس اور مجبور و محکوم ہے۔ اپنی مرضی سے کچھ بھی کرنے پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا۔ اس کی پیشانی کے بال اللہ کی دو انگلیوں میں مضبوطی سے پکڑے اور جکڑے ہوئے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ بدوں ارادت الٰہی کسی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا، اس کے بس میں کچھ بھی نہیں۔ اپنے آپ ہی بڑا بنا پھرتا ہے، ہے کچھ بھی نہیں۔

ایک بات اور بتادوں!

اس کے پاس ایک قیمتی چیز ہے، وہ اس کا سانس ہے اور اس کی ہر شے اس کی سانس ہی میں پوشیدہ ہے۔

اس سے آگے کی بھی خبر بتادوں!

جس اللہ کی تلاش میں تُو مارا مارا پھرتا ہے، ہم مارے مارے پھرتے ہیں، وہ اس ''سانس'' ہی میں پوشیدہ ہے جس نے بھی اللہ کو پایا، جب بھی پایا اس ''سانس'' ہی کے پردوں میں چھپا ہوا پایا۔ اس سے آگے وہ ملیں نہ ملیں، تلاش میں تیرا پہلا نمبر ہو۔

کبھی یہ نہیں سوچا، سانس ختم، ہر شے ختم۔

سانس بے رنگ ہے، بے بو ہے، جسم نہیں رکھتا، جہت نہیں رکھتا اور یہ یہی صفات اللہ کی صفات ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۲۹ جس گھوڑے کی باگیں کوچوان کے ہاتھوں میں مضبوطی سے تھامی نہیں ہوتیں، سرپٹ نہیں دوڑ سکتا۔ جس گھوڑے کو سرپٹ دوڑتے ہوئے دیکھو سمجھو کہ اس کی باگیں کوچوان نے تھامی ہوئی ہیں، جس گھوڑے کی باگیں ڈھیلی چھوڑ دی جاتی ہیں کبھی دوڑ نہیں سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۳۰ پتنگ ڈور ہی کے سہارے اڑا کرتا ہے، ڈور اگر چھوڑ دی جائے، ہوا کی لہریں اسے ایک لمحہ کی مہلت نہیں دیتیں، ہچکولے کھاتا ہوا گر پڑتا ہے۔ تباہ ہو جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۳۱ سلوک میں ہر حال و مقام کی اصل شریعت ہے۔

طریقت و حقیقت و معرفت اسی کے برگ و بار ہیں اور اس کی پابندی نفس کی عین مخالفت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۳۳۲ مجاہدہ، زہد، ریاضت، شریعت کی پابندی ہی کے مختلف مقام و مدارج ہیں۔
جو شریعت سے آزاد ہوا آوارہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۳ خلفائے راشدین تمام فقر کے مقام کے تاجدار اور امام تھے مگر مولائے علیؑ اور مولائے حسینؑ کو فقر کا بلند اور ارفع مقام حاصل ہے۔ سبحان اللہ مولا حسینؑ نے خنجر تلے نماز ادا کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۴ گھوڑے کی لوگ تعریفیں کرتے نہیں تھکتے، انسانیت کو جو نفع گدھے نے پہنچایا، گھوڑے نے نہیں۔ جو کام گھوڑا کر سکتا ہے، گدھا بھی کر سکتا ہے لیکن جو کام گدھا کر سکتا ہے گھوڑا نہیں کر سکتا اور پھر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام نے گدھے کی سواری پسند فرمائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۳۳۵ جب خیبر فتح ہوا، ایک گدھا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!

میرے جد کی نسل میں اللہ نے ساٹھ گدھے پیدا کئے اور ان میں سے ہر ایک پر اللہ کے کسی نہ کسی رسولؑ نے سواری کی، میری یہ تمنا تھی کہ مجھ پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوں، میرے جد کی نسل میں سے میرے سوا اور سلسلہ انبیاء میں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا کوئی باقی نہیں رہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ پر سواری فرمائیں۔

پھر عرض کی کہ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں ایک یہودی کے پاس تھا اور میں اسے قصداً گرا دیا کرتا تھا اور وہ مجھے بھوکا رکھتا تھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تیرا نام کیا ہے؟

کہنے لگا یزید بن شہاب۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہم تمہارا نام یغفور رکھتے ہیں۔

اس گدھے کا نصیبہ جاگ اٹھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے قبول فرما لیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر کسی کو طلب

marfat.com
Marfat.com

فرمانا چاہتے تو یہ گدھا جا کر اس کا دروازہ کھٹکھٹاتا۔ صاحب خانہ جب باہر آتا تو سر کے اشارے سے بتلاتا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے وصال مبارک کے بعد جدائی کی تاب نہ لا سکا، ایک کنویں میں گر کر مر گیا۔

گدھا جسے ہر کوئی حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے، بڑے کام کا جانور ہے، بڑے ہی کام کا اپنے مالک کا وفادار، محنتی اور جفاکش غلام ہے۔ اس کی اپنی کوئی زندگی نہیں۔ اپنے مالک کی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے شب و روز بار برداری میں مصروف رہتا ہے۔ اس کے آرام کا کوئی وقت نہیں اور نہ ہی کھانے کے لئے کوئی خاص غذا۔

کبھی آپ نے اس پہ غور نہیں کیا کہ ساری دنیا کے گھر گدھے نے بنائے اور گدھے بیچارے کا کوئی گھر نہیں، شہر لاہور میلوں میں بس رہا ہے اور سارے کا سارا گدھے ہی نے بسایا ورنہ اگر یہ نہ ہوتا تو بندوں کو اپنے مکانوں کے لئے اینٹیں اپنے سروں پر اٹھانا پڑتیں۔

اس کی قیمت بہت کم ہے، چند ہفتوں میں اپنی قیمت پوری کر دیتا ہے۔ اللہ اللہ جو کما کر لاتا ہے۔ مالک کے حضور پیش کر دیتا ہے۔ دمڑی بھی اپنے پاس نہیں رکھتا۔ مالک کے گھر کی ہر شے گدھے ہی کی بدولت ہے لیکن مالک اس کا احسان مند نہیں۔ توبہ توبہ، جب مارنے لگتا ہے، چابک نہیں، ڈنڈا استعمال کرتا ہے۔ عموماً کام ختم کر چکنے کے بعد عمدہ چارہ نہیں دیتا، جس کی کمائی سے مالک حلوہ گوشت کھاتا ہے، کمانے والے کو نہیں کھلاتا۔ کام ختم کر چکنے کے بعد اسے روڑی کے ڈھیر پر چھوڑ دیتا ہے۔ گدھا اپنے مالک کی شفقت سے محروم ہے۔ اس نے کبھی اس کی پیٹھ نہیں تھپکی، شاباش نہیں کہا۔ تعریف نہیں کی، دل نہیں بڑھایا مگر اس کے باوجود وہ مالک کی اس بے رخی کو دل میں نہیں لاتا۔

گویا گدھے کو اپنے مقام پہ استقامت حاصل ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۷۳۶ گناہ کی شامت سے بلا اور ذکر کی رحمت سے شفاء نازل ہوتی ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۷۳۷ جہاد میں مجاہد کو اپنا گھر یاد نہیں آتا اور موت سے ڈر نہیں آتا یا جہاد میں مجاہد دو چیزوں سے لاپرواہ

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے۔

گھر سے اور ڈر سے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۳۸ جو بات دل سے نکلا کرتی ہے، دل میں اترا کرتی ہے یا دل سے نکلی ہوئی بات ہی دل میں اترا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۳۹ آدمیت کا احترام آدمیت کی تعظیم ہے، تعظیم جب شرعی حدود سے تجاوز کر جاتی ہے توہین بن جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۰ دین بے دین سے نہیں بے دین کی تعظیم کرنے والے دیندار سے بیزار ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۱ دین کو بے دین سے اتنا نقصان نہیں پہنچتا جتنا کہ بے دین کی تعظیم کرنے والے دیندار سے پہنچا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۲ سجدہ اللہ ہی کے لئے ہے، کسی بھی دوسرے کو ہرگز جائز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۳ اگر بندے کا بندے کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو حسینؑ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو اور حضرت علیؑ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ضرور سجدہ کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۴ اللہ کے بندو!

اللہ سے ڈرو اور سجدہ صرف اللہ ہی کو کرو۔

اللہ کے بندو!

سجدہ اللہ ہی کے لئے ہے، بندوں کو کبھی سجدہ نہ کرو۔

marfat.com

Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۵ اس دنیا میں بڑے بڑے اور بھلے بھلے آئے، جنید جیسے اور شبلی جیسے آئے۔ ہر کسی نے اپنے اللہ کو سجدہ کیا اور کسی نے بھی بندوں سے سجدہ نہیں کروایا، نہ ہی کسی کمال کا کوئی دعویٰ فرمایا۔ مٹی میں مٹی ہو کر رہے اور کسی بھی شکل میں کبھی نمائش نہ کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۶ اپنے آپ کو اللہ کہلانے والے اللہ کے بندے اپنی تخلیق پر غور کر، اللہ نے بندے کو پانی کے ناچیز قطرے سے تخلیق کیا، اعضاء درست فرمائے، عقل بخشی، حسن و جمال بخشا اور سب کچھ بخشا۔ صرف ایک حکم دیا۔
مجھ کو سجدہ کر، میری ذات وصفات میں کسی دوسرے کو شریک نہ کر۔
بندے کے قبضے میں کوئی شے نہیں، بندہ عاجز و مسکین، ضعیف و ناتواں ہے مگر جب اللہ کا بن جاتا ہے، اللہ کے سوا کسی اور طرف کبھی متوجہ نہیں ہوتا اور نہ ہی کبھی کچھ بنتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۷ بندے کا بندے کو سجدہ کرنا ہرگز روا نہیں، سجدہ صرف اللہ ہی کے لئے ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۸ محب کو حبیب کا ذکر محبوب ہوتا ہے۔
محب کا اپنے حبیب کے ذکر کو اپنے ذکر پر ترجیح دینا محبت کا بنیادی اصول ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۴۹ کسی کی صورت اور جمال و کمال کے دل و دماغ میں گھر کر لینے سے جو کیفیت طاری ہوتی ہے، اس کا اصطلاحی نام محبت ہے۔
محب اپنے محبوب کی محبت میں اس قدر محو و منہمک ہوتا ہے کہ اسے اپنے محبوب کے سوا کسی سے بھی کوئی رغبت نہیں رہتی اور جو لذت اسے اپنے محبوب کے خیال و وصال میں حاصل ہوتی ہے، کسی اور شے میں نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۵۰ محبت دل کو بھر دیتی ہے، تل دھرنے کے لئے بھی جگہ باقی نہیں رہنے دیتی لیکن محبت کے سوا ساری دنیا کی چیزیں بھی کسی دل کو کبھی بھر نہیں سکتیں۔ محبت کا جام دل کی پیاس بجھا دیتا ہے۔ دل جب کسی کی محبت کا نیاز مند ہو جاتا ہے ماسوا سے بے نیاز ہو جاتا ہے ورنہ کسی اور طرح دل کی دوڑ کبھی ختم نہیں ہوتی۔ محبت جب دل میں گھر کر لیتی ہے، کسی دوسرے کو اس میں داخل نہیں ہونے دیتی۔
محبت کی غیرت کبھی گوارا نہیں کرتی کہ محبوب کے سوا کوئی اور اس کے گھر میں شریک ہو۔
محبت کی بے قراری دل کو غافل ہونے نہیں دیتی اور سونے نہیں دیتی، یاد کی آگ ہمیشہ سلگتی رہتی ہے اور یہ تپش محبوب کے سوا ہر شے کو جلا کر راکھ بنا دیتی ہے۔
محبت اپنے اصولوں کو کبھی بدلا نہیں کرتی۔
محب جب محبوب کی محبت میں جل کر راکھ بن جاتا ہے، اکسیر بن جاتا ہے۔
دل جب اپنے محبوب کے خیال و وصال میں محو ہو جاتا ہے ماسوا سے بیگانہ و بے خبر ہو جاتا ہے، حقیقت میں یہی بیگانگی یگانگی اور یہی بے خبری ہوشمندی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۱ کائنات کی پیدائش اور پرورش میں حقیقی ہو یا مجازی محبت ہی کارفرما ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۲ محب اپنے محبوب کے قریب تر ہو کر محبت کی بازی جیتنے کے لئے بہت کچھ کیا کرتا ہے۔ یہ ضرور کرتا ہے۔
محب کسی کو بھی اپنے محبوب کا ثانی ہونے کی رقابت کو برداشت نہیں کر سکتا۔
محب کو حبیب کی ہر ادا محبوب ہوتی ہے، اپنے محبوب کی دل پسند ادائیں اپناتا ہے۔ اس کی سی شکل و صورت بنانے کی پوری کوشش کرتا ہے پھر جس طرح بھی وہ راضی ہو، راضی رکھتا ہے اگرچہ اسے سربازار گھنگرو باندھ کرنا چنا پڑے۔
بابا بلھے شاہؒ صاحب شاہ عنایتؒ کے حضور میں بارہ سال ناچے۔
اس کے قلب و نظر میں اسی کا تصور اور اس کے سر میں صرف اسی کا سودا ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۵۳ شب و روز اسی تاک میں رہتا ہے کہ کوئی حکم ملے فوراً پورا کروں، کسی بھی شے کی فرمائش کریں، حاضر کروں اگرچہ آسمان کے ستاروں اور چڑیوں کے دودھ ہی کی فرمائش کیوں نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۴ محبت محبوب کے ادب کی پوری پاسبان ہوتی ہے ذرا سی بے ادبی بھی روا نہیں رکھتی۔
محب اپنے محبوب کا خیر خواہ، خادم اور جانثار ہوتا ہے۔ اوصاف بیان کرتے تھکا نہیں کرتا، جھڑکی، ملامت، بے رخی اور جفاؤں کو تحفہ سمجھ کر راحت حاصل کرتا ہے، کوئی غیر خیال کبھی دل میں نہیں لاتا۔
یہ حال ایک دو دن کا نہیں ابدی ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۵ فراق کے آنسو دل کی کثافت کو دھو کر آئینہ کی طرح شفاف بنا دیتے ہیں۔ فرقت کے لطف انگیز لمحات کا کیا کہنا۔ اس کی رنگ برنگی بے چینیوں سے پیدا شدہ سیل اشک جب دل کی گونا گوں کثافتوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے جاتا ہے تو پھر اس دل سے علم و حکمت اور عشق و رقت کے چشمے ابلا کرتے ہیں اور اللہ کی ہر مخلوق خاکی ہو یا آبی، نوری ہو یا ناری ان چشموں سے فیض یاب ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

پوچھا طور سے میں نے کہ یہ تو بتا
کس کی نور تجلی ہے تو جل گیا
بولا رو کر کہ اتنا بھی سمجھا نہ تو
ہے اسی آگ کی پھر مجھے جستجو

اَللّٰہُ ھُو اَللّٰہُ ھُو اَللّٰہُ ھُو اَللّٰہُ ھُو

الحمدللحی القیوم

۷۵۶ محبت کے تمام واجبات جب پورے ہو جاتے ہیں، اکرم الاکرامین کرم فرماتے ہیں اور اپنی رحیمی کریمی کے صدقے محب کی محبت قبول فرما کر محب کو محبوب کے جمال کی سند بخش دیتے ہیں اور یہ عطاء عنایت ہی پر موقوف ہوتی ہے ورنہ کسی اور طرح کوئی جمال جاناں سے مشرف نہیں ہو سکتا اور

marfat.com
Marfat.com

یہ دفترِ عشق کا بنیادی اصول ہے، محب و محبوب اسی قانون کے تحت محبت کی بازی کھیلا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۷ محبوب جب محب کی محبت کی بازی پر غور فرماتا ہے، عش عش کر اٹھتا ہے۔ حجابات اٹھا دیتا ہے، مژدہ جانفزا سناتا ہے۔ اپنے قریب کر لیتا ہے، قریب تر۔ یہاں تک کہ کوئی دوری نہیں رہتی، محبت کا قصہ بھی کبھی کسی نے کسی کو سنایا ہے۔ یہ قصہ سنانے کے لئے نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ نغمہ گانے کے لئے ہوتا ہے۔

محبت کا قصہ دل میں چھپانے کے لئے ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۸ کریم جب اپنے کرم سے محبوب کے دل میں محب کی محبت بھرتے ہیں، کمال کرتے ہیں اور وہی محب جو ہجر کی آگ میں جل رہا تھا، محبوب بن جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۵۹ یوں دعا کیا کرو۔

یا اللہ! تیرے اس بندے کو تیرے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت عنایت ہو، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۰ جذبہ، فرد و ملت کی زندگی کی روحِ رواں ہے جس میدان میں بھی جذبہ بیدار ہوا، فتح و نصرت کے جھنڈے لہرانے لگے۔ پہاڑ تھرتھرانے لگے، ہوائیں موافق چلنے لگیں۔ حالات نے پلٹا کھایا اور میدان مجذوب کے ہاتھ آیا۔

بوڑھے بازی گر نے جب جوان کی ناکامی دیکھی، تلملا اٹھا۔ اسے یہ یاد نہ رہا کہ وہ بوڑھا ہے۔ قلابازی نہیں لگا سکتا، کپڑے سمیٹ کر کود پڑا۔ قلابازی لگائی، گر پڑا پھر لگائی پھر گر پڑا۔ تیسری بار جوش سے اٹھا کہ کسی نے بازو پکڑ لیا کہ تیری ہڈیاں پس چکی ہیں، ان میں اب کوئی طاقت نہیں، تیرا جذبہ قابلِ تحسین و داد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۱ یا اللہ! تیرے لطف و کرم سے تیرے حبیب اقدس و اکمل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو قومی، تعمیری جذبہ

marfat.com
Marfat.com

عنایت ہو اور پھر قوم کو یہ جذبہ مبارک ہو۔

یا حی یا قیوم

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۲ تعصّب اور حسد ایک ہی خصلت کے دو مدارج ہیں۔
تعصّب ذلیل فطرت ہے، متعصّب کے پاس تنقیص کے سوا کچھ اور نہیں ہوتا۔ متعصّب کی تنقیص ضد کی بناء پر ہوتی ہے۔ لاعلمی پر نہیں۔ تنقیص متعصّب و حاسد کی جبلت میں داخل ہوتی ہے اور اس کا مدعا تعمیر حیات نہیں تخریب حیات ہوتا ہے۔ اس کے نزدیک زندگی کا منشور یہ ہوتا ہے کہ جس طرح بھی ہو اور جس پر بھی ہو، کوئی نہ کوئی تنقید ضرور کی جائے۔
اس کے برعکس تحسین مرجھائے ہوئے دلوں کو شاد کر دیتی ہے، گرا ہوا سنبھل جاتا ہے۔
تحسین آدمیت کے احترام کا بلند ترین مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۳ یہ روزے ہم ثواب کی خاطر نہیں بلکہ نفس کو تکلیف دینے کی خاطر رکھتے ہیں، روزے سے کسی بھی شے کو نقصان نہیں پہنچتا، روزے کی تکلیف صرف نفس کو ہوتی ہے اور بندہ اس پر خوش ہوتا ہے۔
نفس کی مخالفت میں روزے کا پہلا نمبر ہے اور نفس کی مخالفت ہی روح کی موافقت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

۷۶۴ اکتسابی علم سے اس علم کو کوئی کیسے سمجھ سکتا ہے؟ حضرت خواجہ باقی باللہ صاحبؒ حضرت بدرالدین احمد مجدد الف ثانیؒ سرہندی کے پیر و پیشوا تھے۔ آپ کو حکم ملا کہ لاہور کے فلاں باغ میں ایک اللہ کا بندہ رہتا ہے، ان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرفان کی تکمیل کریں۔ آپؒ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ ایک عجیب و غریب سیرت و صورت کا آدمی ایک موڑ پہ کھڑا انٹ سنٹ باتیں کر رہا ہے۔ حضرت باقی باللہؒ تعظیم کے لئے آگے بڑھے اور آپؒ سے مصافحہ کرنا چاہا لیکن انہوں نے آپؒ کو گالیاں دینا شروع کر دیں اور شام تک دیتے رہے۔ خواجہ باقی باللہؒ خاموشی سے سب کچھ سنتے رہے، شام کو انہوں نے اسی انداز میں حکم دیا واپس لوٹو۔

marfat.com
Marfat.com

دوسرے دن پھر حاضر ہوئے پھر اسی طرح ہوا۔ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کو دیکھتے ہی وہ ان پر ٹوٹ پڑے اور جو کچھ بھی بول سکتے بولے۔ آپؒ اس سب کو حکمت پر مبنی سمجھ کر خاموش رہے، جب شام ہوئی بپھرے ہوئے انداز میں پھر حضرت خواجہ باقی باللہؒ کی طرف متوجہ ہوئے اور واپسی کا حکم دیا۔

یہ معاملہ انتیس روز اسی طرح پوری آب وتاب سے جاری رہا۔

حضرت جب تیسویں روز اسی طرح ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ہنس پڑے، ان کے صبر وتحمل کی داد دی اور فرمایا کہ

جس فیض کے لئے تمہیں میرے پاس بھیجا گیا ہے، تم اس کے اہل ہو۔

کیا ہم میں سے کوئی ایسی کڑی وطویل آزمائش کی تاب لاسکتا ہے؟ ہرگز نہیں، ہم جس بھی کسی کے پاس جاتے ہیں، اس کی کسی بھی بات کو کبھی برداشت نہیں کرتے، ذرا سی بھی بے رخی پر تلملا اٹھتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۵ جب نفس، قلب، روح ایک مرکز پر مربوط، متحد ومتصل ہو جاتے ہیں، عجیب وغریب احوال و مقامات کا ظہور ہوتا ہے۔

جب نوافل کے فضائل پڑھتا ہے تو ساری عمر نوافل ہی کی کثرت کا عزم کر لیتا ہے۔

آگے چل کر جب قرآن عظیم کے فضائل سنتا ہے عزم کر لیتا ہے کہ ساری عمر قرآن ہی کی تلاوت میں گزارے گا۔

اسی طرح تسبیح وتحمید کے فضائل پر فریفتہ ہو کر لاکھوں بار پڑھنے کا اقرار کر لیتا ہے۔

پھر جب دعوات کے مکتب میں حاضر ہوتا ہے، کہتا ہے ان ساری دعاؤں کو ساری عمر باقاعدگی سے پڑھوں گا۔

درود کے فضائل سے متاثر ہو کر اپنا سارا وقت درود ہی کے لئے وقف کر دیتا ہے۔

یہ سب اس کے دل کی صباحت کا حال ہوتا ہے، اس کی تمنا ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی نیکی سے محروم نہ رہے ورنہ ایک آدمی ایک دن میں اتنی منازل کیوں کر طے کر سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

پھر وہ اللہ سے دعا کرتا ہے کہ یہ سب کچھ ہو اور روز ہو۔
پھر وہ اللہ سے یہ فرمائش کرتا ہے کہ اس کی یہ ایک زبان اتنا کام ہرگز نہیں کر سکتی اگرچہ چوبیس گھنٹے (یعنی چھیاسی ہزار چار سو سیکنڈ) مسلسل ذکر کرے، اسے ایک کی بجائے ستر زبانیں عنایت ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۶ صدقے کی شہرت دینے والے کے اجر کو اور لینے والے کی عزت کو داغ دار کر دیتی ہے۔
صدقہ اعلیٰ درجے کی نیکی ہے اور کوئی بلا کسی صدقے کو اگرچہ وہ چھوٹا سا ہو، کبھی پھلانگ نہیں سکتی۔
پورا اجر مطلوب ہو اس طرح چھپ کر کرو جس طرح کہ بدی کو چھپ کر کرتے ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۷ کاروباری ترقی کے دو ہی اصول ہیں محنت اور دیانت۔
جس نے بھی ترقی کی، ان ہی دو اصولوں پر چل کر کی، انفرادی ہو یا اجتماعی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۸ اللہ کی رضا کو حاصل کرنے کے لئے عبادات محض کافی نہیں، اللہ کی مخلوق کو راضی کرنا ضروری ہے۔
مخلوق میں اول درجہ بیمار و نادار کا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۶۹ اگرچہ کوئی ہوا میں اڑے، پانی پر چلے، ایسے اور بھی خرافات کرے لیکن اس کا ظاہر سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف ہو، دین کی دنیا میں نامقبول ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۰ مجذوب، دیوانے اور بچے کے سوا ہر مرد و عورت پر نماز پنجگانہ فرض ہے، کسی کو بھی اور کبھی معاف نہیں۔ نماز کی تاکید یہاں تک کی گئی ہے کہ بیمار اگر بیٹھنے کی قوت نہیں رکھتا تو لیٹ کر پڑھے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۱ چودہ سو سال کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ تہجد کی نماز کے بغیر کبھی کوئی ولایت کے مرتبے کو نہیں پہنچا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۲ رات کو بہت کچھ ہوتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اعلیٰ درجے کی نیکی اور بدترین بدی، رات ہی میں ہوا کرتی ہے۔ رحمن اپنی رحمت کے خزانے کھولتا ہے، اپنی مخلوق کی طرف متوجہ ہوتا ہے، ہر کسی کو پکارتا ہے کہ
میں تیرا رب ہوں، رب ذوالجلال والاکرام، مجھ سے جو چاہے مانگ، دوں گا۔ میرے ہاں کسی بھی شے کی کوئی کمی نہیں۔
اور شیطان بھی رات ہی کو حملہ آور ہوتا ہے۔
جس نے فجر و مغرب کے بعد یوں کہا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ذِى الشَّانِ عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ شَدِيْدِ السُّلْطَانِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ۔

شیطان کے حملوں سے محفوظ رہا یا جس نے دس بار کہا کہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

وہ بھی شیاطین کے حملوں سے محفوظ رہا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۳ تاجر کا مدعا فروغ ہوتا ہے اگرچہ دروغ ہی سے کیوں نہ ہو۔ تاجر اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتا، کسی بھی حربے سے کبھی گریز نہیں کرتا۔
بہترین تجارت دین کی تجارت ہے۔
اس میں نہ خسارہ ہے نہ دروغ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۴ کوشش انسانی فطرت زندگی کا مقبول شغل اور مشیت کا تقاضا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۵ انسان ہر معاملہ میں اپنی پوری کوشش کرتا ہے، جس کی قسمت میں ناکامی ہوتی ہے، اس کی کوشش اگرچہ پوری ہوتی ہے، ناقص گنی جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۷۶ کوشش ایک سبیل ہے، بلوغ المرام نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۷ کوشش فتح کا ایک بہانہ ہے ورنہ فتح مقدور ہے، جس نے میدان میں فتح پانی ہے، پا کر رہے گا۔ اسے کوئی روک نہیں سکتا اور وہ کبھی رک نہیں سکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۸ کامیابی کا انحصار کوشش پر نہیں قدر پر ہے۔
اللہ کی قسم یہ بالکل سچ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۷۹ کوشش کر، کوشش پر بھروسہ مت کر، جس کی قسمت میں جیسے لکھا ہے، ہوتا ہے، کوئی کچھ کہے، تقدیر تدبیر پر غالب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۰ کامیابی اگر کوشش پر ہوتی تو دنیا میں کوئی ناکام نہ رہتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۱ کوشش مقدور ہے جو کوشش تیری قسمت میں ہے تو اسے کرنے پر مجبور ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۲ مر کر جینے والا کبھی نہیں مرتا، کسی نہ کسی صورت میں ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۳ مسلمان دنیا میں رہنے نہیں رہنا سکھلانے آیا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۵ نہ گھر بنانے آیا ہے نہ زر۔ تو ایک راہی ہے کبھی کسی راہی نے بھی کسی راہ میں کوئی گھر بنایا؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۵ ساری دنیا تیرا وطن اور ساری دنیا تیرے ہی لئے ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۸۶ اگر تیری اولاد یا مویشی تیرے نافرمان ہیں تو سمجھ کہ تو اپنے مالک کا نافرمان ہے ورنہ وہ کبھی تیرے نافرمان نہ ہوتے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۷ ذکرالٰہی کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) دنیا حاصل کرنے کے لئے۔

(۲) دین میں کرامات حاصل کرنے کے لئے۔

(۳) اپنے گناہ معاف کرانے کے لئے۔

(۴) میرے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو بخشوانے کے لئے۔

جو ذکر دنیا حاصل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے، دنیا ہی کی ایک قسم ہے اور اس کا ذاکر خطرات سے خالی نہیں ہوتا۔

جو ذکر کشف و کرامت حاصل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے، اعلیٰ قسم کی عبادت نہیں اگرچہ عبادت ہے، اس کے ذاکر کو ہر قسم کی احتیاط سے ہر وقت واسطہ رہتا ہے۔

جو ذکر اپنے گناہ معاف کرانے کے لئے کیا جاتا ہے، عبادت ہے۔ اس کے ذاکر کو کسی پرہیز سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی مخصوص عمل کی ضرورت پڑتی ہے، اس ذاکر کا کسی سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا، نہ ہی اسے کسی قسم کی کوئی دلچسپی ہوتی ہے۔

جرم کا اعتراف بے شک رحمت کو کھینچ لاتا ہے۔

جو ذکر میرے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو بخشوانے کے لئے کیا جاتا ہے، میری مراد ہے اس کے ذاکر کو کسی بھی طرح کی کسی پابندی سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ وضو تک کی بھی قید نہیں ہوتی اور نہ ہی کسی خاص صیغہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ کوئی سا بھی کلمہ جو پڑھا جائے، اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کے ہاں مقبول اور میزان میں بھاری ہوتا ہے۔

ذکر کی یہ آخری دو قسمیں رب رحمن ورحیم کی رضا کو راضی کرتی ہیں۔

جب اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام اپنے کسی بندہ پر راضی ہو جاتا ہے، بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ پر راضی ہو جاتا ہے۔ کسی بندے کا ہر حال میں راضی رہنا اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام اس بندہ پر راضی ہے ورنہ جب تک رحمن ورحیم کسی

marfat.com
Marfat.com

بندہ پر راضی نہیں ہوتا، کوئی بندہ کسی بھی حال میں اپنے رب پر راضی نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۸ انسان برا نہیں شیطان برا ہے، کسی کو برا مت کہہ، کوئی انسان برا نہیں۔
انسان میں جو شیطان ہے، وہ برا ہے تیرا ہو یا میرا، اس کا ہو یا اس کا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۸۹ ریشم کی حرمت ابریشم سے تیار کئے ہوئے سوت تک ہی محدود نہیں بلکہ اس زمانہ میں اس سے مراد ہر قسم کی سلک لینن وغیرہ اور ایسی ہی دیگر مصنوعات سے تیار کیا ہوا نرم و نازک لباس ہے۔ یعنی فتویٰ میں ریشم اور تقویٰ میں ہر قسم کا نرم و نازک لباس پہننا منع ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۰ کم قیمت کپڑے کو اعلیٰ قیمت کپڑے پر مقدم جانو اور ترجیحاً کم قیمت کپڑا پہنو۔ اور وہ کھدر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۱ تیری ہر بات ناقص اور قابل اعتراض ہے اگر تو کچھ بھی نہ کہتا جو کچھ کہا گیا ہے، اس پر چلتا تو آج یہ حال نہ ہوتا۔

سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زندہ باد
اتحاد بین المسلمین زندہ باد

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۲ جب سے تو نے اپنی طرف سے رائے دینا شروع کی ہے، اختلافات شروع ہوئے ورنہ اسلام ایک تھا، ایک ہی رہتا۔ کبھی فرقوں میں نہ بٹتا، کیا تیرے لئے تیرے نبی اکرم و اجمل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان کافی نہیں؟ تو نے اتحاد کی بنیادیں ہلا دیں، معمولی باتوں کے اختلاف نے ملت کا شیرازہ بکھیر دیا اور مستحکم دین کی بنیادیں ہل گئیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۳ تو حضور اقدس واکمل جناب رسول اکرم واجمل اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقدس و متبرک کامل واکمل فرمان ہی پر اکتفا کر اور اس بات کو دل سے مان کہ تیری بھلائی، تیری کامیابی اور تیری نجات بس

marfat.com
Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کے فرمان کی اتباع میں ہے۔ اپنی طرف سے کچھ مت کہہ جو کہہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کی تائید میں کہہ جو انہوں نے فرمایا وہی کہہ، وہی شاہراہ اور وہی صراط مستقیم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۴ خاموشی، اعتراض کا بہترین جواب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۵ معاملات میں نرمی، احسان کی اصل اور مقبول الفطرت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۶ بندوں کے عیبوں کا اخفاء اور تجارتی مال کے عیبوں کا اظہار رحمت و برکت کا موجب ہے یعنی بندوں کے عیبوں کو چھپانا ثواب اور تجارتی مال کے عیبوں کو چھپانا عذاب کا باعث ہے۔ بندوں کے عیب کو چھپا اور تجارتی مال کے عیب ظاہر کرتا کہ تیرے دین اور تیری دنیا میں برکت ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۷ جو ہمیشہ کے لئے دلی دوست نہیں، کوئی دوست نہیں۔ ایسے دوست کی ملاقات کو جانا اس کے پاس بیٹھنا، اس سے باتیں کرنا اور اس کی باتیں سننا (سب) حسرت ہی حسرت (کا باعث) ہوں گی۔ دوست وہ ہے جو تیرا ہو اور تو اس کا اور ایسے دوست نہ ہر جگہ ہوتے ہیں اور نہ ہی ہر کسی کو ملتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۷۹۸ موحد کو اعلیٰ درجے کے توکل اور متوکل کو اعلیٰ درجے کے ایمان کی ضرورت ہوتی ہے، ہر حال میں جو وارد ہو، یہ یقین رکھتے ہیں کہ

(ا) جو ہو رہا ہے اور جیسے ہو رہا ہے میرے اللہ ہی کی طرف سے ہو رہا ہے۔

(ب) اسی طرح ہو رہا ہے جیسے کہ ہونا چاہئے۔

(ج) عین حکمت پر مبنی ہے۔

(د) اسی میں بھلائی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۷۹۹ جب تک بچوں میں استاد کی اور استاد میں اللہ کی عادتیں پیدا نہیں ہوتیں، ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتے۔

۸۰۰ شفقت سے محبت اور نفرت سے عداوت پیدا ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۱ ستاری وغفاری اللہ کی دو بڑی عادتیں ہیں جو ان کو اپناتا ہے دو نعمتیں پاتا ہے۔
عزت پاتا ہے اور قوت پاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۲ محبت کے تقاضے جب پورے ہو جاتے ہیں، دفترِ عشق سے محب کو محبوب کے جمال کی سند بخش دی جاتی ہے اور وہ درجہ بدرجہ ہوتی ہے۔ سب کو یکساں نہیں ہوتی۔ کسی کو عمر میں ایک بار، کسی کو سالانہ، کسی کو ماہانہ، کسی کو ہفتہ وار اور کسی کو ہر روز۔ بعض کو جب بھی وہ چاہیں اور جسے بھی چاہیں اگرچہ کلھ بھی نہ ہو، اپنے جمال باکرام سے مشرف فرمائیں۔
جمال ان کی عنایت ہے، کوشش پر موقف نہیں۔
بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جو ان کی محبت میں دم بہ دم گھلتے اور بسمل کی طرح لوٹتے رہتے ہیں لیکن ظاہری جمال سے مشرف نہیں کئے جاتے اور یہ ان پر ان کی اعلیٰ درجے کی نوازش ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۳ بن دیکھے مر مٹنے والے متوالوں کا مقام دیکھنے والوں سے کہیں بلند و بالا اور ارفع ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۴ وصل کی مسکراہٹ فراق کے آنسوؤں کی کبھی برابری نہیں کر سکتی۔
محبت کے بازار میں جو مقام ہاؤ ہو کو حاصل ہوتا ہے، کسی اور جنس کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ اَلقیّوم

۸۰۴ فرض شناس، ذمہ دار اور دیانتدار رات کو کھانا کھا کر نہیں بلکہ دن بھر کا کام ختم کر چکنے کے بعد سویا کرتے ہیں۔ جب تک دن کا کام پوری طرح ختم نہیں کر لیتے، کبھی نہیں سوتے اگرچہ صبح طلوع ہو جائے جس قوم کے عوام میں ذمہ داری کا شعور پیدا ہو جاتا ہے، ترقی کی منزلیں اس کے قدم چومتی

marfat.com
Marfat.com

ہیں اور کوئی رکاوٹ اس کی راہ عمل میں حائل ہونے کی جرأت نہیں کرسکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَاسُفْیَانُ وَ مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ عَنْ اُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَاتَرَکْتُ بَعْدِیْ فِتْنَةً هِیَ اَضَرَّ عَلَی الرِّجَالِ مِنَ النِّسَآءِ۔

حضرت سعید بن منصورؒ، سفیانؒ، معتمر بن سلیمانؒ، سلیمان تیمیؒ، ابوعثمان نہدیؒ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میں نے اپنے بعد آدمیوں کے لئے عورتوں سے بڑھ کر ضرر رساں کوئی فتنہ نہیں چھوڑا۔

ف: خبردار! تیری اپنی عورت کے سوا اگر کسی دوسری عورت نے تیرے جسم کے کسی بھی حصہ کو ہاتھ تک سے چھوا، جب جسم کے کسی بھی حصہ کو کسی بھی عمر کی کوئی عورت ہاتھ لگاتی ہے، واویلا کرتا ہے کہ مجھے مت چھو۔ مجھے ڈر ہے کہیں اللہ تعالیٰ میری اس نافرمانی سے ناراض ہوکر اپنی دی ہوئی کسی نعمت کو سلب نہ کرلیں۔

اسی طرح

خبردار! اپنی منکوحہ زوجہ کے سوا اگر کسی بھی عورت کو اپنے قریب ہونے دیا یا کسی بھی حال کے تحت اور کسی بھی عورت کے جسم کے کسی بھی حصے کو کبھی چھوا اور یہ حکم ازلی وابدی ہے، کسی بھی طرح اور کبھی تبدیل نہیں ہوسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۵ جسم کا جو حصہ کسی نامحرم کے مساس کے جرم کا مرتکب ہوتا ہے، اس حصے کا قدرتی حسن زائل ہوجاتا ہے۔ خوبصورتی کم ہوجاتی ہے، دل کشی اڑ جاتی ہے، چستی جاتی رہتی ہے، رنگت پھیکی پڑ جاتی ہے۔ جب تک توبہ کرنے والے کی توبہ کو قبول فرما کر اللہ تعالیٰ اسے بخش نہیں دیتے، روتا رہتا ہے اور مردوں کے کسی عالمی اکھاڑے میں بازی نہیں لے جاسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۰۶ ہم نے دین کی کیا خدمت کرنی تھی؟

ہم اپنی بزرگی کے مقابلے میں اس قدر الجھے کہ اس قدم سے آگے کوئی دوسرا قدم نہ اٹھا سکے، ساری عمر اپنی بزرگی کی شامت کی سزا بھگتتے رہے، حقیقتاً ہم نے اللہ کا ذکر بلند کرنے کے لئے کوئی کوشش نہیں کی، اپنی بزرگی کے اظہار کی کوشش کی۔ ہر کام کا نتیجہ نیت پر موقوف ہوتا ہے۔

ہماری نیت دین کی آڑ میں حقیقتاً اپنی بزرگی کا اظہار تھا اگر ہماری نیت محض اللہ کے دین کی سرفرازی ہوتی، کوئی اور غرض و غایت نہ ہوتی، اللہ کی قسم اللہ ہمارے ساتھ ہوتے۔ ہماری مدد فرماتے۔ ہماری راہ سے رکاوٹیں دور فرماتے جو لوگ ہم سے متفق نہیں، ان کے دلوں میں اتفاق بھرتے، ایسا کسی نے بھی نہیں کیا۔ اپنی بزرگی ظاہر کی اور دوسروں کی تذلیل۔

یہ کہا میرے جیسا کوئی اور نہیں، میرے سامنے ہر کوئی ہیچ و بے کس ہے، ہم نے اس ایک ہی مدعا کو اپنی منزل بنایا اور ساری عمر اسی محور کے گرد گھومتے رہے۔

توبہ، توبہ، توبہ

یا اللہ! ہم گناہگاروں کا کھانا پینا، پہننا رہنا سہنا غرض کہ کوئی بھی چیز عام آدمیوں سے افضل نہیں۔ دین کی ہم نے کوئی خدمت نہیں کی۔ دین کے کسی حکم کو کبھی نہیں مانا۔ دین کے لئے اپنی کسی چیز کو قربان نہیں کیا لیکن اپنے نفس کے لئے دین کی ہر شے بھینٹ چڑھا دی۔ یہ حال تیری رحمت کا محتاج ہے، یہ حال ہمارے ہی اعمال کی شامت ہے۔

ہمیں نیک اعمال کی توفیق عنایت فرما، آمین۔

ہم ایک دوسرے کے خیر خواہ ہوں، آمین۔

کسی کو کبھی کافر نہ کہیں، آمین۔

برا نہ کہیں، آمین۔

حقیر نہ جانیں، ہر کسی کے خیر خواہ ہوں، آمین۔

دعا گو ہوں، آمین۔

اور کسی بھی کمال کا کبھی دعویٰ نہ کریں، آمین۔

ہم جب اپنے نام کے آگے طرح طرح کے مصنوعی القابات لکھتے ہیں، اہل علم اس کا مذاق اڑاتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔

۸۰۷ آدمی دھوکے میں ہے۔اپنے آپ کوسب سے عقلمند سمجھتا ہے حالانکہ عقلمند نہیں۔
عقل مند کبھی اپنے تیئں عقلمند نہیں سمجھتے، عقلمندی ہے ہی یہ کہ اپنے تیئں عقل مند نہ سمجھے۔
بندہ خواہ کتنا ہی عقلمند ہو، ناقص العقل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۸ ہرآدمی اپنے تیئں نیک خیال کرتا ہے حالانکہ نیک نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۰۹ آدمی کواپنی اوراپنی اولاد کی برائیوں کی خبرنہیں رہتی دوسروں کا پتہ خوب رہتا ہے، یہ پتہ دریافت کرنا ہوتو ہمسائے سے پوچھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۰ جس نے کما کرنہیں کھایا ہوتا اور پکا کرنہیں کھایا ہوتا، ست ہوتا ہے، کبھی چست نہیں ہوتا۔چستی کھانے وکمانے کے معیار ومقدار پر موقوف ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۱ اللہ کی ہرعنایت بے بدل ہوتی ہے، عمل بھی بے بدل کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۲ آنکھیں جب پاک ہوجاتی ہیں، شوخ ہوجاتی ہیں، بے باک ہوجاتی ہیں اورشوخی و بے باکی مردانگی کے دومقبول جوہر ہیں۔مقبول عام اورمقبول الاسلام، ماشاءاللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۳ خصلت، کثرت پرفوقیت رکھتی ہے۔بازاردنیامیں جومقبولیت قلیل خصائل صالحہ کوہوجاتی ہے، کثیر اعمال ناقصہ کونصیب نہیں ہوتی۔کثرت کوئی شے نہیں اورخصلت میں ہرشے ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۴ آدمی چلا جاتا ہے، خصلت چھوڑ جاتا ہے۔ خصلتیں بہت ہیں۔سرفہرست یہ ہیں۔

صداقت

marfat.com
Marfat.com

عدالت

شرافت

شجاعت

سخاوت

شہادت

ان میں سے کسی ایک خصلت کو ضرور اپنا اور پوری طرح اپنا ورنہ یہ زندگی کسی بھی کام کی نہیں۔
خلفائے راشدینؓ کی زندگیاں غیر معمولی، مسنون، مستحسن اور ساری امت کے لئے مشعل راہ تھیں اور یہ سنگ میل کی طرح آپ کے پیش نظر رہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۵ آدمی کی بہترین نیکی اور بدترین برائی آدمیت کی رہنمائی وعبرت کے لئے ہمیشہ زندہ رکھی جاتی ہے۔ کبھی فنا نہیں کی جاتی اور تاریخ عالم ان دو ہی خصلتوں کے مجموعے کا اصطلاحی نام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۶ یہ رہبانیت نہیں مردانیت ہے، دنیا میں جینے والوں کے لئے زندگی کا مژدہ جانفزا ہے۔ یہ انسانی زندگی کا بلند ترین مقام ہے، اس مقام کو حاصل کر، یہ مقام تیری زندگی کی معراج ہے۔
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
جس نے میرے دوست سے عداوت کی تو میں اس کے ساتھ جنگ کا اعلان کروں گا اور مجھے اپنے بندے کا مجھ سے قرب حاصل کرنا کسی اور ذریعہ سے اتنا محبوب نہیں جتنا اس سے جو میں نے اس پر فرض کیا ہے اور میرا بندہ ہمیشگی کے نوافل سے میرے قریب تر ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اس کا وہ کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی وہ آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا وہ ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا وہ پیر ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے (کسی چیز کا) کا سوال کرتا ہے تو میں اس کو ضرور دیتا ہوں اور اگر (کسی چیز سے) پناہ مانگتا ہے تو

marfat.com
Marfat.com

میں اس کو پناہ دیتا ہے اور مجھ کو کسی چیز سے جس کا میں کرنے والا ہوں، اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ نفس مومن (کے معاملہ) میں ہوتا ہے کہ وہ موت کو برا سمجھتا ہے اور میں اس کی برائی کو برا سمجھتا ہوں۔

فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ

(نیک) بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کی رضامندی کی تلاش میں رہتا ہے اور ہمیشہ اسی حالت میں رہتا ہے، پس اللہ سبحانہ تعالیٰ حضرت جبرائیلؑ سے فرماتا ہے کہ میرا فلاں بندہ میری رضامندی کی تلاش میں رہتا ہے۔ خبردار رہو کہ میری رحمت اس پر ہے۔ پھر حضرت جبرائیلؑ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت فلاں شخص پر ہے پھر یہی بات عرش کو اٹھانے والے فرشتے کہتے ہیں اور وہ فرشتے بھی کہتے ہیں جو ان کے قریب ہیں۔ یہاں تک کہ ساتوں آسمانوں کے فرشتے یہی کہتے ہیں پھر رحمت اس شخص کے لئے زمین پر اترتی ہے۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ

جب محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کسی بندے سے تو پکارتا ہے حضرت جبرائیلؑ کو اور یہ فرماتا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے فلاں کو دوست رکھا سو تو بھی اس کو دوست رکھ تو حضرت جبرائیلؑ اس سے محبت رکھتے ہیں پھر پکار دیتے ہیں حضرت جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں (یعنی فرشتوں) میں کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے فلاں کو دوست رکھا ہے سو تم بھی اسے دوست رکھو تو آسمان والے اس سے محبت رکھتے ہیں پھر اس محبوب بندے کی زمین میں قبولیت اتاری جاتی ہے یعنی زمین کے نیک لوگ اس کو مقبول جانتے ہیں اور اس سے محبت رکھتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے ناراض وغصے ہوتا ہے (تو بھی) اسی طرح کرتا ہے۔ (یعنی اس کا الٹ)

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام فرمائے گا قیامت کے دن کہ کہاں ہیں وہ لوگ جو آپس میں دوستی رکھتے تھے، میری بزرگی کے واسطے آج کے دن میں ان کو سائے میں رکھوں گا، یہ وہ دن ہے جس دن کہیں سایہ نہیں سوائے میرے سائے کے۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ

marfat.com
Marfat.com

جس بندہ نے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے کسی بندہ سے محبت کی، اس نے اپنے پروردگار کی تعظیم و تکریم کی۔

حضرت معاذ بن جبلؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

جولوگ آپس میں میری رضامندی خوشنودی کے لئے محبت کرتے ہیں، ان سے مجھ کو محبت کرنا ضروری ہے اور جولوگ محض میری رضا کے لئے باہم بیٹھتے ہیں اور میری تعریف کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور اپنا مال خرچ کرتے ہیں، ان سے بھی مجھ کو محبت کرنا واجب ہے۔ (مالکؒ)

اور ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

میری عظمت وجلال کے سبب جولوگ آپس میں محبت رکھتے ہیں، ان کے لئے (آخرت میں) نور کے منبر ہوں گے اور انبیاء علیہم السلام اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ

اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے کچھ لوگ (یعنی ایک جماعت) ایسے ہیں جو اگرچہ نبی وشہید نہیں ہیں لیکن قیامت کے دن اللہ کے ہاں ان کے مراتب ودرجات کو دیکھ کر انبیاء علیہم السلام اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! فرمایئے وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ لوگ ہیں جو محض اللہ کی روح (قرآن کریم) کے سبب آپس میں محبت رکھتے ہیں۔ ان کے درمیان نہ تو قرابت داری ہے نہ مالی لین دین کا معاملہ قسم ہے اللہ کی ان کے چہرے نور ہوں گے۔ (یعنی نورانی ہوں گے) یا وہ خود نور ہوں گے اور نور پر متمکن ہوں گے نہ تو وہ اس وقت غمگین ہوں گے نہ رنجیدہ جبکہ لوگ غمگین اور رنجیدہ ہوں گے اور نہ خوفزدہ ہوں گے جبکہ لوگ خوفزدہ ہوں گے۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

آگاہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں پر نہ خوف طاری ہوگا اور نہ وہ غمگین ورنجیدہ ہوں گے۔

marfat.com
Marfat.com

بادشاہ کا دوست عزت و اختیار کے اعتبار سے بادشاہ ہی ہوتا ہے اگرچہ بادشاہ نہیں ہوتا اور بادشاہوں کے بادشاہ کے دوست جو دنیا کی نظروں میں حقیر وفقیر ہوتے ہیں اور کچھ بھی نہیں ہوتے حقیقتاً سب کچھ ہوتے ہیں۔

اللہ کے دوست اللہ کے ملک میں معزز ومکرم ہوتے ہیں، کہیں بھی اور کبھی رسوا اور ذلیل نہیں ہوتے اور نہ ہی یہ اللہ کی شان کے شایان ہے کہ اس کے ملک میں اس کا کوئی دوست رسوا وذلیل ہو۔

اللہ کے بعض دوست اللہ کے حکم سے اللہ کے ملک میں مخلوق کے خادم ہوتے ہیں، اللہ کے حضور میں حاضر رہتے ہیں۔ دم بھر کے بھی غیر حاضر نہیں ہوتے اور نہ ہی غیر حاضری کی تاب لا سکتے ہیں۔ ذرا سی بھی برائی و بے حیائی کی جرأت نہیں رکھتے۔ قدم قدم پر ڈرتے اور گھبراتے رہتے ہیں، مبادا کوئی ایسی بات سرزد ہو جو ناپسند ہو۔

بادشاہ کے حضور میں حاضر رہنا ادب کی منزل کا نازک ترین مقام ہے اور غلام کے سوا کوئی دوسرا اس حال کی تاب نہیں لا سکتا، اسی لئے اللہ نے اپنی ہر مخلوق کو حکم دیا ہوا ہے کہ میرے کسی دوست کو کسی بھی قسم کی کوئی اذیت کبھی نہ دیں۔ ان کی تعظیم وتکریم میں میری خوشنودی تلاش کریں۔ بندے بیچارے نے اللہ کو کیا ستانا ہے، اللہ کے بندوں کو ستانا ہی اللہ کو ستانا ہے اور اسی پر عذاب کی وعید آئی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۷ باپ کا دوست اور شیخ کی اولاد واجب الادب والتعظیم ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۸ چنے ہوئے کاموں کے لئے چنے ہوئے بندے ہی مامور کئے جاتے ہیں، ہر کوئی نہیں اور چنے ہوئے بندوں کی عمدہ خصلت یہ ہوتی ہے کہ جب تک وہ اپنے کام کو جس کے لئے انہیں چنا جاتا ہے نہایت خوش اسلوبی سے پورا نہیں کر لیتے، کبھی آرام نہیں کرتے اور نہ ہی اس کام کے سوا کسی اور کام کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۱۹ جس بات سے میرے مولائے کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملت کو فائدہ پہنچے گا، اسی سے اور صرف اسی سے آپ کو بھی فائدہ پہنچے گا اور جس بات سے آپ کو فائدہ پہنچے گا، آپ کے والدین کو

marfat.com
Marfat.com

بھی پہنچے گا اگر چہ وہ قبروں میں ہوں اور اولاد کو بھی پہنچے گا اگر چہ ابھی پیدا نہ ہوئی ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۰ اللہ رب العالمین نے یہ دنیا اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے اور انہیں اپنے لئے پیدا فرمایا، ان کے گھر کے ایک صاحب ابھی آنا باقی ہیں، ان ہی کے انتظار میں یہ دنیا باقی ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۱ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

عمرؓ کی موت پر اسلام روئے گا۔

بے شک عمر فاروقؓ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھے، آپؓ کے دور خلافت میں کسی بھیڑ کو بھی یہ جرأت نہ ہوتی کہ کسی کی فصل میں قدم تک رکھتی۔

جس دن حضرت عمرؓ نے وصال فرمایا، جنگل میں ایک گڈریئے نے دوسرے سے کہا کہ

عمرؓ آج انتقال فرما گئے۔

اس نے پوچھا تجھے اس کی کیوں کر خبر ملی؟

جواب دیا

میری بھیڑیں آج دوسروں کی فصلوں میں چگنے لگیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۲ مدرسہ و مطب کی ترقی فاضل معلم اور حاذق طبیب کی اہلیت پر مبنی ہوتی ہے، عمارت اگر نہ بھی ہو تو درخت کے سایہ تلے بھی کام چل سکتا ہے۔

لیکن اگر معلم فاضل نہ ہو اور طبیب حاذق نہ ہو تو محل میں بھی کام نہیں چل سکتا۔

فاضل معلم وہ ہے جو طلباء کو اپنے بھائی اور بیٹے سمجھ کر اپنے عملی نمونے سے طلباء کے اخلاق و کردار کی تعمیر کرے۔

حاذق طبیب وہ ہے جو اللہ کی بیمار مخلوق کی خدمت کو اللہ کی عبادت سمجھ کر کرے، ہر مریض سے

marfat.com
Marfat.com

یکساں سلوک کرے، امیر وغریب میں تمیز نہ کرے البتہ غریب کو امیر پر ترجیح دے اور شفقت کو علاج سے اور خدمت کو اجرت سے افضل سمجھے اور یہ سمجھے کہ جس اللہ کی مخلوق کی میں خدمت کر رہا ہوں، وہ بڑا ہی قدردان وکریم ہے اور میری کوئی بھی چیز اس سے کبھی اوجھل نہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۳ محبت کی نو ہزار سالہ تاریخ میں آج تک کسی بھی محب نے اپنے محبوب کو کبھی نہیں بدلا۔ محبت کی قباء کو ایک بار اوڑھ کر پھر کبھی نہیں اتارا جاتا۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۴ محبوب کی ہر ادا حسین ہو یا قبیح، محب کو حسن ہی کی ایک قسم معلوم ہوا کرتی ہے، آج تک کسی بھی محب نے اپنے محبوب کی کسی بھی ادا پر کبھی نکتہ چینی نہیں کی۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۵ انڈا جب کسی مرغی کے پروں کے نیچے سے نکال لیا جاتا ہے، سڑ جاتا ہے۔ اب اسے نہ تو کوئی دوسری مرغی کبھی سیتی ہے اور نہ ہی اس میں کبھی بچہ بنتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۶ طریقت کے بعض کلام برہنہ تصویر کی مانند ہوتے ہیں جو انسانی جذبات کو فوراً بھڑکا تو سکتے ہیں اس کی تسکین کا سبب نہیں بن سکتے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۷ شریعت کا اتباع طریقت کا اولین سبق ہے اور جب تک کوئی اسے از بر نہیں کرتا، اس کا کوئی کلام نہ ذمہ دارانہ ہے، نہ معتبر اگرچہ وہ ہوا میں اڑے اور پانی پر چلے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com

Marfat.com

۸۲۸ تیری دنیا میں ایک ایسا ہسپتال قائم ہونا ضروری ہے جس میں کہ جو بھی بیمار چاہے اور جب چاہے بلا روک ٹوک داخل ہو جائے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، آمین،
الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۲۹ مطب بیمار کا دارالامان ہے، جب بھی کوئی بیمار ہو، اسی وقت دن ہو یا رات مطب میں بلا روک و معاوضہ داخل ہو سکے اور بیمار کو مطب میں داخل ہونے کے لئے بیماری ہی کی سفارش کافی ہو، کسی اور سفارش کی مطلق ضرورت نہ ہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، آمین،
الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۰ بیماری بنفسہٖ مطب میں داخلہ کی کافی سفارش ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۱ ہر بیمار کا استقبال ہو، خندہ پیشانی سے ہو، بیمار کی ناداری، تیمارداری پر اثر انداز نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۲ ایک ایسے مطب کی فوری ضرورت ہے جو اس کردار کا امین ہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، آمین،
الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۳ طبیب جب بیمار کے علاج میں مصروف ہوتا ہے دونوں کا رب ان کے ساتھ ہوتا ہے اور پاس ہوتا ہے، بیمار بیچارے نے اپنے معالج کو کیا معاوضہ دینا ہے، بیمار کا رب دے گا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۳۴ طب میں توجہ ایک اہم مقام رکھتی ہے، طبیب جب کسی مریض کی طرف پوری محویت سے متوجہ ہوتا ہے۔ اسی وقت بیمار کا حال بدل جاتا ہے۔ تندرست ہو جاتا ہے اور طبیب کی توجہ علاج ہی کی ایک امید افزا قسم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۵ طبیب جب اجرت و معاوضہ سے بے نیاز ہو کر اللہ کی بیمار مخلوق کے علاج و تیمارداری میں مصروف ہوتا ہے، اللہ اس پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے اور اسے ایسا طیب، مکرم اور وسیع رزق عنایت فرماتا ہے جس کا اسے گمان تک بھی نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ کسی اور طریقہ سے ایسا رزق حاصل کر سکتا ہے گویا جو اللہ کے لئے اللہ کی بیمار و نادار مخلوق کی طرف سچے دل سے متوجہ ہو جاتا ہے، اللہ اس کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔

اور کسی بندہ ناچیز کی طرف اللہ العلی العظیم و کریم کا متوجہ ہونا کوئی معمولی بات ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۶ حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ

جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی صبح کے وقت عیادت کرتا ہے تو ستر ہزار فرشتے اس کے لئے رحمت و مغفرت کی دعا کرتے ہیں، شام تک اور جو عیادت کرتا ہے شام کے وقت، اس کے لئے رحمت و مغفرت کی دعا کرتے ہیں ستر ہزار فرشتے صبح تک اور بہشت میں اس کے لئے ایک باغ مقرر کر دیا جاتا ہے۔ (ترمذیؒ، ابوداؤدؒ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص بیمار کی عیادت کرتا ہے تو ایک فرشتہ آسمان سے پکار کر کہتا ہے کہ تجھ کو آخرت میں خوشی میسر ہو اور دنیا اور آخرت میں تیرا چلنا مبارک ہو اور تجھ کو جنت میں ایک بڑا مرتبہ حاصل ہو۔ (ابن ماجہؒ)

یہ اجر و ثواب ایک مریض کی ایک عیادت کا ہے، مسلسل علاج و تیمارداری کا کیا ہوگا۔

مَاشَآءَاللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۳۷ بے شک بیمار کی بے لوث خدمت اللہ کی سب سے بڑھ کر اور مقبول ترین عبادت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۸ حاذق طبیب وہ ہے جو بیمار کی دستک پر سرما کی رات میں اپنے لحاف کو پھینک کر فوراً ہی اس کا استقبال کرے اور اسے اللہ کے کنبے کا ایک ضروری فرد سمجھ کر اس کے علاج میں مصروف ہو، نہ سستی کرے، نہ کراہت اگرچہ نیم شب ہو اور غلاظت میں لتھڑا ہوا ہو اور مقبول ترین ہسپتال وہ ہے جو کسی بیمار کی نازک حالت کی خبر سنتے ہی اسے فوراً اپنے ہاں لانے کا بندوبست کرے اگرچہ وہ ایک راہگیر گکھڑا ہی ہو، اجرت یا عوضانہ کی پرواہ نہ کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۳۹ یہ دین پشتوں سے تیری خدمت کرتا چلا آ رہا ہے آج دین کو تیری خدمت کی ضرورت ہے اگر تو اور کچھ بھی نہیں کر سکتا تو انتشار مت پھیلا۔

یہ بیچارے دین کا کیا علم رکھتے ہیں، ان کے حال پر ترس کھا، انہیں آپس میں نہ لڑا، آرام سے جینے دے، ملت پر تیرا احسان ہوگا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۰ جس طرح انسانی جسم کے جس حصہ میں کسی وجہ سے خون کا دوران رک جاتا ہے اور وہ بے حس ہو جاتا ہے بعینہٖ جسم کا جو حصہ سرکش ہو جاتا ہے، بے نور ہو جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

میں اپنے بندے کی آنکھ بن جاتا ہوں، جس سے وہ دیکھتا ہے اور کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے۔

اور اللہ کی بصارت، سماعت، گرفت و استقامت انسانی فہم و ادراک سے کہیں بالاتر ہوتی ہے۔

آپ کی آنکھیں، کان، ناک، زبان، ہاتھ اور پاؤں ہر وقت اور ہر حال میں اللہ اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے تابعدار ہوں، نہ نافرمان ہوں، نہ سرکش پھر یہ آنکھیں، کان، ناک، زبان، ہاتھ اور پاؤں اللہ کے ہیں۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

marfat.com

Marfat.com

بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ اٰمِیْن۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۱ انسان خرد قلب کے اور قلب نگاہ کے تابع ہے، نگاہ پاک کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۲ منزل ایک کھیت ہے، کھیت میں جب کسی فصل کو بویا جاتا ہے تو کانٹے دار جھاڑیوں اور غیر ضروری درختوں کو جڑوں سے اکھاڑ کر باہر پھینک دیا جاتا ہے تا کہ قلبہ رانی میں آسانی ہو۔ اور فصل کو نقصان نہ پہنچے البتہ سایہ دار، پھل دار، پھول دار اور خوشبودار پودوں کو کھیت کے اردگرد نہایت قرینے سے لگایا جاتا ہے تا کہ کھیت کی زینت دوبالا ہو اور کھیت فصل کے لئے خالی ہو۔ فصل کے سوا کوئی خودرو گھاس کھیت میں نہ ہو پھر اس میں جو بھی فصل بوئی جائے گی، ہر لحاظ سے کامیاب ہوگی۔ زمیندار فصل کو بو کر فارغ نہیں ہو جاتا، جب تک پکی ہوئی فصل کو گھر نہیں لے آتا، کسی نہ کسی رنگ میں فصل میں حاضر رہتا ہے۔ آبپاشی، نلائی اور نگرانی میں کبھی کوتاہی نہیں کرتا ورنہ ایک ہی رات میں جنگلی جانور ساری فصل کو تباہ کر دیں۔

زمیندار اپنی فصل کو کبھی پامال ہونے نہیں دیتا، ہر وقت کھیت کی نگرانی کرتا رہتا ہے اور سلوک کی منزل اس سے ستر گنا احتیاط کی محتاج ہوتی ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۳ ایک دور تھا کہ بندے مویشیوں کی طرح منڈیوں میں بکا کرتے تھے، اب منڈیوں میں تو نہیں بکتے لیکن غلامی ختم نہیں ہوئی، زمانے کے ساتھ ساتھ انداز بدل گئے۔

ہر کوئی کسی نہ کسی کا غلام ہے۔ کوئی حرص کا غلام ہے، کوئی نفس کا، کوئی اس کا اور کوئی اس کا۔ ایک دور ایسا بھی تھا کہ غلام کے گلے میں لوہے کا پٹہ ڈال کر اس کے اردگرد لوہے کی لمبی لمبی سلاخیں لگا دی جاتیں تا کہ بیچارہ کسی بھی طرح لیٹ نہ سکے، نگران ہو نہ ہو، کام کرنے پر مجبور ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۴۴ غلامی انسانی صلاحیتوں کو کچل دیتی ہے، ذہنیت بدل دیتی ہے۔ اجتماعی جذبے کا خاتمہ کر دیتی ہے اور ہر کسی کے ذہن میں خود پرستی کے بیج بو دیتی ہے۔

قومی ترقی کے لئے ملی جذبہ اور اجتماعی جدوجہد از بس ضروری ہوتی ہے، اللہ ہمیں ایک مرکز پر متحد ہو کر کام کرنے کی توفیق بخشے، آمین۔

یا حی یا قیوم

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۵ بندے جب بندوں کی غیبت کرتے ہیں، حسد کرتے ہیں، توہین کرتے ہیں، برا کرتے ہیں، ذلیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اللہ اکرم الاکرمین، ارحم الرحمین، کریم العفو و خیر النصیر ہے اپنی ستاری و غفاری کے صدقے گناہ بخش دیتے ہیں، پناہ بخش دیتے ہیں۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۶ روزی انسانیت کی عمارت کی بنیاد ہے اور عمارت بنیاد پر ہی کھڑی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۷ ہماری روزی، ہمارا کھانا، ہمارا پینا مشکوک ہے اس روزی کو کھا کر ہم کیوں کر کسی مقام پہ پہنچ سکتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۴۸ ہماری دینی درسگاہیں زکوٰۃ و خیرات و صدقات پر چلتی ہیں ورنہ رومیؒ کے بعد رومیؒ اور جامیؒ کے جامیؒ ضرور آتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۴۹ ہم جو کچھ بھی کہتے ہیں لوگوں ہی کو سنانے کے لئے کہتے ہیں ورنہ اپنا حال کوئی حال نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۰ یہ روزی تیرے دسترخوان کے معیار کے مطابق نہیں، اسے مت کھا، یہ تیری بنیادیں ہلا دے گی۔

الحَمْدللحیّ القیّومْ

۸۵۱ حلال روزی کھا کر پلے ہوئے بچے نہایت ذہین، تابعدار، راست باز اور راسخ الاعتقاد ہوتے ہیں۔ برائی و بے حیائی کا کوئی کام کبھی نہیں کرتے۔ آدمیت کے مقام پر چٹان کی سی استقامت رکھتے ہیں، کبھی جنبش نہیں کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۲ ایک آدمی اپنے بال بچوں کے لئے طیب روزی کی تلاش میں سات سمندر پار گیا، اس نے ناجائز طریقہ سے ایک پیسہ تک نہ لیا۔ کوئی مشکوک لقمہ کبھی نہ کھایا۔ برسوں اپنی بیوی سے دور رہا اور یہ اس کا بہترین اور مقبول الاسلام چلہ تھا۔
اللہ نے اسے اور اس کی اولاد کو ہدایت بخشی، حیاء بخشی، کام بخشا اور استقلال بخشا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۳ عقاب و شاہین پاک روزی ہی کی قوت سے پہاڑوں کی چوٹیوں کو سر کیا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۴ ایک دوست نے کہا کہ میرے باپ نے مجھ کو اپنے ہاتھوں کی کمائی سے روزی کھلائی ہے اور میں نے ساری عمر اپنے والدین کی موجودگی میں اپنی بیوی کی طرف نہیں دیکھا۔ کسی بچے کو کبھی گود میں نہیں لیا۔ اپنی بیوی کے ہمراہ کبھی نہیں چلا اور یہ حیا پاک روزی ہی کی برکت سے تھی جو میرے باپ نے مجھے کھلائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۵ ہلوارہ، فوجی اڈے کے باعث ہی مشہور و معروف نہیں، مشرقی پنجاب کا ایک تاریخی قصبہ بھی ہے۔ جس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ سارے کا سارا قصبہ ایک ہی دادا کی اولاد سے آباد تھا۔ ان کے جدامجد رائے بابو خان جب اکبر بادشاہ کے ساتھ لڑائی کرنے گھر سے نکلے تو محترمہ دادی صاحبہ (یعنی اپنی زوجہ محترمہ) سے فرمانے لگے کہ میرے کرتے میں ٹانکا لگا دیں، محترمہ اندر سے

marfat.com
Marfat.com

سوئی دھاگہ لائیں اور عرض کرنے لگیں سوئی میں دھاگہ ڈال دیں، آپ نے پوچھا کیا تم خود نہیں ڈال سکتیں؟

جوابدیا کہ جی میں تو اندھی ہوں، دیکھ نہیں سکتی۔ آپ نے برسوں ازدواجی زندگی بسر کی لیکن اپنی بیوی کی طرف آنکھ تک اٹھا کر نہ دیکھا، یہاں تک معلوم نہیں ہوا کہ وہ اندھی ہے یا سوجاکھی۔ (نین سکھ)

یا حی یا قیوم الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۶ اللہ کے بغیر کون اس بندے کی جان کا رکھولا ہے، اللہ ہی وکیل وکفیل ونصیر وحفیظ ہے لیکن بندہ حقیقتاً اپنے اللہ کی وکالت وکفالت، نصرت وحفاظت پر کلی اعتماد نہیں رکھتا، اسی لئے کسی کو کہیں بھی امان نہیں ملتی، ڈانواڈول دربدر پھرتا رہتا ہے۔

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہ نَاصِرِیْ اَللّٰہ حَاضِرِیْ اَللّٰہ نَاظِرِیْ اَللّٰہ مَعِی
فَاللّٰہُ خَیْراً حَافِظًا

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۷ بادشاہ کے حضور میں کسی سائل کا کسی غلام کی طرف متوجہ ہونا شاہی شان کی سراسر گستاخی ہے، ہر کسی کے ہر معاملے میں اللہ کافی ہے جہاں اللہ کافی نہیں وہاں کوئی کافی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۸ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مخلوق اللہ کا کنبہ ہے پھر فرمایا تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اللہ کے کنبے کے ساتھ احسان کرے۔

مخلوق سے مراد ہر مخلوق ہے جن ہو یا انسان، درند ہو خزند، چرند ہو یا پرند، مومن ہو یا کافر، نیک ہو یا بد۔

مخلوق میں سے جو درجہ وقبولیت بیمار کی بے لوث خدمت کا ہے، کسی اور کا نہیں گویا مخلوق کی خدمت میں بیمار کی خدمت کا پہلا نمبر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۵۹ دین وحکمت ہر لحاظ واعتبار سے اکمل ومکمل ہے لیکن ریسرچ کا محتاج ہے، اس کان میں ایسے ایسے درمکنون ہیں جو ریسرچ کے بغیر کبھی دستیاب نہیں ہو سکتے، اسی طرح درس کا نصاب اور طریقت کا

marfat.com
Marfat.com

معیارتجدید وتحقیق کا محتاج ہے۔زہد کی جگہ زینت نے اور عجز کی فخر نے لے لی۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمین،

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۰ جولطف وسرور راحت ورفعت

تقسیم میں ہے — جمع میں نہیں

کھلانے میں ہے — کھانے میں نہیں

جاگنے میں ہے — سونے میں نہیں

سادگی میں ہے — تکلف میں نہیں

درگزر میں ہے — انتقام میں نہیں

بے قدری میں ہے — قدر میں نہیں

ملامت میں ہے — تحسین میں نہیں

گمنامی میں ہے — شہرت میں نہیں

مصروفیت میں ہے — آوارگی میں نہیں

فقیری میں ہے — امیری میں نہیں

ذکرالٰہی میں ہے — غفلت میں نہیں

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۱ تقسیم اللہ کی عادت ہے۔

تقسیم کر، کسی بھی چیز کی ذخیرہ اندوزی مت کر، ضرورت سے زائد کوئی چیز مت رکھ۔ ہر شے جو بھی تجھے ملی واجب الحساب ہے۔ ذرے ذرے کا حساب لیا جائے گا۔ میزان کے دن ذخیرہ اندوزی اور ناجائز استعمال کا محاسبہ ہوگا۔ اللہ کے مال کو اللہ کی راہ میں دے کر بے باک ہو، حساب سے پاک ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۶۲ انسان جہان اصغر اور تخلیق کا بہترین شاہکار ہے جو سارے جہان میں ہے وہی ایک انسان میں ہے۔ آج تک کوئی عارف، کوئی دانشمند اور کوئی حکیم گویائی، بینائی اور شنوائی کی حقیقت کے راز کو نہیں سمجھ سکا کہ گویائی، بینائی اور شنوائی کیا ہے؟ کیسے بولتا ہے، کیسے دیکھتا ہے اور کیسے سنتا ہے۔
بولتا ہے لیکن بولنے والے کو یہ پتہ نہیں کہ کون بولتا ہے اور کیسے بولتا ہے؟
دیکھتا ہے اور سنتا ہے لیکن یہ پتہ نہیں کہ کیسے؟
اس کی آسائش واستراحت کے لئے کل کائنات، معدنیات و جمادات حاضر خدمت ہیں گویا سارا جہان اس انسان ہی کے لئے ہے لیکن انسان جہان کے لئے نہیں انسان اللہ کے لئے ہے۔
بے شک اللہ نے اسے اپنے لئے بنایا ہے اور سارا جہان اس کے لئے، جانور کیسی کیسی بولیاں بولتے ہیں، صرف سنائی دیتی ہیں، سمجھ میں نہیں آتیں۔
ایک علاقے میں بسنے والوں کی بولی دوسرے علاقے والوں سے مختلف ہے، بندہ بندے کی بولی نہیں سمجھ سکتا، جانوروں کی کیسے سمجھ سکتا ہے۔
زبان گوشت کا ایک لوتھڑا ہے لیکن ہر شے کی لذت کا ترجمان ہے۔ منہ میں رکھتے ہی بتلا دیتی ہے، یہ شے ترش ہے یا شیریں، پھیکی ہے یا کڑوی، گرم ہے یا سرد، ذرا دیر نہیں لگتی۔ واہ سبحان اللہ تیری شان۔
اپنے بندوں کی آسائش کا اس قدر اور یہاں تک پاس ہے کہ گرمی میں کنوئیں کا پانی ٹھنڈا اور سردی میں گرم ہوتا ہے، اسی طرح میوے موسم کے عین مطابق پیدا کئے۔ کوئی سرد، کوئی گرم، کوئی تر، کوئی خشک، کوئی معتدل غرضیکہ جوں جوں موسم تبدیل ہوتے رہتے ہیں موسم کے ساتھ ساتھ میوے بدلتے رہتے ہیں۔
سایہ دار درخت مصنوعی آبپاشی کے محتاج نہیں ہوتے، شدت تپش کے باوجود بالکل نہیں کملاتے۔ سارے گرما ہرے بھرے رہتے ہیں، سرما میں چونکہ سائے کی ضرورت نہیں رہتی، درخت پتے جھاڑ دیتے ہیں۔
سرما میں ہر کسی کو سردی سے بچاؤ کے لئے لحاف کی ضرورت ہوتی، ہے چنانچہ سردی کے آغاز میں ہی روئی کھل کر تیار ہو جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۶۳ یہ فصلیں آپ ہی کے لئے بوئی اور کاٹی جارہی ہیں، غرض کہ دنیا میں کوئی بھی شے عبث و بیکار نہیں، کارگیر نے ہر شے کارآمد پیدا کی اور آپ ہی کے لئے کی لیکن کبھی بھی آپ نے اس پر غور نہیں کیا۔ ورنہ آپ اپنے رب کا شکر کرتے نہ تھکتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۴ دنیا میں جو بھی کچھ ہو رہا ہے، انسان ہی کی آستائش و استراحت کے لئے ہو رہا ہے۔ یہ ریل آپ کے لئے بنائی گئی تا کہ آپ آرام سے سفر کر سکیں۔ ریل کا عملہ درحقیقت آپ کا نوکر ہے جو آپ کے لئے شب و روز محوِ عمل ہے۔

تمام ملیں آپ ہی کے لئے چل رہی ہیں، کوئی آپ کے پہننے کے لئے طرح طرح کے کپڑے تیار کرتی ہیں، کوئی کھانے پینے کی چیزیں۔

غرضیکہ ساری دنیا آپ ہی کے لئے کام کر رہی ہے، یہاں تک کہ حکومت اپنی رعایا یعنی آپ ہی کی خیر و بھلائی کے لئے مامور ہے تا کہ کوئی طاقتور کسی کمزور پر ظلم و زیادتی نہ کر سکے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۵ حکومت آپ کے حقوق کی نگران اور آپ ہی کے مفاد کے لئے مامور ہے، ہم اپنی غرض کو حق پر ترجیح دیتے ہیں ورنہ کبھی ناانصافی نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۶ ذاتیات جب حقائق پر غالب آجاتی ہیں، ظلم ہوتا ہے اور اس کے مرتکب ہم ہیں، حکومت نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۷ کسی حکومت نے کسی آدمی کو یہ حکم نہیں دیا کہ حکومت کے کسی اہلکار کو اپنے کسی کام کے معاوضے میں کوئی شے دو جو کچھ بھی کرتے ہیں، ہم خود کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۸ جس مسافر نے ہمیشہ کے لئے اپنے وطن کو خیرباد کہنا ہوتا ہے اور اسے یہ پتہ ہوتا ہے کہ اس نے پھر کبھی واپس لوٹ کر نہیں آنا، بڑا مصروف ہوتا ہے۔ احباب و وطن کی جدائی میں بے تاب ہوتا ہے۔ جلدی اور جدائی بے چارے کو کچھ بھی کرنے کا موقع نہیں دیتی۔

marfat.com
Marfat.com

جانے والو! جانے سے پہلے جانے کی تیاری کرو، اوڑک (آخر) ایک دن ضرور جانا ہے پھر کیوں رخت سفر باندھ کر تیار نہیں رکھتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۶۹ پھر جب موت وحیات کے عقدوں سے فارغ ہو جاؤ تو اپنے لئے کوئی ایسا عمل تلاش کرو جو لازوال اور غیر فانی ہو جس میں ایک بار مصروف ہو کر کبھی فارغ نہ ہو، ہمیشہ اسی شاہکار میں محو عمل رہو، حتیٰ کہ موت سے ہمکنار ہو۔ اہل فن پہلے اپنی منزل متعین کرتے ہیں پھر جوش عمل سے اس کی طرف گامزن ہو کر اسے عبور کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں، کامیاب ہوں، نہ ہوں، کسی بھی حال میں اپنی منزل کبھی نہیں بدلتے اور یہی تین اصول ہر فنکار کی کامیابی وکامرانی کے زریں اصول ہیں۔

ساری دنیا کے کاموں میں سے مقبول ترین کام اللہ کے دین اسلام کی دعوت وتبلیغ ہے اور یہ کام ہر بندے پر، ہر وقت اور ہر حال میں فرض ہے، اس سے افضل اور نافع کوئی کام نہیں۔ اس کے دو مقام ہیں، خاص اور عام۔

خاص وہ ہیں جو کلیتاً اس کام کے لئے فارغ ہیں، کوئی اور کام نہیں کرتے، شب وروز اسی کام میں محو منہمک رہتے ہیں۔ ہر وقت طرح طرح کی تدابیر سوچتے رہتے ہیں کہ کس طرح لوگوں کے اذہان نیکی کی طرف راغب ہوں اور کسی طرح برائی کا خاتمہ ہو تاکہ اللہ کی زمین پر امن وسلامتی قائم ہو۔

باقی سب کے سب عام ہیں، ہر کوئی، ہر وقت جہاں بھی کوئی ہو، ہر قسم کی ظلم وزیادتی سے کلیتاً اجتناب کرے اور ہر معاملہ میں، دینی ہو یا دنیوی عدل ومساوات کو پیش نظر رکھے۔ پس یہی وہ میزان ہے جسے سیدھی رکھنے کا اللہ رب العالمین نے حکم فرمایا ہے اور یہی دین اسلام کی دعوت وتبلیغ کا حقیقی مفہوم ہے کہ ملت کا ہر فرد، صاحب ہو یا غلام، تاجر ہو یا کسان، سب کے سب ایک ہی مرکز پر متحد ہو کر ملی وقومی تعمیر میں اجتماعی جدوجہد کریں، جونہی ظلم وزیادتی کا خاتمہ ہوا، سمجھو عدل و مساوات قائم ہوئے اور امن ہوا۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۷۰ جس دن بندے کا کام ختم ہوجاتا ہے، واپس بلالیا جاتا ہے جس دن تو نے یہاں سے جانا ہے، ہر کوئی کہے جس کام کے لئے یہ بندہ اس دنیا میں بھیجا گیا تھا، پورا کر کے گیا ورنہ تیرا اس دنیا میں رہنا اور دنیا سے جانا حسرت ہی حسرت ہے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ بِبَلَدِ رَسُوْلِكَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط اٰمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

کوئی ایسا کام ضرور کر کے جا جو تیرے چلے جانے کے بعد تیری نمائندگی کرے اور تیرے رب کی مخلوق فیض یاب ہو اور یہی باقیات الصالحات کا حقیقی مفہوم ہے۔

## جینے والو!

جانے والوں سے یہ سوال ہوتا ہے کہ اتنی دیر رہ کر آئے ہو، کیا کر کے آئے ہو؟ جس کام کے لئے تمہیں بھیجا گیا تھا، کیا وہ پورا کر کے آئے ہو؟ کیا جواب دو گے؟

## سونے والو!

گھر جا کر سونا، کبھی راہی بھی راہوں میں سویا کرتے ہیں، راہی راہوں میں ستایا کرتے ہیں، سویا نہیں کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

# ارادہ ونیّت

۸۷۱ ارادہ اللہ ہی کے لئے مخصوص ہے۔

بندہ کسی کام کی نیت کیا کرتا ہے، ارادہ نہیں۔ بندے کا یہ کہنا کہ وہ فلاں کام کا ارادہ رکھتا ہے غلطی ہے، اللہ کا ارادہ بندے کی نیت پر غالب ہے۔ یہی اللہ کی پہچان ہے۔

جب تک اللہ کا ارادہ نہ ہو، بندہ کی نیت ناکام رہتی ہے۔ نیت ارادے کے تحت ہے جو نیت اللہ ہی کے لئے ہو، اللہ کا ارادہ اس کے شامل حال ہوجاتا ہے۔

اللہ اکرم الاکرمین ہے، کیا رحمت یہ گوارا کر سکتی ہے کہ جو نیت محض اس ہی کے لئے ہو، رد کر دے؟

marfat.com
Marfat.com

اگر ایسا ممکن ہو تو پھر رحمت کس کے لئے ہے؟

عنایت وعطانیت پر موقوف ہے، بعض نیت ایسی مقبول ہوتی ہے کہ رحمت اس کا استقبال کرتی ہے۔

نیت کر اور امید رکھ، اللہ تیری مراد پوری کرے گا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ، آمین،

الحَمْدللحیّ القیّوم

## حضرت سرکار پیر ومرشد مخدوم الملک

## شاہ ولایت حکیم امیر الحسن صاحب قدس سرہ العزیز

## سہارنپوری کے محبوب ترین خادم بابا نثار احمد صاحبؒ

۱۶ اکتوبر ۱۹۷۲ء بمطابق ۷ رمضان المبارک ۱۳۹۲ھ کو عصر کے وقت اپنے معبود حقیقی سے جا ملے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

سرکارؒ کا یہ تکیہ کلام ہوتا ''ہمارے خاص آدمی کو بلاؤ،، کیجئے۔ سرکار کا خاص آدمی ۱۶ سالہ مفارقت کے بعد سرکارؒ سے جا ملا آپ نے حضرت مخدوم الملک سرکارؒ کے محبوب خلفاء میاں عاشق علی خان صاحب واخی المکرم خلیق احمد فاروقی صاحب ومحترم جناب محمد حبیب الرحمن عارف صاحب کو اپنی الوداعی خدمات کے فیض سے مشرف فرمایا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذواجلال والاکرام اپنے خاص لطف وکرم سے ہماری سرکار کے خاص آدمی کے گناہ بخش دے، آمین۔

قبر کشادہ کرے، آمین، قبر کے فتنوں سے محفوظ رکھے آمین، قبر کے عذات سے نجات دے، آمین۔

marfat.com
Marfat.com

جنت مقام ہو آمین، جنت الفردوس آمین۔

۸۷۲ اگر عموماً شیطان کی طرف سے ہوتا ہے مگر یہ اگر رحمن کی طرف سے ہے کہ اگر یہ ہسپتال اللہ کے لئے اللہ ہی کی بیمار و نادار و لاچار مخلوق کی بے لوث خدمت کے لئے تعمیر کیا جا رہا ہے، اس کے سوا اس کے پیش نظر اور پس پشت کوئی اور غرض و غایت نہیں تو اللہ ہی اسے بنائے گا اور اللہ ہی چلائے گا، اس کا کوئی بھی معاملہ کسی کا محتاج نہ ہو اور نہ ہی اس کا کوئی کام کسی بھی سبب سے رکے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ، آمین

فَاعْلَمْ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَ رَبِّ کُلِّ شَیْ ءٍ وَّ مَلِیْکِہٖ وَاللّٰہُ اَحَدٌ صَمَدٌ حَیٌّ قَیُّوْمٌ وَّ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

قیامت کے دن اللہ بندوں سے فرمائے گا:

میں بیمار تھا، تم نے میری بیمار پرسی کی۔

کسی کو کہے گا کہ

میں بھوکا تھا، تم نے مجھے کھانا کھلایا، میں ننگا تھا تم نے مجھے کپڑے پہنائے۔

بندے عرض کریں گے کہ

تو توکل کائنات کا خالق و مالک تھا، ہم نے کب آپ کی بیمار پرسی کی یا کھانا کھلایا اور کپڑا پہنایا۔

اللہ فرمائیں گے:

تو نے فلاں بیمار کی بیمار پرسی کی، فلاں کو کھانا کھلایا اور فلاں کو کپڑا پہنایا۔

معلوم ہوا کہ مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور مخلوق کی خدمت گویا اللہ ہی کی خدمت ہے ورنہ اللہ کی کسی نے کیا خدمت کرنی ہے۔ الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۸۷۳ اگر زندہ نہ ملے تو قبر پر بیٹھ، کسی کامل کی قبر پر بیٹھ۔ اہل ذکر اور اہل فکر کی قبر زندہ ہوتی ہے، ہر کسی کی نہیں۔ بے شک عارف ہر دو جہان میں زندہ رہتا ہے۔ اللہ کے مقبول بندے عام بندوں کی طرح نہیں مرتے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے ہیں، زندگی میں اکثر کہا کرتے ہیں کہ

ہمیں مرنے کا کوئی غم نہیں اور کوئی خوف نہیں، جس حال میں اللہ نے ہمیں یہاں رکھا ہوا ہے اسی

marfat.com

Marfat.com

میں وہاں رکھے گا۔

ماشاءاللہ

اپنے اس یقین کی تائید میں اکثر یہ دہرایا کرتے ہیں:

اِلَّا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

یعنی اولیاءاللہ کوکوئی خوف اور کوئی غم نہیں

پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث شریف دہراتے:

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ وَلٰکِنْ یَّنْقَلِبُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ

یعنی اولیاءاللہ مرتے نہیں (بلکہ) ایک زندگی سے دوسری میں منتقل ہوجاتے ہیں۔

جو زندگی میں کسی کو کوئی فیض نہ دے سکا، قبر میں کیا دے گا۔ البتہ اس کی مغفرت کی دعا مانگ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۷۴ جو زندوں کی صحبت سے فیض یاب نہ ہوسکا، ازلی کم نصیب ہے۔ کچھ ملے نہ ملے کوشش جاری رکھ۔ بے شک حرکت میں برکت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۷۵ فنافی اللہ حقیقت کا آخری اور معرفت کا ابتدائی مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۷۶ ساری عمر بندے کی تلاش میں گزری، بندہ نہ ملا، بندے کے پاس دیکھنے کی دو ہی چیزیں ہوتی ہیں۔ طاعت اور ذکر۔

جہاں یہ نہیں وہاں کچھ بھی نہیں اور جہاں یہ ہیں وہاں سب کچھ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۷۷ سلوک اور جذب زندگی کی جدوجہد کے دو اصطلاحی نام ہیں اور یہ منازل زبانی کلامی نہیں، ذکر و اطاعت کی ہوتی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۷۸ ہر کوئی ہر قسم کی بے شمار باتیں جانا کرتا ہے، یہ منازل نہ باتوں کی ہیں نہ کراماتوں کی، یہ منازل عشق

marfat.com
Marfat.com

رقت، سوز وساز اور کیف ومستی کی ہیں اور یہ ہمیشہ ایک سی نہیں رہتیں۔ بعض اوقات ایک ہی دن میں سوسو بار حال بدلا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

# شہزادہ کونین وسیدنا مولائے حسین علیہ السلام

۸۷۹ کیا آپ کے دل میں حسینؑ کے لئے کوئی بھی جگہ نہیں۔ پھر تو یہ دل سینے میں رکھنے کے قابل نہیں۔ ناقص ہے، بے وفا ہے اور کبھی زندہ و بیدار نہیں ہوسکتا۔

میرے مولا حوض اصفیٰ کے ساقی اور وہ فرش پر ہے۔ عرش پر نہیں ہے جو اس سے ایک گھونٹ پی لیتا ہے، امر ہو جاتا ہے۔ کبھی مردود نہیں ہوتا، میرے مولا دارالاقامت کے مقیم اور کوئی کیا جانے کہ وہ کیا ہے اور کہاں ہے۔

میرے مولائے حسینؑ کے سوا ہمارے پاس ہے ہی کیا؟ فضائل ومسائل۔

ہمارے پاس حسینؑ سے بہتر اور کوئی نمونہ نہیں، جنگل کا کوئی پھول ایسا نہیں جو ان کی یاد میں آنسو نہ بہائے۔

میرے مولاؑ، دین کے دین پناہ
عشق کے میر کارواں
فنا سے بے پرواہ
بقاء کے راہبر
اور
وفا کی انتہا ہیں

میرے مولاؑ کی شخصیت وشہادت کسی بھی تعارف کی محتاج نہیں، ہنود کا قلم رکا، آفرین کہا پھر آگے چلا۔ اگر ان کی شان میں کوئی ہندو کچھ کہتا، ہم منہ پھیر لیتے۔ آنکھیں بند کر لیتے، کانوں میں انگلیاں دے لیتے اگر پھر بھی باز نہ آتا تو میدان میں اتر آتے پھر دونوں میں سے ایک اس دنیا میں رہتا۔ کیا یہ حسینؑ وہی نہیں جن کی شان میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے:

marfat.com
Marfat.com

اَلحُسَیْنُ مِنِّیْ وَ اَنَا مِنَ الْحَسَیْن

حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۰ ساری خدائی کے دیکھنے والے کو اپنا منہ دکھائی نہیں دیتا اور یہ فکر کا مقام ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۱ ہر گنے میں گڑ ہے۔

جس طرح گنے سے گڑ بنانا مشکل ہے، اسی طرح بندے کو بندہ بنانا مشکل ہے۔

گنا تین مشکل منازل کو عبور کر کے گڑ کی شکل اختیار کرتا ہے، پہلے اسے کھیت سے کاٹ دیا جاتا ہے پھر اسے بیلنے میں بیل کر رس نچوڑا جاتا ہے پھر کڑاہی میں ڈال کر تیز آگ کی آنچ سے پکایا جاتا ہے اور یہ تینوں منازل بڑی اور کڑی سخت منازل ہیں۔ دیکھنے والے کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

اللہ ہمیں کہیں سے پکا پکایا گڑ عنایت کرے، اپنا بنانے کی ہم جرأت نہیں رکھتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۲ تو نے اپنی کسی بھی چیز پر کبھی غور نہیں کیا۔ بازار میں داخل ہوتے ہی ہر دکاندار تیری خدمت میں اپنی خدمات پیش کرنے کی پیشکش کرتا ہے۔ ہر کوئی فرمائش کرتا ہے، میری دکان پر آ، یہ سب چیزیں تیرے ہی لئے سجا کر رکھی گئی ہیں، جس چیز کی ضرورت ہو حکم دو وہی پیش کریں گے اور یہ تعظیم کی حد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۳ نیکی کی مخالفت حرام اور بدی کی مخالفت فرض ہے۔ نیکی کی تائید کر اور بدی کی مخالفت کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۴ ایک دوسرے کی مخالفت کی بجائے اپنے نفس کی مخالفت کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۸۸۵ نفس کی مخالفت اللہ کو پسند اور بندوں کی بے جا مخالفت ناپسند ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۶ نفس کی ہر بات میں مخالفت کر۔

جب کھانے لگو، کہو:

کم کھا، زیادہ مت کھا، سادہ کھا، مرغن غذائیں مت کھا، کما کر کھا، مفت مت کھا۔

لباس پر اعتراض کرو۔

سادہ پہن اور اتنے زیادہ کپڑے مت پہن، بدن کو بالکل ہی کپڑوں سے گرمانا صحت کے منافی ہے۔

جب بولنے لگے، روک دو، کہو

قدرتی لہجہ میں سیدھی سادھی بات کر، شیخی مت بگھار، جو بات تم جانتے نہیں اور کرتے نہیں اسے اپنی طرف منسوب مت کر، مجمع عام میں اپنی لاعلمی کا اعتراف کر۔

سوتے وقت کہو:

ساری رات سونے ہی کے لئے نہیں، جاگنے کے لئے بھی ہے اور میں نے تجھے کبھی بھی ساری رات سونے نہیں دینا اگر نہ اٹھے سزا دو، اس کی کسی مرغوب شے کو بند کر دو اگرچہ ایک دن کے لیے کرو۔

جب کسی کو برا کہنے لگے، ٹوک دو کہو کہ

یہ برائی تو خود تیری اپنی ذات میں پائی جاتی ہے، اپنی برائی دور کر۔

بندہ جب اپنے گریبان میں منہ ڈالتا ہے اسے چاک پاتا ہے، اصلاح مقصود ہو تو پہلے اپنا چاک رفو کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۸۷ شب و روز اپنے کمالات بیان کرتے ہو، خسرات بھی کرو، حقیقتاً کسی میں کوئی بھی کمال نہیں۔ صاحب کمال اپنے کسی کمال کا کبھی دعویٰ نہیں کرتے۔ ہر کمال کو اللہ ہی کی طرف سے عنایت سمجھ کر شکر کیا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

# جنگلی بِلّے

۸۸۸ جنگلی بلے پالتوں بلیوں کی طرح خوبصورت، موٹے تازے، پلے ہوئے اور دسترخوان کی پیالیاں چاٹنے والے نہیں ہوتے۔ پتلے دبلے، جفاکش اور جنگل کی زینت ہوتے ہیں۔ موسم کی شدت سے متاثر نہیں ہوتے۔ دھپاں، مینہ، سیالے پالے سب سروں پر جھیلا کرتے ہیں۔ مصنوعی آرام گاہوں سے بے نیاز، بارش، آندھی اور طوفان میں دندناتے پھرا کرتے ہیں۔ جب بھوک لگتی ہے شکار کر کے کھاتے ہیں، کسی کا مارا کبھی نہیں کھاتے۔ رات کو جب دھاڑتے ہیں، دل دہل جاتے ہیں اور پالتو بلے بچوں کے تھیڑے کھاتے دن گزارا کرتے ہیں۔

اللہ نے بلے کو شیر کی چھینک سے پیدا کیا۔ شیر کی سی شکل اور شیر ہی کی خصلت و عادت رکھتے ہیں، مخصوص کتوں کے سوا ہر کتے کی زد میں کبھی نہیں آتے اور نہ ہی عام کتے ان کے تعاقب کی جرأت کیا کرتے ہیں۔

جنگلی بلے پالتو بلوں کی طرح گھر گھر میں پانچ پانچ سات سات نہیں ہوتے، سارے جنگل میں گنتی کے ہوتے ہیں اور لوگوں میں مشہور ہوتے ہیں کہ فلاں کھیت میں ایک بلا رہتا ہے اور رات کو لوگ سہم سہم کر چلا کرتے ہیں۔

کیا یہ بِلّا اسی بلے کی نسل سے نہیں؟ یقیناً ہے البتہ ماحول سے اثر پذیر ہو کر اپنی ہر شے کھو بیٹھا، کھانے کی افراط نے اس کی خو بدل دی۔ شکل کے سوا اب اس میں کوئی بھی خصلت باقی نہیں اور یہ اس کی گراوٹ کا انتہائی مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

# حدیث

۸۸۹ اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلام دین کا وہ مستند نصاب جسے کوئی بدل نہیں سکتا اور جس کا کوئی منکر نہیں اور نہ ہی جس کے بغیر قرآن کریم کی پوری تعمیل ممکن ہے۔

اللہ نے فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

نماز قائم کرو۔
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس فرمان کی تعمیل میں فرمایا کہ
فلاں وقت اتنی رکعتیں پڑھو اور اس طرح پڑھو۔
اللہ نے فرمایا:
مجھ سے دعا مانگو، میں قبول کروں گا۔
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
یہ دعائیں مانگو اور تفصیل کے ساتھ فرمایا:
فلاں وقت یہ مانگ اور فلاں وقت یہ۔
یہاں تک کہ کوئی بھی وقت وسبب دعا سے خالی نہ رہا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۰ مطالبات ذاتی اور اتحاد وتعاون قومی ضرورت ہے، ذات پہ قوم کو ترجیح دے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۱ اپنے ملک وملت کے اقبال وکردار کو بلند کرنے کے لئے ذاتی مفاد قربان کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۲ قوم ذات کا مجموعہ ہے، قومی مفاد کے آگے ذاتی مفاد کوئی معنی نہیں رکھتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۳ قومی ترقی کا احساس پیدا کر، اپنی ذات کو قوم سے الگ مت جان، تیری قوم ہی تیری ذات ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۴ دیانت اور محنت سے جو بھی کام کرو گے برکت ہوگی ماشاءاللہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۵ حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف نے اپنے محسن انصار حضرت زبیرؓ سے قرض حسنہ لے کر اپنی تجارت مدینہ منورہ کے ایک بازار میں ایک دینار کے پنیر سے شروع کی اور ایک سال بعد اونٹوں کا ایک لدا ہوا قافلہ بیت المال کو دیا۔

marfat.com
Marfat.com

وہی برکت آج بھی ہے، دیانت ومحنت درکار ہے۔

ف:

مکی مہاجرین کا قافلہ جب بے سروسامانی کے عالم میں مدینہ منورہ پہنچا تو تمام مدنی انصار اپنے اپنے گھروں کے آگے ان کے استقبال کے لئے کھڑے تھے، جس کے گھر کے سامنے جو دوست گزرتا، وہ اسے اپنا بھائی سمجھ کر اندر لے جاتا۔ چنانچہ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کی باری حضرت زبیرؓ کے گھر میں آئی۔

حضرت زبیرؓ نے اپنے گھر کا سارا سامان دو حصوں میں تقسیم کر کے لگایا ہوا تھا اور آپؓ کی دو بیویاں تھیں، آپ نے حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف سے عرض کی کہ میرے گھر کا یہ سامان برابر برابر دو حصوں میں لگایا ہوا ہے جونسا آپ کو پسند ہو قبول کرلیں اور میری دو بیویاں ہیں، ان میں سے جونسی آپ قبول کریں، میں طلاق دے دیتا ہوں۔ اس پر حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ پر رقت طاری ہوگئی۔ حضرت زبیرؓ کے اس بے مثل ایثار پر ملائکہ انگشت بدنداں ہوئے۔ آپ نے کہا کہ یہ سارا سامان اور میری یہ بہنیں آپ ہی کو مبارک ہوں مجھے قرض حسنہ پر ایک دینار دیں اور منڈی کا پتہ بتادیں، میرے لئے یہی کافی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۶ اتحاد کے ساتھ نصرت اور نصرت کے ساتھ فتح نازل ہوا کرتی ہے، جس میدان میں بھی کوئی قوم کسی کام کے لئے متحد ہوجاتی ہے، نصرت عنایت کردی جاتی ہے۔

اتحاد ونصرت کا ایک دوسرے سے چولی دامن کا ساتھ ہے، اتحاد ایک نعمت اور نصرت رحمت ہے۔ نعمت پر رحمت کا برسنا قدرت کا ازلی دستور ہے جو قوم اپنی تعمیر کے لئے ایک مرکز پر متحد ہوجاتی ہے، نصرت اس کے ساتھ ہوتی ہے۔

جو قوم اپنے سوئے ہوئے نصیب کو جگانے کے لئے اٹھ کھڑی ہوتی ہے، فتح اس کا استقبال کرتی ہے اور وہ کبھی شکست نہیں کھاتی۔ اپنے حال پر رحم کھا اور متحد ہو، اتحاد وقت کی اہم پکار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۷ آخری چکر میں جو سب سے آگے ہوتا ہے، کامیاب ہوتا ہے۔ پہلے چکروں میں کوئی آگے ہو، کوئی

marfat.com
Marfat.com

پیچھے کوئی معنی نہیں رکھتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۸ ہم نے کسی کافر کو تو کیا مسلمان بنانا تھا، مسلمانوں کو کافر بنا بنا کر رول رہے ہیں جس کلمہ طیب کو پڑھ کر کافر مومن ہوتا ہے جب تک اس کلمہ کا منکر نہیں ہوتا کافر نہیں ہوتا، مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، اپنے کسی بھائی کو کافر کہنا کسی بھی طرح کسی کو روا نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۸۹۹ اہل طریقت (مجذوب ہو یا سالک) اہل خدمت اور اہل خدمت اہل وفا ہوتے ہیں، صاحب ایثار ہوتے ہیں، صاحب انبار نہیں ہوتے، کوئی مال اپنے پاس جمع نہیں رکھتے جو مال اللہ انہیں دیتا ہے اسی وقت اللہ کی راہ میں دے کر مال کے جنجال و وبال سے پاک ہو جاتے ہیں، ناداری کو اللہ کی نعمت سمجھ کر شکر کیا کرتے ہیں، کبھی شکوہ نہیں کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۰ اللہ پاک ہے، پاک مال کو قبول کرتا ہے ہر مال کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۱ جذب سلوک کی ایک ناگزیر حالت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۲ عمل جب قائم ہو جاتا ہے، قوی ہو جاتا ہے۔ جب قوی ہو جاتا ہے حصار بن جاتا ہے اور شیاطین پر غالب آ جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۳ عمل جب باقاعدگی سے وقت پر ادا ہوتا ہے، کبھی قضا نہیں ہوتا، قائم ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

# خصلت

۹۰۴ آدم علیہ السلام کی عظمت کا راز۔

روئے آدمیت کا غازہ۔

صدف نوع انسانی کا درشہوار۔

ہر زندگی کے معراج کا زینہ اور ہر قوم کی کامیابی کا ضامن ہوتی ہے۔

جب بھی کوئی قوم اپنی تعمیر کیلئے ایک مرکز پہ متحد ہو کر اپنے سوئے ہوئے نصیب کو جگانے کے لئے کمر بستہ ہوئی، اسی وقت اس پر نصرت الٰہی نازل ہوئی۔

نصرت الٰہی صورت پہ نہیں، سیرت پر نازل ہوا کرتی ہے اور سیرت خصلت ہی کا دوسرا نام ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کی پوری داستان کا مطالعہ کیجئے۔

جب بھی اللہ نے کسی قوم پر اپنی نصرت نازل فرمائی، سیرت ہی پر فرمائی اور سیرت کے سامنے صورت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ ہر کوئی ہر روز، ہر قسم کی صورت اختیار کر سکتا ہے اور صورت تبدیل کرنا کوئی مشکل کام نہیں البتہ کسی کا سیرت کو بدل کر بلند کرنا عزم الامور میں سے ہے۔ جب کسی قوم کی کوئی خصلت اللہ کے ہاں مقبول ہو جاتی ہے اللہ اسے اپنی دنیا میں بلند فرما دیتے ہیں پھر اس قوم کی راہ میں کوئی رکاوٹ کبھی حائل نہیں ہو سکتی، نہ سمندر ان کی راہ روک سکتا ہے نہ پہاڑ، جب تک کوئی قوم اپنے ملی معاملات و مطالبات کو ذاتی معاملات و مطالبات پر ترجیح نہیں دیتی، ملی ترقی نہیں کر سکتی۔

ذات سے قوم اور قوم سے ملت ہے، ملت کی بلندی کا احساس پیدا کر۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۵ ذات ایک قطرہ اور ملت سمندر ہے، قطرہ جب بھی سمندر سے جدا ہوا، بے تاب ہوا۔ حوادث کا شکار ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com

Marfat.com

۹۰۶ ملی مفاد پر ذاتی مفاد کی قربانی ملی مفاد کی روحِ رواں ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۷ ذات جب ملت پر اپنے ارمان قربان کر دیتی ہے، ملت سرجیت ہو جاتی ہے گویا ذات کی قربانی ہی ملت کی زندگی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۸ قوم ایک ٹیم ہے، ایک کھلاڑی کی سستی پوری ٹیم کو ہرا دیتی ہے جس قوم نے بھی دنیا میں کوئی ترقی کی، ایک مرکز پر متحد ہو کر اور کام کر کے کی۔
ٹیم جب جیتنے کا عزم لے کر کھیل کے میدان میں اترتی ہے، جیت جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۰۹ یقین ایمان کی بنیاد ہے ایمان جب شک وشبہ سے پاک ہو جاتا ہے یقین بن جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۰ مشاہدہ یقین کو محکم کرتا ہے۔
یقین مشاہدے کا محتاج نہیں ہوتا۔
جو یقین مشاہدے کا محتاج ہو مشروط ہے حقیقی نہیں۔ یقین ہر حال میں اپنی اصلی حقیقت پر قائم رہتا ہے۔ اپنا زاویہ کبھی نہیں بدلتا۔ خوشحالی ہو یا زبوں حالی، ہر حال میں بدستور قائم رہتا ہے۔
اپنے رب کی ربوبیت وملوکیت والوہیت پر یقین پیدا کر اور یہی یقین ایمان ہے، جتنا مضبوط یقین اتنا ہی مضبوط ایمان۔
یہ یقین پیدا کر
میرا رب جس کا کہ میں بندہ ہوں، ہر وقت ہر جگہ حاضر وناظر اور ہر کسی کا حافظ وناصر اور ہر کسی کے ہر وقت ساتھ ہے۔ ہر کسی کے ہر معاملے میں دینی ہو یا دنیوی سب سے بڑھ کر وکیل وکفیل ونصیر ہے۔ مجھ پر اور کل عالم پر اپنی ماں سے بھی سو گنا زیادہ مہربان وشفیق ہے۔ یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے اور جیسے بھی ہو رہا ہے، اسی طرح ہو رہا ہے جیسے کہ چاہیے ہر شے کا ہونا خیر ہو یا شر، اللہ ہی کی طرف سے جان۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ رحمن ورحیم وحکیم ہے، اس کی ہر شے حکمت پر مبنی اور سراسر حکمت ہے۔ اعتراض یقین کی ضد ہے۔ قدرت کے ہر کام کو حکمت پر مبنی سمجھ اور اعتراض مت کر۔ دل سے یہ تسلیم کر کہ
جس طرح میرے ساتھ ہوا، ہو رہا ہے اور ہوگا، اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اسی میں میری بھلائی ہے۔ یہ خوشی، یہ غمی، یہ کثرت یہ کمی، یہ حیات یا ممات قدرتی نظام کے تحت آنی جانی ہیں۔
یا اللہ! دو چیزیں کبھی کم نہ ہوں پھر ہمیں کوئی کمی نہیں۔
من میں تیرا ذکر اور تن میں تیری طاعت رہے آمین۔
ذکر و اطاعت زندگی کے دو شاہ مہرے ہیں۔ یا اللہ! ہمیں اپنے ذکر کی توفیق بخش، آمین۔ اور طاعت کی، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۱ اکثر دوست یہ کہتے ہیں کہ ذکر میں انہیں کوئی لذت نہیں آتی، ذاکر جب مذکور کو محبوب مان کر ذکر میں مشغول ہوتا ہے، اسی وقت مسرور ہو جاتا ہے مخمور ہو جاتا ہے۔
ذاکر کے دل میں ذکر اور مذکور کے سوا کوئی اور شے باقی نہیں رہتی۔
اس حال میں اگر کسی نے شوق و محبت سے سرشار ہو کر ایک بار اپنے اللہ کو سبحان اللہ کہا، مقبول ہوا۔ اس کے گناہ معاف ہوئے، درجات بلند فرمائے گئے اور سرور کی لذت سے نوازا گیا۔ بار بار کہنے کا تو کیا مقام ہوگا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۲ خزاں سے صرف پتے جھڑتے ہیں، پودے کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا اور خزاں ہی بہار کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۳ یہ گناہگار آنکھیں، آوارہ دل، سرکش اعضاء اور گرد آلود پاؤں نہ ان کے جمال کے متحمل ہو سکتے ہیں نہ حاضری کے اگر یہ کسی کام کے ہوتے، ضرور کامیاب ہوتے۔ سلطان کی مصاحبت کے لئے وفاداری کے علاوہ اعلیٰ درجے کی استعداد بھی ضروری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۹۱۴ رنج وغم کواللہ کی طرف سے تحفہ سمجھ کر رحمت کے انتظار میں خاموش رہنا صبر کا ادنیٰ مقام ہے اور خوش رہنا اعلیٰ مقام ہے گویا اس وقت بندے کا اللہ بندے کی طرف پوری رحمت سے متوجہ ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۵ کنواں ساکن اور دریا متحرک ہے، کنواں دریا کی برابری نہیں کرسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۶ سکون ایک نعمت ہے جو ایمان پر عنایت ہوتی ہے۔ بندہ جب سچے دل سے اللہ کو اپنا رب مان کر یہ کہتا ہے کہ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

اللہ اسے اسی وقت سکون بخش دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۷ انسان کی سب سے بڑی ضرورت کپڑا ہے، بھوکے کا تو گزارہ ہوسکتا ہے، ننگے کا نہیں، ستر ڈھانپنے کے لئے ہر کسی کو ہر وقت کپڑا ضروری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۸ یہ مشق کبھی ناکام نہیں رہتی۔

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہ نَاصِرِیْ اَللّٰہ حَاضِرِیْ اَللّٰہ نَاظِرِیْ اَللّٰہ مَعِی
فَاللّٰہُ خَیْراً حَافِظًا

یعنی اللہ ہی ہر کسی کا ہر جگہ، ہر وقت، ہر معاملے میں حافظ وناصر ہے اور اللہ ہی ہر جگہ، ہر وقت، ہر کسی کے پاس حاضر وناظر اور اللہ ہی سب سے بڑھ کر نگہبان ہے۔

مشق اَللّٰہُ مَعِیْ۔

میرا اللہ جس نے کہ مجھ کو اور کل کائنات کو پیدا کیا، میرے پاس حاضر وناظر ہے۔ کسی بھی وقت اور کبھی دور نہیں ہوتا۔ میری کوئی بھی شے میرے اللہ سے کبھی پوشیدہ نہیں جو میں کہتا ہوں اللہ سنتا ہے، جو کرتا ہوں دیکھتا ہے اور جو دل میں سوچتا ہوں جانتا ہے۔
میرے اقوال وافعال اللہ کے روبرو ہیں اگرچہ میرا اللہ مجھے دکھائی نہیں دیتا لیکن میرے قریب

marfat.com
Marfat.com

ہے، شہ رگ سے بھی قریب تر گویا میرے اندر ہی میرے اللہ کا ڈیرا ہے۔
جب بھی بولنے لگو سوچ کر بولو اور جب بھی کچھ کرنے لگو سوچ کر کرو۔ اللہ حاضر و ناظر ہے اور یہ مشق اہم مشق ہے۔ یہ مشق اصل مجاہدہ ہے اور اس پر قائم رہنا کافی ہمت کا کام ہے۔
پھر جب بندہ اپنے رب کی طرف متوجہ ہو کر محبت و شوق سے مجبور ہو کر اپنے معبود کو پکارتا ہے۔

یَا اَحَدُ، یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

یقیناً اللہ راضی ہوتا ہے، بہت خوش ہو جاتا ہے۔ بلائیں روک دیتا ہے، خطائیں بخش دیتا ہے۔ دعائیں قبول فرما کر عطائیں جاری کر دیتا ہے اور فرماتا ہے:
بے شک میں ہی احد ہوں، میرا کوئی شریک نہیں اور کوئی ثانی نہیں۔ کوئی ہمسر نہیں، میں اپنی ذات و صفات میں یکتا و بے مثل ہوں۔ جو چاہوں کروں، مجھے کوئی روکنے والا نہیں اور میرے بغیر کوئی دوسرا کچھ بھی کرنے پر کوئی قدرت نہیں رکھتا۔ میں جسے چاہوں جب چاہوں روک دوں لیکن مجھے کوئی روکنے والا نہیں۔ میں کسی بھی معاملے میں کسی غیر کا محتاج نہیں لیکن ہر کوئی ہر معاملے میں کلیتاً میرا محتاج ہے، ہر کوئی میرے ہی کرم کا محتاج اور میرے ہی در کا فقیر ہے۔
اللہ ہی صمد ہے، صمد وہ ہے جو ہر کسی سے بے نیاز ہو لیکن ہر کوئی اس کا نیاز مند ہو۔
بندہ نیاز مند اور تو اے میرے رب بے نیاز ہے۔ بندہ تیرا نیاز مند ہو کر ہی ماسوا سے بے نیاز ہے۔ جب تک بندہ تیرا نیاز مند نہیں ہوتا، تیری دنیا میں ماسوا سے کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ بے شک تیری نیاز مندی میں ہی بندہ کی بے نیازی ہے۔ تیرا نیاز مند تیرے سوا ہر شے سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ بندے کی بے نیازی تیری نیاز مندی میں ہے اور بندے کی بے نیازی بندگی کا سب سے بڑا ناز ہے۔ یعنی بندہ ایک بے نیاز کا نیاز مند ہو کر کون و مکان کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز ہو جاتا ہے۔ محض اس ناز پر کہ وہ ایسے رب کا بندہ ہے جو احد ہے، صمد ہے، حیّ ہے، قیوم ہے اور یہ چاروں صفات اللہ ہی کے لئے ہیں، کوئی مخلوق اس کا دعویٰ نہیں کر سکتی جو احد ہے، وہ صمد بھی ہے، احد ہی صمد اور صمد ہی احد ہو سکتا ہے۔

یا حی یا قیوم

marfat.com
Marfat.com

# یاحی یاقیوم اسم اعظم ہے

بندہ نکارا اور کاغذ بیچارا کیوں کر اس اسم اعظم کے اسرار و انوار کا متحمل ہوسکتا ہے پھر بھی یہ دونوں صفات ایک دوسرے سے لازم و ملزوم ہیں جو حیی ہے وہ قیوم بھی ہے اور قیوم وہی ہے جو حیی ہے۔

## الحَمْدللحیّ القیّوم

بلبل کی چہک میں — پھول کی ٹہک میں
کلی کی مہک میں — آگ کی دہک میں
سونے کی دمک میں — ہیرے کی چمک میں
سورج کی دھوپ میں — چاند کے روپ میں
بجلی کی کڑک میں — شعلے کی بھڑک میں
کوئل کی کو میں — خمرے کی ہو میں
چنبیلی کی کلی میں — عنبر کی ڈلی میں
ہواؤں کے زور میں — دریاؤں کے شور میں
قمری کے گیت میں — چکور کی پریت میں
صحرا کی ریت میں — کیسر کے کھیت میں
دریا کے بہاؤ میں — ساگر کے ٹھیراؤ میں
پہاڑوں کی اونچائی میں — غاروں کی گہرائی میں
لیموں کی کھٹاس میں — قند کی مٹھاس میں
یوسفؑ کی جدائی میں — یعقوبؑ کی دہائی میں
مظلوم کی آہ میں — کی نگاہ میں
محبوب کی دید میں — یوسفؑ کی خرید میں
ذاکر کے ذکر میں — زاہد کی فکر میں

marfat.com
Marfat.com

ہاتھی کی جسامت میں چیونٹی کی قدامت میں
خرد کی خبر میں عشق کی نظر میں
محبوب کے ناز میں محب کے نیاز میں
آنکھ کے نور میں دل کے سرور میں
محب کے جمال میں محبوب کے جلال میں
لاالہ کی ہستی میں الااللہ کی مستی میں

یا حی یا قیوم ہی کا سرمدی نور جلوہ گر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۱۹ آدمی کی عمر جب ذرا بڑی ہو جاتی ہے، بعض اوقات انٹ سنٹ باتیں کرنے لگتا ہے۔ جس بات کو جانتا نہیں اور جانتا نہیں کہ وہ جانتا نہیں، اپنی طرف منسوب کرنے لگتا ہے۔ کبھی کسی راہی نے بھی اپنی جیب کے بٹوے سے کسی کو مطلع کیا؟
اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو اور عقل کی باتیں کرو، ساری دنیا میں گنتی کے بندے مقبول بندے ہوتے ہیں اور بندوں کی نظروں سے اوجھل ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۰ فیض کے تمام سلسلے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کے فیض سے جاری ہوتے ہیں اور درجہ بدرجہ ہوتے ہیں۔ فیض کا جو سلسلہ درجہ بدرجہ وہاں تک نہیں پہنچتا غیر معتبر ہے۔

الحمدللحی القیوم

۹۲۱ دریا جھیل کے دہانے سے نکل کر ڈیلٹا بناتا ہوا جھیل میں ہی جا گرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۲ جہانگیر کی سیرگاہ اب اہل جہان کی عبرت گاہ ہے، ایک آدمی کے نفس کی تفریح کے لئے لاکھوں آدمی شب و روز محو کار رہے اگر اتنا کام اور اتنی محنت دین کے لئے کی ہوتی، دین اسے کبھی فراموش نہ کرتا، ہمیشہ زندہ رکھتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۹۲۳ شہزادوں کی رہائش گاہیں اور سیر گاہیں اب عبرت گاہیں ہیں، ان سے عبرت حاصل کر۔ یہ سوچ کہ اگر اتنا مال اور اتنا اسباب دین کے کاموں میں خرچ کیا جاتا تو قیامت تک قائم اور جاری رہتا، اللہ کے دین اسلام کو بلند کرنے کے لئے اگر اتنی کوشش کی جاتی تو کبھی رائیگاں نہ جاتی، رنگ لاتی اور ضرور لاتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۴ حضرت باوا صاحبؒ کے پچھتر ہزار خلفاء تھے جن میں سے صرف دو زندہ ہیں۔ نظام الدینؒ اور علاؤالدینؒ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۵ فخر گراوٹ کا ایک سبب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۶ دوست کے جمال کا اظہار اور قباحت کا اخفاء ضروری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۷ بہترین دوست وہ ہے جو اپنے دوست کی نیکی کو ظاہر کرے اور بدی کو چھپائے اور بدترین دوست وہ ہے جو اس کا الٹ کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۸ ایک نے کہا وہ عرش پر پہنچا، پوچھا اپنے آپ یا کسی کے پہنچائے سے۔ اس نے کہا کہ اپنے آپ۔ کہا اہل فن کے نزدیک یہ سیر معتبر نہیں۔ طریقت قدیم کے منافی ہے، جو بھی وہاں پہنچا کسی کا پہنچایا ہوا پہنچا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۲۹ شاہی دربار میں حاضر ہونے والے کو بادشاہ کی طرف سے اسناد عطاء ہوتی ہیں اور وہ اسناد پشتوں کام آتی ہیں، دنیا میں مشہور ہوتا ہے کہ فلاں شخص شاہی دربار میں حاضری کا شرف حاصل کر چکا ہے، سلطان جب دربار عام لگاتے ہیں اسے ضرور بلاتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۰ مرض کی غلط تشخیص اور ادویات کا بے جا استعمال مریض کے لئے مہلک ہوتا ہے ورنہ ادویات کے خواص و اثرات میں کوئی کمی نہیں ہوا کرتی۔ محرقہ کے مریض کا علاج ملیریا کی دواؤں سے جب کیا

marfat.com
Marfat.com

مریض کو بڑی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۱ تمام درجات کی باز پرس ہوگی جس جس القاب سے کوئی مقلب ہوا اور اس نے اس کی تردید نہ کی، پوچھا جائے گا کیا تم ایسے تھے جیسے کہ تمہیں کہا جاتا تھا؟ اور جب کہا جاتا تھا، سن کر خوش ہوتے تھے۔ تم نے ایسے القابات کی تردید کرنی تھی اور عام اعلان کرنا تھا کہ لوگ تمہیں نہ معلوم کیوں ایسا کہتے ہیں حالانکہ تم ایسے نہیں، یہاں تک کہ مرنے والوں سے یہ باز پرس ضرور ہوگی کہ جیسے لوگ تجھے پکارتے تھے، کیا تو ایسا ہی تھا؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۲ ہر تباہی کا سبب ہوتا ہے جب تک کوئی اپنی تباہی کے اسباب آپ پیدا نہیں کرتا۔ اللہ اسے کبھی تباہ نہیں کرتے یا کسی پر کبھی تباہی نازل نہیں فرماتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۳ ہر تعریف کی تمہید اللہ سے کر، ہر قسم کی تعریف میرے اللہ ہی کے لئے اور اللہ ہی سے ہے۔ نفس کی تعریف مستحسن نہیں، مذموم ہے۔ اس لئے کہ نفس کلیتاً برائی سے کبھی بری نہیں ہوتا مگر جسے کہ اللہ نے بچایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۴ نیت جب مخلص ہوئی ارادت میں مدغم ہوئی اور ارادہ کُنْ فَیَکُوْن ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۵ مور کی منزل مرغزار اور مرغابی کی جھیل ہے جہاں منزل ملی قافلے سے فرار ہوئے گویا مور منزل کا نہیں زینت کا دلدادہ ہے جہاں مرغزار پایا بھاگ گیا، اسی طرح مرغابی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۶ انسان کی طرح رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ جانوروں نے بھی ترقی کی اور ہر میدان میں اس کے شانہ بشانہ رہے۔

مثال کے طور پر چوہوں کو لیجئے، موجودہ دور کا چوہا پنجرے میں آسانی سے داخل نہیں ہوتا، کھانے

marfat.com
Marfat.com

کی چیز کو پنجرے میں دیکھ کر چکر کاٹتا ہے اور سوچتا ہے کہ اس اندھیرے میں یہ مہمانی کا سامان ضرور کوئی راز ہے اور مجھے ہی پھانسنے کے لئے ہے اگر پرانی قسم کا کوئی غیر اندیش چوہا لالچ میں آ کر اندر چلا ہی جاتا ہے تو بند ہو کر چین سے نہیں بیٹھتا بلکہ چکر کاٹتا رہتا ہے اور جس دروازے سے داخل ہوا تھا، اسی کو اپنے پاؤں اور دانتوں سے کھولنے کی کوشش کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ عموماً کامیاب ہو کر نکل بھاگتا ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۷ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ط کی تشریح میں ایک نے کہا:
جب میں اللہ کے ذکر میں محو ہوا مخلوق نے مجھ سے نفرت کی اور میں نے اس انقطاع کو اللہ کی طرف سے ایک حکمت سمجھ کر شکر کیا اور یہ انقطاع ہی میرے اتصال کا موجب بنا۔ ماشاءاللہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۸ جس کام کو صبح شروع کیا جاتا ہے، برکت ہوتی ہے، دن کا تھکا ماندہ آدمی شام کو کیا کام کر سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۳۹ افعال مقدور ہیں اور قدر خلق ہے، خیر ہو یا شر۔
اس حقیقت پر یقین لانے کے لئے طریقت کی منزل کا کم از کم تین چوتھائی حصہ درکار ہے۔ پہلے ہی روز زبان سے تو ہر کوئی تسلیم کر لیتا ہے لیکن دل سے اس ایمان پر یقین لانے کے لئے طریقت کی منزل اگر بارہ سال ہے تو ساڑھے گیارہ سال ضرور لگتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۰ اَمر اور اِرادت میں زمین آسمان کا فرق ہے۔
شیطان کو حکم دیا کہ آدمؑ کو سجدہ کر، ارادہ تھا کہ نہ کرے ورنہ شیطان مخلوق تھا، اس کی کیا مجال کہ اپنے خالق کے حکم سے سرگردانی کرے۔
اسی طرح سیدنا آدم علیہ السلام کے لئے حکم تھا کہ اس دانے کو نہیں کھانا، ارادہ تھا کہ کھائے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص اس طرح کہے کہ

marfat.com
Marfat.com

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّاھُوَاَھْلُہٗ ط

اللہ جزا دے ہماری طرف سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جس جزا کے وہ مستحق ہیں۔

تو اس کا ثواب ستر فرشتوں کو ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا یعنی وہ ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے۔ (طبرانی فی الکبیر والاوسط)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۱ انسانی عقل ناقص ہے، قدرت کی حکمت کے کسی بھید کو کیا پا سکتی ہے؟

جس بچے کو مارنے کے لئے فرعون نے ہزاروں بچے مارے اللہ نے اس بچے کو فرعون ہی کی گود میں پالا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۲ طاعت میں قرب، قرب میں حال، محبت میں جذب اور جذب میں وصال ہے۔

الحمدللحی القیوم

۹۴۳ طاعت اختیاری اور محبت غیر اختیاری ہے، حاکم کے حکم کی تعمیل، اطاعت اور در جاناں پر لٹ جانا محبت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۴ ایک نوجوان کس کر کمر باندھے، ایک دریا کے کنارے کھڑا لہروں کو دیکھ دیکھ کر گھبرا سا گیا۔ شش و پنج میں پڑ گیا، دریا کی موجوں کے شور وغل نے نوجوان کے پتے کو پانی پانی کر دیا۔ وہ ایک مدت دریا میں کودنے کے لئے کنارے پہ کھڑا موجوں کا جائزہ لیتا رہا۔ اللہ العلی العظیم کو بیچارے کی بے بسی پہ ترس آیا، ہاتف نے ندا دی۔

''اس طرح تم کب تک دریا کے کنارے کھڑے وقت ضائع کرتے رہو گے اگر اے او نوجوان! تو شش و پنج میں نہ پڑتا، آتے ہی کود پڑتا۔ اب تک کب کا کنارے پہنچ چکا ہوتا۔ یہ دریا، یہ موج، یہ بھنور، یہ گرداب، تیرے آہنی عزم کے آگے ایک چلو بھر پانی کی حیثیت بھی نہیں رکھتے۔ یہاں رکنا بھی کوئی جواں مردی ہے تو اللہ کا برکت والا نام لے کر اللہ ہی کے توکل پہ دریا میں کود پڑا اگر تو دریا میں ڈوب بھی گیا تو یہاں کھڑے رہنے سے بہر حال بہتر ہے۔ یہ دریا بیچارہ تیرے عزم و استقلال کی کیا برابری کر سکتا ہے؟ تیرے آہنی عزم کے سامنے دریا تو کیا سات سمندر بھی کوئی وقعت نہیں رکھتے۔ دریا کی کوئی موج تجھے کبھی ڈبا نہیں سکتی اگر تو نے ڈوبنا ہوتا کبھی یہاں نہ آتا۔

marfat.com
Marfat.com

یہ سن کر اس نے اپنے جسم کو جھنجوڑا اور بے خوف وخطر دریا میں کود پڑا۔
دریا کی موجوں سے کھیلنے والے نوجوان کو ہاتف نے دلاسہ دیا۔
اے میرے نوجوان! موجوں کو چیرتے ہوئے بڑھے چل، دریا کی ساری دریائی تیری ہمت پہ نازاں اور تیرے مقابلے سے گریزاں ہے۔

ندی ہس کے فقیری والی لنگھیے
صابر دے کولوں بھیک منگیے

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۹۴۵ عمل جب قائم ہوجاتا ہے، قوی ہوجاتا ہے پھر کبھی قضاء نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۶ عمل اپنے قاری کا وکیل وکفیل ونصیر وحفیظ ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۷ عمل کے نور کا جلال عجز وکسل وجبن کو جلا دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۸ عمل ایک قلعہ ہے جس میں کسی بھی طرح اور کوئی بھی کبھی داخل نہیں ہوسکتا اور نہ ہی اسے توڑ سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۴۹ عمل ایک حصار ہے جسے کوئی پھاند نہیں سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۰ عمل ایک پہاڑ ہے جسے کوئی ہلا نہیں سکتا جو اس سے ٹکراتا ہے، پاش پاش ہوجاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۱ عمل ہر حال میں اپنے ہر حریف کا مقابلہ کرتا ہے اپنی انابت قائم رکھتا ہے حتی الامکان اپنا تسلسل کبھی ٹوٹنے نہیں دیتا اور یہ عمل کی بہترین کرامت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۲ کسی کا شریک بن کر کہیں مت رہ جہاں بھی رہ مطیع بن کر رہ، دوست کے ساتھ دوست بن کر رہ، خیر خواہ بن کر رہ، اسی میں راحت ہے اور اسی میں رفعت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِہٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِہٖ

۹۵۳ ''شیخ اپنی قوم میں ایسے ہی ہوتا ہے جیسے کہ نبی اپنی امت میں۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۴ انبیاء علیہم السلام کے سوا ہر کسی کو سیدھی راہ پہ چلنے کے لئے چلانے والے راہبر کی ضرورت ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## ۹۵۵ حضرت سیدنا خضر علیہ السلام اور حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو خطبہ دے رہے تھے، آپؑ سے سوال ہوا کہ سب سے بڑا عالم کون ہے؟ آپؑ نے جواب دیا کہ میں یا یہ کہ روئے زمین پہ آپؑ سے زیادہ علم والا بھی کوئی ہے؟ آپؑ نے فرمایا نہیں۔

یہ کلمہ اللہ کو ناپسند آیا، اسی وقت وحی آئی کہ مجمع البحرین میں ہمارا ایک بندہ ہے جو تجھ سے زیادہ عالم ہے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی کہ میں تیرے اس بندے تک کیسے پہنچ سکتا ہوں، حکم ہوا کہ اپنے ساتھ ایک مچھلی رکھ لو جہاں وہ مچھلی کھو جائے، وہیں وہ مل جائیں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھی یوشع بن نون علیہ السلام کو لے کر چلے، حتیٰ کہ منزل مقصود تک پہنچے آپؑ نے دیکھا کہ وہ صاحب کپڑے میں لپٹے بیٹھے ہیں، آپ نے سلام کیا اور کہا کہ میں موسیٰ علیہ السلام ہوں۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا بنی اسرائیل کے موسیٰؑ؟ آپؑ نے فرمایا ہاں اور میں اس لئے آیا ہوں کہ آپؑ مجھے وہ بھلائی سکھائیں جو کہ آپؑ کو اللہ کی طرف سے سکھائی گئی ہے۔ آپؑ

marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا کہ تیرے ہاتھ میں توریت ہے، آسمان سے وحی اترتی ہے، کیا یہ کافی نہیں؟ موسیٰ! آپؑ میرے ساتھ سفر نہیں کر سکتے۔ اس لیے کہ جو علم مجھے ہے وہ آپؑ کو نہیں، جو علم آپؑ کو ہے مجھ کو نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہم دونوں کو جداگانہ علم عطاء فرما رکھا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ان شاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ میں صبر کروں گا اور آپ کے کسی فرمان کی نافرمانی نہیں کروں گا۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو مجھ سے کسی بھی بات کے متعلق جو بھی میں کروں، سوال نہ کرنا۔ یہاں تک کہ میں خود آپ کو خبر دوں کہ میں نے فلاں کام کیوں ایسے کیا، یہ باتیں کر کے دونوں حضرات ساتھ ساتھ چل دیئے۔

دریا کے کنارے ایک کشتی تھی، کشتی والوں نے حضرت خضر علیہ السلام کو پہچان لیا اور کرایہ لئے بغیر دونوں کو سوار کر لیا۔ تھوڑی دور چلے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ حضرت چپ چاپ کشتی کے تختے کلہاڑی سے توڑ رہے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ان لوگوں نے تو ہمارے ساتھ احسان کیا، بغیر کرایہ کے کشتی میں سوار کیا۔ آپ نے ان بیچاروں کی کشتی کے تختے توڑ دیئے۔ اس پر حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے آپ سے یہ نہ کہا تھا کہ آپ میرے کاموں پہ صبر نہیں کر سکتے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام معذرت کرنے لگے کہ خطا ہوئی بھولے سے پوچھ بیٹھا، معاف فرمایئے، سختی نہ کیجئے پھر نہیں پوچھوں گا۔

کشتی کے ایک تختے پر ایک چڑیا آ بیٹھی اور سمندر میں چونچ ڈال کر پانی لے کر اڑ گئی۔ حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ آپ کے اور میرے علم نے اللہ کے علم میں سے اتنا ہی کم کیا ہے جتنا پانی اس سمندر میں سے اس چڑیا نے کم کیا ہے۔

کشتی کنارے لگی، دونوں حضرت ساحل پر چلنے لگے۔ حضرت خضر علیہ السلام کی نگاہ چند کھیلتے ہوئے بچوں پر پڑی، ان میں سے ایک بچے کا سر پکڑ کر حضرت خضر علیہ السلام نے اس کی گردن اس طرح مروڑ دی کہ اسی وقت اس کا دم نکل گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ اسلام سخت گھبرائے، فرمانے لگے بغیر کسی وجہ کے اس بچے کو آپ نے ناحق مار ڈالا۔ آپ نے بڑا ہی منکر کام کیا۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا میں نے آپ سے پہلے ہی سے نہ کہہ دیا تھا کہ آپ کی اور میری نبھ نہیں سکتی۔ آپ میری باتوں پر صبر نہ کر سکیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اب اگر میں کوئی سوال کروں تو پھر مجھ کو اپنے ساتھ نہ لے چلنا۔

پھر دونوں حضرات ہمراہ چلے، ایک بستی میں پہنچے وہاں کے لوگوں سے کھانا مانگا، انہوں نے انکار کر دیا۔ وہاں ایک دیوار دیکھی جو گرنے کے قریب تھی۔ اسی وقت حضرت خضر علیہ السلام نے اسے درست کر دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ خیال تو فرمایئے، ہم یہاں آئے، ان لوگوں سے کھانا طلب کیا، انہوں نے انکار کر دیا اور آپ نے بلا اجرت ان کی دیوار بنا دی۔ آپ اگر چاہتے ان سے اجرت لے لیتے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ بس اب تین بار ہو چکا، اب آگے آپ میرے ساتھ نہیں چل سکتے۔ اب ان تینوں کاموں کی جن پر آپ نے اعتراض کئے، حقیقت سنیئے۔

فرمایا کہ کشتی کو عیب دار کرنے میں تو یہ مصلحت تھی کہ اگر یہ صحیح وسالم ہوتی تو آگے چل کر ایک ظالم بادشاہ تھا جو ہر ایک اچھی کشتی کو ظلماً چھین لیتا تھا، اس کے ہاتھ لگ جاتی حالانکہ یہ کشتی ہی ان مسکینوں کی روزی کمانے کا ایک ذریعہ ہے، اب جب کہ وہ اسے ٹوٹی پھوٹی دیکھے گا تو چھوڑ دے گا۔

بچے کو قتل کرنے کی بابت فرمایا کہ اس بچے کی جبلت میں ہی کفر تھا۔ آپ نے فرمایا کہ بہت ممکن تھا کہ اس بچے کی محبت اس کے ماں باپ کو بھی کفر کی طرف مائل کر دیتی۔ اس کی پیدائش سے اس کے ماں باپ بہت خوش ہوئے تھے اور اس کی ہلاکت سے وہ بہت غمگین ہوئے حالانکہ اس کی زندگی ان کے لئے ہلاکت تھی۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہم نے چاہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں ایسا بچہ دے جو بہت پرہیزگار ہو اور جس پر ماں باپ کو زیادہ پیار ہو یا یہ کہ جو ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرے، اس لڑکے کے بدلے اللہ نے ان کے ہاں ایک لڑکی دے دی۔

اس دیوار کو درست کر دینے میں مصلحت خداوندی یہ تھی کہ یہ دیوار شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی اور اس کے نیچے ان کا مال دفن تھا۔

پھر حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ دراصل یہ تینوں باتیں جنہیں تم نے خطرناک سمجھا، سراسر رحمت تھیں۔ کشتی والوں کو گو قدرے نقصان ہوا لیکن اس سے پوری کشتی بچ گئی۔

marfat.com
Marfat.com

بچے کے مرنے کی وجہ سے گو ماں باپ کو رنج ہوا لیکن ہمیشہ کے رنج اور عذاب خدا سے بچ گئے اور پھر نیک بدلہ ہاتھوں ہاتھ مل گیا اور یہاں اس نیک شخص کی اولاد کا بھلا ہوا۔

حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ اسلام سے فرمایا کہ یہ کام میں نے اپنی خوشی سے نہیں بلکہ اللہ کے حکم سے کئے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۶ حضرت خواجہ خضر علیہ السلام وحضرت موسیٰ علیہ السلام کی یہ ملاقات توحید اور نبوت کی پوری ترجمان ہے، بندہ جب اس پر غور کرتا ہے تو اسے یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ ہر فعل کا حقیقی فاعل اللہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۷ حال ومقام لامحدود ہیں، حال سے بڑھ کر حال اور مقام سے بڑھ کر مقام ہے۔ حال کے کمال پر شکر قبول اور دعویٰ نامقبول ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۸ حال حال پہ عنایت ہوتا ہے۔
اور بعض کے نزدیک صاحب حال سے عنایت ہوتا ہے۔
اور بعض کے نزدیک اللہ سے۔
اور ان دونوں میں ایک ہی امر جلوہ گر ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۵۹ جب تک اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کی خبر نہ دی انہیں کوئی خبر نہ تھی کہ وہ کیا ہیں اور کہاں ہیں؟
اسی طرح جب تک حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام کو اپنا تعارف آپ نہیں کرایا، انہیں بھی ان کی بابت کوئی پتہ نہ تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۰ عنایات جداگانہ ہیں
کسی کو فتویٰ کسی کو تقویٰ
کسی کو جذب اور کسی کو سلوک

marfat.com
Marfat.com

اور یہ چاروں ایک ہی منزل کی مختلف منازل ہیں، ان سب کی منزل مقصود ایک ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۱ ایک عالم، دوسرے عالم کے علم پر کوئی درک نہیں رکھتا جسے جو علم عنایت ہوا کافی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۲ حضرت خضر علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے آئندہ کی خبر تھی کہ تھوڑی دیر بعد ایک بادشاہ اس کشتی میں بیٹھ کر دریا عبور کرے گا اور اس کشتی کو ضبط کر لے گا، اسی لئے انہوں نے اس کے دو تختے توڑ دیئے تا کہ اسے ٹوٹی ہوئی سمجھ کر چھوڑ دے۔

اور یہ بھی علم تھا کہ یہ بچہ اگر زندہ رہا تو بڑا ہو کر فسق و فجور کا سبب بنے گا۔

اسی طرح دیوار کے نیچے انہیں دفینے کی خبر تھی اور یہ بھی خبر تھی کہ جب وہ یتیم بچے جوان ہوں گے، انہوں نے ہی اس دیوار کو گرانا ہے تا کہ وہ خزانہ جو اللہ کی طرف سے انہیں عنایت ہوا ہے، پالیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۳ حضرت خضر علیہ السلام کا ان سے کوئی ذاتی تعلق نہ تھا، اللہ کی طرف سے ایسا کرنے پر مامور تھے۔ انہوں نے یہ جو کچھ کیا اللہ کے امر و ارادت سے ہی کیا یعنی اللہ نے جیسے کرنے کا حکم دیا، انہوں نے کیا ورنہ وہ ایک نبیؑ تھے کیوں کر ایک بچے کو جان سے ناحق مار ڈالتے۔

حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کے یہ تینوں عجیب و غریب واقعات ایک دن کی کارگزاری ہیں، آپ کی عمر ہزاروں سال ہو چکی۔ اس دوران آپ سے کروڑوں ایسے واقعات ہوئے ہوں گے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۴ ولایت نبوت کی اور نبوت ربوبیت کی مظہر ہوتی ہے۔

چوکیدار کا حکم حقیقتاً بادشاہ ہی کا حکم ہوتا ہے، چوکیدار کا اپنا کوئی حکم نہیں ہوتا جو حکم اوپر سے ملتا ہے وہی حکم پہنچاتا ہے۔

کوئی مخلوق کسی بھی شے پر کوئی قدرت نہیں رکھتی، نہ ہی کوئی مخلوق خودسر ہے۔ ہر مخلوق کی پیشانی کے بال، اللہ نے مضبوطی سے پکڑے اور جکڑے ہوئے ہیں بغیر ارادت الٰہی کوئی شے حرکت نہیں کر سکتی۔ بے کس ہیں، بے بس ہیں، قدر کے مقدور ہیں، حکم کے محکوم ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۵ یقین سلوک کی منزل کا رہنما ہے، یہ یقین پیدا کر کہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے اور جیسے بھی ہو رہا ہے اللہ ہی کے امر وارادت سے ہو رہا ہے اور عین اسی طرح ہو رہا ہے جیسے کہ ہونا چاہئے۔ زمین کی ہر شے کا خالق و مالک و والی و وارث اللہ ہے اور ہر شے اللہ ہی کے قبضہ قدرت میں ہے۔ کسی بھی شے کی کوئی مرضی نہیں۔

اگر مخلوق خودسر ہوتی، ساری کائنات کا نظام درہم برہم ہو جاتا، خالق و مخلوق میں کوئی فرق نہ رہتا جیسا کسی کے دل میں آتا کرتا۔

اگر ایسا ہوتا تو نہ بندے اس کے بندے ہوتے اور نہ وہ بندوں کا رب۔

ایسا ہرگز نہیں کوئی بندہ اپنی طرف سے کچھ بھی کرنے کی کوئی قدرت نہیں رکھتا، ہر بندہ امر کا مامور قدر کا مقدور اور حکم کا محکوم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۶ یا اللہ! میں اپنے جسم کے اعضاء تک پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا، میرا کوئی بھی عضو میرے بس میں نہیں تیرے بس میں ہے۔

یا اللہ! جن کاموں کے کرنے کا تو نے ہمیں حکم دیا ہے، تیری توفیق کے بغیر ہم کیوں کر انہیں کرنے کی قدرت رکھتے ہیں، ہمیں توفیق عنایت فرما۔ یا حی یا قیوم آمین۔

اسی طرح جن کاموں سے تو نے باز رہنے کا حکم دیا ہے جب تک تو ہمیں باز رہنے کی توفیق نہیں بخشتا ہم کیوں کر باز رہ سکتے ہیں۔ ہماری نجات کا صرف ایک ہی راستہ ہے کہ ہم اپنے جملہ امور تیرے ہی حوالے کر دیں اور سچے دل سے یہ اقرار کر لیں کہ ہم خاک نشینوں کی ہر شے (اچھی ہو یا بری) خیر ہو یا شر تیری ہی طرف سے ہے۔ جیسا تو نے بندوں کی تقدیروں میں لکھ دیا ہے، بے شک بندے ایسا کرنے پر مجبور ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور یہ کلمہ ہر وقت ہر کسی پر پوری طرح لاگو ہے اور یہی معرفت ہے اور یہی معرفت کی حقیقت ہے کہ بندہ کہے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

marfat.com
Marfat.com

بندہ جب یہ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتے ہیں۔
میرے بندے نے سچ کہا، بے شک میری ہی توفیق سے بندہ نیکی کرتا اور برائی سے بچتا ہے۔
پھر فرماتا ہے:
اب یہ بندہ میرا اطاعت گزار ہوا گویا اس نے اپنے تمام معاملے میرے حوالے کئے۔
ف: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اللہ نے آسمان اور زمین کو پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے مخلوقات کی تقدیروں کو لکھا جبکہ اللہ کا تخت پانی پر تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۷ ہر دانشور، حکیم اور فلاسفر کی ابتداء یہ بچہ ہے۔ ننگا بیٹھا مٹی سے کھیل رہا ہے جو بھی شے ہاتھ میں آجاتی ہے منہ میں ڈال لیتا ہے۔ طیب وخبیث میں کوئی تمیز نہیں رکھتا۔ اسے صرف اپنی ماں ہی کا پتہ ہے کہ اس کی ماں ہی اس کا سب کچھ ہے۔ اپنی ماں کے سوا کسی اور کی طرف کسی بھی معاملہ میں ہرگز متوجہ نہیں ہوتا۔
جب بھوک لگتی ہے اپنی ماں ہی کی طرف رجوع کرتا ہے، کسی اور کے پاس کبھی نہیں جاتا۔ اسی طرح جب اسے کسی بھی قسم کی کوئی تکلیف پہنچتی ہے اپنی ماں کی طرف دوڑتا ہے۔ اسے جو بھی ناز ہے، اپنی ماں ہی پر ہے۔ جس طرح اس بچے کو اپنی ماں پر تکیہ ہے مجھ کو تجھ پر ہو یا حی یا قیوم آمین۔ پھر میں تیرا بندہ اور تو میرا رب ہے ورنہ میری بندگی اگرچہ میں کتنا ہی اقرار کروں معتبر نہیں۔ تیرے سوا تیرا یہ بندہ کسی اور طرف کبھی راغب نہ ہو یارب۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۸ یہ بچہ نادان ہے، کسی بھی چیز کا کوئی علم نہیں رکھتا۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ۔

یعنی (اللہ ہی نے) انسان کو (ہر) علم جو کہ وہ جانتا نہ تھا، سکھلایا۔
رازی، رومی، سقراط، بقراط پہلے اس بچے ہی کی طرح تھے۔ کسی بھی چیز کا کوئی علم نہ رکھتے تھے، جاہل پیدا ہوئے، سیکھ کر ہی سب کچھ بنے۔
اللہ جب کسی بندہ پر بھلائی فرماتے ہیں اسے علم وحکمت عنایت فرماتے ہیں۔ علم وحکمت کو اس کے

marfat.com
Marfat.com

دل میں ڈال کر فکر عنایت فرماتے ہیں اور فکر ہی ہر ایجاد کا موجد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۶۹ فہم فکر سے حاصل ہوتی ہے فکر فہم سے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۰ کسی بھی چیز کا محض علم رکھنا بندے کے لئے کافی نہیں، علم کے ساتھ عمل اور عمل کے ساتھ چلن ضروری ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۱ یوں دعا کر

اللہ تیری تقدیر کو بلند کرے، آمین۔

اگر میں ازلی بدنصیب ہوں تو تو اپنے لطف وکرم سے میری بدبختی کو مٹا دے، آمین۔ نیک بخت بنا دے، آمین۔

اسی طرح اگر تیرے ہاں تیرا یہ بندہ محروم ومفلس ہے تو تو اپنی قدرت سے اس کی محرومی اور محتاجی کو دور فرما دے، آمین۔

اسے طیب رزق عطاء فرما، آمین، باکرامت رزق، آمین۔

اور اپنے اس بندے کو اپنے ہاں خوش بخت لکھ دے۔ ایسا خوش بخت جسے کہ تمام بھلائیوں کی توفیق دی جاتی ہے اور بے شک تو ایسا کرنے پر قادر ہے تو اکرم الاکرمین ہے اور قادر المقتدر ہے اور ہم تیرے گنہگار بندے، تیری رحمت کے امیدوار اور تیرے ہی بھروسے جینے والے ہیں۔ تیرے سوا کسی سے کوئی امید نہیں رکھتے، کوئی خوف نہیں رکھتے، بے شک تو ہمارا رب ذوالجلال والاکرام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۲ طریقت، طریق نبوت اور طریق نبوت دین کی دعوت وتبلیغ ہے۔ طریق نبوت کی اتباع ہی سنت کی صحیح اتباع ہے، سنت کی اتباع کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

# تبلیغ

۹۷۳ سنت موکدہ، نبوت کی شاہکار، ملی تعمیر کی معمار، دین کی احیاء، فرض کفایہ اور امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امتیازی شان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۴ تبلیغ نبوت کا الوداعی پیغام تھا اگر اس پیغام کو مضبوطی سے پکڑا جاتا اس پر جہد کیا جاتا تو مسلمان کو آج یہ دن اور ایسے دن دیکھنے نصیب نہ ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۵ نیکی کا اجر کبھی ضائع نہیں ہوتا، نیکی کی مخالفت پر صبر نیکی کے اجر کو دوبالا کرتا ہے، نیکی کے ساتھ صبر نیکی کے اجر کو کبھی ضائع نہیں ہونے دیتا۔

اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا خوب فرمایا:

وَاصْبِرْ عَلٰی مَایَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا ط

یعنی آپؐ کے مخالفین جو کچھ بھی آپؐ کو کہیں آپ صبر کریں، انہیں کچھ مت کہیں اور نہایت ہی احسن وجمیل طریق سے ان سے علیحدگی اختیار کریں۔

پھر فرمایا:

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ط

یعنی ''ان بے چاروں کے قبضہ قدرت میں کوئی شے نہیں، مطلق نہیں۔ آپؐ کا رب ہی مشرق و مغرب کا رب ہے اور آپؐ اپنے رب کو اپنا کارساز ٹھہرائے۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۶ نیکی اور صبر نبوت وولایت کی دو بنیادی خصلتیں ہیں۔ ہر کسی سے ہر وقت ہر حال میں نیکی کر اور نیکی کی مخالفت پر صبر کو اپنے اوپر لازم قرار دے۔ یقین جان کہ اللہ نیکی اور صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور ان کے ساتھ ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۹۷۷ دوستی کا لگانا آسان اور نبھانا مشکل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۸ بندہ جب اپنے گناہوں پر نادم ہو کر سچے دل سے پکی توبہ کرتا ہے، اللہ اسے ہم وغم سے نجات بخش دیتا ہے۔ یہ ذریعہ واحد ہے کسی اور طرح سے کسی کو ہم وغم سے نجات نہیں مل سکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۷۹ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی (علق ۱۴)
یعنی ''کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ اس کو دیکھتا ہے۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۰ بے شک ہم میں سے کوئی بھی یہ نہیں جانتا کہ اللہ ہمیں دیکھتا ہے اگر ہم جان لیتے تو کبھی کوئی برائی نہ کرتے، ڈر کے مارے ہر قسم کی برائی و بے حیائی سے ہر وقت باز رہتے اور نہ ہی یاد سے غافل رہتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۱ مراقبہ معیّت۔

وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ (الحدید ۴)
اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۲ اللہ ہر وقت ہر کسی کے ساتھ ہے۔ بندہ اللہ کے اور اللہ بندے کے روبرو ہے، کسی بھی حال میں کبھی اوجھل نہیں۔ ہم زبان سے اقرار کرتے ہیں، اللہ حاضر ہے، اللہ ناظر ہے، دل اس سے بے خبر ہے۔ یہ بات کہ اللہ حاضر و ناظر ہے، کسی کے بھی دل میں بالکل نہیں اترتی۔
ایک نے کہا اور خوب کہا:
''جبکہ اے میرے رب! تو میرے ساتھ ہے پھر مجھے کسی کا بھی اور کوئی ڈر نہیں۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۳ وَاللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ
اور اللہ جیسے چاہتا ہے کرتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ایک نے کہا:

''جب کہ جو کرتا ہے تو کرتا ہے پھر مجھے کوئی گلہ نہیں، میرا جو حال ہو سو ہو تو برق نظر گرائے جا۔''

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۴ سانس میں کتنی لطافت ہے، الحمدللہ۔ ہر شے کو سونگھ کر بتا دیتا ہے کہ کیا ہے اور یہی سانس زندگی کا جوہر اور اسی کے اندر وہ گوہر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۵ سراب سراب ہے، کسی پیاسے کو سیراب نہیں کر سکتا یا سراب صرف سر ہے آب نہیں رکھتا پھر کیوں کر کسی کو سیراب کرے۔

یا کسی کو سیراب کرنے کے لئے سر نہیں آب درکار ہے یا سلوک کی ابتدائی منزل کے مکشوفات عموماً اور اکثر سیراب ہوتے ہیں، سالک کو سیراب نہیں کر سکتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۶ کسی بھی کام کا وقت ختم نہیں ہوا کرتا جب بھی کوئی کسی کام کو عزم بالجزم سے شروع کرتا ہے گویا وقت ہی پر کیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۷ ہر آدمی اپنا کام ختم کر کے مرتا ہے جس کام کے لئے اللہ نے بندے کو پیدا کیا ہوتا ہے جب وہ کام ختم ہو جاتا ہے آدمی ختم ہو جاتا ہے۔

کسی آدمی کا مرنا کائنات کے کسی بھی نظام پر مطلق اثر انداز نہیں ہوتا۔ آدمی مر جاتا ہے، کام بدستور جاری رہتے ہیں۔ کسی کی موت سے دنیا کا کوئی کاروبار کبھی نہیں رکتا۔ معمول کے مطابق جاری رہتا ہے البتہ ایک حسرت ضرور لے کر جاتا ہے اور وہ حسرت وقتی نہیں دائمی ہوتی ہے۔ قیامت تک مرنے والے کے گلے کا ہار بنی رہتی ہے کہ کاش وہ دنیا میں اللہ کے لئے جیتا اور اللہ ہی کے لئے اللہ کی راہ میں مرتا۔ اس کا دنیا میں جینا اور یہ مرنا کیا مرنا ہے؟ کسی کے آنے سے کوئی اضافہ نہیں ہوتا اور نہ ہی جانے سے کوئی کمی ہوتی ہے۔

اللہ ہمیں قابل رشک جینا اور مرنا نصیب کرے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۸ ہمارا مدینہ ہر مضطر کا سکینہ اور امن وراحت کا سفینہ ہے اور تیرا وہ عیاری ومکاری وبرائی وبے حیائی کا گہوارہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۸۹ موت ایک پل ہے جو دوست کو دوست تک پہنچا دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

تیرا شکر واحسان ہے کہ مجھ کو میرا آخری دن ہمیشہ یاد رہتا ہے، میں اس دن کی سختی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ یا رب یا حی یا قیوم لا الہ الا انت یا ارحم الراحمین، امین۔ اللھم اعنی علی غمرات الموت و سکرات الموت، امین۔ وہ وقت اللہ اللہ، توبہ توبہ زندگی کا نازک ترین وقت ہے۔ اس وقت دنیا کا کوئی مال اور کوئی دوست کسی بھی کام نہیں آئے گا۔

تیری رحمت ہی سے بیڑے پار ہوں گے یا ارحم الرحمین۔ اس وقت سے کوئی بے نیاز نہیں۔ کوئی محفوظ نہیں جن کی تم تعریفیں کرتے نہیں تھکتے۔ برزخ کی بدترین زندگی بسر کر رہے ہیں اگر ان کی چیخ وپکار سن لیں، گھروں سے بھاگ نکلیں۔ ان کے پاس ایمان کے سوا سب کچھ تھا اور وہ ان کے کسی بھی کام نہ آیا اگر ان کے پاس ایمان ہوتا اور کچھ بھی نہ ہوتا گویا سب کچھ ہوتا۔

چوٹی پر کھڑا ہو کر

جب اختتام پر طائرانہ نظر ڈالتے ہیں تو اللہ کے سوا کچھ اور نظر نہیں آتا۔ دل لرزنے لگتا ہے۔ جی میں آتا ہے اپنی روزی کسی مسکین کو دے دوں، اپنا کھانا کسی بھوکے کو کھلا دوں، اپنے کپڑے کسی ننگے کو پہنا دوں۔ شاید اس وقت میری سہائی ہو۔ اللہ اپنی کسی مخلوق کی خدمت کے صدقے میری وہ گھڑیاں آسان فرمادے۔

یا حی یا قیوم اسمع و استجب اللہ اکبر الاکبر

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۰ وہ بھی کیا دن تھے کہ ذرا سی بات پر تیرا خون کھولنے لگتا اور آج کسی بڑے سے بڑے سانحہ پر بھی تیرا خون حرکت میں نہیں آتا، تیری غیرت کا دنیا میں پہلا نمبر تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

# دین ومذاہب

۹۹۱ مذاہب وہ راستے ہیں جو سیاسی اغراض اور علمی اختلافات کی وجہ سے دین میں پیدا ہو جاتے ہیں، ان کی بنیاد علمی مسائل اور اجتہادی فیصلے پر قائم ہوتی ہے نہ کہ وحی آسمانی کے نزول کے دعویٰ پر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۲ چوہے کو بلی کا، بلی کو کتے کا، کتے کو ڈنڈے کا ڈر ہے ورنہ اگر چوہوں کو بلی کا ڈر نہ ہو تو کھانے کی کوئی چیز سلامت نہ رہے۔ ہر چیز کو خراب کر دیں، اپنی اپنی جگہ ہر شے ضروری ہے۔

تحفظ پرندگان کے تحت ایک سال ہم نے بلیوں کو نکال دیا تو دیکھا کہ بلیوں کی جگہ چوہوں نے چڑیوں کے گھونسلوں کا دورہ شروع کر دیا ہے اور صبح کو کوئی بھی انڈا ایسا نہ ہوتا جسے کہ وہ پی نہ لیتے۔ چپکے سے چوہے آتے، مزے سے انڈے پیتے اور کسی کو بھی پتہ نہ چلتا اور پوری سیزن میں کسی بھی چڑیا نے کوئی بچہ نہیں نکالا حالانکہ چڑیوں کے تحفظ ہی کے خیال سے بلیوں کو نکالا گیا تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۳ کوئی بھی مخلوق ایسی نہیں جسے کہ کسی کا ڈر نہ ہو، ہر کسی کو کسی نہ کسی کا ڈر ہے، ڈر سے مت ڈر، ڈر ایک نعمت ہے۔

اندھیرے کا ڈر

بھوک کا ڈر

افلاس کا ڈر

بڑوں کا ڈر

ظلم کا ڈر

شیطان کے حیلوں کا ڈر

مرنے کا ڈر

مر کر جی اٹھنے کے بعد حساب کتاب کا ڈر

پھر ناکامی کا ڈر

marfat.com
Marfat.com

ان سب کے ساتھ اگر اللہ کا ڈر بھی ہو تو پھر کسی ڈر سے کوئی ڈر نہیں۔ اللہ کا ڈر ہر ڈر پر حاوی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## علم الحدیث

۹۹۴ اللہ کے حبیب اقدس حضرت محمد مصطفی احمد مجتبیٰ، تاجدار مدینہ، سرور سینہ، مولائے غمگسار، حبیب کردگار، سید المرسلین، شفیع المذنبین، رحمۃ اللعالمین، خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلام اور طریق نبوت کے عملی نمونے کا اصطلاحی نام ہے لیکن ہم نے اسے اپنی پٹاری بنایا ہوا ہے اور ہم اس میں اپنے مطلب کی چیز بیان کرتے ہیں سب چیزوں کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۵ حدیث سوادِ اعظم ہر مذہب کی ماخذ اور بنیاد ہے، مذہبی اختلافات اجتہادی ہیں بنیادی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۶ اعلیٰ درجے کی کمائی نیکی ہو یا برائی جوانی ہی میں کی جاتی ہے جس نے جو پایا جوانی ہی میں پایا اور جس نے بھی کھویا جوانی ہی میں کھویا۔

اپنے جی سے بار بار پوچھ:
کیا جس کام کے لئے اللہ نے مجھے اس دنیا میں بھیجا ہے میں وہی کر رہا ہوں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ کیا میں اپنا وقت ضائع تو نہیں کر رہا؟ مجھے اس وقت کیا کرنا چاہئے؟ میرا یہ وقت بڑا ہی قیمتی ہے، مجھے اپنے اس وقت کو کسی بھی قیمت پر ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ یہ وقت پھر کبھی ہاتھ نہیں آنا۔ فضول باتوں سے فضول اور کوئی فضول نہیں۔ آپ کا کوئی وقت کسی فضول کام میں کبھی صرف نہ ہو، وقت آپ کی قیمتی متاع ہے، اسے کبھی ضائع نہ کریں۔ جس بھی قوم نے دنیا میں اپنے وقت کی قدر کی، کامیاب ہوئی، یقیناً آج ہمیں وقت کی اہمیت کا کوئی احساس نہیں اور کسی کو بھی نہیں۔ نوجوان کا سارا دن ریڈیو پر گانا سنتے گزر جاتا ہے، تفریحات کے اوقات معین ہوتے ہیں اور محدود ہوتے ہیں سارا دن نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۹۹۷ قومیں کام ہی کی بدولت کامیاب ہوئیں جس قوم نے بھی دنیا میں ترقی کی، کام کر کے کی۔ سب کے لئے کام ہو۔ سب کام کریں اور مل کر کریں۔ نہ کوئی بے کار ہو نہ نکما۔ ہر کوئی اپنے اپنے کام میں مصروف ہو، جس بھی کام کو کرو خوش اسلوبی سے کرو۔ محنت سے کرو یہاں تک کہ پسینہ پسینہ ہو جاؤ اور پسینہ ہی اہل فن کی زکوٰۃ ہے۔

امیر طبقے کا نوجوان کوئی کام نہیں کرتا، کام سے نفرت کرتا ہے۔ راحت و آرام کی زندگی بسر کرتا ہے، یہ سمجھتا ہے کہ کام کرنا مزدوروں کا کام ہے۔ امیروں کا نہیں۔ امراء دنیا میں کام کرنے نہیں عیش و عشرت کرنے آئے ہیں۔ شب و روز ایک ہی دھن میں گزار دیتا ہے۔

اللہ کرے ہم بیدار ہوں اور ہمارے نوجوان کے ذہن میں وقت کی وقعت کا احساس پیدا ہو، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۸ سب آدمی نہ لیفٹیننٹ بن سکتے ہیں نہ ڈپٹی، ہر کام اپنی جگہ ایک کام ہے جو بھی کام ملے دیانت و محبت سے کرو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۹۹۹ یہ خبر میرے والد بزرگوار رحمۃ اللہ علیہ نے جزائر فجی میں اپنے کانوں سے سنی اور بچپن میں مجھے سنائی کہ

جزائر فجی کے عقب میں ایک گمنام جزیرہ ''کورل آئی لینڈ،، ہے۔ عیسائی مشنری کے مبلغ وہاں تک جا پہنچے، آج سے پچاس سال پہلے وہاں کے باشندے آدم خور تھے۔ چنانچہ انہوں نے مشنری کے مبلغین کو بھون کر کھالیا، جب اس المناک سانحہ کی خبر پوپ کو پہنچی تو وہ سن کر بہت خوش ہوا۔ کہنے لگا کہ اب اس قوم میں عیسائیت پھیلانا کوئی مشکل کام نہیں۔ مشنری کے مبلغوں کا گوشت اور خون اب اس قوم کے رگ و ریشے میں رچ گیا ہے۔

اسلام عالمگیر تبلیغ کا داعی ہے، کورل آئی لینڈ تک تو ہم نے کیا جانا تھا اپنے ضلع کی ایک منڈی تک بھی نہ پہنچے۔

ایک تبلیغی جماعت ایک منڈی میں اللہ کا پیغام لے کر بندوں تک پہنچی۔ گلی کوچوں میں لوگوں سے

marfat.com
Marfat.com

خطاب کیا کہ لوگو! اللہ سے ڈرو۔ اللہ کی طرف رجوع کرو، یہاں سدا نہیں رہنا اور نہ ہی دوبارہ لوٹ کر آنا ہے۔ یہ دنیا اور اس کی ہر شے ناپائیدار فانی اور چند روز کی مہمان ہے جن کاموں کے کرنے کا اللہ نے حکم دیا ہے کرو اور جن بری باتوں سے باز رہنے کا حکم دیا ہے باز رہو۔

یہ ہوکا دینے کے بعد جب وہ مسجد میں داخل ہوئی، اللہ ان کا بھلا کرے مولانا صاحب نے دیکھتے ہی آنکھیں پھیر لیں۔ جیسے کہ دیکھا ہی نہیں اور پھر بات بات پر ٹوکنا شروع کر دیا۔ کبھی کہتے تم کون ہو؟ کہاں سے آئے ہو؟ کیوں آئے ہو؟ یہاں آنے کا کیا مطلب؟ کیا راستے میں کوئی اور جگہ نہ ملی؟ ہم تو پہلے ہی مسلمان ہیں، کسی عیسائی سے ملو۔ انہیں دین کی دعوت دو، میری مسجد میں تم بالکل نہیں بول سکتے۔ خبردار اگر تقریر کی، جھگڑا ہو جائے گا۔

یہ سن کر وہ خاموش رہے، نہایت ہی نرمی سے عرض کرنے لگے کہ ہم مسافر ہیں۔ اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کے لئے اپنے اپنے گھروں سے نکلے ہوئے ہیں جو باتیں ہمیں آتی ہیں، لوگوں کو بتاتے ہیں۔ کسی سے بھی اور کوئی اجرت و عوضانہ نہیں لیتے۔ اللہ کے دین کو اللہ کے بندوں تک پہنچانے کے لئے جتنی توفیق اللہ بخشتا ہے کوشش کرتے ہیں۔

لیکن ان کا دل کسی بھی طرح نہ پسیجا، اپنی ہٹ پر ڈٹے رہے۔ ایک مدت انتظار کے بعد وہ واپس لوٹے۔ مولوی صاحب کو سلام کیا اور عرض کی کہ آپ کی اس بے رخی سے انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا البتہ اللہ کا دین اس اخلاق سے ضرور نالاں ہے۔ ہم نے کون سا یہاں رہنا تھا، صرف چند منٹ رہنا تھا۔ کیا ہی اچھا ہوتا جب ہم یہاں سے جاتے آپ کے اخلاق کی ایک یاد لے کر جاتے نہ کہ شکوہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۰ دین کی تبلیغ ایک سیلاب کی طرح ہوتی ہے اور دریا کے سیلاب کو کوئی بند کبھی روک نہیں سکتا، سیلاب ہر بند کو بہا لے جاتا ہے۔ اللہ کے دین کی تبلیغ کو کبھی کوئی روک نہیں سکتا البتہ تبلیغ ہر روک کو روک دیتی ہے۔

استودع اللّٰه دينك و امانتك و خواتيم عملك و اقراء عليك السلام.

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

میرے مولائے کریم رؤف رحیم کی امت کے نونہالو!

کیا تم میں کوئی ایسا بھی ماں کا لال ہے جو ملت مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تر و تازگی پہنچانے کے لئے یعنی دنیا کو امن وسلامتی کا پیغام سنانے کے لئے اپنا وقت پیش کرے جس کی اللہ کے سوا کوئی اور غرض و غایت نہ ہو جو اللہ پر شکوہ نہ کرے جس بھی حال میں اللہ اسے رکھے راضی رہے۔

نوجوانو! ملت کی پکار کو سنو، ملت تمہیں پکار رہی ہے، میری جڑیں خشک ہو چلیں۔ میرے برگ و بار کمھلا چلے، کوئی مجھے سینچے۔

کیا تم میں کوئی ایسا نہیں جو ملت کو زندہ و قائم رکھنے کے لئے اپنی زندگی پیش کرے اگر نہیں پھر تو یہ زندگی کوڑی بھر قیمت کی نہیں۔

ملت امن وسلامتی کا اصطلاحی نام ہے اور امن وسلامتی کو قائم رکھنے ہی کے لئے اللہ نے بندے کو دنیا میں بھیجا ورنہ بندگی کے لئے چپے چپے پر فرشتے موجود ہیں۔

ملت کو جب بھی کسی نے للکارا ملت نے نوجوانوں کو پکارا اور وہ تیر و تفنگ سے نہیں امن وسلامتی کے چار معروف ہتھیاروں سے آراستہ ہو کر میدان عمل میں نکلے اور بازی لے گئے۔ کسی بھی میدان میں کبھی نہ ہرے۔

وہ چار ہتھیار یہ ہیں۔

صداقت

عدالت

امانت

شجاعت

اے میرے نوجوان!

ان ہتھیاروں سے آراستہ ہو کر تو جس بھی میدان میں نکلے گا جیتے گا، کوئی طاغوتی طاقت ان میں سے کسی بھی خصلت پر کبھی غالب نہیں آ سکتی۔ یہ خصائل قوموں کی زندگی، اقبال و عروج کے ضامن ہیں۔ انسانیت جب ان خصائل کو اپناتی ہے اسی وقت اللہ کی رحمت برسنے لگتی ہے، جب بھی کسی قوم نے دنیا میں ترقی کی ان خصائل ہی کی بدولت کی اور یہ خصائل تیری میراث تھے تو

marfat.com
Marfat.com

نے ہی دنیا کو ان کا درس دیا، دنیا جاگ اٹھی تو سو گیا۔ ایسی نیند سویا کہ کسی بھی آواز پر نہیں چونکتا۔
اے اوسونے والے نوجوان مسلم!
تیرے کردار کی داستانیں جنہیں تو بھول بیٹھا ہے اب تک قوموں کو یاد ہیں، تیری جرأت و بے باکی کی کوئی مثال کسی اور تاریخ میں نہیں ملتی، بیدار ہو، سامنے آ، میدان عمل میں اتر۔
ملت کو تمہاری ضرورت ہے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ

۱۰۰۱ زہر صرف کڑوا ہوتا ہے اور مہلک لیکن غم زہر سے کہیں کڑوا اور موت سے بھی مہلک ہوتا ہے۔ غم کا دھواں جب سینے میں اٹھتا ہے دل کا دیا بجھ جاتا ہے۔ چاروں طرف اندھیرا چھا جاتا ہے۔ جینا دوبھر ہو جاتا ہے۔ دنیا کی کوئی شے اچھی نہیں لگتی، کسی بھی کام میں جی نہیں لگتا۔ یہاں تک کہ جینے کو بھی جی نہیں چاہتا۔
گناہ سے غم اور اطاعت سے راحت ہوتی ہے۔ توبہ و اطاعت سے اللہ غم سے نجات بخش دیتا ہے۔ جتنا بڑا گناہ اتنا بڑا غم اور جتنی بڑی اطاعت اتنی ہی بڑی رحمت نازل ہوتی ہے۔ راحت و غم بندے کی اپنی ہی نیکی و بدی کا بدلہ ہوتے ہیں۔ غم تازیانۂ عبرت اور اصلاح کا موجب ہوتا ہے۔ فقیر کے سوا کسی اور نے غم کو اللہ کی رحمت نہیں سمجھا اور نہ ہی کسی نے غم پر شکر کیا حالانکہ ہر غم اپنے اندر ایک رحمت لئے ہوتا ہے۔ غم نفس کی گوشمالی اور راحت خوشحالی ہے۔ اللہ کسی کو غم میں کبھی مبتلا نہ کرے، آمین۔ مخزون و مغموم یہ کلمات پڑھے، ان کی برکت سے ہر قسم کے ہم و غم سے نجات نصیب ہو۔

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالَى الْعَزِيْز

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

پاک ہے اللہ بزرگی والا۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْم

marfat.com
Marfat.com

اے زندہ جاوید، اے قائم رہنے والے۔ (ابو ہریرہؓ، ترمذیؒ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمِ الْحَلِيْمُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ عظمت والا بردبار، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے عرش عظمت والے کا، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور مالک ہے بزرگی والے عرش کا۔

(ابن عباسؓ، بخاریؒ، مسلمؒ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمِ الْحَلِيْمُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ عظمت والا بردبار، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے عظمت والے عرش کا۔ کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے آسمان کا اور مالک ہے بزرگی والے عرش کا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمِ الْحَلِيْمُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط (ابن عباسؓ، بخاریؒ)

کوئی معبود نہیں مگر اللہ عظمت والا، بردبار، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور پروردگار ہے عظمت والے عرش کا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ بردبار بزرگی والا، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے عظمت والے عرش کا، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے آسمانوں کا اور مالک ہے زمین کا اور مالک ہے بزرگی والے عرش کا۔

(ابن عباسؓ، بخاریؒ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ

marfat.com
Marfat.com

الْعَظِيْمِ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ، بردبار، عظمت والا، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے عرش عظیم کا۔

(ابن عباسؓ، ابوداؤدؒ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيْمُ الْحَلِيْمُ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ بہت جاننے والا بردبار، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے عرش عظیم کا، کوئی معبود نہیں مگر اللہ جو مالک ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور مالک ہے بزرگی والے عرش کا۔

(ابن عباسؓ، بخاریؒ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمِ. سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط

کوئی معبود نہیں مگر اللہ بردبار، بزرگی والا، پاک ہے اللہ اور بڑی برکت والا ہے اللہ جو مالک ہے عظمت والے عرش کا۔

(ابن عباسؓ، ابن ابی شیبہؒ، علی المرتضیٰؓ، نسائیؒ، حاکمؒ)

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

اور تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

(علی المرتضیٰؓ، نسائیؒ، حاکمؒ، ابن حبانؒ، حصن حصین)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ. سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

کوئی معبود نہیں مگر اللہ بردبار بزرگی والا، پاک ہے اللہ جو مالک ہے سات آسمانوں کا اور مالک ہے عظمت والے عرش کا۔

(ابن ابی عاصمؒ، حصن حصین)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

سب تعریف اس اللہ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

(حصن حصین)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ۔

marfat.com
Marfat.com

اے اللہ! میں پناہ لیتا ہوں تیری تیرے بندوں کے شر سے۔

(حصن حصین)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ط

کافی ہے ہمیں اللہ اور بہتر ہے وہ کارساز

(ابن عباسؓ، بخاریؒ، ترمذیؒ، نسائیؒ، حصن حصین)

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ط

کافی ہے مجھے اللہ اور بہتر ہے وہ کارساز۔

(ابن عباسؓ، بخاریؒ، حص حصین)

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا ط

اللہ اللہ میرا رب ہے نہیں شریک ٹھیراتا ہوں میں اس کے ساتھ کسی چیز کو۔

(ابوداؤدؒ، نسائیؒ، ابن ماجہؒ، ابن ابی شیبہؒ)

اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا ط

اللہ میرا رب ہے نہیں شریک ٹھیراتا ہوں میں اس کے ساتھ کسی چیز کو

(اسماء بنت عمیسؓ، طبرانیؒ، حصن حصین)

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا ط

اللہ اللہ میرا رب ہے، نہیں شریک ٹھیراتا ہوں میں اس کے ساتھ کسی شے کو، اللہ اللہ میرا رب ہے نہیں شریک ٹھیراتا ہوں میں اس کے ساتھ کسی شے کو۔

(عائشہ صدیقہؓ، ابن حبانؒ، حصن حصین)

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔

بھروسہ کیا میں نے اس زندہ پر جو کبھی نہیں مرے گا اور تعریف سب اس اللہ ہی کے لئے ہے، جس کی کوئی اولاد نہیں اور نہیں ہے اس کا کوئی شریک بادشاہی میں اور نہیں اس کا کوئی مددگار کمزور، ہونے کی وجہ سے اور بڑائی بیان کرتے رہو اس کی خوب بڑائی۔ (ابوہریرہؓ، حاکمؒ، حصن حصین)

marfat.com
Marfat.com

اَللّٰھُمَّ رَحْمَتِكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ ط

اے اللہ! تیری ہی رحمت کی امید رکھتا ہوں میں، پس نہ حوالے کر مجھے میرے نفس کے لحہ بھر کے لئے بھی اور درست فرما میرے تمام کام۔

(ابی بکرۃ الثقفیؓ، ابوداؤدؒ، ابن حبانؒ، ابن ابی شیبہؒ، ابن سنیؒ، حصن حصین)

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

کوئی معبود نہیں مگر تو ہی ہے۔

(ابی بکرۃ الثقفیؓ، ابوداؤدؒ، ابن حبانؒ، ابن ابی شیبہؒ، ابن سنیؒ، حصن حصین)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

اے زندہ، اے قائم رکھنے والے تیری ہی رحمت کی فریاد کرتا ہوں۔

(ابن مسعودؓ، حاکمؒ، ابن سنیؒ، حصن حصین)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ (فِی السَّجْدَةِ مِرَارًا)

اے زندہ، اے قائم رکھنے والے (سجدہ میں بار بار)

(علی المرتضیٰؓ، نسائیؒ، حاکمؒ، حصن حصین)

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

کوئی معبود نہیں مگر تو پاک ہے تو بے شک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

(سعد بن ابی وقاصؓ، ترمذیؒ، نسائیؒ، عثمان بن عفانؓ، حاکمؒ، حصن حصین)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَ ابْنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآءُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَ نُوْرَ بَصَرِیْ وَ جِلَآءَ حُزْنِیْ وَ ذَهَابَ هَمِّیْ

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور بیٹا ہوں تیرے بندے کا اور بیٹا تیری بندی کا، میری چوٹی تیرے ہاتھ میں ہے۔ جاری ہے میرے اوپر تیرا حکم، عین عدل ہے میرے متعلق تیرا فیصلہ۔ میں تجھ سے

marfat.com
Marfat.com

درخواست کرتا ہوں کہ تیرے ہر اس نام کا واسطہ دے کر جس سے تو نے اپنی ذات کو موسوم فرمایا یا تو نے نازل فرمایا اسے اپنی کتاب میں یا تعلیم دی تو نے اس کی کسی کو اپنی مخلوق سے یا خاص کر کے رکھ لیا تو نے اس کو خزانہ غیب میں اپنے پاس کہ بنا دے تو قرآن بزرگی والے کو بہار میرے دل کی اور نور میری آنکھ کا اور ازالہ میرے غم کا اور دور کرنے والا میری تشویش کو۔

(ابن مسعودؓ، ابن حبانؒ، احمدؒ، حاکمؒ، بزارؒ، ابو یعلیٰؒ، ابن ابی شیبہؒ، طبرانی، حصن حصین)

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

کوئی تدبیر اور کوئی طاقت کارگر نہیں ہو سکتی مگر اللہ کی مدد سے۔

(ابن عمرؓ، حاکمؒ، حصن حصین)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهُ (مرةً)

بخشش مانگتا ہوں میں اللہ سے (ایک بار)

(ابن عباسؓ، ابوداؤدؒ)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ط

کافی ہے ہمیں اللہ اور بہتر ہے وہ کارساز اللہ ہی پر بھروسہ کیا ہم نے۔

(ابی سعید خدریؒ، ترمذیؒ)

۱۰۰۲ محبوب کے ارشاد کی تعمیل محبت کا ایک ناگزیر مقام ہے۔ ایک آدمی کسی کی محبت کا دعویدار ہے، وہ اسے حکم دیتا ہے فلاں کام کر وہ نہیں کرتا پھر کہتا ہے فلاں کام مت کر وہ اسے کرتا ہے گویا جس کام کے کرنے کا وہ حکم دیتا ہے نہیں کرتا لیکن جس سے روکتا ہے کرتا ہے، یہ محبت نہیں زبانی جمع خرچ ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۱۰۰۳ بچہ پیدا ہوتے ہی پہلوان نہیں ہوتا، رفتہ رفتہ ہوتا ہے۔ جب پیدا ہوتا ہے گوشت کا ایک لوتھڑا ہوتا ہے۔ کسی چیز کا کوئی علم نہیں رکھتا۔ نہ ہی کسی حرکت پر کوئی قدرت رکھتا ہے۔ جسم پر سے مکھی تک نہیں اڑا سکتا پھر اللہ قوت دیتا ہے، حرکت کرنے لگتا ہے، اپنا پہلو آپ بدل لیتا ہے۔ حرکت بعد بیٹھنے لگتا ہے پھر کھڑا ہونے لگتا ہے حتیٰ کہ چلنے لگتا ہے اسی طرح بابا سے بولنا شروع کر کے ایک دن عالم و فاضل بن جاتا ہے۔

بازیچہ اطفال سے گزر کر جب شباب کی وادی میں قدم رکھتا ہے، سرکش ہو جاتا ہے، اپنے رب کی

marfat.com
Marfat.com

نافرمانی کرنے لگتا ہے۔ کسی حکم کو نہیں مانتا، بڑھتے بڑھتے یہاں تک بڑھ جاتا ہے کہ جس اللہ رب العلمین نے اسے پانی کے ایک ناچیز قطرے سے مخلوق کیا ہوتا ہے، اس کی ذات اقدس میں شک کرنے لگتا ہے اور اپنی راہ کھو بیٹھتا ہے، گمراہ ہو جاتا ہے۔

اَللّٰھم الْھمنی رشدی و اھدنی من شر نفسی، آمین،

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۴ گزرا ہوا سانس کمان سے نکلے ہوئے تیر کی طرح ہوتا ہے پھر کبھی لوٹ کر نہیں آتا، جو سانس گزر گیا گزر گیا پھر کب اس نے واپس آنا ہے۔ نیکی کر ہر مقبول نیکی باقیات الصالحات میں سے ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۵ مبالغہ اور ہجو دونوں مذموم ہیں، نہ مبالغہ کر، نہ ہجو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۶ صبر سے رحمت کا انتظار کر جو چیز تیرے لئے ہے، تیرے ہی لئے ہے اور دیر حکمت پر مبنی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۷ گتی کتائی، بنی بنائی، سلی سلائی اور دھلی دھلائی چادر مل تو سکتی ہے لیکن لینے والے کو اس کی اتنی قدر نہیں ہوتی جتنی کہ محنت سے بنائی ہوئی چادر کی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۸ اللہ سے قریب اور کوئی قریب نہیں اور نہ ہی اللہ سے قوی اور کوئی قوی ہے۔ اللہ حاضر و ناظر قوی العزیز اور ہر کسی کا ہر معاملے میں وکیل و کفیل و نصیر و حفیظ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۰۹ یہ کتاب اپنے اور آپ کے پڑھنے کے لئے لکھی گئی ہے بیچنے کے لئے نہیں جس کے حضور میں بکنا تھا، بک چکی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۰ جو دنیا دین کی آڑ میں کمائی جاتی ہے، کسی کام نہیں آتی۔ یونہی چلی جاتی ہے، دین کی آڑ میں دین کے سوا کچھ اور نہ ہو۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۰۱۱ حاسد اپنے ہی اندر کی چنگاری سے اپنی ہی نیکیوں کے خرمن کو جلا کر بھسم کیا کرتا ہے، کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا اور یہ بڑے ہی خسارے کی تجارت ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حسد نیکیوں کو اس طرح جلا ڈالتا ہے جیسے کہ آگ سوکھی لکڑی کو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۲ نقص مت نکال، ردمت کر، ہر شے کمال حکمت سے بنائی گئی ہے۔ کوئی بھی شے فضول نہیں، کوے کا گرا ہوا پر جسے تم کسی بھی کام کا نہیں سمجھتے، ایک مہلک مرض کا علاج ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۳ کام زندگی کا حاصل ہے، ہر کسی کو کام ہی کی بدولت اعزاز اور کام ہی کے عوض انعام واکرام عطاء ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۴ شہادت کام ہی کے انعام کا اصطلاحی نام ہے۔ انسانی زندگی کی جو جدوجہد اللہ کے ہاں مقبول ہو جاتی ہے اور اللہ جسے سب سے بہتر انعام عنایت فرمایا کرتے ہیں وہ شہادت ہے۔ اللہ ہماری زندگی کی جدوجہد کو شہادت پر ختم کرے، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۵ باغ میں صرف ایک ہی بوٹا نہیں ہوتا، ہزاروں ہوتے ہیں اور قسم قسم کے ہوتے ہیں۔ کوئی پھولدار، کوئی پھلدار، کوئی سایہ دار اور کوئی کانٹے دار۔ سب کے سب ضروری اور باغ کی زینت کو دوبالا کرنے والے ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۶ ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں اور جو کچھ بھی پڑھتے ہیں، حکم ہی کے تحت کرتے اور پڑھتے ہیں۔ اجر و ثواب سے بالا اور بے نیاز ہو کر۔ حکم ملا اِقْرَأْ پڑھو، بس پڑھ رہے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۷ حکم کو حکم جان کر مان اجر وثواب کی پرواہ مت کرو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۰۱۸ اگر گناہگار غیرت مند ہو تو شرم کے مارے پانی پانی ہو جائے، سجدے سے سر نہ اٹھائے اور اپنے مولائے کریم کی ستاری وغفاری پر قربان ہو جائے۔ بندوں کی پردہ پوشی تیری بڑی ہی بندہ پروری ہے۔ یا ستار، یا غفار، یا حلیم، یا کریم۔

سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعُیُوْبِ
سُبْحَانَ الْغَفَّارِ الذُّنُوْبِ
اَللّٰھُمَّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ تَبَارَکْتَ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

یہ دعا کیا کر پھر اگر تجھ پر چیونٹیوں کی تعداد کے برابر بھی گناہ ہوں گے تو ان کو بخش دیا جائے گا۔
(کنز العمال شمار ۳۹۲۷)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۱۹ مخلوق اللہ کا کنبہ ہے، اللہ اپنے کنبے کے ہر فرد کی پردہ پوشی فرماتا ہے، کسی بھی گناہ پر فوراً ہی نہیں پکڑتا، ڈھیل دیتا ہے، مہلت دیتا ہے، توبہ کو پسند کرتا ہے، توبہ کی توفیق دیتا ہے، توبہ کرنے والے کی توبہ قبول فرماتا ہے اور بخش دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۰ بندے بندوں سے درگزر نہیں کرتے اور نہ ہی پردہ پوشی کرتے ہیں حالانکہ ان کا رب ان سے درگزر کرتا ہے اور سب کی پردہ پوشی کرتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص کسی مسلمان میں کوئی عیب دیکھے اور پھر وہ اسے چھپائے تو اس کا ثواب اس شخص کے برابر ہوگا جس نے کہ زندہ دفن کی ہوئی لڑکی کو بچایا۔ (احمدؒ، ترمذیؒ، عن عقبہ بن عامرؓ)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۱ حق کبھی ناحق نہیں کہتا اور کبھی ناحق نہیں کرتا، باطل حق کی ضد ہے۔ باطل ازل سے ابد تک حق کا مخالف ہے، حق موافقت کرتا ہے، باطل مخالفت۔

ہر کسی کے لئے ایک شیوہ ہوتا ہے، حق کا شیوہ ہر کسی سے موافقت اور باطل کا شیوہ ہر کسی کی مخالفت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ہر کوئی کرامت کا طالب ہے، اطاعت واتباع کا نہیں۔
جس طرح ہر شے دہی ہو یا بالائی، مکھن ہو یا گھی اور لسی، دودھ ہی سے بنتی ہے، اسی طرح طریقت کے جملہ مقامات دین ہی پر استقامت کے مختلف نام ہیں۔ ہر شے کی بنیاد دین ہے اور دین سے باہر کوئی شے نہیں۔ دین کی بنیاد ایک دوسرے سے اللہ کے لئے محبت وخیر خواہی پر استوار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۲ شہرت کوئی چیز نہیں، گمنامی میں سلامتی ہے، شہرت میں آفت اور ملامت میں سلامتی ہے۔ ملامت گناہوں کو مٹاتی اور درجات کو بڑھاتی ہے۔
خزانہ جب تک چھپا رہتا ہے، محفوظ رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۳ ہم اپنے لئے دین پسند کرتے ہیں، اللہ کی مخلوق کی بے لوث خدمت اور خیر خواہی پسند کرتے ہیں، سادگی پسند کرتے ہیں، ذکر پسند کرتے ہیں اور فکر پسند کرتے ہیں۔ اللہ کے لئے جینا اور اللہ ہی کے لئے مرنا پسند کرتے ہیں اور یہی آپ کے لئے۔ یا حی یا قیوم (ایک سوال کا جواب میں)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۴ آپ جو بھی چاہیں کہیں، ہم آپ کے خیر خواہ، دعا گو، خادم ہیں۔ ماشاء اللہ کسی کمال کے دعویدار نہیں۔ ہر صفت اللہ ہی کے لئے اور اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔
اللہ ہم سب کو سیدھی راہ پر اور اپنے مقام ہی پر رکھے، اسی میں سلامتی ہے۔ یوں دعا کریں۔
اَللّٰھُمَّ الْھَمْنِیْ رُشْدِیْ وَ اعذنی مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۵ دین کی راہ میں جو بھی مصیبت آتی ہے، اپنی آغوش میں ایک رحمت لے کر آتی ہے اور وہ رحمت فقر کی عزت کا موجب ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۶ نیکی کے میدان میں نیک بن کر اتر، نیکی کا مظاہرہ کرتا ہوا نیکی کے میدان میں گم ہو جا، کسی کی کوئی خصلت تیری کسی خصلت سے کبھی عمدہ نہ ہو یا تیری کوئی خصلت کسی کی کسی خصلت سے کبھی کم نہ ہو۔

marfat.com
Marfat.com

نیکی کے میدان میں تجھے کوئی پچھاڑ نہ سکے پھر یہ زندگی قابل رشک ہے۔ نیکی کے میدان میں نیکی کا علم بلند کر۔ نیکی کے جھنڈے کو کبھی گرنے نہ دے، کسی کی کوئی برائی تجھے نیکی سے کبھی روک نہ سکے جب تو نے برائی کا بدلہ نیکی سے دیا جہاد زندگی میں کامیاب ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۷ احسان کے میدان میں احسان کر، ہر کسی سے کر، بلاتمیز اور بلا معاوضہ ہر کسی سے ہر معاملہ میں احسان کر، احسان کا کوئی بدلہ نہیں مگر احسان۔

جو تو کرتا ہے، اللہ دیکھتا ہے۔ کسی اور کو دکھانے کی ضرورت ہی نہیں، جس کے لئے تو کرتا ہے وہ دیکھ رہا ہے اور وہ کافی ہے۔

احسان کر اگرچہ احسان کا بدلہ احسان ہے پھر بھی بدلے سے بے نیاز ہو کر کر، بے شک احسان اللہ کو پسند ہے اور احسان کرنے والوں کو اللہ دوست رکھتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۸ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔

پھر فرمایا:

تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اللہ کے کنبے کے ساتھ احسان کرے۔

مخلوق سے مراد ہر قسم کی مخلوق ہے جن ہو یا انسان، درند ہو یا خزند، چرند ہو یا پرند، مومن ہو یا کافر، نیک ہو یا بد مخلوق میں سے ہے۔

جو درجہ وقبولیت بیمار کی بے لوث خدمت کا ہے، کسی اور کا نہیں گویا مخلوق کی خدمت میں بیمار کی خدمت کا پہلا نمبر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۲۹ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جاتا ہے تو گویا جنت کے پھل توڑتا جاتا ہے، (یا یہ کہ جنت کے راستے پر چل رہا ہے) جب جا کر بیٹھ جاتا ہے تو اس کو رحمت چھپا لیتی ہے اگر یہ شام کا وقت

marfat.com
Marfat.com

ہے تو ستر ہزار فرشتے صبح تک اس پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں اور اگر صبح کا وقت ہوتا ہے تو شام تک ستر ہزار فرشتے رحمت بھیجتے ہیں۔

(علی المرتضیٰؓ، ابن ماجہ شریف ۱۷۴)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۰ جب کوئی کسی کے کنبے کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی احسان کرتا ہے، کنبے کا مالک اگرچہ کوئی ہو ضرور خوش ہوتا ہے۔ اپنے محسن کا شکریہ بھی ادا کرتا ہے۔ کیا اللہ اپنے کنبے کی بیمار و نادار مخلوق پر احسان کرنے والوں پر خوش نہ ہوگا۔ بے شک اللہ سب قدردانوں سے بڑھ کر قدردان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۱ اللہ کی بیمار و نادار مخلوق کی بے لوث خدمت، ماشاء اللہ انسانیت کی سب سے بڑی تعظیم ہے اور کسی کی کوئی عبادت اللہ کی بیمار و نادار مخلوق کی خدمت کے اجر و ثواب کو نہیں پا سکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۲ جس ہسپتال میں اللہ کی بیمار و نادار مخلوق ہر وقت ہر حال میں بلا جھجک داخل ہو کر طبی امداد لے سکے، دنیا بھر کے ہسپتالوں میں اول درجہ رکھتا ہے اگرچہ کسی چوراہے ہی پر ہو اور ادویات کسی ٹاٹ کے ٹکڑے پر چنی ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۳ ہسپتال کی مقبولیت عمارت و ادویات پر نہیں بیمار کی بے لوث خدمت اور غیر امتیازی سلوک پر مبنی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۴ یا اللہ! ہماری نیت تیری بیمار و نادار مخلوق کی بے لوث خدمت ہے، کوئی اور غرض و غایت نہیں اور ہم اس عزم و عہد پر اس ہسپتال کی بنیاد رکھتے ہیں کہ ہم ہر بیمار و نادار کی بے لوث خدمت کریں گے اور جب بھی کوئی چاہے اور جس بھی حال میں ہو طبی امداد حاصل کر سکے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۰۳۵ قدیم زمانے میں موجودہ طبی آلات اور ادویات نہ تھیں، جڑی بوٹیوں سے بیماروں کا علاج کیا جاتا، اللہ ہمیں بھی اسی راہ پر چلنے کی توفیق بخشے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ آمین
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۶ بیماروں بیچاروں سے اجرت وعوضانہ لے کر ذاتی آسائش واستراحت کے اسباب بنانا مردانیت کی شان کے شایان نہیں، اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی بیمار و نادار مخلوق کی بے لوث خدمت کی توفیق عنایت فرمائے، آمین۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ آمین
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۷ جگہ جگہ ہسپتال اور طبی امدادی ادارے قائم ہیں، ایک ایسا بھی ہو جو صرف تیرے لئے تیری بیمار و نادار مخلوق کی خدمت میں مصروف ہو، کسی سے اجرت وعوضانہ نہ لے اور تو اس کا کفیل ہو۔ یا حی یا قیوم، آمین، الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۸ شہر میں ہر کسی کو طبی سہولتیں حاصل ہیں، دیہات میں نہیں۔ دیہات میں عموماً بیمار لاعلاج ہی مرتے ہیں۔ غریب بیچارہ شہر میں علاج کے لئے نہیں جاسکتا، اس کے پاس ریل کا کرایہ تک نہیں۔ معائنہ وعلاج کی فیس ادا نہیں کرسکتا۔ ہسپتال میں رہنے کا متحمل نہیں ہوسکتا، دیہات کا موجودہ ڈاکٹر نہ صحیح تشخیص کرسکتا ہے نہ علاج۔

یہ ہسپتال تیری غریب و بیمار و نادار مخلوق کا دارالامان ہو اور اس کا مدعا تیری مخلوق کی خدمت ہو نہ کہ اپنی خدمت۔

یہ دارالحکمت دارالشفاء ہو جو بیمار بھی آئے، تیرے فضل وکرم سے صحت یاب ہوکر جائے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔۔ اٰمِیْن۔۔یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ آمین۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ ط
یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا نُوْرُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتَ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ،
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلَی الْعَلِیُّ الْوَھَابُ۔

یااللہ! ہم تیرے ہی توکل پر اور اس عزم وعہد پہ اس دارالحکمت کی بنیاد رکھتے ہیں کہ تیری ہر بیمار و نادار مخلوق کی بے لوث خدمت کریں گے اور کسی سے بھی کوئی اجرت وعوضانہ نہیں لیں گے۔ یہ کسی کے بھی فہم وادراک میں نہیں آ سکتا کہ اتنا بڑا ہسپتال کیونکر چلے گا؟ البتہ ہمیں یہ حق الیقین ہے کہ جو بھی کام تیری مخلوق کی صلاح وفلاح کے لئے اور صرف تیرے لئے جاری کیا جاتا ہے، تو ہی اس کا وکیل وکفیل ہوتا ہے۔

انگریزی دوائیں نہ مل سکیں تو کلونجی سے اور اگر کلونجی بھی نہ مل سکی تو دعاؤں سے کام چلائیں گے، ان شاءاللہ۔

غریب سے کوئی فیس نہ لیں گے، مفت علاج کریں گے۔ صاحب استعداد اپنی خوشی سے اگر کچھ دے گا، ہسپتال ہی کو دے گا گویا ہسپتال کی کمائی ہسپتال ہی کے لئے ہوگی۔ کسی کے بھی ذاتی تصرف میں نہیں لائی جاسکتی۔ ہمارے پاس خدمت کے سوا کوئی اور شے نہیں اور تیرے پاس ہر شے ہے تو ہمیں حکمت بخش تاکہ ہم تیری مخلوق کی صحیح خدمت کرسکیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمین۔

بالآخر تو ہی اپنے اس دارالحکمت کی بنیاد رکھوا رہا ہے اور تو ہی اس کا وکیل وکفیل ہے اس کا ہر معاملہ تیرے ہی حوالے ہے۔ ہمارے پاس خدمت کے سوا کوئی اور شے نہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ آمین۔

marfat.com
Marfat.com

طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور یہ کتاب دارالشفاء اس دارالحکمت کی ٹیکسٹ بک مقبول ہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ آمین

دارالحکمت کے درداخلہ پر یہ کندہ ہو۔

اس دارالحکمت میں ہر کوئی ہر وقت جب بھی کوئی چاہے اور جس بھی حال میں ہو بلافیس واجرت و معاوضہ داخل ہو کر طبی امداد حاصل کر سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۳۹ اللہ کی بیمار مخلوق کی بے لوث خدمت بہترین عبادت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۰ مطب کی مقبولیت عمارت و آلات اور ادویات پر نہیں، بیمار کی بے لوث خدمت اور غیر امتیازی سلوک پر مبنی ہوتی ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۱ مطب کا مدعا شفا ہے آلات وادویات نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۲ بیمار آپ کا محسن ہے، اپنے محسن کا استقبال کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۳ بیمار اللہ کا مہمان ہے، اللہ کے مہمان کی خدمت ومدارات کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۴ بیمار مضطر ہے اور مضطر کی دعا اور اللہ کی مقبولیت کے درمیان کوئی حجاب نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۵ ہم ہر بیمار و نادار مخلوق کی ہر خدمت کا اللہ ہی کے لئے بلا اجرت ومعاوضہ اور بلا تمیز اعلیٰ وادنیٰ عزم صمیم رکھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ ہماری تمام مساعی اللہ کی بیمار و نادار مخلوق کی خدمت میں صرف ہوں یا حی یا قیوم آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com

Marfat.com

۱۰۴۶ حضرت غوث الاعظم محبوب سبحانی محی الدین جیلانی ہیں اور محی الدین کی کوئی بھی شے دین کے منافی نہیں ہوتی۔ محی الدین کی ہر شے قول ہو یا فعل، تحریر ہو یا تقریر، دین ہی کی تائید میں ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۷ حدود کی حفاظت بندگی کی اصل ہے ورنہ اگر حدود محفوظ نہیں کوئی بندگی بندگی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۸ صالحیت شیخیت کی بنیاد ہے اور شیخیت کی عمارت صالحیت ہی کی بنیادوں پر استوار ہوا کرتی ہے محض علمیت پر نہیں۔ صالحیت ختم، ہر شے ختم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۴۹ بندے کے پاس سلام کو جا اور اللہ کے پاس کام کو، بے شک اللہ ہی جمیع امور کے قاضی الامور ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۰ صفر کوئی چیز نہیں اور کوئی قدرت نہیں رکھتا، ہر بلا و با سے مجھے میرا اللہ کافی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۱ اللہ کے دین کا کوئی امر اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی سنت قابل اعتراض نہیں، تیرا کوئی کام قابل اعتراض نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۲ دین کے فضائل و مسائل بیان کر، دلوں کو دین کی طرف مائل کر، کسی اختلاف مسائل پر کچھ مت کہہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۳ کائنات کی ہر شے اور ہر امر اللہ ہی کے قبضہ قدرت میں ہے، اللہ جب کسی چیز کے کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے دیر و تدبیر سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ فرماتا ہے کن یعنی ہو جا اور وہ چیز اسی وقت اسی طرح ہو جاتی ہے، آنکھ جھپکنے جتنی دیر نہیں لگتی۔

مثلاً

جب حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کے گلے میں رسا باندھ کر کنویں میں لٹکایا اور جب وہ کنوئیں کے آدھ میں پہنچے تو ایک بھائی نے رسے کو تلوار سے کاٹ دیا تا کہ وہ کنوئیں میں جا

marfat.com
Marfat.com

گریں۔ رسی جب کٹ گئی تو اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم ملا فوراً یوسف کو کنوئیں میں گرنے سے بچاؤ، حضرت جبرائیل علیہ السلام عرش عظیم سے اتنی تیزی سے پرواز کرتے ہوئے پہنچے کے ہنوز کنوئیں کی تہہ دور تھی اور یوسف علیہ السلام کو پروں پر سنبھال لیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۴ ہر مخلوق اور کل مخلوق اللہ تبارک وتعالیٰ کی عزت وعظمت والی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام کے سامنے دست بستہ سرنگوں کھڑی ہے۔ ہر مخلوق اللہ کی مخلوق ہے۔ کوئی مخلوق اپنے آپ پیدا نہیں ہوئی، اللہ نے پیدا کی اور اللہ ہی ہر کسی کا رب و مالک ومعبود ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۵ ذرا اوپر ہو کر دیکھیں، کسی کو بھی اور کوئی قدرت نہیں دی گئی۔ ہر شے کا ہونا نہ ہونا میرے اللہ ہی کے بس میں ہے اگر مخلوق اپنی مرضی کے مطابق کچھ کرنے پر قادر ہوتی تو پھر رب کیا ہوتا اور بندے کون ہوتے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۶ دنیا وآخرت کا مشکل ترین مقام ضیق ہے اور ضیق کی مثال یوں ہے جیسے کسی زندہ شخص کو دو دیواروں کے درمیان جو ایک دوسرے دو بالشت دور اور آگے سے ملی ہوئی ہوں گاڑ دیا جائے جہاں وہ کسی قسم کی کوئی حرکت تک نہ کر سکے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۷ حال دن کی طرح ہوتا ہے، بدلتا رہتا ہے۔ کبھی ایک سا نہیں رہتا، حال بدلتے اور دن بدلتے کوئی دیر نہیں لگتی۔ سختی کے بعد راحت اور تنگی کے بعد خوشحالی کا دور ضرور آیا کرتا ہے ورنہ کوئی بھی شخص ایک ہی حال میں رہنے کی تاب نہیں لا سکتا۔

نہ کوئی خوشی سدا رہتی ہے، نہ غمی، نہ فراخی کو ہمیشگی ہے نہ تنگی کو۔ اسی طرح نہ ہمیشہ تندرستی قائم رہتی ہے نہ بیماری جبکہ یہ حال ہے، کسی بھی حال کی پرواہ مت کر۔ نہ خوشی میں خوش ہو، نہ غمی میں مغموم۔ یہ دونوں حالتیں نفس ہی کی حالتیں ہیں۔ ہر حال میں اللہ کا شکر کر اور اللہ کا شکر بے شک اللہ کی رحمت کو کھینچ لاتا ہے، رضا کو راضی کر لیتا ہے اور یہ کامیابی کی حد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۸ کسی بھی مصیبت کو اگرچہ کانٹا چبھنے کی ہو، برا مت جان۔ شکوہ مت کر، منہ مت کھول، ہر مصیبت کی

marfat.com
Marfat.com

آغوش میں کم از کم چار چیزیں تو ضرور ہوتی ہیں۔
بخشش ہوتی ہے۔
راحت ہوتی ہے۔
رحمت ہوتی ہے۔اور
عبرت ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۵۹ تاریخ کی تمام داستانیں، کردار ہی کی داستانیں ہیں۔گفتار کی کوئی داستان کسی تاریخ میں نہیں ملتی تو صاحب کردار بن نہ کہ صاحب گفتار۔کردار کے سامنے گفتار کوئی وقعت نہیں رکھتی۔علم گفتار اور عمل کردار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۰ ہر کام جو محنت، دیانت اور اخلاص سے کیا جاتا ہے، مقبول ہوتا ہے۔کبھی رد نہیں کیا جاتا اور کام کی قدر دل میں ہوتی ہے۔زبان سے اگر نہ بھی ہو کوئی فرق نہیں پڑتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۱ اگر تنقید ناگزیر ہو تو اپنے آپ پر کر، اسی طرح غیبت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۲ کرامت کوئی چیز نہیں کام پر استقامت ہی کا اصطلاحی نام ہے۔کرامت کے خیال تک سے بے نیاز ہو کر کام میں مصروف ہو کہ کام کے سوا کسی اور چیز کی کوئی خبر نہ رہے۔یہ بہترین کرامت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۳ نامعلوم تیرا یہ دل کیوں صاف نہیں ہوتا اور کیوں شاد نہیں ہوتا حالانکہ اللہ نے اسے اپنے لئے بنایا ہے اور اپنی ہر شے اس کے لئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۴ کسی دل کو شاد کر بے شک دل دل ہی کو شاد کرنے سے شاد ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۵ دل کی دنیا میں جو اہمیت دل نوازی کو ہے، کسی اور عمل کو نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۶ جب تک کوئی اپنی دھن میں دینی ہو یا دنیوی ایسے محو نہیں ہوتا جیسے قیس لیلیٰ میں تھا پورا کامیاب نہیں ہوتا۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۷ محویت ایک غیر فراموش ذکر ہے۔ قیس کی محویت ہی نے لیلیٰ کی محبت کے ذکر کو بلند کیا ورنہ وہ ایک عورت کے سوا اور کیا تھی، لیلیٰ کی داستان حقیقتاً قیس کی محویت ہی کا ذکر خیر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۸ محویت جب طاری ہو جاتی ہے، مقصود و مطلوب کے سوا کسی اور طرف کوئی التفات نہیں رہتا، مطلق نہیں رہتا۔ یا اللہ ہمیں اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مطہرہ کی اتباع میں محو کر، آمین۔ ہمارے دلوں کی آوارگی ختم ہو آمین، تیرا دین ہماری منزل اور ہم اس کے شیدائی ہوں۔ یا حی یا قیوم آمین، الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۶۹ ہر نعمت پر ہر کسی کا شکر کر۔ ہر کمی و کوتاہی پر ہر کسی سے اگرچہ چوہڑا ہو، معافی مانگ، یہی تیرے اللہ کا حکم اور یہی تیرے اللہ کے بندوں کی عادت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۰ مسلمان کسی سے بھی معافی مانگنے سے کبھی نہیں شرماتا، معافی مانگنے میں تیرا پہلا نمبر ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۱ ہر تذکرہ خصلت کا تذکرہ ہے شخصیت کا نہیں اور شخصیت کے پس پردہ خصلت کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہوتی۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۲ میرے اللہ سے قریب اور کوئی قریب نہیں۔ میرے اللہ سے رحمن اور کوئی رحمن نہیں۔ یہاں تک کہ ماں بھی نہیں۔ میرے اللہ میری ماں سے سو گنا زیادہ رحمن ہیں اور میری ماں مجھے کسی بھی برے حال میں دیکھنا گوارا نہیں کر سکتی۔ مجھ پر اپنی جان وار دیتی ہے۔ میری صحت و راحت کی خاطر اپنی ہر شے قربان کر دیتی ہے۔ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتی۔ شب و روز میری ہی بھلائی کے لئے دعائیں کرتی ہے حالانکہ ماں بے بس ہے، کسی بھی امر پر کوئی قدرت نہیں رکھتی لیکن میرے اللہ ہر

marfat.com
Marfat.com

شے کے مالک اور ہر شے پر قادر ہیں پھر یہ کہ میری ماں سے مجھ پر سو گنا زیادہ مہربان ہیں۔ میں نے اپنے اللہ کو جو میرے قریب تر ہے اور جس سے قریب اور کوئی قریب نہیں، کبھی نہیں پکارا۔ دیکھا اس تاجر نے جب اپنے اللہ کو پکارا، پہلی ہی پکار نے آسمان پر کھلبلی مچادی، خطرے کی گھنٹی بج گئی۔ ہر کوئی حکم کے انتظار میں کھڑا ہو گیا۔ ہر کوئی سوچنے لگا کہ نامعلوم کیا حکم ملنے والا ہے۔ اسی تاجر نے جب دوسری بار پکارا تیسرے آسمان کے فرشتے کو حکم ملا فوراً مکروب کی مدد کو پہنچ۔ چنانچہ ابھی اس نے تیسری بار پکارا ہی تھا یا مغیث اغثنی کہ وہ فرشتہ نوری تلوار لہراتا ہوا تاجر کے پاس حاضر ہو گیا اور کہا کہ لے، اس سے اپنے دشمن کا سر قلم کر دے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۳ تاجر نے جب دیکھا کہ موت سر پر کھڑی ہے، اب اس سے بچ نکلنے کا کوئی راستہ نہیں، تمام عقلیں گم ہو گئیں۔ ہر طرف اندھیرا چھا گیا۔ میرے اللہ کے سوا کوئی تدبیر یاد نہ رہی، سجدے میں گر پڑا۔ کہنے لگا میرے اللہ مجھ کو بچالے اور تو بچالے۔ تیرے سوا تیری قسم تیرے اس بندے کو اب کوئی دوسرا نہیں بچا سکتا۔

یہ کہنے ہی کی دیر تھی، فوراً بچالیا۔

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَاالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ، اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَاۤ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِیْ ط يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِیْ ط يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِیْ ط

الحَمْدللحیّ القیّوم

اے محبت کرنے والے، اے محبت رکھنے والے، اے مالک بزرگی والے عرش کے، اے پہلی بار پیدا کرنے والے، اے دوبارہ پیدا کرنے والے، اے کر ڈالنے والے اس چیز کے جس کا ارادہ کرے، مانگتا ہوں میں تجھ سے تیری ذات کے اس نور کے طفیل جس نے بھر دیا ہے تیرے عرش کے ستونوں کو اور مانگتا ہوں میں تجھ سے تیری اس قدرت کے طفیل جس سے قدرت رکھتا ہے تو اپنی

marfat.com
Marfat.com

مخلوق پر اور تیری اس رحمت کے طفیل جو حاوی ہے ہر چیز پر کوئی معبود نہیں مگر تو، اے فریاد رسی کرنے والے میری فریاد رسی کر، اے فریاد رسی کرنے والے میری فریاد سن، اے فریاد سننے والے سن لے میری فریاد۔

۱۰۷۳ مکروب جب سبب سے دستبردار ہو کر اپنے رب کی بارگاہ عالم پناہ میں فریاد رسی کے لئے پکارا کرتا ہے، اسی وقت فریاد رسی کی جاتی ہے۔ ذرا بھی دیر نہیں لگتی، ہمیں اپنے رب پر اتنا یقین نہیں جتنا کہ سبب پہ ہے۔ رب پہ برائے نام اور سبب پر حق الیقین ہے اور یہی وہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۵ جس دنیا کے پیچھے ہم مارے مارے پھرتے ہیں، وہ بھی کیا دن تھے کہ دنیا ہمارے پیچھے پھرا کرتی تھی اور ہم اسے کسی بھی صورت قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوتے تھے، بے شک یہ دنیا دین کی ضد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۶ دین دار دنیا کو چھوڑ کر پھولے نہیں سمایا کرتے، طریقت کی اصل ترک ہے۔
ترک لذت، ترک راحت، ترک زینت اور ترک شہرت۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۷ جو برائی تجھے بری لگے چھوڑ دو، دانش ور بے ادبوں ہی سے ادب سیکھا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۸ اللہ نے فرمایا:

اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی۔

کیا یہ نہیں جانتے کہ اللہ انہیں دیکھ رہا ہے۔
ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں، اللہ دیکھتا ہے۔ جن نظروں سے تم کسی کی لڑکی کو دیکھو گے، انہی نظروں سے تیری کو دیکھا جائے گا اگرچہ تم کوئی ہو، یہی حق اور یہی تیرے اللہ کا قدیم دستور ہے۔ توبہ کر، معافی مانگ، اللہ غفور، حلیم، جواد، کریم اور رؤف الرحیم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۷۹ کسی پر کوئی گلہ نہیں ہوتا، بندے کو بندے کی کرنی ہی کا پھل ملا کرتا ہے جیسے آج کرے گا کل کو

marfat.com
Marfat.com

بھرے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۰ جب تک کوئی اپنے علم پر عمل نہیں کرتا، نہ دلوں کی دوری ختم ہوسکتی ہے، نہ ابحاث اور نہ ہی کوئی حال بدل سکتا ہے۔ ہر کسی کی ہر شے اپنی اپنی جگہ جوں کی توں رہتی ہے۔ عمل سے خودی اور خودی سے مردانگی اور مردانیت زندگی کا جوہر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۱ مطب پر کب رحمت برسا کرتی ہے۔

جبکہ نہایت ہی مفلوک الحال، بوسیدہ پیراہن میں ملبوس پھٹے چھتر پہنے جیب خالی دردوں کا مارا اور بے سہارا مریض مطب میں داخل ہوتا ہے۔ جب بھی کوئی ڈاکٹر ایسے بیمار کا خندہ پیشانی سے اور اللہ ہی کے لئے استقبال کرتا ہے، اسی وقت مطب پر اللہ کی رحمت برسنے لگتی ہے۔ ذرا بھی دیر نہیں لگتی اور یہی وطیرہ اگر ہر مریض سے ہو تو اللہ اس مطب کو اگرچہ کچھ بھی نہ ہو، اپنی مخلوق کے بے لوث خدمت گزار اداروں میں شمار فرما لیتا ہے۔ وگرنہ کوئی کتنی ہی کوشش کرے اللہ کے مقبول اداروں میں شمار نہیں ہوسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۲ ہمارے ہاں ایک قصہ ہے:

ایک اللہ کا بندہ اللہ ہی کے آسرے ایک سڑک کے کنارے زندگی و موت کی کشمکش میں مبتلا تھا کہ ایک رقاصہ کا اس راہ سے گزر ہوا، اس کی کوئی نیکی اللہ کے ہاں مقبول ہوچکی ہوگی، اس کا دل پسیجا، وہیں رکی۔ اس اللہ کے بندے کو اپنی سواری میں بٹھا کر گھر لے آئی۔ ڈاکٹر کو بلایا، ان کی حالت اچھی نہ تھی، کپڑے بدلے، نہلایا، نئی پوشاک پہنائی اور نہایت ہی ادب و احترام سے ان کی تیمارداری میں مصروف ہوگئی۔

اس کا یہ فعل میرے اللہ کو اس قدر پسند آیا کہ اسے ایک جلیل القدر منصب پر مامور فرمایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۳ جب اس نے کہا کہ تجھ پر تو میرا سایہ ہے اور مجھ پر میرے پیا کا، ان پر ان کی کملی کا اور میرے آقا کی کملی پر عرش عظیم کا سایہ ہے، اسی وقت سایہ دور ہوا، ماشاءاللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۰۸۴ دنیاوی درجات آدمی کو مطمئن نہیں کر سکتے، بالکل نہیں کر سکتے۔ کوئی آدمی کسی بھی حال میں مطمئن نہیں۔ اس لئے اور صرف اس لئے کہ دل اللہ نے اپنے لئے بنایا ہوا ہے اور یہ ذکر ہی سے مطمئن ہوسکتا ہے، کسی اور طرح نہیں، ہر شے اس کے لئے اور یہ اللہ کے لئے ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۵ هُوَالْمَشْهُوْدُ فِیْ کُلِّ مَوْجُوْدٍ۔ کائنات کی ہر شے میں ہر شے کے خالق و مالک کا نور جلوہ گر ہے۔ کوئی بھی شے اس سے خالی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۶ ہمارے سیرت و کردار اخلاقی میزان میں پورے نہیں اترتے اگر ہم ہر معاملہ میں قرآن و سنت کے پابند ہوتے، ہماری زندگی قابل رشک ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۷ جب میں ہوتا ہوں، کچھ بھی نہیں ہوتا۔ میرا ہونا ہی میرے من کی بربادی کا موجب ہے۔ کاش میں کچھ بھی نہ ہوتا نہ ملا، نہ پیر، نہ صوفی نہ فقیر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۸ اے مخاطب!

اگر آپ کی جگہ یہ بندہ ہوتا اور یہ کشف اسے ہوتا تو کبھی تسلیم نہ کرتا، یہ کہہ کر کہ یہ کشف دین کی تائید میں نہیں، کوئی تعمیل نہ کرتا۔ زندوں کی ہدایت کے لئے زندوں کے پاس جا کر فیض حاصل کرنا ضروری ہے۔ اگر قبر کافی ہوتی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر معلیٰ سے بہتر اور کس کی قبر ہوسکتی ہے۔ بندہ اسے ہمزادہی کا ایک فریب سمجھ کر انکار کر دیتا۔ نیز یہ کہ مجھ سے کہیں بہتر صاحب پہلے گزر چکے اگر یہ انکشاف ضروری ہوتا، ان کو ہوتا۔ میں اپنے نفس کی حالت سے بیزار ہوں۔ میرا نفس نہ مزکی ہے، نہ مطمئن۔ اس حالت میں اس پر کسی اسرار کا منکشف ہونا شیطان ہی کا فریب و سراب ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۸۹ جسے کمال کی پرواہ نہیں زوال کی بھی نہیں۔ کمال و زوال سے بے نیاز ہو کر اللہ کی راہ میں چل اور یہ

marfat.com
Marfat.com

کمال کمال ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۰ جب اسے خوشی ہوتی ہے، اللہ کا شکر نہیں کرتا، باجا بجاتا ہے، خوشی پا کر شکر نہیں کرتا، شیطانی کام کرتا ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

## تکمیل عرفان

۱۰۹۱ ہر شے کو خیر ہو یا شر، اللہ کی طرف سے حکمت پر مبنی سمجھ کر خندہ پیشانی سے تسلیم کرنا عرفان کا ابتدائی مقام ہے۔ کھانے کے لئے معمولی کھانا، پہننے کے لئے معمولی لباس اور رہنے کے لئے معمولی گھر کے سوا ہر قسم کے آسائش و استراحت کے مال و اسباب سے کلیتاً منہ موڑ کر اپنے کام میں ہمہ تن و من محو و منہمک رہنا عرفان کا میانہ مقام ہے اور اپنے کام کے سوا کائنات کی ہر شے کو بھول جانا اور کسی بھی شے سے کوئی دلچسپی نہ رکھنا عرفان کا انتہائی مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۲ شکر نعمت، حسن عبادت، راست بازی، قلب سلیم اور خلق مستقیم سے انسانیت کا مقام بلند ہوتا ہے۔ محض عبادات کی بدولت نہیں اور یہی اسباق سلف صالحین کی درس گاہوں کا بین الاقوامی، جامع اور مستند نصاب ہوا کرتا تھا جب تک کوئی فاضل مذکورہ اسباق سے فیض یاب ہو کر فارغ التحصیل نہیں ہوتا، مقبول الاسلام دیندار نہیں ہوتا اور نہ ہی دین کو اس سے مطلوبہ تقویت پہنچ سکتی ہے۔ گزرے ہوئے دور کا صوفی بے شک ان اسباق سے آراستہ و پیراستہ ہو کر دنیا کے میدان میں قدم رکھا کرتا تھا جو بھی دین کے اکھاڑے میں اترتا یہی خصلتیں ان کا زادراہ ہوتیں۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۳ جب اس میں اس کا مالک نہیں ہوتا، اس کا کوئی لاگو نہیں ہوتا۔ اس کی قدر اس ہی کی بدولت ہوتی ہے۔ بندہ دنیا میں بندوں کو دوست بناتا ہے اور مال جمع کرتا ہے ان دونوں میں سے کوئی بھی بندے کا ساتھ نہیں دیتا۔ عمل کے سوا کوئی اور شے اس کے ساتھ نہیں جاتی اور جس عمل نے اس کے ساتھ جانا ہے، اس کی پرواہ نہیں کرتا۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

## احوال القبور

۱۰۹۴ میں ستر سال دنیا میں رہا، شب و روز دنیا ہی کمانے میں مصروف رہا اگر کوئی مجھے روکتا میں کوئی پرواہ نہ کرتا، جس دن سے میں دنیا کو خیر باد کہہ کر یہاں آیا ہوں، میرے اہل وعیال میں سے کوئی بھی میرے پاس کبھی نہیں آیا، نہ ہی کسی نے میری کمائی میں سے کوئی مال میرے لئے خیرات کیا، کیا ہی خوب ہوتا جو دنیا میں وہ کام کرتا جو یہاں کام آتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۵ اہل وفا اپنا معبود بدلا نہیں کرتے، مقصود بدلا نہیں کرتے، محبوب بدلا نہیں کرتے اور مطلوب بدلا نہیں کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## قرآن کریم

۱۰۹۶ قرآن مجید ہے، حکیم ہے، کریم ہے، نور ہے اور قوۃ ہے۔

حضرت مولا علی المرتضیٰؑ نے سورۃ المزمل کی برکت وقوۃ سے ایک سو ساٹھ جنگیں فتح کیں اور اسی سورۃ کے عمل کی برکت سے خیبر کا در توڑا۔ اس سورۃ کے عامل کو کوئی جن، کوئی شیطان، کوئی حاسد، کوئی جادوگر، کوئی ظالم اور کوئی بداندیش کسی بھی قسم کا کوئی نقصان کبھی نہ پہنچا سکے۔ ان شاء اللہ اس سورۃ شریف کو گیارہ مرتبہ روز پڑھیں، رات کے آخری حصے میں پڑھنا اور وقتوں سے افضل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۷ جس بھی قوم نے دنیا میں ترقی کی، قرآن کریم کے بتائے ہوئے اصولوں پر چل کر کی۔ ترقی کے تمام اصول قرآن ہی میں ہیں کسی اور کتاب میں نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۸ جس نے بھی کوئی حکمت آمیز کلمہ کہا، قرآن ہی کے کسی نہ کسی امر کی تائید میں کہا۔ قرآن کریم کل کائنات کی حکمت کا خزینہ ہے اور قرآن کریم سے باہر کوئی چیز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۰۹۹ کامیابی کے تمام اصول قرآن کریم میں ہیں جو بھی دنیا میں کامیاب ہوا یا آئندہ ہوگا، قرآن ہی

marfat.com
Marfat.com

کے مطابق عمل کر کے ہوگا۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۰ ہر قوم نے قرآن ہی کی روشنی میں راہ پائی، غیر مسلم قومیں قرآن کے نام کی منکر ہیں، احکام کی منکر نہیں۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۱ ہر دین کے احکام قرآن ہی کے احکام ہیں گو زبان قرآنی نہیں، احکام قرآنی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۲ کوئی بھلائی ایسی نہیں جس کا کہ قرآن کریم میں حکم نہیں دیا گیا اور برائی بھی کوئی ایسی نہیں جس سے کہ منع نہیں کیا گیا۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۳ ہر دین نے ہر خیر و شر قرآن ہی سے نقل کر کے قرآن کے مقابل ایک نیا دین رائج کیا، دنیا کی ہر قوم عمل سے قرآن کی متفق اور قول سے غیر متفق ہے اور یہ انکار تعصّب کی بناء پر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۴ ہم قرآن کو صرف مانتے ہیں، اس پر عمل نہیں کرتے، اغیار اقوام قرآن کو مانتی ہی نہیں، قرآن کے مطابق عمل کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۵ قرآنی احکام سیدھے، سادا، آسان اور فطرت کے عین مطابق ہیں۔ کوئی مخلوق کسی امر کی انکاری نہیں۔ ہر دل ہر امر کی تائید کرتا ہے اگرچہ کافر ہو، کافر کا انکار قولی ہے فعلی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۶ قرآن کریم اللہ کا کلام ہر کلام کا سردار اور ہر کلام پر حاوی ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت ہر منتر کی نعم البدل ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت کے بعد کسی اور منتر کی ضرورت سمجھنا قرآن کریم کی شان کے سراسر خلاف ہے، بیمار جیئے چاہے مرے، قرآن کریم سے باہر کبھی کچھ مت پڑھ۔ بے شک قرآن ہر مرض کی شفاء ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۷ بندہ جب اللہ کی عبادت کے لئے فارغ ہو کر پورے آداب و اکرام سے اللہ کی کتاب قرآن کریم کی تلاوت میں مصروف ہوتا ہے تو ان چار حالتوں میں سے کسی ایک حالت میں ضرور ہوتا ہے۔

اول: یہ کہ بندے میں بندے کا اللہ بولتا ہے جیسے کہ

marfat.com
Marfat.com

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهوىٰ۔
یعنی نہیں وہ بولتا اپنی طرف سے (مگر جو اللہ کہے)
دوئم: یہ کہ بندے میں اللہ کا وحی جبرائیل امین علیہ السلام بولتا ہے جیسے کہ

يَاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ۔

سوئم: یہ کہ بندے میں اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن پر کہ قرآن کریم نازل ہوا، بولتے ہیں جیسے کہ

يَاَيُّهَا النَّاسُ

چہارم: یہ کہ بندہ بولتا ہے اور کل کائنات سنتی ہے۔ جیسے کہ

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ، تُرْحَمُوْنَ

اور یہ چاروں مقامات اپنی اپنی جگہ ضروری اور مستحسن ہیں، مقام اول سب سے اعلیٰ وارفع ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۸ صفویہ صمدانیہ کا مطلب یہ ہے:
چنا ہوا، برگزیدہ اور لا یحتاج جو کسی کا بھی اور کسی بھی معاملہ میں کبھی محتاج نہ ہو۔ یہاں تک کہ استاد کا بھی اگر کسی وجہ سے استاد نہ مل سکے محتاج نہ ہو، جو مدرسہ دنیا کے چنے ہوئے مدرسوں میں شامل ہونا ہوتا ہے، اس کی ابتداء اسی طرح ہوتی ہے جیسے کہ ہو رہی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۰۹ مذہبی، قومی اور ملکی تعمیر کے لئے ایک مرکز پر متحد ہو کر اجتماعی جدوجہد لازم وملزوم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱۰ تعمیری تنقید اصلاح کی موجب ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱۱ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
اترتا ہے پروردگار بزرگ و برتر روزانہ رات کے وقت دنیا کے آسمان پر جبکہ باقی رہتی ہے آخری تہائی رات اور فرماتا ہے کون ہے جو مجھ سے مانگے تا کہ میں اس کے سوال کو پورا کروں، کون ہے

marfat.com
Marfat.com

جو مغفرت چاہے مجھ سے اور بخش دوں اس کو۔

(بخاریؒ، ومسلمؒ)

اور مسلمؒ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ

پھر اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کھولتا ہے اپنے لطف وکرم اور رحمت کے ہاتھوں کو اور کہتا ہے، کون ہے جو قرض دے ایسی ذات کو جو نہ تو فقیر ہے اور نہ ظالم اور صبح تک یہی فرماتا رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱۲ بندہ جب یہ کہتا ہے کہ

یارب! تو میرا رب وحدہ لاشریک لہ رحمن ورحیم حی القیوم ذوالجلال ارحم الراحمین اکرم الاکرمین احکم الحاکمین قادر المقتدر اور میں تیرے در کا فقیر اور تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ تیری ذات و صفات میں کسی کو بھی اور کسی بھی معاملہ میں کبھی شریک نہیں ٹھیراتا اور نہ ہی تیرے سوا کسی سے بھی اور کسی بھی معاملہ میں کوئی امید رکھتا ہوں۔

اللہ راضی ہو جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

پھر جب یہ کہتا ہے:

تیری دنیا کا کوئی منصب اور تیری دنیا کی کوئی بھی چیز تیرے اس بندے کی نظروں میں کوئی وقعت نہیں رکھتی، تیرے سوا تیرے اس بندے کو کسی بھی شے سے کوئی دلچسپی نہیں، اس کا جینا اور مرنا تیرے ہی لئے ہے۔

اللہ اس پر اسی وقت اپنی رحمت نازل فرما دیتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱۳ پھر جب یہ کہتا ہے:

تیرا یہ بندہ ناقص العقل، عاجز ومسکین، بے بس وبے کس، تیری توفیق کے بغیر کچھ بھی کرنے پر کوئی قدرت نہیں رکھتا، تیرے اس بندے کے تمام معاملات دینی ہوں یا دنیوی تیرے ہی حوالے ہیں تجھ ہی کو سونپے۔

marfat.com
Marfat.com

جب صدق دل سے اپنے تمام معاملات اپنے اللہ کے حوالے کر کے اللہ کے کاموں میں مصروف ہو جاتا ہے، اللہ اس کا مولیٰ بن جاتا ہے، اللہ اس کا وکیل بن جاتا ہے اور کفیل بن جاتا ہے، نصیر بن جاتا ہے اور حفیظ بن جاتا ہے۔ اللہ پھر اپنے اس بندے کو کسی کا بھی اور کسی بھی معاملہ میں محتاج نہیں ہونے دیتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱۴ پھر جب یہ کہتا ہے کہ

یارب! تیرا یہ بندہ تیری ہر مخلوق کا خاکی ہو یا آبی، نوری ہو یا ناری، خیر خواہ دعا گو اور بے لوث خادم ہے۔

اسی وقت اس پر علم و حکمت اور عشق و رقت کا باب کھول دیتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۱۵ بندہ جب رنج و الم کے عالم میں اپنے رب کو پکارتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ سب اس کے اپنے ہی گناہوں کی شامت ہے پھر سچی اور پکی توبہ کرتا ہے اللہ اسے اسی وقت رنج و الم سے نجات بخش دیتے ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

۱۱۱۶ بندہ جب یہ کہتا ہے:

اس کا نیکی کرنا اور برائی سے بچنا تیری ہی توفیق سے ہے ورنہ اپنے آپ نہ وہ نیکی کرنے پر قدرت رکھتا ہے، نہ برائی سے بچنے پر۔

اللہ خوش ہو جاتا ہے۔ فرماتا ہے:

بے شک میرے بندے نے سچ کہا، بے شک میرا بندہ میرا اطاعت گزار ہوا اور اس نے اپنے تمام معاملات میرے حوالے کئے۔

پھر اللہ اس بندے کے گناہوں کو ایسے جھاڑ دیتے ہیں جیسے کہ لاٹھی مارنے سے درخت کے سوکھے ہوئے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

۱۱۱۷ بندہ جب یہ کہتا ہے:

marfat.com
Marfat.com

اللہ میرا رب ہے اور میں کسی کو بھی اس کا شریک نہیں ٹھیراتا۔
اسی وقت اس پر تسکین نازل فرما دیتے ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

۱۱۱۸ بندہ جب اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہے اور کہتا ہے کہ
میری توبہ تیرے سوا اس بندے کے گناہوں کو کوئی اور بخش نہیں سکتا۔
اللہ خوش ہو جاتا ہے اور کہتا ہے:
میرے بندے کو پتہ ہے کہ میں اس کا رب ہوں اور یہ بھی پتہ ہے کہ میرے سوا کوئی اور اس کے گناہوں کو بخشنے پر قادر نہیں۔ اپنی رحیمی کریمی کے صدقے بندے کے گناہ بخش دیتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

۱۱۱۹ بندہ جب اپنے اللہ کے حضور میں سجدہ ریز ہوتا ہے، اللہ اس کی حاضری قبول فرماتے ہیں، یہی سجدہ معراج المومنین کے مصداق ہوتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ

۱۱۲۰ جب تک گناہ کے دروازے بند نہیں ہوتے، نیکی کے دروازے نہیں کھلتے، ان دونوں کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۱ ریت کے ٹیلے پر لہلہاتا ہوا لالہ جب اپنے رب کے حضور میں سجدہ ریز ہوا اور کہا کہ اے میرے رب ذوالجلال والاکرام!
میں صحرا کا پھول ہوں، مجھے باران رحمت کے سوا کہیں سے بھی پانی کی کوئی امید نہیں، مصنوعی وسائل مجھ تک پانی نہیں پہنچا سکتے، صحرا کی تپش سے میری پتیاں کملائی جا رہی ہیں، مرجھائی جا رہی ہیں، یا رب مجھ پر رحمت کی بارش برسا۔ اسی وقت بارش برسنے لگی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۲ جب اس نے کہا کہ
اس آدمی کے اتنے گناہ ہیں کہ اگر اس نے اپنی زندگی میں اپنے اقوال و افعال پر سچی اور پکی توبہ نہ

marfat.com
Marfat.com

کی تو آئندہ آنے والی نسلیں بھی ان کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکیں گی۔
یہ سن کر وہ فوراً سجدے میں گر پڑا اور وہ توبہ کی اور ایسی توبہ کی کہ نصوح کو مات دے گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۳ جب اس نے کہا کہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْكَ مِنْھَا لَا اَرْجَعَ اِلَیْھَا اَبَدًا اٰمِیْن۔ اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتِكَ اَوْسَعَ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَ رَحْمَتِكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ، اٰمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ تُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمَ، اٰمین۔

اللہ نے اپنی رحیمی کریم کے صدقے اس سے درگزر فرمایا اور بخش دیا، بے شک اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ کو قبول فرمانے والے اور گناہوں کو اگرچہ وہ کتنے ہوں، بخشنے پر قادر ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۴ کیڑا چھ ماہ میں گندم کے ایک دانے کا نصف حصہ کھاتا ہے، اس کے باوجود شب و روز قطاریں بنائے دانے جمع کرنے میں مصروف رہتا ہے۔ نہ گرمی دیکھتا ہے، نہ سردی جیسے کسی منڈی میں جا کر بیچنے ہوتے ہیں۔ حرص خلق کی ایک وہ فطرت ہے جس سے کوئی بھی مخلوق خالی نہیں۔ نہ چیونٹی، نہ ہاتھی اللہ کے فقیروں کے سوا کوئی اور اسے میدان میں نہ پچھاڑ سکا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۵ کوّے اور باز کے قدوقامت میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا، کھانے کا ہوتا ہے۔ باز بھوکا تو مر جائے گا لیکن تازہ گوشت اور خون کے سوا کوئی اور شے کبھی نہ کھائے گا۔ باز کی پرواز و تجسس اس کھانے ہی کی قوت و برکت ہے۔ کوّا کسی روزی کا پابند نہیں، گوشت بھی کھاتا ہے گندگی بھی۔ باز کی طرح ایک بار کھا کر سیر نہیں ہوتا سارا دن ٹھونگیں مارتا رہتا ہے۔ کسی بھی شے کو نہیں چھوڑتا لیکن پھر بھی سیر نہیں ہوتا اور باز ایک بار کھا کر سارا دن مست رہتا ہے۔ جب تک دوبارہ بھوک نہیں لگتی۔ کسی سوکھے ہوئے درخت کی شاخ پر بیٹھا اپنے خالق کی تسبیح و تحمید میں مصروف رہتا ہے۔ باز اہل جہان کو زبان حال سے رزق کی برکات و رفعات کا درس دیا کرتا ہے۔ عزت نفس اور رفعت منزلی،

marfat.com
Marfat.com

رفعت منزل رزق ہی کے معیار پر موقوف ہوتی ہے۔

باز ایک بار کھاتا ہے اور سیر ہو جاتا ہے۔

کوا سارا دن کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا۔

اللہ ہمیں طیب رزق عنایت کرے، آمین۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَّعَمَلًا مُقْبَلًا وَّ رِزْقًا طَیِّبًا، اٰمِیْنَ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۶ کوّے سے:

تو نے صبح سے کیا کیا نہیں کھایا؟ مردار کھایا، دہی کھایا۔ بچوں کے ہاتھ سے چھین کر روٹی کا ٹکڑا، چڑیا کے گھونسلے سے اس کے بچوں کو کھایا۔ گھگھی کے آہلنے سے انڈا چرا کر پیا۔ مرغی کے بچے کو اٹھا کر کھایا۔ ہنڈیا سے رات کا بچا ہوا سالن کھایا۔ کھائے ہوئے گوشت کی بچی ہوئی ہڈی کو کھایا۔ بیل کی گردن اور گدھے کی کمر پر رہنے والے زخموں کو کھایا، جب کوئی بھی چیز تجھے سیر نہ کر سکی۔ تیرے پیٹ کے تنور کو جب کوئی ایندھن بھر نہ سکا پھر گندگی کھائی پھر بھی تو سیر نہ ہوا حتیٰ کہ آفتاب غروب ہونے کو آیا۔ تیری آنکھوں کے آگے جب اندھیرا چھانے لگا تو اپنی آرام گاہ کی طرف اڑا اگر اس وقت بھی تجھے کھانے کی کوئی چیز ملتی کبھی باز نہ رہتا۔ ضرور کھاتا، نامعلوم تیرا یہ ننھا سا پیٹ کہاں اتنی چیزوں کو سمیٹے جا رہا ہے۔ تیرا یہ پیٹ کبھی بھر نہیں سکتا تو اپنی اس بے صبری پر رو، گندگی اور مردار نے تیرے دماغ کو معطل و ماؤف کیا ہوا ہے۔ غیرت کا تو تم میں نام تک نہیں، کوئی کتنا ہی درکارے تجھے پرواہ نہیں ہوتی۔ اس رذالت ہی کے باعث پرندوں کے معاشرے میں تیرا کوئی مقام نہیں، پرندوں کی دنیا میں تم ایک بدترین اور نفرت انگیز جنس ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۷ باز کی بلندی اور کوے کی پستی قدوقامت کی بدولت نہیں رزق کی بدولت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۲۸ فتح محض ہتھیاروں ہی پر نہیں نصرت الٰہی پر موقوف ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۲۹ درخت فضاء کو پاک کرتے ہیں، دل کو بھی کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۰ اللہ اپنی ہر مخلوق کا پیدا کرنے والا اور پالنے والا ہے جو بندہ اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتا ہے اور محض اپنے رب کی مخلوق سمجھ کر خدمت کرتا ہے، کوئی اور غرض وغایت نہیں رکھتا اللہ کو پسند ہوتا ہے۔

فقر کے تمام مراتب خدمت ہی کے معیار پر مرتب ہوتے ہیں۔ ہر نیکی ایک عظمت ہے۔ خدمت کی عظمت سب سے بالا ہے۔ قرون اولیٰ کے صوفی کا سرکاری نام اہل خدمت ہوتا تھا اور خدمت ہی کی بدولت آج اس کا نام زندہ ہے۔ اس کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا مگر خدمت اور ہمارے پاس سب کچھ ہے لیکن خدمت نہیں، وہ مخلوق کا خادم تھا، ہم مخدوم۔ بندہ جب اللہ کے لئے اللہ کی مخلوق کی خدمت میں مصروف ہوتا ہے، اللہ خوش ہوتا ہے۔ بعض کو امیر کیا، بعض کو فقیر۔ اس لئے کہ دیکھیں میرا کون بندہ میری خوشنودی رضا کے لئے میری نادار و بیمار و معذور و مجبور مخلوق کی خدمت کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۱ عبدیت ومحبوبیت کے دو ہی آداب اور دو ہی مقام ہیں۔ اول یہ کہ بندہ اپنے معبود / محبوب کو یہ کہے کہ میں کسی اور کو تیرا شریک ثانی نہیں ٹھیراتا اور تیرے سوا کسی سے بھی اور کوئی امید و التفات نہیں رکھتا۔ میرا سب کچھ تو صرف تو ہے اور یہ کہ تیرے سوا تیری قسم تیرے اس طالب / محب کی کوئی بھی طلب وتمنا ہے ہی نہیں، مطلق نہیں مگر یہ اور صرف یہ کہ تو میرا وہ اور میں تیرا وہ ہوں یا دوسرے کھلے الفاظ میں تو میرا رب، رب ذوالجلال والاکرام اور میں تیرا بندہ ہوں عاجز و مسکین و بے کس و بے بس بندہ۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۲ اللہ جب اپنے کسی مقبول بندے پر اپنی رحمت نازل فرماتے ہیں تو اس سے وہ چیزیں جو اللہ کو پسند نہیں ہوتیں، واپس لے لیتے ہیں اور اسے اس میں لذت محسوس ہوتی ہے اگرچہ دیکھنے والے کو نہیں۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۳ ہر بندہ کہتا ہے کہ یہ میرا مال ہے، یہ میرا مکان ہے، یہ میری زمین ہے، یہ میری جائیداد ہے حالانکہ یہ چیزیں تو درکنار بندے کو اپنے جسم کے بھی کسی حصہ پر کوئی اختیار نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۳۴ تمام چیزیں اللہ کی ہیں، کسی بھی چیز پر کسی کا کوئی دعویٰ نہیں جسے جو چاہے دے اور جس سے جو چاہے لے، کسی کو بھی دم مارنے کی جرأت نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۵ عقل کی قیاس آرائی معرفت کی گہرائی کو نہیں پاسکتی نہ یہ از خود دیکھتا ہے، نہ سنتا ہے، نہ بولتا، نہ سوچتا ہے، نہ کرتا ہے مگر اس میں اس کے خالق و مالک کا امر وارادت جلوہ گر ہے۔ اس کی اپنی کوئی مرضی نہیں اور اپنی مرضی سے یہ کچھ کرنے پر قادر نہیں، یہ بالکل نہیں جانتا اس کے ساتھ ابھی کیا ہونے والا ہے یا یہ کیا کرنے والا ہے۔ اس کا اس دنیا میں آنا اور یہاں سے جانا بھی اس کی مرضی سے نہیں، اُس کی مرضی سے ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۶ اللہ کو صرف اس بندے پر ناز ہوتا ہے جو عطاء وقضا سے بے نیاز ہو اور کسی بھی حال پر جو بھی وارد ہو، اعتراض نہ کرے اسے حکمت پر مبنی سمجھ کر خندہ پیشانی سے اس کا استقبال کرے اور یہ ام العمل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۷ دین آسان ہے، بہت آسان۔ اس میں سختی مت کر جو آدمی دین میں سختی کرتا ہے، دین اس پر غالب آجاتا ہے۔ ہلکا اور آسان عمل اختیار کر جسے کہ آسانی سے عمر بھر نبھا سکے۔ جان توڑ کر مجاہدہ مت کر، بھاگنے والے اکثر راہ ہی میں تھکتے ہیں۔ قبض ہو یا بسط، اپنے معمولات ترک مت کر۔ نفل عبادت مستحب ہے۔ نہ فرض ہے نہ واجب۔ جب کسی نفل عبادت کو ایک بار عمل میں لے آؤ پھر واجب الادا ہو جاتی ہے پھر اپنے عمل کو باطل مت کرو۔ جب تک نسبت مکمل نہ ہو افادہ عام میں مصروف مت ہو، کسی کو غلط فہمی میں مت رکھ۔ یہ کہہ نہ میں کشف القبور جانتا ہوں، نہ کشف القلوب، نہ کشف الوریدنہ کشف الحدیدنہ کشف الاحیاء نہ کشف الجدیدنہ تسخیر نہ دست غیب، نہ کیمیا، نہ سیمیا، نہ ریمیا، نہ لیمیا، نہ ہیمیا اور نہ ہی گنڈا تعویذ۔

ہم مجبور و محکوم بندے اور اللہ مالک و قادر ہے۔ ہمیں کسی بھی امر پر کوئی قدرت حاصل نہیں۔ اللہ اپنے نظام کو عین حکمت سے چلا رہا ہے۔ اس میں مخل ہونا بندہ کی سب سے بڑی حماقت ہے۔ یہ سمجھ کہ خلقت کی تمام حرکات وسکنات اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کی طرف سے ہیں جب تک تجھے یہ

marfat.com
Marfat.com

مقام حاصل نہیں ہوتا، مسئلے مسائل کی یہ کشمکش کبھی ختم نہیں ہوسکتی اگر تو اپنے اللہ کو واقعی اپنا رب جانتا ہے تو اپنے تمام معاملات ظاہری ہوں یا باطنی، دینی ہوں یا دنیوی اپنے اللہ کے سپرد کر۔ اس لئے کہ اللہ ہی کل کائنات کے جملہ معاملات کے قاضی الامور ہیں اور ہر کسی کے وکیل وکفیل ونصیر ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۸ یہ بات اگرچہ حقیقت پہ مبنی اور سو فیصدی صحیح ہے، انسانی سمجھ سے بالاتر ہے کہ ہر فعل کا حقیقی فاعل اللہ اور مفعول بندہ ہے۔ ہر کوئی حقیقت کی اس بات پر نکتہ چینی کرتا ہے جب تک کوئی سالک طریقت مخلوق کے افعال کو اللہ کے افعال سمجھ کر خندہ پیشانی سے تسلیم نہیں کرتا، عارف نہیں ہوسکتا یا دوسرے لفظوں میں اور جب تک غیریت (دوئی) سے پاک نہیں ہوتا، طریقت کا عارف نہیں ہوسکتا۔ طریقت کا عارف حکمت کے بے شمار بھیدوں سے واقف ہوتا ہے اگرچہ ہر بھید سے نہیں اور اس بات کا کہ مخلوق کے افعال کا حقیقی فاعل اللہ ہے، پورا عارف ہوتا ہے یہ عرفانیت عرفان کی ابتداء ہے اور جب یہ یقین کمال تک پہنچ جائے تو یہی انتہا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۳۹ عبدیت یہ ہے۔
کہ عبد معبود کی قضاء پر راضی رہے اعتراض نہ کرے۔ جب اعتراض کیا رضا کا خاتمہ ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۰ صاحب توکل کے لئے نہ وطن ہے، نہ جائیداد، نہ کسب، نہ روزگار، نہ مال، نہ سوال، صبح کرے تو شام کا اور شام کرے تو صبح کا نہ ذخیرہ ہو نہ فکر اور نہ ہی زندگی کی امید۔
اللہ رب العالمین اور ساری مخلوق کا قاضی الحاجات ہے۔ اللہ ہر بندے کے لئے آبادی ہو یا ویرانہ کافی ووافی ہے۔ متوکلین صبح پرندوں کی طرح بھوکے اٹھتے اور شام کو سیر ہو کر لوٹا کرتے ہیں۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۱ اللہ کے فقیروں کی نظروں میں اللہ کے سوا کوئی اور شے جچا نہیں کرتی اور نہ ہی وہ اللہ کے سوا کسی بھی شے کے طالب ہوتے ہیں۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۴۲ اللہ کے بندوں کی نظروں میں اللہ کے سوا کوئی اور چیز کوئی معنی نہیں رکھتی۔ میرے پیر قلندر نے فرمایا کہ

میرے پیالے کی بچی ہوئی گھونٹ کسی بھی طرح آب حیات سے کم نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۳ ہر عمل کے عامل پر عمل کا حال وارد ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۴ جس دل میں خیر داخل ہو جاتی ہے، شر نکل جاتا ہے اور جس دل میں اللہ کا ڈر داخل ہو جاتا ہے اللہ کے سوا ہر ڈر اس دل سے نکل جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۵ ایک دل میں ہزاروں بت موجود ہیں، زبان لا الہ میں اور دل بت پرستی میں مصروف ہے اگر تو اللہ کا طالب ہوتا تو پہلی ہی ضرب سے تمام بت ٹوٹ جاتے اور یہ بت کدہ کعبہ بن جاتا، دل کعبہ نہ کہ گل کعبہ، دل کعبہ گل کعبہ سے کہیں ممتاز اور باعظمت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۶ بندہ جب قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کہتا ہے تو ایسے ہوتا ہے جیسے کہ اللہ جبرائیلؑ کو کہتا ہے یا جیسے جبرائیلؑ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہتے ہیں یا جیسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی ساری امت سے فرماتے ہیں یا جیسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر امتی امت کے ہر فرد کو کہہ رہا ہے اور سالک قرآن کریم کی تلاوت کے دوران ان چاروں مقامات میں سے کسی ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۷ جو اطمینان و کیف مولائے کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مطہرہ پر عمل کرنے سے وارد ہوتا ہے، کسی اور مجاہدے سے نہیں۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۸ کمی کو پورا کرنے کے لئے کامل کی ضرورت ہوتی ہے اور اکمل کسی کامل کی آمد کا محتاج نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۴۹ اللہ کا رسول اللہ کی ساری خدائی کو پیغام سنانے آتا ہے، مخصوص بندوں کو نہیں، دین کی دعوت و تبلیغ

marfat.com
Marfat.com

اللہ کی ساری مخلوق کے لئے ہوتی ہے، کسی خاص گروہ یا فرقہ کے لئے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۰ اللہ نے بندے کو اپنے نفس کی عزت کے مقام کو بلند اور قائم رکھنے کے لئے بھیجا، صرف روح کی بلندی کے لئے نہیں۔ روح تو پہلے ہی بلند ہے، دنیا میں مقصود روح کی بلندی نہیں، نفس کی عزت ہے اسے ہی اصطلاح میں خودی کہتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۱ تنور تپانے کے لئے ایندھن درکار ہے، چندن ہو یا کریر دونوں برابر ہیں۔ اسی طرح قوت کے لئے کھانا درکار ہے، حلوہ ہو یا نان جویں، لذت میں فرق ہے قوت میں نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۲ ہر بات کا جواب کتاب وسنت کے مطابق دو، کوئی مانے خواہ نہ مانے، سنانا فرض ہے منانا فرض نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۳ منکرین کو ترغیب سے منایا جاتا ہے، مومنین کو ____ جاتا ہے اور عشاق کو جو مرمٹنے پر تیار منتظر ہو بیٹھے ہوتے ہیں، ستایا جاتا ہے۔ رلایا جاتا ہے اور جگر کے خون میں نہلایا جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

۱۱۵۴ اے حسینانِ جہاں! اسیرِ زلف کو زنجیر کی کیا حاجت؟ تیرا اسے پابہ زنجیر کرنا بے رحمی نہیں تو اور کیا ہے تو اپنے چاہنے والوں سے نرمی برت، اسے ہوش میں لا، اس کا یہ حال دیکھا نہیں جاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۵ تقویٰ میں کفر کے بعد سب سے بڑا جرم دل آزاری ہے اور اس جرم میں مرتکب دل ہمیشہ بے چین و بے قرار رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۶ ذکر کی ابتداء لَا اور انتہا ھُو ہے۔ پہلے کوئی نہ تھا مگر وہ آخر میں بھی کوئی نہ رہے گا۔ مگر وہ گویا ازل و ابد کا ایک ہی جامہ اور ایک ہی رنگ ہے۔ نیست ہے، ہست اور ہست سے نیست۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۵۷ بسم اللہ برکت ہے، برکت کی ب نے بسم اللہ کی ب سے برکت پائی اور برکت کی ساری برکت بسم اللہ کی ب کی برکت ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۸ اسلام کے بے مثل فیض دو ہیں درویشی اور حکمت اور آج یہ دونوں ہی نااہلوں کے ہاتھوں خجل ہیں، ہر مُلّا درویش اور ہر درویش حکیم ہے۔

یہ پتہ ہی نہیں کہ ایک حکیم نے صرف نبض شناسی کے لئے چالیس برس ایک شہر کے دروازے پر گزارے جو آتا، نبض دکھلا کر اندر جاتا۔ اس کے بعد اس حکیم نے اس مضمون پر کلام کیا جو آج تک زندہ ہے اور درویشی کا قصہ اس سے کہیں دشوار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۵۹ جو بھی یکتا تک پہنچا یکتائی سے پہنچا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۰ تیری بے پرواہی کے رنگ دجلہ جیسے دریا سے ساقیِ کوثر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معصوم نواسے کا تشنہ لب رخصت ہونا دل نکل جانے کا مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۱ ماں قبر میں بھی اپنے بچے کو نہیں بھولتی۔ ایک ماں نے اپنے لڑکے کی لڑکی سے اپنے قبر کے حال سے آگاہ کیا اور بتایا کہ یہاں اللہ کی رحمت اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش وشفاعت کے سوا دنیا کا کوئی مال اور کوئی دوست کسی کے کسی کام نہیں آتا، ہر کسی کو اپنی اپنی پڑی ہوتی ہے۔ کوئی کسی عذاب میں مبتلا ہوتا ہے، کوئی کسی میں اور دنیا کا بڑے سے بڑا عذاب قبر کے کسی معمول سے معمولی عذاب کے عشر عشیر بھی نہیں ہوتا اور حسب ونسب بھی یہاں کوئی معنی نہیں رکھتا، اپنے اپنے عملاں نال نبیڑے ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۲ عیدو اوئے عیدو!

تیرے گھر رات کو کبھی دیا نہیں جلا حالانکہ سرسوں تو بوتا ہے اور تیری کھیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۶۳ ارے اے بکّو!

گائیں تو چراتا ہے، دودھ وہ پیتے ہیں، تیرے بچوں نے کبھی رات کو دودھ نہیں پیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۴ جو مزہ مزدور کے بیٹے کو کھیل میں آتا ہے، شہزادے کو نہیں آتا۔ شہزادے کی اگر کوئی تمنا ہوتی ہے تو یہ کہ اسے جواہرات اور اطلس سے علیحدہ کر دیا جائے لیکن تہذیب کی پابندی اس کی تمنا کو کبھی پورا نہیں ہونے دیتی گویا وہ اس مزے کو ترستا ہی رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۵ قدرت کا بہترین انعام جو مزدور پر ہے سلطان پر نہیں، سادگی میں سعادت اور تکلف میں تکلیف ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۶ مزدور کی محنت سے مالک کی کایا پلٹ گئی لیکن مزدور بیچارے کی اپنی زندگی جوں کی توں رہی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۷ حاکم کے حکم کی تعمیل کے ساتھ اگر غلام کے دل میں حاکم کی محبت بھی ہو تو ہر حاکم محمود اور ہر غلام ایاز ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۸ محبت کیف و مستی کی اصل اور روح ہے، کیف و مستی آپ کی محبت پر موقوف ہے۔ محبت کے بغیر دنیا میں کوئی کیف و مستی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۶۹ کسی کو توفیق بخشی، کسی کو انعام، کسی کو اجر اور کسی کو جزا۔ توفیق سے انعام اور اجر سے جزا ورئ الورئ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۰ شریعت جڑ، طریقت پودا، حقیقت پھل اور لذت و قوت معرفت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۱ اللہ کا برکت والا نام لے کر اللہ کے کام کو شروع کر پایہ تکمیل تک پہنچانا اللہ کا کام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۷۲ جو شرم تجھے ایک مُصلّی سے آتی ہے اللہ سے نہیں گویا تیری نظروں میں اللہ کا خوف ہے ہی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۳ امت کو فکر کا حکم دیا، بحث سے منع کیا اگر یہ قوم فکر کرتی تو حکمت میں اقوام عالم کی سردار ہوتی۔ ایک چھوٹی سی بات پر اکتفا کریں۔ کیکر کے ہزاروں من پھول جنہیں ہم یونہی بے فائدہ سمجھ کر خاک میں ملا دیتے ہیں اگر ان کی حکمت اور افادیت کا پتہ ہوتا، اطبا انہیں شیشیوں میں بھر کر محفوظ کر لیتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۴ جس اخلاق کو حاصل کرنے کے لئے ایک امیر ایک مدت ریاضت کرتا ہے غریب کو ورثہ میں ملا ہوتا ہے عجز وانکساری۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۵ بادشاہ حضرت یونس علیہ اسلام کا شیدائی تھا۔ جب وہ اپنی قوم کو اللہ کے حوالے کر کے جنگل کو چل دیئے تو بادشاہ نے آپؑ کی محبت کے فراق میں مجبور ہو کر اعلان کیا کہ جو کوئی میرے دوست حضرت یونس علیہ السلام کی خبر دے گا، میں اپنی بادشاہی اس کو دے دوں گا اور خود حضرت یونس علیہ السلام کی خدمت میں حاضر رہ کر اپنی باقی عمر فقیرانہ بسر کروں گا پھر آپ نے چاندی کی ایک بگھی بنوائی اور کہا کہ میں نے یہ بگھی اپنے دوست یونس علیہ السلام کی سواری کے لئے بنائی ہے جب ان کا پتہ چلے گا تو میں انؑ کو اس بگھی پر بٹھلا کر شہر میں لاؤں گا۔

حضرت یونس علیہ السلام جب اپنی منازل طے کر کے شہر کی طرف آ رہے تھے تو راستے میں انہیں ایک گڈریا ملا۔ آپؑ نے اسے کہا کہ بادشاہ سے جا کر کہہ دو کہ یونس آ گیا، گڈریئے نے کہا بادشاہ نے اعلان کر رکھا ہے جو کوئی مجھ کو میرے یونس کے آنے کی خبر دے گا میں اپنی بادشاہی اس کو دے دوں گا اور ساتھ ہی یہ بھی کہا ہوا ہے کہ اگر یہ خبر غلط ہوئی تو اس کا سر قلم کروا دوں گا۔ حضرت یونس علیہ السلام اس کی پریشانی کو بھانپ گئے اور فرمایا کہ تجھے کس طرح یقین آئے کہ میں پیغمبر یونس ہوں۔ آپؑ نے اس سے اس کی بکریوں کے بارے میں سوال کیا۔ گڈریئے نے بتایا کہ میری فلاں بکری باکرہ ہے، فلاں بکری ایسی ہے، اس نے اپنی دانست کے مطابق سب کچھ بتایا۔ آپؑ نے ان بکریوں کی پشت پر ہاتھ رکھا اور ان کے تھن دودھ سے بھر گئے۔ یہ دیکھ کر گڈریئے کو یقین آ گیا کہ وہ واقعی یونس علیہ السلام پیغمبر ہیں پھر وہ بادشاہ کے پاس پہنچا اور آپ کی آمد کی

marfat.com
Marfat.com

اطلاع دی۔ بادشاہ اسی وقت چاندی کی وہ بگھی لے کر آپؑ کے استقبال کو آیا۔ حضرت یونس علیہ السلام اس بگھی میں بیٹھنے لگے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور انگشت بدنداں ہو کر فرمانے لگے کہ

اللہ نے نبیوں پر زینت حرام کی ہوئی ہے، چنانچہ وہ پیدل چل کر اپنی قوم کی طرف آئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۶ عقیدت اور یقین قبولیت دعا کے دو ضروری ارکان ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۷ اللہ ذوات اور مخلوق صفات ہے، مخلوق ذات کی صفات کی مظہر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۸ جب اس بوڑھے لکڑہارے نے ابراہیم ادھم کو کہا ہوگا

بادشاہو، بندہ اس نامراد کو بچپن سے دیکھتا چلا آ رہا ہے۔ خزانے کی بادشاہوں کو ضرورت ہوتی ہے، فقیروں کو نہیں، اسے آپ ہی اپنے ساتھ لے جائیں اور پھر جب یہ کہا ہوگا

وہ تو اس پر تھوکتا بھی نہیں۔

شرم کے مارے پانی پانی ہو گیا ہوگا۔ جنگل کا ایک لکڑہارا قناعت کے میدان میں بازی لے گیا۔

مرحباً مکرماً مشرفاً

آپ کی توبہ و ترک کی ایک وجہ یہ بھی تھی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۷۹ کیا وہ سونا جو مسجد کے گنبد پر کلس پر چڑھایا گیا ہو، واجب الزکوٰۃ ہے: ایک نے کہا ہاں، ایک نہ کہا نہیں۔

زکوٰۃ مال کو نجاست سے پاکیزہ کرتی ہے، گنبد کا کلس مسجد کا ہے اور مسجد اللہ کا گھر ہے۔ اللہ کا گھر ہر حال میں پاکیزہ ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۰ ایک آدمی نے حضرت مولا علی المرتضیٰؑ کی شان میں بہت برا بھلا کہا۔ آپؑ اس پر بالکل نہیں جھنجھلائے۔ آپؑ نے فرمایا کہ جو بری باتیں تو نے میری طرف منسوب کی ہیں اگر وہ مجھ میں ہیں تو

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ مجھ پر رحم کرے اگر نہیں ہیں تو اللہ تجھ پر رحم کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۱ حکمت وحکومت چنے ہوئے بندوں کو بندوں کی بھلائی کے لئے عنایت ہوا کرتی ہیں، ہر کسی کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۲ انسان اللہ کا اور اللہ انسان کا وہ بھید ہے جو کسی پر بھی منکشف نہیں جو انسان میں ہے وہی سارے جہان میں ہے۔ یعنی جو بھی شے سارے جہان میں ہے وہی ایک انسان میں ہے۔ اللہ نے جب اسے پیدا کیا۔ اس میں اپنی روح پھونکی۔ فرشتوں کو حکم دیا اسے سجدہ کرو، سجدہ کا حکم سنتے ہی جبرائیل علیہ السلام، میکائیل علیہ السلام، عزرائیل علیہ السلام اور اسرافیل علیہ السلام سجدہ میں گر پڑے۔ عزازیل کھڑا رہا، کہنے لگا سجدہ اللہ ہی کے لئے ہے۔

اس انکار کی بدولت عزازیل مردود ہوا، راندا گیا، شیطان آدم علیہ السلام کا منکر ہے، اللہ کا نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۳ آدم کا منکر شیطان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۴ اتباع امکانی، باقی سب غیر امکانی ہیں۔ امکانی ضروری اور غیر امکانی غیر ضروری ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۵ جو قال حال کے تحت ہو تیر کی طرح ہوتا ہے، کبھی خالی نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۶ استقامت نبوت کی سب سے بڑی خصلت ہے، ہر کسی کو کیسے دی جا سکتی ہے۔ استقامت کے ساتھ حال اور حال کے ساتھ مقام ہوتا ہے۔ جس میدان میں استقامت اتر آتی ہے، فتح ہو جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۷ مرنے والے کے ذہن میں دنیا کا کوئی منصب اور دنیا کی کوئی چیز کوئی وقعت نہیں رکھا کرتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۸ سب آدمی دنیا ہی کمانے کے لئے انگلینڈ اور امریکہ کو جاتے ہیں اگر کوئی محض دین کی خاطر جائے،

marfat.com
Marfat.com

کایا پلٹ جائے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۸۹ فقیر فنا کے مقام پر پہنچ کر فارغ ہو جاتا ہے پھر اس کی خلوت میں کوئی جلوت مخل نہیں ہوتی، فقیر کے سوا کوئی دوسرا کسی بھی حال میں کبھی فارغ نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۰ زمین کے ساتھ دین ضروری ہے، دین کے ساتھ زمین ضروری نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۱ اپنے آپ نہ کوئی خوش نصیب ہے نہ بدنصیب، جو جیسا بھی ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ کا بنایا ہوا ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۲ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع متبع کو مطمئن کر دیتی ہے اگرچہ چھوٹی سی ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۳ یہ احساس پیدا کر احساس زیاں اور احساس ذمہ داری۔ یہی دونوں خصلتیں قومی تعمیر و ترقی کے بنیادی اور ناگزیر اصول ہیں جس بھی قوم نے دنیا میں ترقی کی انہی کو اپنا کر کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۴ احساس زیاں احساس ذمہ داری کی اساس اور محفوظ مستقبل کی ضامن ہے۔ جب قوم کو اس حقیقت کا شعور حاصل ہو جاتا ہے، اس کا مستقبل کامیابیوں سے ہمکنار ہو جاتا ہے اور یہ ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۵ دو مسلمانوں میں صلح کرانا اسلام کا بنیادی حکم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۶ اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو، اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان کی طرف رجوع کرو کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، مسلمان کو کافر مت کہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۷ نااہلی کی کسی کو پرواہ نہیں ہوتی، بے وفائی ناقابل برداشت ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۱۹۸ دین کے کام رات کو اور دنیا کے کام دن کو ہوتے ہیں۔ دنیادار جب دنیا کے کاموں سے فارغ ہو کر رات کو آرام کیا کرتے ہیں، دیندار جاگا کرتے ہیں۔ بے شک رات کا جاگنا اہلِ سلوک کے لئے ایسے ہی ضروری ہے جیسے کہ دنیادار کا دن کو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۱۹۹ محنت کی جزا شاہی اور عیش کی سزا تباہی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۰ غیب پر ایمان بہترین ایمان ہوتا ہے، دیکھ کر ایمان لانے والوں کو دیکھ کر ہی قبول کیا جاتا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
خوشخبری ہے اس کو جس نے مجھ کو دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اور سات بار خوشخبری ہے اس کو جس نے مجھ کو نہیں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۱ غلامی کا دعویٰ معتبر اور محبت کا غیر معتبر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۲ گمنامی میں امن اور شہرت میں فتنہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۳ حق گوئی کے لئے کوئی بھی وقت نامناسب نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۴ مرد موت سے نہیں غیرت سے مرا کرتے ہیں، زندگی سے نہیں حیا سے جیا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۵ بے غیرتی کی زندگی موت اور حیاء کی موت زندگی ہے۔ وہ زندگی فنا کی زد میں ہے اور یہ موت عین بقاء۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۶ طب ایک وسیع مضمون ہے اگرچہ ہزاروں سال سے ہر مرض پر ہر کسی نے بہت کچھ کہا لیکن پھر بھی ایسے نادر نسخے لوگوں کے سینوں میں مکنون ہیں جو آج تک قلم کی نوک تک نہیں پہنچے مثلاً یہ کہ

marfat.com
Marfat.com

بلڈ پریشر کے مریض صبح کے وقت نہار منہ لہسن کی گٹھی کی تین پوتھی (دانے یا تریاں) پانی کے ساتھ نگل لیں، اس کے بعد ایک گھنٹہ تک کوئی شے نہ کھائیں نہ پیئں، گھنٹہ گزرنے کے بعد جو چاہیں کھائیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۷ ہر شے کی حد معین ہے، حد مت توڑ۔ ہر حد کا احترام کر، کسی حد سے تجاوز مت کر، بعض کام حرم میں حلال اور مسجد میں حرام ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۸ تیرا ہر قول و فعل سنت کی اتباع میں ہو، ان سے بہتر بات اور کس کی ہو سکتی ہے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۰۹ جس کار کا کاریگر حکم دے، اس کار کو کر۔ وہی کار آمد ہوتی ہے، جو کارکاری نہ ہو اس سے بے کار رہنا بہتر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۰ اگر تجھے اللہ سے محبت ہوتی جیسے کہ تو کہتا ہے کہ تو اللہ کو دوست رکھتا ہے تو اللہ کی قسم اللہ کے ذکر میں تجھے لذت آتی، سرور آتا اور محو ہو جاتے۔ اتنے محو کہ ان کے خیال کے سوا کوئی بھی خیال دل میں نہ آتا اور نہ ہی کسی بھی شے کی کوئی پرواہ رہتی، ان کے سوا ہر شے ہیچ و بیکار اور نظر ہی کا ایک فریب و سراب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۱ نامعلوم کیوں؟ تیری دنیا میں تیرے دین کی ترقی نہ ہوئی۔ حالانکہ دنیا کے ہر شعبہ نے بے انداز ترقی کی، دنیا تیری نظروں میں مردود اور دین مطلوب ہے۔ محض لکھنا پڑھنا دین کی ترقی نہیں۔ دینداروں کے اخلاق و کردار کی بلندی کا نام ترقی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۲ اندھیرے میں اندھے کو تمام عورتیں یکساں ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۳ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اے معاذؓ! اگر تو نیک بختوں کی زندگی، شہیدوں کی موت، حشر کے دن نجات، موت کے دن امن

marfat.com
Marfat.com

اور روشنی اندھیروں میں اور سایہ گرمی کے دن اور پیاس کے دن سیری اور خفت کے دن وزن اور گمراہی کے دن ہدایت چاہتے ہو تو قرآن کریم پڑھو کیونکہ وہ رحمن کا ذکر ہے اور شیطان سے بچاؤ ہے اور ترازو میں جھکاؤ ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۴ سالک جب قرآن کریم کی تلاوت میں محو ہوتا ہے، قرآن مجید کے نور کے جلال سے ہمزاد و شیاطین لاغر، نحیف اور بے بس ہو کر توبہ توبہ کرنے لگتے ہیں۔ قرآن کی تلاوت کے نور کا جلال شیاطین کو جلا دیتا ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۵ قرون اولیٰ کا صوفی اپنی جگہ سے اٹھ کر کہیں نہ گیا مگر اللہ کے لئے کسی کا مہمان نہ بنا لیکن ہر کسی کا میزبان بنا، جو روزی اللہ نے دی، اللہ ہی کے لئے اللہ کی مخلوق میں تقسیم کر دی۔ کسی بھی شے کی نہ طمع کی اور نہ ہی کوئی شے جمع کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۶ دین کی ابتداء اسلام کی ابتداء ہے اور یہ ابتداء غارِ حرا میں ہوئی جہاں پتھروں کے سوا کوئی اور دلکش منظر نہ تھا۔ نہ ہی آسائش و استراحت کا سامان، معلوم ہوا کہ نزول رحمت فطرت ہے، کسی زیب زینت کی محتاج نہیں۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۷ ہمارے چولہے چوبیس گھنٹے ہمارے لئے گرم رہتے ہیں پھر بھی ہم کبھی سیر نہیں ہوتے نہ ہی کبھی شکر کرتے ہیں حالانکہ بعض دفعہ پورا ماہ گزر جاتا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر کسی بھی دن آگ نہ جلتی۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۸ حضرت مولا علی المرتضیٰؑ کے بعد پھر کبھی بھی کسی پر یہ عنایت نہ ہوئی اور اگر ہوئی تو کبھی کبھی اور کہیں کہیں ہوئی۔

فاقہ جس سے تو بیزار ہے، فقر کا فخر، فقر کی آبرو اور فقر کی جان ہے اور اے جان من! فاقہ ہی فقر کی تلوار ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۱۹ عمرؓ اللہ کا خلیفہ اور اویسؓ اللہ کا فقیر تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۰ اللہ سبحانہٗ بندوں کے دلوں کو پھیرتے رہتے ہیں، اللہ سے ہمیشہ دعا کرو۔ اللہ تمہارے دلوں کو پھیر

marfat.com
Marfat.com

کر اپنی طاعت وعبادت پہ جمائے رکھے اور کسی بھی عبادت واطاعت پہ ہرگز ناز نہ کیا کرو، اس لئے کہ ہر عبادت و طاعت کی توفیق اللہ سے ملا کرتی ہے جسے اطاعت کی توفیق ملی، شکر کرنے ناشکری کے عذاب سے ڈرے اور اس طاعت کو ہرگز اپنی طرف منسوب نہ کرے کہ اس نے کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۱ بندہ گناہ کرتا ہے، بندے کو اس کا ہرگز پتہ نہیں ہوتا کہ اس سے کتنا بڑا گناہ سرزد ہوا، بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کے باعث بندہ کو ذکر سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۲ جس طرح ہر دوا میں ہر مرض کی شفا نہیں ہوتی اور مختلف امراض کے لئے مختلف دوائیں ہیں، اسی طرح سلوک میں بھی کسی ایک ذکر پر اکتفا نہیں کیا جاسکتا البتہ ان تینوں میں ہر مرض سے کلی شفاء ہے۔

۱۔تلاوت قرآن ۲۔نماز ۳۔ذکر

ان تینوں کی کثرت مساوی ہو، یہی سلف صالحین کا نسخہ کیمیا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۳ ہر صفت عمل سے پیدا ہوتی ہے، جمال ہو یا جلال۔ عمل اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ اللہ جب اپنے کسی بندہ پر خوش ہوتے ہیں، اسے عمل کی توفیق بخشتے ہیں۔ نیک عمل کا اختیار کرنا ہی سب سے بڑی رحمت ہے۔ جب تک کسی بندہ پر رحمت نہیں ہوتی، عمل کی توفیق نہیں ملتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۴ آدمی آدمی کو دیکھ کر ڈرا کرتا ہے جیسے جنگل میں درندے سے لیکن جب آدمی آدمی کے قریب ہوتا ہے تب پتہ چلتا ہے یہ انسان ہے اور میرا بھائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۵ آپ کی محبت کا دعوی اس قدر اللہ کو پسند ہے کہ قیامت تک اپنے نیک بندوں کی زبان پر وہ دعویٰ دہراتا رہتا ہے جیسے کہ آج ہم خواجہ غریب نواز کا دہرا رہے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۲۲۶ محبت بڑوں بڑوں کو سر کر لیتی ہے جو کسی سے سر نہیں ہوتے، محبت ان سب کو سر کر لیتی ہے۔ محبت کے آگے کوئی نہ ڈٹا، نہ رکا، کسی نے اف تک نہ کی۔ جس دل میں محبوب کا تصور آ جاتا ہے، کایا پلٹ دیتا ہے، اپنے سوا پھر کسی اور کو کبھی اپنے دل میں رہنے نہیں دیتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۷ اگر بادشاہت نعمت ہوتی تو ادھمؒ کبھی اسے ترک نہ کرتے، اسی طرح اگر اجتماع کرامت ہوتی تو صابر صاحبؒ کی مجلس کبھی برخاست نہ ہوتی، حال یہ تھا میرے آقاؐ کے وصال کے کئی سو سال بعد بھی کسی کو وہاں جانے کی جرأت نہ ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۸ تیرے مقدس و معظم نام کی عزت میرے نزدیک گویا تیری ذات مقدس ہی کی عزت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۲۹ ہر جانور رات کو نہیں بولا کرتا، جس جانور کی بولی اللہ کو پسند ہوتی ہے۔ وہی رات کو جاگا اور بولا کرتا ہے جب اللہ کی ذات آسمان دنیا پر رونق افروز ہوتی ہے، بلبل اپنے سریلے نغمے گایا کرتی ہے، کوا کبھی رات کو نہیں بولتا۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۰ ہو سکتا ہے کہ قیامت کے دن اللہ نمازی کو نہ بخشے مگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غازی کو ضرور بخشے گا، ماشاء اللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۱ شہید شہادت کے خمار میں مخمور ہو کر ایسا مسرور ہوتا ہے کہ اسے ماسوا کی خبر ہی نہیں رہتی۔ شہادت سے بڑھ کر کوئی موت نہیں۔ شہادت کی لذت ہر تکلیف پر غالب ہوتی ہے۔ شہادت کے نشے کی مدہوشی میں گم ہو کر شہید کسی بھی تکلیف کو محسوس نہیں کرتے، شہادت سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۲ الحمدللہ رب العالمین۔

اللہ کا شکر ہے کہ جس گوہر کی تلاش میں ہم کن کے روز سے متلاشی تھے، آج مل گیا ہے اور سب سے بڑی خوشی کی یہ بات ہے کہ ملا اور اسی جنگل سے ملا، اب ہمیں کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ یہ گوہر عنایت فرما کر گویا میرے مولائے کریم نے ہم پر اپنی عنایت کی حد کر دی۔ یہ کلمات ہمارے لئے

marfat.com
Marfat.com

بعینہ ایسے ہیں جیسے کہ مچھلی کے لئے دریا، اب ہمیں اپنی ضرورت کی ہر شے مل گئی ہمیں جو ضرورت تھی مل گئی۔ اب ہماری اور کوئی ضرورت نہیں اور اپنا یہ قول ثابت ہے، ثابت رہے گا انشاء اللہ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۳ سنت کے مطابق جینا عین عبادت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۴ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام سے بہتر کس کا کلام ہوسکتا ہے، کیا یہ تیرے لئے کافی نہیں ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۵ اللہ تعالیٰ متقیوں سے خطاب فرمارہے ہیں کہ وسیلہ تلاش کرو، متقی تو پورے پرہیزگار ہوتے ہیں۔ معلوم ہوا محض تقویٰ اللہ تک پہنچنے کے لئے کافی نہیں، تقویٰ کے ساتھ وسیلہ ضروری ہے اور وہ وسیلہ شیخ (زندہ) ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۶ جرائم کا انسداد تشدد نہیں، ماحول کی تبدیلی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۷ ہر پرواز کے لئے طاقت درکار ہے، مادی ہو یا روحانی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۸ اسی قوت کی بناء پر ابن عربیؒ نے ایک ہزار برس پہلے چاند پر نماز پڑھی اور اہل دنیا کو بتایا کہ چاند جس کو اہل زمین ایک منور ستارہ سمجھتے ہیں، نور سے عاری ہے۔ اس کی سطح پہاڑ اور ریت پر مشتمل ہے، جس کا رنگ بھورا اور مٹیالا ہے، اس کی سطح بالکل بے برگ وگیاہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۳۹ جب اپنے قبیلے کے کسی فرد کو یا اپنے جانوروں کو اپنا نافرمان پاؤ تو سمجھو کہ تجھ سے اپنے مالک کی کوئی نافرمانی ہورہی ہے ورنہ یہ تیری مملوک تجھ سے کبھی سرکشی نہ کرتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۰ سارے مہ خانے میں دیکھنے کی چیز تو ساقی تھا اور صبوحی تھی اگر تیری قسمت میں ہوتی تو ضرور پیتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۲۴۱ میکدے کا نظام دمبدم بدلا کرتا ہے، کبھی جذب، کبھی سلوک، کبھی جمال اور کبھی جلال اور یہ بے ہوشی نہیں مدہوشی ہے۔ مدہوشی کا استقلال بھی ایک قسم کی ہوش ہے اور خردمندوں کے نزدیک یہ مدہوشی ہوش کی اصل ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۲ تو کہہ کہ میرا تیرے خیال میں محو و مستغرق رہنا ہی میری زندگی ہے گویا تو نے مجھے اپنے خیال میں مہنمک کر کے مجھ پر اپنی رحمت کے دریا بہا دیئے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۳ ارے ان کے خیال میں رہنا کوئی معمولی بات ہے، محمود نے ایاز سے پوچھا کہ یہ سلطنت کس کی ہے؟ اس نے کہا کہ آپ کی پھر پوچھا یہ فوج و سپاہ کس کی ہے؟ اس نے پھر وہی جواب دیا پھر پوچھا یہ سب کچھ کس کا ہے؟ اس نے پھر وہی کہا یہ سن کر محمود نے محبت بھری نگاہوں سے ایاز کی طرف دیکھا اور کہا یہ سب کچھ میرا ہے اور میں تیرا ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۴ یہ حال ایک ہی قسم کے دو بندوں کا ہے، اس سے زیادہ اس معاملہ میں اور کوئی کیا کر سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۵ بڑے بڑے اور نامی گرامی مال و منال کے پھندوں میں الجھے تو کہہ کہ تو اس پر تھوکتا بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۶ جو کار کار آمد نہیں واجب الترک ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۷ سنت کی رہنمائی میں گمراہی کا امکان نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۸ جو مال اللہ کے حکم کے تحت خرچ کیا جاتا ہے، کبھی کم نہیں ہوتا، ہرگز کم نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۴۹ سنت کی اتباع میں جو عمل اختیار کیا جاتا ہے، کبھی رائیگاں نہیں جاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۲۵۰ احکام میں بحث کی گنجائش نہیں جس نے کی ناکام رہا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۱ مبلّغ بردبار ہوتا ہے اور متحمل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۲ قدیم دین اسلام اور قدیم طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اسلام سے بہتر کوئی دین نہیں اور طب نبوی سے بہتر کوئی طب نہیں۔ یہ دونوں دین اور طب صدیوں سے محنت کے متمنی ہیں اگر طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر محنت کی جاتی یا اب بھی کی جائے موجودہ بیرونی طب کو مات کر جائے اگر ان کو فروغ دیا جائے اور ان پر محنت کی جائے تو دین میں معراج اور طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہر بسمل کی مسیحائی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۳ مسجد اللہ کا گھر اور واجب الادب واحترام ہے۔ مسجد کا یہ احترام ہے کہ مسجد میں اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کے سوا کوئی اور ذکر نہ ہو اور اللہ کی خوشنودی رضا کے عین مطابق مسجد کے آداب کی پابندی کی جائے اور ہر حال میں کی جائے۔ مسجد اپنے ادب واحترام کرنے والے کے حق میں اللہ سے دعا کرتی ہے، سفارش کرتی ہے اور اللہ اپنے گھر کے احترام کرنے والے کو محترم بنا دیتا ہے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۴ مساجد میں عبادت بھی ہوتی ہے، باتیں بھی۔ بعض اوقات مساجد دنیاوی باتوں کا سب سے بڑا مرکز ہوتی ہیں اور یہ سلسلہ شب و روز جاری رہتا ہے۔ کبھی منقطع نہیں ہوتا۔ ایک جماعت دو حصوں میں ہمیشہ بٹی اور ڈٹی رہتی ہے۔ ایک حصہ ذکر میں اور دوسرا باتوں میں مصروف رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۵ کسی مسجد کی بے حرمتی مت کرو، مسجد کی بے حرمتی مسجد میں دنیاوی باتیں کرنا ہے۔ مسجد میں اللہ کے ذکر کے سوا کوئی اور ذکر نہیں کیا جا سکتا اگر کسی نے ذکر کے علاوہ کسی اور امر پر کوئی بات کرنی ہو تو مسجد سے باہر نکل کر کرے اور کسی کو بھی مسجد میں ذکر کے سوا کسی اور ذکر کی اجازت نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۶ جمعہ کے دن ہر شے ہوتی ہے مگر کسی کی بھی زبان بند نہیں ہوتی، جمعہ کی سنتیں پڑھ چکنے کے بعد جمعہ سے

marfat.com
Marfat.com

فارغ ہونے تک سنت ہے کہ ہر جمعہ پڑھنے والا خاموش رہے، کسی سے بھی اور کوئی کلام نہ کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۷ تو اپنے زیردست کو معاف کر، تیرا مالک تجھے معاف کرے گا تو خلق کی خطا معاف کر، خالق تیری کرے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۸ اکرام کے مقام کو کوئی مقام نہیں پا سکتا، کسی کا اکرام کرنے والا مکرم بن جاتا ہے یا یوں کہ اکرام اپنے فاعل کو مکرم بنا دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۵۹ تیمم کا وضو عارضی ہوتا ہے، پانی جب مل جاتا ہے تیمم کا وضو ختم ہو جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۰ بندہ ابھی اسلام کے اس پہلے ہی سبق پر جو کہ مجھے پہلے ہی دن دیا تھا، جدوجہد کر رہا ہے جس طرح کرنے کا حکم دیا گیا تھا، ابھی تک پوری طرح سے نہیں کر سکا۔ جبکہ یہ حال ہے، کیا ہمارا قال، کیا ہمارا حال، کیا ہماری طریقت اور کیا رہنمائی۔

مجھے سبق دیا گیا کہ تم دنیا میں مسافر کی طرح رہو اور مسافر کے پاس کچھ بھی نہیں ہوتا مگر پہنا ہوا لباس اور ضروریات کی ایک چھوٹی سی بقچی جسے کہ وہ آسانی سے اپنے ہمراہ اٹھا سکے، اس سے زیادہ کوئی مسافر کوئی سامان اپنے ہمراہ نہیں اٹھا سکتا اور اپنے تئیں ان مُردوں میں شمار کرو جو قبروں میں ہیں اور مُردہ کی کوئی بھی تمنا نہیں ہوتی مگر یہ اور صرف یہ کہ اللہ اسے دوبارہ زندگی بخشے اور وہ دنیا میں جا کر اس کی بندگی کرے۔ الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۱ یہ کہہ:

میری کوئی حاجت نہیں، میرا کوئی حاجت روا نہیں مگر اللہ سبحانہ جل جلالہ وعم نوالہ واللہ سبحانہ، باللہ سبحانہ، تاللہ سبحانہ ہر اس حاجت سے جو تجھے کسی غیر کی محتاج کرے، پناہ مانگ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۲ بندہ جب اپنے آپ کو غور سے دیکھتا ہے تو اس کے خالق کے سوا کسی کو بھی اس کا کچھ نہیں پاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

وہی اس کا خالق، وہی اس کا مالک، وہی اس کا رازق، وہی اس کا حافظ، وہی اس کا ہادی، وہی اس کا والی اور وہی اس کا وارث ہے لیکن یہ کسی بھی معاملہ میں اسے نہ اپنا رب تسلیم کرتا ہے، نہ مالک، نہ رازق، نہ محافظ، نہ ہادی، نہ والی اور نہ ہی وارث اگرچہ وہ زبان سے ان سب کا اقراری ہے ورنہ جیسے وہ کہتا ہے اگر مان بھی لیتا تو زمین پہ اس کا خلیفہ ہوتا زمین والے اس کے ہوتے، آسمان والے اس کے ہوتے اور وہ ان کا ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۳ اس دارفانی میں جو بھی آیا زینت الحیوۃ الدنیا ہی کا شیدائی آیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۴ اللہ ان کی قبر پر پھولوں کی بارش برسائے، جب بھی کہیں جاتے یہ دیکھنے جاتے کہ شیطان اس جگہ کس انداز میں اور کیا کام کر رہا ہے۔ سبحان اللہ۔ ہمیشہ یہی فرماتے کہ دیکھنے کی چیز تو شیطانی حربے ہوتے ہیں جو عموماً عام نظروں سے اوجھل ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۵ ایک دفعہ حضرت امام بخاریؒ بیمار ہوئے، آپ کا قارورہ طبیب کے پاس بھیجا گیا۔ طبیب نے عرض کیا کہ میں اس مریض کی عیادت کرنا چاہتا ہوں، کیونکہ یہ ایک ایسے مریض کا قارورہ ہے جس نے چالیس سال سے بغیر سالن کے روٹی کھائی ہوئی ہے۔ اس کے برعکس ہمارے دسترخوان پر رنگارنگ کے کھانے اور سالن ہوتے ہیں۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آدم علیہ السلام کے بیٹے کا ان چیزوں کے سوا کسی اور چیز پر کوئی حق نہیں بغیر سالن کے روٹی، پانی، تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا اور رہنے کے لئے گھر۔ کیا ہم میں سے کسی کو بھی یہ مقام حاصل ہے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۶ تیرے دل میں ذکر قائم نہیں اگرچہ قائم کرنے کی تمنا ہے ورنہ تو اپنے آپ میں یوں محو و منہمک ہوتا کہ ذکر کے سوا کسی اور شے کی کوئی پرواہ نہ ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۲۶۷ جب بھی وہ اللہ کا بندہ کوئی سا عزم لے کر کسی میدان میں اترا، بازی لے گیا۔ ہر میدان میں جیتا بڑی شان سے جیتا، نہ کوئی اسے پہاڑ روک سکا نہ سمندر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۶۸ ہر کسی کو صدقات وخیرات کی توفیق نہیں دی جاتی، نہ ہی اللہ تعالیٰ ہر مال کو قبول فرماتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ راضی ہو جاتے ہیں اسے صدقات وخیرات کی توفیق عنایت فرماتے ہیں ورنہ اپنی مرضی سے کوئی صدقہ وخیرات کرنے پر قدرت نہیں رکھتا۔ صدقہ کی توفیق عنایت الٰہیہ ہے جسے صدقہ و خیرات کی توفیق ملی اسے بڑی برکت ملی۔ گویا اس پر رحمت کا باب کھلا، صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا۔ صدقہ مال کو بڑھاتا اور بخل مال کو گھٹاتا ہے۔ شیطان اس معاملہ میں دھوکہ دیتا ہے ورنہ اگر کسی کو صدقہ وخیرات کی اہمیت کا پتہ چل جائے تو کوئی بھی شے کبھی اپنے پاس جمع نہ رکھے۔ ہر شے خیرات کر دے اور کبھی بخل نہ کرے جو شے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کی جاتی ہے، کبھی کم نہیں ہوتی، نہ ہی کبھی ختم ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کریم ہیں، میں اپنے رب کریم سے دعا کرتا ہوں کہ وہ مجھ کو صدقات وخیرات کی توفیق عنایت فرمائیں، ایسی توفیق جو بے مثل ہو، آمین، آمین، آمین۔

ایک صحابیؓ نے ترکہ میں صرف ایک درم چھوڑا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

اس نے ایک داغ چھوڑا۔

اسی طرح ایک اور صاحب نے دو درم چھوڑے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

اس نے دو داغ چھوڑے۔

ایک روز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت بلالؓ کے پاس سے گزرے، ان کے پاس کھجوروں کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا بلالؓ! یہ کیا ہے؟ عرض کیا ایک چیز ہے جس کو میں نے کل کے لئے جمع کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو اس سے نہیں ڈرتا کہ اس کا بخار بنے، دوزخ کی آگ میں قیامت کے دن۔ بلالؓ! اس کو خرچ کر دے اور عرش عظیم کے مالک سے افلاس وفقر کا خوف نہ کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۲۶۹ علم کی عزت یہ ہے کہ حاضر ہو کر سیکھے اور امی بن کر سیکھے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۰ روئے زمین پر سنت طیبہ کا جو علم جہاں سے بھی ملے حاصل کر، ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مطہرہ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبیوں کے علوم کا جوہر ہے، ہمیں کسی ارسطو سے کیا واسطہ؟

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۱ ہماری تہذیب، ہمارا تمدن، ہمارا اخلاق اور ہماری ہر شے ہر اعتبار اور ہر لحاظ سے ساری دنیا سے بہتر اور اعلیٰ ہے، ہم علم و حکمت کے کسی بھی معاملہ میں کسی غیر کی طرف کبھی بھی متوجہ نہیں ہوتے۔ ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے اور بتائے ہوئے علم و حکمت کے سوا ہماری دنیا میں کسی کی بھی کسی بات کی کوئی قدر و قیمت نہیں اگر کسی نے کوئی علم و حکمت کی بات کہی، ہمارے پاس اس سے کہیں بہتر بات موجود ہے۔ ہم سے پہلے جس کسی نے بھی علم و حکمت کا پرچار کیا، ہمارے علم و حکمت نے ان سب کو مات کر دیا۔ ہمارے علم و حکمت کی موجودگی میں کسی کا کوئی علم و حکمت کوئی معنی نہیں رکھتا۔

تعصب شیطان کا ایک بڑا ستون ہے، جس کو اس نے کبھی گرنے نہیں دیا، شیطان کیسے کیسے بندوں کو بہکاتا، دلفریب باتوں میں پھنسا کر راہ سے دور لے جاتا ہے۔

ارسطو اپنے زمانے کا مانا ہوا حکیم تھا لیکن اس کی کوئی حکمت ہماری کسی حکمت کے مقابلے میں کوئی درجہ نہیں رکھتی۔ مغربی غیر مسلم مفکروں نے ہماری حکمت سے اخذ کر کے وہ باتیں ارسطو سے منسوب کیں پھر اس بیچارے کو دنیا کی سٹیج پر دوبارہ لا کھڑا کر دیا ورنہ علم و حکمت کا جو سرچشمہ اسلام نے جاری کیا، کہیں بھی کسی نے نہیں کیا۔

اے ہم نشین!

افسوس تیرے مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے۔ تو نے علیؑ کی کبھی کوئی بات نہیں سنی۔

اور تو نے اپنے مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کبھی کوئی بات نہیں مانی۔ اس حال میں تجھ پر افسوس نہ ہو تو کیا ہو اور وہ علم و حکمت جو تیری میراث ہے کیونکر تجھے ملے؟

marfat.com
Marfat.com

ہمارے فلسفہ کی موجودگی میں ارسطو کے کسی فلسفہ کی کوئی اہمیت نہیں، کوئی برتری نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۲ مہمان اگرچہ ایک ہو یا لاکھ، اس ایک ہی اصول کا پابند ہو۔ ہر مہمان ہر مہمان کو اپنا مہمان سمجھے اور اس ادب واحترام سے بیٹھے جیسے کہ آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا مہمان آپ کے گھر میں اس طرح بیٹھے، کھانے کی بدانتظامی کھانے والوں کی بدولت ہوتی ہے، کھلانے والوں کی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۳ مٹی لوہے کو کھا جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۴ ایک چیز جہاں اپنا مقام کر لیتی ہے، کسی دوسری کو وہاں قائم ہونے نہیں دیتی جہاں ذکر قائم ہو جاتا ہے وہاں کوئی اور شے قائم نہیں رہتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۵ جس دل میں ذکر قائم ہو جاتا ہے پھر ذکر کے سوا کوئی اور شے اس دل کی گرد تک نہیں پھٹک سکتی، ذکر کی حرارت ماسوا کو جلا دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۶ بلند مقام کے مکین بے حد محتاط ہوتے ہیں، ذرا سی لغزش سے پھسلنے کا خدشہ رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۷ عمرؓ اللہ کا خلیفہ اور اویسؓ اللہ کا فقیر تھا، عمرؓ نے جب اویسؓ کے حال کو دیکھا، خلافت سے بیزار ہو گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

## تعمیرِ ملّت

۱۲۷۸ کسی قوم کی ترقی کا انحصار کام کرنے والے مخلص بندوں کے ملی جذبہ پر موقوف ہوتا ہے۔ جو بندہ جس قابل ہو اسے وہی کام دیا جائے، ہر کام کرنے والے کی تحسین کی جائے۔ دلجوئی کی جائے، معقول اجرت دی جائے۔ اس کی پیش کردہ تجاویز پر غور کیا جائے، اس کی سفارشات پورے غور

marfat.com
Marfat.com

سے جانچی جائیں۔ ماشاءاللہ پھر اس دماغ میں نو بہ نو عقلیں سوجھنے لگتی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۷۹ اول تو کوئی صاحب منزل ہی نہیں اگر کہیں کوئی ہے تو صاحب پر منزل سوار ہے۔ صاحب منزل پر نہیں، جب تک کوئی صاحب اپنی منزل پر سوار ہی نہیں کسی منزل پر اور کب پہنچے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۰ ایک دوست نے ایک دوست کے ماتھے پر جوتی کا گرد لگا ہوا دیکھا اگرچہ نمازی اپنی جوتی کی حفاظت کا ذمہ دار ہے پھر بھی سجدہ کی جگہ میں سامنے رکھ کر نماز پڑھنا مستحسن نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۱ دارالاحسان دین کی درس گاہ ہے قبرستان نہیں، اس میں گردونواح کے مُردوں کو دفن نہیں کیا جاسکتا۔ (ادارہ)

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۲ اللہ رب العالمین نے فرمایا کہ

اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاتَّقُوا اللّٰہَ۔

نماز پڑھو اور اللہ سے ڈرو۔

اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ۔

نماز پڑھو اور نیکی کا حکم کرو۔

اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَارْکَعُوْا مَعَ الرّٰکِعِیْنَ

نماز باجماعت ادا کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔

فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ

جب تم نماز پوری کرلو تو اللہ کا ذکر کرو۔

وَالَّذِیْنَ ھُمْ عَلٰی صَلٰوتِھِمْ یُحَافِظُوْنَ ط اُولٰئِکَ فِیْ جَنّٰتٍ مُّکْرَمُوْنَ ط

اور وہ لوگ جو نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں، وہ جنت میں عزت کئے جاتے ہیں۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ۔

marfat.com
Marfat.com

بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔

خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ۔

نماز پورے لباس سے پڑھو۔

وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ۔

لوگوں سے اچھا بولو اور نماز پڑھو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۳ اپنے بھائی کو قتل کر کے حوالات جانے اور سزا پانے سے یہ بہتر تھا کہ اپنے بھائی کے ہاتھوں قتل ہو کر قبر میں چلا جاتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۴ اپنے بھائی کے ہاتھ سے قتل ہو کر قبر میں جانا اپنے بھائی کو قتل کر کے جیل میں جانے سے لاکھ درجے بہتر تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۵ سو سال کے کسی بھولے ہوئے فن کو دوبارہ زندہ کرنے کے لئے سو سال ہی کی جدوجہد درکار ہوتی ہے اور یہ فن طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو سال سے زیادہ عرصہ سے ایک ہی کروٹ پر لیٹے سو رہا ہے۔ ہم سو سال سے صرف یہ جانتے ہیں کہ بندے کے جسم میں ۳۶۰ ہڈیاں اور اتنی شریانیں ہوتی ہیں، اس سے زیادہ نہ ہم نے سیکھنے کی کوشش کی اور نہ ہی ہمیں پتہ چلا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۶ دنیا میں صرف دین مکمل ہے، دگیر تمام علوم وفنون نا تمام ہیں۔ طب میں اگرچہ اطبائے قدیم نے تمام اصول مرتب کر دیئے لیکن پھر بھی ان میں تجدید ضروری ہے اور طب میں یہ جدت مسلسل محنت کی متمنی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۷ ادارے حقیقت کی بنیادوں پر قائم رہا کرتے ہیں، کارگزاری ادارے کی مقبول الحق تشہیر ہوتی ہے۔ خدمات کبھی نظر انداز نہیں کی جاتیں، اللہ سب سے بڑھ کر قدردان ہے، کسی کی بھی محنت کو ضائع نہیں کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۸ سریع التاثیر دوا کو اکسیر کہتے ہیں، اکسیر کا اصل لفظ آک شیر یعنی آک کا دودھ ہے۔ آک کا دودھ

marfat.com
Marfat.com

مہلک ہے لیکن جب اسے طبی اصول سے سدھار لیا جاتا ہے اکسیر بن جاتا ہے جس بھی چیز کو آک کے دودھ میں حل کر کے کشتہ کر لیا جائے اکسیر بن جاتی ہے۔ مثلاً بارہ سنگھا جب آک کے دودھ میں کشتہ کر لیا جاتا ہے اکسیر بن جاتا ہے اور یہ بے شمار امراض کا بے خطا علاج ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۸۹ سنت کی اتباع اپنے متبع کو کون و مکان کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز کر دیتی ہے، سنت کا متبع کسی اور طرف کبھی نہیں دیکھتا نہ ہی اسے دیکھنے کی حاجت ہوتی ہے، سنت اپنے متبع کو سیر کر دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹۰ اپنے کھانے کا نہیں کسی کو کھلانے کا ثواب دیا جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹۱ گناہ فطرت انسانی ہے۔
گناہ کے بعد پشیمانی شرافت انسانی ہے۔
گناہ کے بعد توبہ، بزرگی کی نشانی ہے۔
گناہ کے بعد غرور بے حیائی کی نشانی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹۲ طریقت میں توکل کو بڑا مقام حاصل ہے، سالک جب اپنے تمام معاملات اپنے اللہ کے حوالے کر کے اللہ ہی کے لئے اللہ کے کاموں میں محو ہوتا ہے اللہ کی ذات اس کی وکیل ہو جاتی ہے اور ہر معاملہ میں دینی ہو یا دنیوی پوری طرح کفیل ہو جاتی ہے پھر جب وہ ہر تدبیر سے دستبردار ہو کر اپنی منزل پر گامزن ہوتا ہے، نصرت اس کا استقبال کرتی ہے۔ کسی بھی میدان میں ڈگمگانے نہیں دیتی۔ متوکل کی اپنی کوئی مرضی نہیں ہوتی، نہ ہی کوئی تدبیر ہوتی ہے۔ اللہ ہی کی مرضی اس کی مرضی اور اللہ ہی کی تقدیر اس کی تدبیر ہوتی ہے، توکل کا وسیلہ ہی متوکل کا حیلہ ہوتا ہے۔
توکل کی کفالت متوکل کے لئے کافی ہوتی ہے، کسی اور کفالت کی ضرورت نہیں رہتی۔ توکل اپنے متوکل کو کسی اور کا محتاج ہونے نہیں دیتا، توکل کی غیرت یہ کبھی گوارا نہیں کرتی کہ اس کا متوکل اس کے سوا کسی اور کا اور کسی بھی معاملہ میں کبھی محتاج ہو، عقل توکل کی حکمت کو نہیں پا سکتی، کبھی نہیں پا سکتی۔

Marfat.com

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا توکل ہی تو تھا جو بے خطر نمرود کی آگ میں کود پڑا اور عقل ابھی سوچ ہی رہی تھی کہ کیا کرے۔ متوکل اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ کا عارف ہوتا ہے، اس کے سوا کوئی اور شے نہیں رکھتا۔ اسے قدیر کی کارسازی پر حق الیقین ہوتا ہے، کسی تدبیر کو خاطر میں نہیں لاتا۔ توکل شاہ اور عقل کنیز ہے۔ عقل جب توکل کی حقیقت سے بہرہ ور ہوئی، کھسیانا ہوئی اور تدبیر سے دستبردار ہوئی۔

جو بھی بیڑا اللہ کے توکل پر کسی بحر میں ٹھیلا گیا، صحیح وسلامت پار اترا۔ سمندر کی کوئی موج اسے کبھی ڈبو نہ سکی۔

اے او جینے والے! اطمینان پیدا کر، توکل اطمینان سے ہے، اسباب سے نہیں۔ کسی بھی سامان کا پابند مت ہو، یہ یقین پیدا کر میرا اللہ مجھے کافی ہے، خیابان ہو یا بیاباں، میرا اللہ مجھے کافی ووافی ہے۔

اللہ نے فرمایا:

میں متوکلین کو دوست رکھتا ہوں۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام کا اپنے کسی ناچیز بندے کو دوست رکھنا بندگی کا انتہائی بلند مقام ہے۔

یوں دعا کیا کر:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَکَّلْ عَلَیْكَ فَکَفَیْتَهٗ

یعنی اے میرے اللہ! مجھ کو اپنے ان (چنے ہوئے مخلص) بندوں میں سے کر لے کہ جنہوں نے تجھ پر بھروسہ کیا اور (پھر) تو ان کے لئے کافی ہو گیا۔

ہمیشہ یہ سوچا کر کہ میرا اللہ جس پر کہ میں نے توکل کیا ہوا ہے کون ومکان کی ہر شے کا خالق ومالک رازق وحافظ وناصر اور ہر شے پر قادر المقتدر ہے۔ میرا اللہ جب بھی کسی چیز کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے اس چیز کے کرنے میں کسی حیلہ وتدبیر وتکلف سے کوئی واسطہ نہیں پڑتا۔ میرا اللہ جب کسی چیز کے کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو فرماتا ہے کن یعنی (جس طرح کہ میں کرنا چاہتا ہوں اسی طرح اور ابھی) ہو جا۔ پس وہ چیز اسی طرح اور اسی وقت ہو جاتی ہے۔ ذرا سی دیر بھی نہیں لگتی اور یہ ساری کائنات

marfat.com
Marfat.com

کن ہی سے معرض وجود میں آئی۔

بندہ جب اپنے معاملات اللہ کے حوالے کرتا ہے، اللہ خوش ہوتا ہے کہ میرے بندے کو یہ علم ہے کہ میں اس کا رب مالک الملک قوی العزیز اور قادر المقتدر ہوں۔ میرے بندے نے یہ تسلیم کرلیا کہ میری تقدیر کے آگے اس کی تدبیر کوئی معنی نہیں رکھتی گویا اس نے اپنی بے بسی و بے کسی کا اعتراف کرلیا اور اپنے تمام معاملات میرے ہی حوالے کردیئے۔

متوکل رحمت کی آغوش میں ہوتا ہے، اللہ کی رحمت متوکل پر ہر وقت چھائی رہتی ہے۔ متوکل اپنی ہر حاجت اپنے اللہ ہی سے مانگا کرتا ہے۔ جیسے کہ بچہ اپنی ماں سے بچے کو اپنی ماں سے مانگتے اور بار بار مانگتے قطعی کوئی شرم نہیں ہوتی اور نہ ہی اس کی نظروں میں کوئی دوسرا اس کا حاجت روا ہوتا ہے۔ متوکل کی بھولی بھالی باتیں بڑے بڑوں کو موہ لیتی ہیں اور متوکل کا بھولا پن مصنوعی نہیں فطری ہوتا ہے۔ بناوٹی نہیں، قدرتی ہوتا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور کی طرف اللہ سے ہم کلام ہونے جارہے تھے کہ راستے میں ایک گڈریا ملا جو کہہ رہا تھا:

اے میرے اللہ! اگر تو مجھے مل جائے تو میں اپنی بھیڑوں کے دودھ سے تیرے سر کے بالوں کو دھوؤں، تیرے سر سے جوئیں نکالوں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے سن کر روکا اور کہا کہ اللہ کی شان میں ایسے کلمات مت کہو، وہ بیچار یہ سنتے ہی چپ ہوگیا۔ موسیٰ علیہ السلام جب کوہ طور پر اللہ سے ہم کلام ہوئے تو اللہ نے فرمایا کہ موسیٰ! تو وصل کرانے آیا ہے نہ کہ فصل، میرا بندہ تن و من سے مجھ میں محو تھا تو نے اس میں جدائی ڈال دی۔

اسی طرح اس علاقے کے ایک زمیندار کو توبہ کی توفیق عنایت ہوئی۔ وہ آدھی رات کو اٹھا، غسل کرکے مسجد میں اللہ کے حضور کھڑا ہوکر ایک مدت یہ کہتا رہتا کہ یا اللہ! میں بڑا گناہگار ہوں، مجھ سے بڑے بڑے گناہ ہوئے تو مجھ کو بخش دے، یا اللہ! تیرے سوا میرا اب کوئی آسرا نہیں۔ اسی طرح اس کی رات گزر جاتی۔

ایک دن اس کے ایک رشتہ دار کو پتہ چلا کہ وہ رات کو گھر پر نہیں ہوتا، نامعلوم کہاں کہاں جاتا ہے۔ اس کا تعاقب کیا اور اس نے اس کی مناجات اپنے کانوں سے سنی۔ اس نے اسے ٹوکا اور کہا کہ چچا!

marfat.com
Marfat.com

اس طرح نماز نہیں ہوتی، صبح میرے پاس آنا میں تجھ کو نماز سکھاؤں گا۔ جب اسے پتہ چلا کہ اس کا بھید ظاہر ہو گیا پھر وہ وہاں نہیں گیا، اس آدمی نے کہا کہ میں رات کو پھر اسی وقت مسجد میں گیا لیکن وہ شخص مسجد میں نہ تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹۳ محبت کے بغیر اتباع ناممکن اور اتباع کے بغیر محبت ایک غیر معتبر دعویٰ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹۴ ابتلاء سے اہل بصیرت ہی عبرت حاصل کیا کرتے، ہر کوئی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۲۹۵ بزرگی کے مقامات تو وریٰ الوریٰ ہیں، عام مسلمان کی تعریف میں اللہ رب العالمین اور اس کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کا حق نہیں کھاتا۔

امانت میں خیانت نہیں کرتا۔

کسی کی دل آزاری نہیں کرتا۔

اپنے وعدے سے کبھی نہیں پھرتا۔

کبھی جھوٹ نہیں بولتا۔

کسی کی غیبت نہیں کرتا۔

نہ چغلی کرتا ہے، نہ حسد۔

آپ اپنا جائزہ لیں:

کیا آپ اپنے کسی مسلمان بھائی کا حق تو نہیں کھاتے؟

کیا امانت میں خیانت تو نہیں کرتے؟

کیا لوگ آپ سے دکھی تو نہیں ہیں؟

کیا آپ اپنے وعدے پورے کرتے ہیں؟

marfat.com
Marfat.com

کیا آپ جھوٹ تو نہیں بولتے؟
کیا آپ غیبت یا چغلی تو نہیں کرتے؟
کیا آپ کے دل میں حسد تو نہیں؟
اور کیا آپ نہیں جانتے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح جلا دیتا ہے جیسے کہ آگ سوکھی لکڑی کو۔
یہ ہماری وہ چند بنیادی خامیاں ہیں کہ جب تک یہ دور نہیں ہوتیں، ہماری کوئی جدوجہد کوئی رنگ نہیں لاسکتی۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۲۹۶ استقامت کی آغوش میں حکایت ہوتی ہے، استقامت اپنی آغوش میں ایک حکایت لایا کرتی ہے اور وہی حکایت آنے والی نسلوں کو عبرت کا درس دیا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰهُ خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۲۹۷ مخلوق جب خالق کے خلق پر استقامت حاصل کرلیتی ہے، ایک حکایت بن جاتی ہے اور وہ حکایت آنے والی نسلوں کے لئے نشان منزل کا کام دیا کرتی ہے۔
میاں یہاں سدا نہیں رہنا اور نہ ہی دوبارہ لوٹ کر آنا ہے۔ بھلے بھلے جب اس دنیا سے گئے، روتے ہوئے گئے۔ اس حال میں جی کہ مرتے وقت کوئی حسرت باقی نہ رہے، اللہ کی یاد اور مخلوق کی خدمت بہترین عبادت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰهُ خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۲۹۸ تیرا مقام خاک اور تیرا کام خدمت ہو، اس سے بڑھ کر اور کوئی مقام نہیں اور اس سے افضل اور کوئی کام نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰهُ خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۲۹۹ مقامات کے گرد مت گھوم، مقامات تیرے گرد گھومیں، کسی مقام کی طلب مت کر، پرواہ مت کر، نیستی کا مقام ہر مقام پر حاوی اور ہر مقام اس کی زد میں ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۰ یہ عمارت اپنے آپ نہیں بنی، معمار کی بنائی ہوئی ہے۔ اپنے آپ کوئی بھی شے کچھ نہیں بنا کرتی، بنانے ہی سے ہر شے بنتی ہے۔ اسی طرح قومی وملی تعمیرات وترقیات بھی معمار ہی کی محتاج ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۱ آدمی اپنے رب کے احسانات کی قدر نہیں کرتا، اس لئے شکر نہیں کرتا۔ بہت کم آدمی اللہ کے احسانات کا شکریہ ادا کرتے ہیں، یہی آدمی کی سب سے بڑی کمی ہے اگر کوئی دم دم کے ساتھ بھی اپنے اللہ کا شکر کرے تو بھی کم ہے۔ طریقت کی منزل شکر کے ساتھ چلا کرتی ہے، ہر دم شکر کر، ہر نعمت پر کر، بار بار کر، بے شمار بار کر، ذکر کیساتھ شکر ضروری اور نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٌ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۲ ہر محسن کے احسان کے بدلے میں جزاک اللہ یا جزاک اللہ خیراً یا جزاک اللہ خیراً فی الدارین کہنا محسن کے احسان کا فوری بدلہ ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے محسن کا شکریہ ادا کر۔

ایک اور جگہ فرمایا:

جو آدمی انسان کا شکریہ ادا نہیں کرتا، اللہ کا بھی نہیں کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۳ سیاہی جاذب میں جذب ہو کر مجذوب ہوئی پھر کسی بھی طرح جاذب سے دور نہیں جا سکتی نہ ہی کوئی ربڑ اسے مٹا سکتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۳۰۴ محویت کو منتشر کرنے کے لئے شیطان ہر حربہ استعمال کرتا ہے لیکن کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ طالب جب اپنے مطلوب میں محو ہوتا ہے، کسی کی بھی اور کوئی مداخلت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ ایک اللہ کا بندہ جب ہمہ تن و من محو و منہمک ہوا اور جب کسی بھی طرح اس کی توجہ منتشر نہ ہوئی تو شیطان اس کی ماں کی صورت میں حاضر ہو کر کہنے لگا اگر تو اب بھی نہ اٹھا تو میں دریا میں کود جاؤں گی، وہ ایک تیز رو دریا کے کنارے اپنی دھونی رمائے بیٹھا تھا، اس پر بھی وہ اللہ کا بندہ بدستور اپنے عزم پر ڈٹا رہا حتیٰ کہ وہ اپنی مراد کو پہنچا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۵ ہر مٹی سے برتن نہیں بنا کرتا، برتن بنانے والی مٹی خاص ہوتی ہے اور مٹی کی تہہ میں عام نظروں سے اوجھل ہوتی ہے۔ کمہار کے سوا کسی دوسرے کو اس کی پہچان نہیں ہوتی اس کے ذرات میں وہ خاص تعمیری اجزاء ہوتے ہیں جو عام مٹی میں نہیں ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۶ اسلاف کا قدیم دستور دین کی شہرت اور نفس کی مذمت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۰۷ یہ دانشمندی کیسی؟ جس مال نے تیرے ساتھ جانا ہے اور تیرے کام آنا ہے، اس کی تجھے کوئی پرواہ نہیں لیکن جس مال کو تیری کوئی پرواہ نہیں نہ تیرے ساتھ جانا ہے اور نہ تیرے کام آنا ہے، اس کی تجھے بڑی پرواہ ہے اور اسے حاصل کرنے کے لئے زندگی کا سارا زور لگا دیتے ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۸ پورلیں کوئی سبزہ نہیں اگتا حالانکہ جو بھی سبزہ اگتا ہے، پور ہی سے گزر کر زمین میں جاتا ہے۔ اسی طرح اے جان من! قال قال ہے، بلا عمل باعث وبال ہے۔ اب آپ خود ہی غور فرمائیں جو

---

ا بیج بونے والی نالی

marfat.com
Marfat.com

آپ کہتے ہیں کیا کرتے بھی ہیں؟ اگر کرو، اثر ہو، ماشاء اللہ ہر خصلت کے دامن میں ایک اثر ہوتا ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا، حسد بدترین اور اخلاق بہترین خصلت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۰۹ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر یہ دعا فرماتے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃَ النِّسَآءِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابَ الْقَبْرِ ط

ف: دعا کے ربط سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر کا عذاب اکثر عورتوں کے فتنہ کے باعث ہوتا ہے۔ عورتوں کا فتنہ کوئی معمولی بات نہیں۔ یہ فتنہ دنیا بھر کے فتنوں کا منبع ہے۔ بڑے بڑے جواں مرد اس میدان میں گھٹنے ٹیک گئے اور کوئی بھی اس سے مستثنیٰ نہیں مگر وہ اور وہ جسے کہ اللہ نے اس سے محفوظ رکھا۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۱۰ مایوسی شیطان کا مہلک ہتھیار ہے، اس کے پاس اس سے مہلک اور کوئی ہتھیار نہیں۔ مومن کبھی مایوس نہیں ہوتا، کوئی ناکامی مومن کی راہ نہیں روک سکتی۔ ناکامی شاندار کامیابی کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔ جب تک کوئی ناکام نہیں ہوتا، کامیاب نہیں ہوتا۔ اللہ کی راہ سیدھی راہ ہے۔ سیدھی راہ پر چلتے جو مشکل درپیش ہو۔ پرواہ مت کر، اپنی راہ مت چھوڑ۔ عطاء و بلا سے بے نیاز ہو کر چل، سینہ تان کر دندناتا ہوا چل، اس منزل میں تدبیر کوئی معنی نہیں رکھتی البتہ عزم اللہ کی تقدیر ہوتا ہے، تیرا عزم اللہ کی تقدیر ہو۔

مَاشَآءَ اللّٰہِ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۱۱ خناس و ہمزاد و شیطان باتوں سے نہیں عمل سے مغلوب ہوتے ہیں۔ بندہ جب نماز کے لئے کھڑا

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے شیطان پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ جب قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے گویا شیطان کو کوڑے مارتا ہے اور وہ بہرہ ہو جاتا ہے، جب استغفار کرتا ہے گویا شیطان کا سر پھوڑتا ہے اور جب ذکر کرتا ہے گویا شیطان کو عذاب میں مبتلا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۱۲ روزی میں برکت ہوتی ہے کثرت نہیں ہوتی، جس روزی میں برکت ڈال دی جاتی ہے، کبھی کم نہیں ہوتی اگرچہ تھوڑی ہو اور جس روزی میں برکت نہیں ہوتی، کبھی پوری نہیں ہوتی اگرچہ کثرت سے ہو۔ اللہ سے برکت مانگ، کثرت مت مانگ، کفایت کے درجہ کی روزی بہترین ہوتی ہے۔ جو کھانے کے لئے کم نہ ہو اور جمع کرنے کے لئے نہ ہو، کثرت بلا برکت قلت اور قلت با برکت کثرت ہے۔

یہ کلمات حصول برکت کا سریع الاثر ذریعہ ہیں۔

(۱) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(۲) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۱۳ ایک دن ایک منزل ہے، جب کوئی چلے اسے پتہ ہو کہ اس نے دن کی منزل میں سے اتنی منزل طے کر لی اور اتنی ابھی باقی ہے، جب تک پوری طے نہ کر لے فکر مند رہے اور جب تک فارغ نہ ہو، آرام نہ کرے جو ہر روز ایسا کرے صاحب منزل ہے۔

ہر سالک اپنی منزل پر گامزن ہوتا ہے، منزل کے مدارج ایک سے نہیں ہوتے، ذوق، قوت اور گنجائش پر موقوف ہوتے ہیں۔ منزل جب جوبن پر آتی ہے، حامل کو مطمئن اور محمل کو معطر کر دیتی ہے۔ من میں گھر کر لیتی ہے، دم بھر کے لئے بھی جدائی گوارا نہیں کرتی اور کسی غیر کو داخل ہونے نہیں دیتی۔

اگرچہ پھول کے دامن میں پھل ہوتا ہے پھر بھی منزل جب پھل پر آتی ہے پھول جھڑ جاتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

پودے کی پوری قوت پھل کی نشوونما میں صرف ہوتی ہے۔ پھل جب پک جاتا ہے ہر بازار میں قیمت پاتا ہے، کھانے والوں کو شیریں لذت پہنچاتا ہے۔ کچے اور کھٹے پھل نہ کھانے کے لائق ہوتے ہیں، نہ بازار میں لے جانے کے۔ منزل طے کر چکنے کے بعد ہی ہر پھل پکتا ہے اور شیریں بنتا ہے۔ پہلے ہی روز نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۱۴ انسانی کردار کے بعض نمونے اس قدر اللہ کو پسند ہوتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں اپنے بندوں کی راہنمائی کے لئے اپنے نیک بندوں کی زبانوں پر ہمیشہ زندہ رکھتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۱۵ یہ پھولدار پودے تیری رحمت کے پانی کے بغیر سورج کی تپش کی تاب نہیں لا سکتے، ذرا سی بھی دھوپ برداشت نہیں کر سکتے، کمھلا جاتے ہیں، سوکھ جاتے ہیں۔
یا اللہ تو ان پر اپنی رحمت کی بارش فرما۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، امین

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۱۶ خزاں میں کانٹوں کی بہار ہوتی ہے اور عارضی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۱۷ دنیا بھر کے پرندے اور درندے نفس ہی کی خصلت کے ترجمان ہیں، چار مشہور ہیں، کوا، بندر، بھیڑیا اور سانپ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

marfat.com
Marfat.com

۱۳۱۸ یااللہ! یہ شرف تو نے جنگل ہی کے سایہ دار درختوں کو بخشا ہوا ہے کہ وہ کسی موسم میں بھی گرما ہو یا سرما بالکل نہیں کمھلاتے، سدا ہرے بھرے رہتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۱۹ بھیڑ زندہ ہو یا مردہ، گوشت ہی کی بوری ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۰ بھیڑیا جنگل کا بادشاہ ہوتا ہے، جب اپنی مستی میں آ کر چنگھاڑتا ہے نقارے پر منڈھی ہوئی بھیڑ کی کھال آواز کو سنتے ہی شق ہو جاتی ہے، اللہ، اللہ، اللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۱ مارخور ایک بکرا ہے، جنگل میں رہتا ہے۔ جب بھوک لگتی ہے، سانپ کے بل پر منہ رکھ کر نتھوں کے ذریعے زور سے سانس اوپر کھینچتا ہے اور سانپ کو بل سے باہر گھسیٹ کر کھا لیتا ہے، مرے ہوئے مارخور کی کھال میں یہ تاثیر ہے کہ جہاں وہ کھال ہوگی، سانپ اس جگہ کو چھوڑ جائے گا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۲ آمد برسر مطلب۔
سالک طریقت کی پیشانی کے نور سے مومن جنات گرویدہ و دیگر جنات و شیاطین بھاگ جاتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۳ یہ نور ازلی ہوتا ہے، ہر پیشانی میں موجود ہوتا ہے لیکن مستور ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

marfat.com
Marfat.com

۱۳۲۴ نفس کی کدورت کی جھلی اس نور کو محجوب کئے ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۵ نفس جب کدورت سے پاک ہوجاتا ہے، یہ نور منور ہوجاتا ہے۔ جگمگا اٹھتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۶ ورنہ کسی اور طرح یہ حجاب نہیں اٹھ سکتا، بھاویں سو سو حیلے کرو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۷ عطاء پر شکر، بلا پر صبر، خطا پر ندامت اور گناہ پر توبہ، طریقت کی مقبول الاسلام منزل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۸ حضرت مخدوم صابر صاحبؒ نے اللہ کے ایک بندے کو فیض عنایت فرمانے کے لئے محبت بھری نگاہوں سے دیکھا، وہ وہیں جاں بحق ہوگیا۔ چند دن بعد پھر کسی اور کو دیکھا، وہ بھی سرکار کی محبت کے جمال کے فیض کی تاب نہ لاسکا۔ وہ بھی جاں بحق ہوگیا۔ اس پر آپؒ نے حضرت سرکار باوا صاحبؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں جس کو فیض دینے کی نیت کرتا ہوں، جاں بحق ہوجاتا ہے۔ پھر آپ کلیر شریف سے پاکپتن شریف کو چل دیئے، جب پاک پتن شریف کے قریب پہنچے تو آپؒ کو ایک آدمی ملا جس کے کندھے پر بہنگی تھی، بہنگی کے ایک پلڑے میں بڑ کا ایک چھوٹا سا پودا اور دوسرے میں پانی کی ٹنڈ تھی۔ وہ تھوڑی دور جاتا، پانی کے چند قطرے بڑ کی جڑ میں ڈال دیتا۔ آپؒ نے اسے اسی طرح کرتے جب دو چار مرتبہ دیکھا۔ فرمایا یہ کیا کرتے ہو؟ ایک ہی بار پانی کیوں نہیں ڈال دیتے؟ انہوں نے نہایت عمدہ انداز میں جواب دیا کہ آپ ایک ہی بار پانی ڈالنے کا نتیجہ نہیں دیکھ چکے؟ بڑ کا پودا جو بہت ہی چھوٹا ہے، چند قطروں سے زیادہ پانی کی تاب نہیں لاسکتا اگر سارا پانی ڈال دیں گے تو اس کی جڑیں جو بہت ہی نازک ہیں، گل جائیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

پھر آپؓ باواصاحبؒ کی خدمت میں جب حاضر ہوئے اور سوال پیش کیا کہ سرکار نے فرمایا کہ کیا آپؓ کے سوال کا جواب آپ کو راستے میں نہیں ملا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۲۹ قال تلقین کی فرمائش کرتا ہے اور حال مجبور، حال ہلچل مچا دیتا ہے، قبر میں سوتے مردے جلا دیتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۳۰ پیوند کے بعد پودا نیچے سے گیا نہیں اوپر سے رہا نہیں، اصل قائم رہی، فصل بدل گئی۔ تنا نہیں بدلا، پھل بدل گیا۔ اسی طرح بندے کی بندے سے مل کر خصلت بدلتی ہے اصل نہیں بدلتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۳۱ لوہا پارس سے مل کر سونا ہوا اور چندن چمار سے مل کر بے قدر، بے آبرو اور ذلیل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۳۲ طالب مطلوب کو مل کر ایسے مطمئن ہو جاتا ہے جیسے کہ قیس لیلیٰ کو اور یہ ملنا دلوں کے سکون، ایمان کی تقویت اور بلندی مراتب کا انسب دستور ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۳۳ خیرات میں اسراف نہیں، حرام میں خیرات نہیں، سرقہ میں برکت نہیں، جمود میں حرکت نہیں، لذت میں قوت اور تسلیم میں کوفت نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

marfat.com
Marfat.com

۱۳۳۴ اپنے وطن کا کھانا اور گانا ہر بندے کو مرغوب ہوتا ہے۔

اَلحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن

۱۳۳۵ بننا چاہتے ہوت تو

| | |
|---|---|
| انسان بنو | مسلمان بنوں |
| ذاکر بنو | شاکر بنو |
| امین بنو | مسکین بنو |
| مہربان بنو | قدردان بنو |
| حلیم بنو | کریم بنو |
| خلیق بنو | شفیق بنو |
| نمازی بنو | غازی بنو |
| رومی بنو | جامی بنو |
| محسن بنو | متوکل بنو |
| مومن بنو | مخلص بنو |

اَلحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۳۶ فراق کی مستی کی بے قراری سوز و گداز اور سوز و گداز دل کی زندگی ہے۔

اَلحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۳۷ ایک دن جبرائیل علیہ السلام نے عرش عظیم سے یہ ندا سنی لبیک یا عبدی یعنی اے میرے بندے میں حاضر ہوں، بتا کیا چاہتا ہے۔ یہ سن کر جبرائیل علیہ السلام متحیر ہوئے کہ ایسا کون بندہ ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ یہ فرما رہے ہیں کہ میں حاضر ہوں، بتا کیا چاہتا ہے؟
جبرائیل علیہ السلام نے بارگاہ صمدی میں عرض کی، جواب ملا فلاں جگہ جاؤ۔ جبرائیل علیہ السلام نے

marfat.com
Marfat.com

دیکھا کہ ایک بت پرست ایک پتھر کی مورتی کے سامنے بیٹھا لوٹ پوٹ ہو رہا ہے، نہایت خضوع وخشوع سے پتھر سے اپنی حاجت مانگ ہا ہے اور اس طرح مانگ رہا ہے کہ پتھر کے سوا پوری کائنات اس کی نظروں میں گویا ہے ہی نہیں۔ بت پرست کا یہ اخلاص اور محویت اللہ تعالیٰ کو اس قدر پسند آئی کہ لبیک یا عبدی کی ندا سے نوازا۔

اے مخاطب، اے میری جان!

جو محویت برہمن کو بت کے آگے ہے، تجھ کو کعبہ میں بھی نہیں۔

یا شیخ!

محویت کے میدان میں تجھ سے ایک برہمن بازی لے گیا تو اپنی اس ناداری پر رو۔ تو نے کبھی اپنے رب کو اس طرح نہیں پکارا۔ جس طرح ایک برہمن بت کے سامنے پکارتا ہے۔

تیرا سر سجدے میں ہوتا ہے اور دل گھر میں اور روز ایسا ہوتا ہے لیکن تم نے کبھی بیٹھ کر یہ نہیں سوچا کہ کیوں ایسے ہوتا ہے؟ اسی طرح عمر گزر جاتی ہے تو نے اپنی اس حالت کو بدلنے کے لئے کبھی کوئی فکر نہیں کی، کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ تیری یہ حالت مذموم ہے، مستحسن نہیں۔ اس حال میں کیا ہمارا رکوع اور کیا ہمارا سجود۔

ہمارا حال یا اللہ! تیری رحمت کا محتاج ہے۔ یا اللہ! یہ اعضاء اگرچہ ہمارے ہیں ان میں سے کسی پر بھی ہمیں کوئی قدرت حاصل نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۳۸ اللہ کے بندے اللہ کے سوا کسی بھی شے کے طلبگار نہیں ہوتے اور مطلق نہیں ہوتے۔ ان کی نظروں میں دنیا اور جو کچھ بھی اس میں ہے، کوئی وقعت نہیں رکھتی۔ ہیچ و بیکار ہوتی ہے، کسی بھی درجے یا منصب کی کوئی طلب نہیں کرتے۔

صحرا کے پھول کی طرح گمنام زندگی گزار کر چل دیتے ہیں، بنی بنائی پر آتے ہیں اور بنی بنائی چھوڑ جاتے ہیں۔ اللہ کے کاموں کو حکمت پر مبنی سمجھ کر ہر امر کو اگرچہ وہ بظاہر ناخوشگوار ہو خندہ پیشانی سے تسلیم کرتے ہیں، کبھی اعتراض نہیں کرتے اور نہ ہی کسی حال کو بدلنے کی فرمائش کرتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

حال حال پر عنایت ہوتا ہے اور اللہ کی طرف سے ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۳۹ اللہ نے اپنے بندوں کی نظروں کو وہ استغنا عنایت کیا ہوتا ہے کہ ان کی نظروں میں دنیا و مافیہا کی کوئی بھی شے بالکل جچا نہیں کرتی، سونا ہو یا مٹی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۰ کسی عمدہ کھانے کی رغبت نہیں رکھتے جو روزی اللہ دیتا ہے، شکر کر کے کھا لیتے ہیں۔ حلوہ ہو یا نان جویں۔ اسی طرح تن ڈھانپنے کے لئے جو بھی کپڑا میسر ہو، پہن لیتے ہیں۔ زیبائش و آرائش کی مطلق پرواہ نہیں کرتے۔ اللہ کے بندے اللہ ہی کے لئے دنیا میں جیا اور مرا کرتے ہیں۔ اللہ کے کاموں کے سوا کسی اور کام میں کبھی مصروف نہیں ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

اللہ کے بندے!

ہر بندہ اللہ کا بندہ نہیں اگرچہ اللہ کا بندہ ہے، اللہ کے بندے خاص ہوتے ہیں اور وہ اللہ ہی کے ہوتے ہیں۔ اللہ کے سوا کسی سے بھی کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للّٰہ فی الخلق ثلاث مائتہ قلوبھم علی قلب آدم و للہ فی الخلق اربعون۔ قلوبھم علی قلب موسی وللہ فی الخلق سبعتہ قلوبھم علی قلب ابراھیم و للہ فی الخلق خمستہ قلوبھم علی قلب جبرائیل و للّٰہ فی الخلق ثلاثہ قلوبھم علی قلب میکائیل و للّٰہ فی الخلق واحدہ قلب علی قلب اسرافیل فاذا مات الواحد ابدال اللّٰہ مکانۃ من الثلاثہ و اذا مات من الثلاثہ ابدال اللّٰہ

marfat.com
Marfat.com

مكانة من الخمسته و اذا مات من الخمسته ابدال اللّٰه مكانة من السبعته و اذا مات من السبعته ابدال اللّٰه مكانة من الاربعين و اذا مات من الاربعين ابدال اللّٰه مكانة من الثلاث مائته و اذا مات من الثلاثه مائته ابدال اللّٰه مكانة من الحامة فيهم يحيى و يميت و يمطر و ينبت و يدفع البلاء

رواه حليته ابي نعيم و ابن عساكر۔

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مخلوق میں تین سو بندے اللہ تعالیٰ کے خاص تعلق والے ہوتے ہیں جن کے دل حضرت آدم علیہ السلام کے مناسب ہوتے ہیں اور چالیس وہ ہوتے ہیں جن کے دل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل کے مناسب ہوتے ہیں اور سات ایسے ہوتے ہیں جن کے دل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل کے مناسب ہوتے ہیں اور پانچ ایسے ہوتے ہیں جن کے دل حضرت جبرائیل علیہ السلام کے مناسب ہوتے ہیں اور تین ایسے ہوتے ہیں جن کے دل حضرت میکائیل علیہ السلام کے دل کے مناسب ہوتے ہیں اور اللہ کی مخلوق میں ایک بندہ ایسا ہوتا ہے جس کا دل حضرت اسرافیل علیہ السلام کے دل کے مناسب ہوتا ہے۔ جب ایک فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں تین میں سے ایک چن لیتا ہے اور جب تین میں سے ایک مر جائے تو اس کی جگہ پانچ میں سے ایک داخل کیا جاتا ہے اور جب پانچ میں سے ایک مر جائے تو اس کی جگہ سات میں سے ایک داخل کیا جاتا ہے اور جب سات میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی جگہ چالیس میں سے ایک داخل کیا جاتا ہے اور جب چالیس میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی جگہ تین سو میں سے ایک داخل کیا جاتا ہے اور جب تین سو میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی جگہ عام لوگوں میں سے ایک شامل کیا جاتا ہے۔ پس ان کے سبب اللہ تعالیٰ زندگی، موت، بارش، پیداوار اور مصیبتیں دور فرماتا ہے۔

اسے ابونعیمؒ نے حلیہ میں اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

کنزالعمال الجزاء السادس صفحہ ۲۳۹ شمارہ ۳۲۵۳

۱۳۴۱ ہماری زندگی کا ہر سانس اللہ کی کسی نہ کسی نعمت کا رہین منت ہے، جس طرح اللہ تبارک وتعالیٰ نے

marfat.com
Marfat.com

ہمیں اپنی نعمتیں عنایت فرمائی ہیں، شکر کی توفیق بھی عنایت فرمائے، آمین۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو اپنی کسی نعمت سے نوازے اور وہ الحمد للہ کہے تو اس نے گویا اس نعمت کا شکر ادا کر دیا پھر اگر دوبارہ الحمد للہ کہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے شکر کا از سر نو ثواب دیتا ہے اور اگر تیسری بار الحمد للہ کہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔

ایک اور جگہ فرمایا کہ

جب اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے بندے پر نعمت کا انعام فرماتا ہے اور وہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اسے اس نعمت سے جو اسے ملی تھی، بہتر نعمت عطاء کرتا ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۲ کائنات کا ہر ذرہ کائنات کا ضروری جزو اور کسی نہ کسی بخشش وکرم کی نشاندہی کرتا ہے۔

ہر درخت کا ہر پھول — سورج کی ہر کرن

ہوا کا ہر جھونکا — بارش کا ہر قطرہ

چاند کی ہر نمود — ستاروں کی ہر جھلملاہٹ

پرندوں کی ہر چہچہاہٹ

اس کی ربوبیت کی ایک علامت اور اس کی رحمت کی ایک چارہ سازی ہے۔ سبحان اللہ ماشاء اللہ۔ ہر درخت کا ہر پتہ، ہر پھول کی ہر پنکھڑی اور سورج کی ہر کرن ارادت ازلی ہی کے نور سے منور ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۳ میرے اللہ سبحانہ وتعالیٰ مجھ سے کچھ بھی نہیں چاہتے مگر یہ اور صرف یہ کہ میں کہوں کہ تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں، تیرے سوا نہ کوئی دوسرا رب ہے اور نہ ہی تیرا یہ بندہ کسی اور کا بندہ ہے۔ بندہ جب صدق دل سے یہ کہتا ہے اسی وقت اللہ رب العالمین اسے اپنی ربوبیت کی آغوش میں لے لیتا ہے۔ غنا کا باب کھول دیتا ہے، احتیاج کے تمام دروازے بند کر دیتا ہے ماسوا

marfat.com
Marfat.com

سے بے نیاز کر دیتا ہے۔
بندہ جب سچے دل سے توبہ کرتا ہے، قبول فرما کر بخش دیتا ہے۔ جب یہ کہتا ہے کہ ہر قسم کی عبادات تیرے ہی لئے ہیں اور وہ تیری ذات وصفات میں کسی کو بھی اور کسی بھی معاملہ میں ظاہری ہو یا باطنی، کبھی شریک نہیں ٹھہراتا۔ اسی وقت راضی ہو کر اگرچہ نامہ اعمال گناہوں سے بھرپور ہو، بخش دیتا ہے۔
جب یہ کہتا ہے کہ تیرا بندہ تیری توفیق کے بغیر کچھ بھی کرنے کی قدرت نہیں رکھتا، نہ گناہوں سے بچ سکتا ہے، نہ نیکی کر سکتا ہے، خوش ہو جاتا ہے۔ فرماتا ہے کہ
میرے بندے کو پتہ ہے کہ میرے سوا اسے کوئی دوسرا نہ گناہوں سے بچا سکتا ہے، نہ نیکی کی توفیق عنایت فرما سکتا ہے اور نہ ہی اس کے گناہوں کو بخش سکتا ہے۔ میرا بندہ میرا اطاعت گزار ہوا اور اس نے اپنے تمام معاملات میرے ہی سپرد کر دیئے، مجھ ہی کو سونپ دیئے۔
اور اللہ ماشاء اللہ ستار العیوب، غفار الذنوب اور غفور رحیم ہے۔ بندہ جب اللہ کی یاد میں محو ہوتا ہے، اللہ کی رحمت برسنے لگتی ہے۔ دل کو سکون، جسم کو توانائی اور روح کو رفعت ملتی ہے۔ جب یہ کہتا ہے کہ یا اللہ! مجھ کو اپنے ان بندوں میں کر لے جنہوں نے کہ تیری ذات پر بھروسہ کیا اور تو ان کے لئے خیابان ہو یا بیابان، کافی ہو گیا۔ اسی وقت اسے اعلیٰ درجے کا ایمان اور اعلیٰ درجے کا توکل مرحمت فرما دیتا ہے۔
جب یہ کہتا ہے:
میں گمراہ ہوں، مجھ کو ہدایت بخش، ہدایت بخش دیتا ہے۔
جب یہ کہتا ہے:
میں جیسا بھی ہوں، گناہگار و خطا کار، تیرا ہی ہوں۔ تیری ہی عبادت کرتا ہوں اور تجھ ہی سے مدد چاہتا ہوں، میری مدد فرما۔
اسی وقت مدد فرما دیتا ہے، ذرا بھی دیر نہیں کرتا۔
جب یہ کہتا ہے:
تیرا یہ بندہ تیرے سوا تیری قسم کسی بھی شے کا مطلق طلبگار نہیں۔ تیرے سوا تیرے اس بندے کی نظروں میں ہر شے ہیچ و بیکار اور نظر ہی کا فریب ہے۔ علم و حکمت اور عشق و رقت کے چشمے بہا دیتا

marfat.com
Marfat.com

ہے، میرے اللہ کے خزانے بھرپور اور کسی بھی خزانے میں کوئی کمی نہیں۔

یا اللہ!

تو میرا رب وحدہ لاشریک، کون و مکان کا خالق و مالک و رازق و حافظ و ناصر اور ہر شے پر قادر المقتدر ہے۔

یا اللہ! اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے مجھ سے درگزر فرما، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۴ محبت کے کسی بھی حال کا اظہار محبت کی رسوائی باطن کی پردہ دری اور طریقت کے منافی ہے، اپنا کوئی حال کسی پر مت کھول۔

سیدنا حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد کو اپنا سپنہ ہی تو بتایا تھا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

# سَقّہ

## لغوی معنوی اور تاریخی پس منظر میں

۱۳۴۵ اللہ نے اپنی مخلوق کے لئے کائنات میں تین حصے پانی کو پیدا کیا اور کرہ ارض کو پانی کے اوپر تیرایا۔ ارض وسما میں باہمی رابطہ قائم کر کے اپنی مخلوق کو اپنے فضل و کرم سے نوازا۔ گویا مہد سے لحد تک پانی کو انسان سے خاص نسبت بخشی گئی تا کہ مخلوقِ خدا ہر طرح سے سرشار و شاداب رہے۔۔

کائنات میں پانی کو بہت بڑا دخل حاصل ہے اور اس کے لئے کبھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پتھر پر اپنا عصا مارنے کا حکم ہوا، جس سے پتھر سے پانی کی نہریں جاری ہو گئیں تو کبھی حضرت اسماعیل علیہ السلام کی ایڑیوں کی رگڑ سے چشمہ زمزم پھوٹ نکلا۔

لفظ سقہ غالباً سقا ہے، جس کا مطلب عربی زبان میں پلانا ہے۔ گرائمر کے لحاظ سے یہ لفظ مصدر ہے اور ساقی اس کا فاعل ہے، جس کا مطلب پلانے والا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

معاشرے میں جب افراد کو پانی پلانے کی خدمات انجام دینے کو بطور پیشہ رواج ملا ہوگا تو نہ جانے کتنے بڑے بڑے لوگوں نے یہ خدمت انجام دی ہوگی اور پھر انہوں نے امراء سے لے کر غرباء تک نوابوں سے لے کر بادشاہ کے محلات تک میں نہ جانے کب سے یہ خدمت انجام دی ہوگی۔ بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے مدتوں سے قریش کے معزز قبیلہ نے مکہ معظّمہ میں ایک شعبہ مقرر کر رکھا تھا جس کا نام سقایا تھا جو ایام حج میں مہمانوں کو پانی پلانے کا انتظام کرتا تھا۔

حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادم خاص حضرت انسؓ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بڑے خدمت گزار تھے۔ آپؓ نے دس برس تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو حکم فرماتے بجالاتے اور خصوصاً پانی پلانے کا فریضہ انجام دیتے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے خوش ہو کر ایک دعا تعلیم فرمائی جس کے صدقہ آپ نے بہت عروج اور عزت حاصل کی۔ آپ مدینہ کے چوک میں دہی کی لسی بنا کر پلاتے پلاتے کپڑے کے بہت بڑے تاجر بن گئے۔

قصص المحسنین میں شام کے سوداگر کا ذکر ہے۔ اس کا نام مالک بن ذغر تھا اور کپڑے کا کاروبار کرتا تھا۔ اس نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ ملک مصر سے اسے ایک بُردہ ملا ہے جو حسن و جمال میں اپنا ثانی نہیں رکھتا، وہ اس کو دنیا میں مالا مال کرنے اور آخرت میں نجات کا ذریعہ بھی ہے۔ معبروں نے تعبیر بتائی کہ ملک مصر سے اسے واقعی ایسا ایک بردہ ملے گا۔

چنانچہ اس نے اس تعبیر کے لئے براستہ کنعان مصر جانا شروع کر دیا، مسلسل دس سال تک جاتا رہا لیکن گوہر مقصود ہاتھ نہ آیا۔ ایک مرتبہ جب وہ گیا تو قسمت چمک اٹھی۔ ایک جنگل میں پڑاؤ کیا اور اپنے سالار آب (سقے) بشریٰ کو حکم دیا کہ پانی کا انتظام کرو، بشریٰ پانی کی تلاش میں نکلا تو دور اسے ایک غیر آباد کنواں نظر آ گیا۔ بشریٰ نے اپنے ساتھی مامل کو آواز دی کہ ڈول لائے، ڈول ڈالا گیا۔ اوپر کھینچا تو بہت وزنی تھا۔ دونوں نے مل کر زور لگایا، وہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ڈول کے ساتھ ایک نوعمر شہزادہ ہے جس کے حسن و جمال کی آنکھیں تاب نہیں لا سکتی تھیں۔ وہ حضرت یوسف علیہ السلام تھے جنہیں ان کے بھائی سیر کے بہانے لائے اور حسد کی وجہ سے اس کنوئیں میں پھینک گئے تھے۔ بشریٰ نے فرط مسرت سے آگے بڑھ کر آپ کو پیار کیا اور سینے سے لگایا اور پھر اپنے آقا کے پاس لا کر کہا کہ اے مالک ابن ذغر! جو شخص آج تیرے اس خواب کی تعبیر کو

marfat.com
Marfat.com

سچ کر دے جس کے لئے تو دس سال سے بے تاب ہے تو بتا تو اسے کیا دے گا۔ مالک ابن ذغر نے کہا کہ میں اسے ایک ہزار دینار اور اپنی ہمشیر کا رشتہ دوں گا۔ چنانچہ بشریٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو مالک کے سامنے پیش کر دیا اور انعام واکرام سے سرفراز ہوا۔ مالک ابن ذغر نے اپنے خواب کی تعبیر پائی لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئیں سے نکالنے کا شرف ایک سقہ ہی کو حاصل ہوا۔

حادثہ کربلا میں پانی کا ذکر جس انداز میں آتا ہے، روح کانپ اٹھی ہے۔ حضرت امام عالی مقام شہزادہ کونین حضرت امام حسینؑ اور آپؑ کے عزیز واقارب جن کا مختصر سا قافلہ صرف ۷۲ نفوس پر مشتمل تھا، کربلا کے چٹیتے ہوئے ریگ زار میں خیمے لگائے بیٹھا تھا۔ لعین ابن زیاد کے فوجی ان کا محاصرہ کئے ہوئے تھے۔ شدت کی گرمی، چلچلاتی دھوپ، جلتا ہوا صحرا اور پانی ہر طرف سے بند تھا۔ قافلہ کا ہر شخص پیاس کی شدت سے بے تاب تھا کہ اتنے میں عباس علمبردارؑ امام عالی مقامؑ کے پاس حاضر ہوئے، التجا کی کہ اجازت ہو تو جاؤں اور فرات سے پانی بھر لاؤں۔ امام عالی مقامؑ نے فرمایا کہ اے عباسؑ! اے میرے بھائی تو نہیں دیکھتا کہ امتحان کتنا سخت ہے، دشمن تمہیں پانی نہیں لینے دیں گے، صبر کرو اور انتظار کرو کہ حوض کوثر تمہارا منتظر ہے لیکن بچوں اور عورتوں کا پیاسے بلکنا نہ دیکھا گیا اور علمدار حسینؑ مشکیزہ اٹھا فرات کی جانب بڑھے، کوفی دیکھ رہے تھے لیکن آپؑ کمال جرأت اور بہادری سے لب فرات تک پہنچ گئے۔ مشکیزا بھرا اور واپس چل دیئے۔ کوفیوں نے جب یہ صورتحال دیکھی تو آگ لگ اٹھی۔ اہل حرمؑ کے اس ساقی پر پل پڑے۔

بھادوں بھڑک اٹھی اگ دشمناں دی کہندے لے گیا شیر جوان پانی
گھیرا ظالماں دوڑ کے آن پایا، مارن تیر تے کھوہن شیطان پانی
بازو نال شمشیر دے قلم ہوگئے، دنداں نال پھڑ ہوئے روان پانی
ملکھی نکل گیا نال بہادری دے، کول خیمیاں دے ڈہلا آن پانی

بازو شہید ہوئے تو دانتوں میں مشکیزہ دبا لیا لیکن تیروں کی بے پناہ بارش سے جسم اطہر اور مشکیزہ دونوں چھلنی ہوگئے اور وہ پانی خیموں کے قریب کربلا کی تپتی ہوئی ریت پر پھیل کر جذب ہوگیا۔ آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیاسے پیاس کی شدت سے مسلسل تلملاتے رہے۔

marfat.com
Marfat.com

علمدار حسینؑ نے مشک اپنے کندھوں پر اٹھا کر سقہ کا لقب پایا اور جس کسی نے آپؑ کی اس سنت کو ادا کیا، مشک کندھے پر ڈالی، سقہ کہلائے اور بہشتی کہلائے۔

برصغیر پاک و ہند کا مشہور تاریخی واقعہ ہے جبکہ ہمایوں شہنشاہ ہند شیر شاہ سوری سے شکست کھا کر دہلی کی طرف فرار ہوا تھا، اس کے تمام جانثار ساتھی کام آ چکے تھے۔ ہمایوں گھوڑے سمیت دریائے جمنا میں کود پڑا لیکن گھوڑا نیچے سے نکل گیا، ہمایوں غوطے کھانے لگا۔ نظام سقہ جو اپنی مشک کے سہارے دریا میں تیر رہا تھا، ایک شخص کو ڈوبتا دیکھ کر آگے بڑھا اور ہمایوں کو بچا لیا۔ ہمایوں نے اس نیکی کے صلے میں نظام سقہ کو تین دن کی بادشاہت عنایت کی۔ تاج شاہی سے سرفراز فرمایا۔ نظام سقہ نے مشکیں کاٹ کر ان میں سونے کی میخ لگا کر (چام کے دام) سکہ چلایا اور پھر حکم دیا کہ جو شخص سقہ قوم سے تعلق رکھتا ہو، اپنی مشک لے کر حاضر ہو۔ چنانچہ بہت سے لوگ حاضر ہوئے اور اپنی اپنی مشک جمع کرا کے پانچ پانچ دیہات پر گنہ جاگیر پا گئے اور نوابی کے خطاب سے سرفراز ہوئے۔ لکھنؤ، آگرہ، دہلی، علی گڑھ اور میرٹھ میں سقہ قوم کے نظامی لوگ کثرت سے آباد تھے اور شاید اب بھی ہوں گے۔

گھلو خان جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کا خاص مشیر تھا، یہ شخص سقہ تھا۔ اس کا گاؤں امرتسر سے مغرب کی جانب تحصیل اجنالہ میں موضع کھتراں گھلو خان موجود ہے۔ رنجیت سنگھ سے پہلے اور اس دور میں بھی سکھ جرنیل بدھ سنگھ، وہاڑا سنگھ اور سردار مکھن سنگھ وغیرہ بادشاہی مسجد کو بطور اصطبل استعمال کر رہے تھے، چنانچہ گھلو خان سقہ کی سفارش پر اس مقدس عمارت کی عزت بحال ہوئی اور پھر سے وہاں نعرہ تکبیر بلند ہوا۔

جنگ طرابلس میں فاطمہ بنت عبداللہ جسے اقبالؒ نے آبروئے ملت مرحوم کہا ہے، میدان جنگ میں غازیوں کو پانی پلانے کی خدمت انجام دے رہی تھی کہ شہید ہوئی اور اسی خدمت نے اسے تاریخ میں حیات جاوداں بخشی

سقے کو ہم بہشتی کا لقب بھی دیتے ہیں اور حقیر بھی جانتے ہیں۔ نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں حالانکہ معاشرتی طور پر اس کی خدمت قابل قدر ہے۔

پوری دنیا ایک میکدہ ہے اور میکدے میں کوئی مدہوش ہوتا ہے تو کوئی تشنہ لب۔ میکدے کا سارا نظام

marfat.com
Marfat.com

سقے ہی پر موقوف ہوتا ہے۔ سقے کو ہم ساقی کہتے ہیں تو سر آنکھوں پر بٹھاتے ہیں۔ ساقی کو ہم سقہ کہتے ہیں تو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں حالانکہ وہی ساقی بھی ہے جو سقہ ہے اور بہشتی ہے۔ اس کی خدمت قابل قدر اور اس کی حیثیت لائق التفات ہے۔ سقہ خشک ہونٹوں کو تازگی اور اجڑے گلستانوں کو شادابی دیتا ہے، تن کی دنیا ہو یا من کی، سقے کی سیرابی کی محتاج ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۶ اللہ کے بندے مال جمع نہیں کیا کرتے اور نہ ہی ان کے مال کی میراث ہوتی ہے جو کچھ بھی وہ ترکہ میں چھوڑیں صدقہ ہوتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رحلت کے بعد ترکہ میں کوئی بھی مال نہ چھوڑا، نہ درہم، نہ دینار، نہ اونٹ، نہ بکری اور نہ ہی کسی چیز کی وصیت کی۔ میرے مولائے کریم رؤف الرحیم روحی فداہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ سنت قدیم و عظیم ہے کہ تو دنیا میں مسافر کی طرح رہے اور مسافر کی پاس کچھ بھی نہیں ہوتا مگر پہنا ہوا لباس اور ضروریات کی ایک چھوٹی سی بقچی جسے کہ وہ آسانی سے اپنے ہمراہ اٹھا سکے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۷ ضرورت سے زائد مال ضرورتمند کو دے دینا صدقہ ہے، پردے میں دینا بہترین صدقہ ہے اور کوئی بلا صدقے کو کبھی پھاند نہیں سکتی۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اگر میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو تو مجھ کو یہ امر پسند نہ ہو کہ اس پر تین دن گزریں اور اس کے بعد اس میں سے کوئی مال میرے پاس باقی رہے مگر صرف اتنا کہ میں اس سے قرضہ ادا کر سکوں۔

نیز فرمایا:

نہیں ہے کوئی ایسا دن جس میں صبح کے وقت دو فرشتے نہ اترتے ہوں جن میں سے ایک تو یہ کہتا رہتا ہے کہ اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدلہ دے اور دوسرا یہ کہتا رہتا ہے کہ اے اللہ بخیل کے مال کو تلف کر۔

marfat.com
Marfat.com

نیز فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے آدمؑ کے بیٹے! تو خرچ کر، میں تجھ پر خرچ کروں گا، یعنی تجھ کو دوں گا۔

نیز فرمایا:

اے بیٹے آدمؑ کے! مال کو تیرا خرچ کرنا جو تیری حاجت سے زیادہ ہے، تیرے لئے بہتر ہے اور مال کو روکنا تیرے لئے برا ہے اور نہیں ملامت کیا جائے گا تو اپنی ضرورت کے مطابق مال کو اپنے قبضہ میں رکھنے پر اور سب سے پہلے اپنے عیال پر خرچ کر۔

نیز فرمایا:

سخی قریب ہے اللہ کی رحمت کے، قریب ہے جنت سے اور قریب ہے لوگوں سے اور دور ہے دوزخ سے اور بخیل دور ہے اللہ کی رحمت سے، دور ہے جنت سے، دور ہے لوگوں سے اور قریب ہے دوزخ سے اور جاہل سخی اللہ کے نزدیک بہتر ہے بخیل عابد سے۔

نیز فرمایا:

انسان کا اپنی تندرستی کے دنوں میں ایک درم خیرات کرنا مرنے کے وقت سو درم خیرات کرنے سے بہتر ہے۔

نیز فرمایا:

کیا نہ بتاؤں میں تم کو اس شخص کی جو لوگوں میں اللہ کے نزدیک سب سے برا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپؐ نے فرمایا کہ لوگوں میں بدترین شخص اللہ کے نزدیک وہ ہے جو اللہ کے نام سے لوگوں سے مانگے اور اس کو نہ دیا جائے۔

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں:

انہوں نے حضرت عثمانؓ سے حاضری کی اجازت چاہی، حضرت عثمانؓ نے اجازت دے دی۔ اس وقت ابوذرؓ کے ہاتھ میں لاٹھی تھی (جب ابوذرؓ بیٹھ گئے تو) حضرت عثمانؓ نے (کعبؓ سے جو وہاں موجود تھے کہا اے) کعبؓ! عبدالرحمنؓ نے وفات پائی اور مال چھوڑ گئے۔ پس تم اس مال کی نسبت کیا رائے رکھتے ہو۔ کعبؓ نے کہا کہ اگر وہ مال میں سے اللہ کا حق نکالتے تھے یعنی زکوٰۃ ادا کرتے تھے تو کچھ مضائقہ نہیں یعنی اس کو جمع کر کے چھوڑ جانے پر کوئی خوف نہیں (یہ سن کر)

marfat.com
Marfat.com

حضرت ابوذرؓ نے اپنی لاٹھی اٹھائی اور حضرت کعبؓ کو مارا اور پھر کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ نہیں پسند کرتا میں اس بات کو کہ اگر ہو میرے پاس یہ پہاڑ احد سونے کا اور خرچ کروں میں اس کو، اور امید رکھی جائے مجھ سے یہ کہ چھوڑ جاؤں میں اس میں سے چھ اوقیہ یعنی دوسو چالیس درہم اس کے بعد حضرت ابوذرؓ نے حضرت عثمانؓ کو مخاطب کر کے کہا میں قسم دیتا ہوں تم کو عثمانؓ اللہ تعالیٰ کی، تم نے بھی اس کو سنا ہے۔ تین مرتبہ حضرت ابوذرؓ نے یہ الفاظ کہے، حضرت عثمانؓ نے کہا ہاں، (میں نے بھی سنا ہے۔) (احمدؒ)

عقبہ بن حارثؓ کہتے ہیں:

میں نے مدینہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلام پھیر کر فوراً اٹھے اور لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے اپنی بعض بیویوں کے گھر کی طرف متوجہ ہوئے۔ لوگ یہ دیکھ کر گھبرائے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس آئے اور دیکھا کہ لوگ آپ کی سرعت سے حیران ہیں تو فرمایا مجھ کو سونے کی ایک چیز یاد آ گئی جو ہمارے پاس تھی۔ پس برا جانا میں نے کہ وہ چیز مجھ کو تقرب الٰہی سے باز رکھے، پس میں نے اس کو تقسیم کر دینے کا حکم دے دیا۔ (بخاریؒ)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں سونے کا ایک ڈلا گھر میں چھوڑ آیا تھا جو زکوٰۃ کا تھا، پس میں نے اس کو برا سمجھا کہ رات کو اس کو اپنے پاس رکھوں۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیماری کے زمانے میں میرے پاس آپؐ کے چھ یا سات دینار تھے۔ (اشرفیاں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو حکم دیا کہ میں ان کو تقسیم کر دوں لیکن آپؐ کے درد یا بیماری نے مجھ کو مشغول رکھا اور میں ان کو تقسیم نہ کر سکی۔ اس کے بعد پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے پوچھا کہ وہ چھ یا سات اشرفیاں کیا ہوئیں؟ میں نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیماری کی مشغولیت کے سبب میں ان کو تقسیم نہ کر سکی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان اشرفیوں کو طلب فرمایا اور اپنے ہاتھ پر ان کو رکھ کر فرمایا کیا اللہ تعالیٰ کے نبی کا یہ خیال ہے کہ وہ اللہ عزوجل سے ملاقات کرے، اس حال میں کہ یہ اشرفیاں اس کے پاس ہوں۔ (احمدؒ)

marfat.com
Marfat.com

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت بلالؓ کے پاس آئے اور ان کے پاس کھجوروں کا ڈھیر لگا ہوا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ بلالؓ! یہ کیا ہے؟ بلالؓ نے عرض کیا کہ ایک چیز ہے جس کو میں نے کل کے لئے جمع کیا ہے یعنی آئندہ کیلئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو اس سے نہیں ڈرتا کہ اس کا بخار بنے دوزخ کی آگ میں قیامت کے دن۔ بلالؓ! اس کو خرچ کر دے اور عرش عظیم کے مالک سے افلاس وفقر کا خوف نہ کر۔ (بیہقیؒ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں:

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ سخاوت ایک درخت ہے جنت میں، پس جو شخص سخی ہوگا۔ وہ اس درخت کی ٹہنی پکڑ لے گا اور وہ ٹہنی اس کو اس وقت تک نہ چھوڑے گی جب تک اس کو جنت میں داخل نہ کر لے گی اور بخل ایک درخت ہے دوزخ میں پس جو شخص بخیل ہوگا، وہ اس درخت کی ایک ٹہنی پکڑ لے گا اور وہ ٹہنی اس کو اس وقت تک نہ چھوڑے گی جب تک اس کو دوزخ میں داخل نہ کر لے گی۔ (بیہقی فی شعب الایمان)

امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰؑ کہتے ہیں:

فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جلدی کرو صدقات وخیرات دینے میں، اس لئے کہ صدقہ سے بلا نہیں بڑھتی یعنی صدقہ بلا کو روکتا ہے۔ (زرین)

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۴۸ خیر وشر دونوں اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہیں، اللہ سے خیر مانگا کرو، شر خیر پر غالب نہیں آسکتا خیر غالب اور شر مغلوب ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۵۰ کائنات کی تعمیر میں جذبہ کا پہلا نمبر ہے جس بھی تعمیر میں جذبہ رونق افروز نہیں ہوتا، کامیاب نہیں ہوتی۔ جذبہ انعام واکرام سے مستغنی وبے نیاز ہوتا ہے۔ اپنے کام کی تکمیل کے سوا کسی اور طرف کبھی

marfat.com
Marfat.com

متوجہ نہیں ہوتا۔ جذبہ معمار پر سوار ہوتا ہے، جب تک اپنا کام ختم نہ کرلے۔ آرام کرنے نہیں دیتا، جس بھی قوم نے دینا میں ترقی کی، ملی تعمیر کے جذبے کے تحت ایک مرکز پر متحد ہو کر اور تعمیری جدوجہد میں مصروف ہو کر کی نہ کہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اور نہ ہی فرقوں میں بٹ کر۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۳۵۰ معاشرے کی اصلاح

محض باتوں ہی سے نہیں، عملی نمونہ سے ہوا کرتی ہے۔ یہ دور گفتار کا نہیں کردار کا ہے، کسی کردار کا نمونہ پیش کر۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۵۱ آسمان پر پہلا حاسد شیطان اور زمین پر قابیل تھا۔ دونوں کے حشر سے عبرت حاصل کر۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

حسد نیکیوں کو اس طرح جلا دیتا ہے جس طرح کہ آگ خشک لکڑی کو۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۵۲ لوگوں پر تنقید کی بجائے اپنی ذات کی اصلاح کر البتہ اصلاحی نکتہ چینی مستحسن ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۵۳ درخت کو کاٹتے ہی صندوق نہیں بنایا جا سکتا، جس لکڑی کا صندوق بنانا ہوتا ہے، اسے مدتوں دھوپ میں سکھایا جاتا ہے۔ لکڑی جب سوکھ کر نمک بن جاتی ہے پھر اس سے جو بھی چیز بنائی جاتی ہے پائیدار ہوتی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

marfat.com

Marfat.com

اَلحَمْدُللحیّ القیّوم

۱۳۵۴ ذکر سے اطمینان اور اطمینان سے غنا پیدا ہوتا ہے اور غنا ہی آدمیت وانسانیت وبشریت کی عزت و آبرو ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اَلحَمْدُللحیّ القیّوم

۱۳۵۵ جس دل کو اللہ غنا سے بھر دیتا ہے پھر اللہ کے سوا کوئی بھی شے اس دل میں نہ آسکتی ہے، نہ سما سکتی ہے اور یہ اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہے، ماشاءاللہ۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اَلحَمْدُللحیّ القیّوم

۱۳۵۶ غنا جب غنی کے دل سے وابستہ ہوا، ماسوا سے بے نیاز ہوا۔ مستغنی ہوا کشمکش دہر سے آزاد ہوا اور شاد ہوا۔

مَاشَآءَ اللہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اَلحَمْدُللحیّ القیّوم

۱۳۵۷ جو دامن ان کے اور صرف ان ہی کے در پر دراز ہوا بھرپور ہوا، کبھی خالی نہ ہوا۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اَلحَمْدُللحیّ القیّوم

۱۳۵۸ جس دل میں کسی بھی شے کی طلب وتمنا نہیں ہوتی، نہ ہی کسی کے خلاف بغض وعناد ہوتا ہے، کینہ و کدورت سے پاک ہوتا ہے اور کون ومکان کی ہر شے سے ظاہری ہو یا باطنی، مستغنی وبے نیاز ہوتا ہے، ہر حال میں قبض ہو یا بسط۔ اللہ ہی کی طرف اور اللہ ہی کے کاموں میں محو ومنہمک رہتا ہے نہ کسی بات پر خوش ہوتا ہے نہ مغموم، حسد، حرص اور تکبر سے مطہر ہوتا ہے ماشاءاللہ۔
ایسا دل عام دل نہیں ہوتا، اللہ کے خاص تعلق والے بندوں کے دلوں میں سے ایک دل ہوتا ہے۔
راحت ولذت وزینت وشہرت سے بے نیاز دل، ماشاءاللہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۵۹ دل جب کدورت سے پاک ہوا اشرف المخلوقات ہوا اور مخلوق میں ہر مخلوق شامل ہے نوری ہو یا ناری، خاکی ہو یا آبی۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶۰ رونے پر رحم آتا ہے، رونے پر رحمت آتی ہے اور ضرور آتی ہے۔ دلجوئی بھی رونے ہی کی ہوتی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶۱ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے برسوں اللہ تبارک وتعالیٰ سے ہم کلامی فرمائی اور یہ ہم کلامی محبت ہی کے ناز و انداز کی ایک دستان تھی۔ یہ ہم کلامی اگرچہ من وعن کسی کتاب میں تو محفوظ نہیں البتہ اللہ رب العزت نے اپنے بندوں کی زبانوں پر زندہ رکھی ہوئی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶۲ کلمہ، حج، نماز، روزہ، زکوٰۃ مقبول الاسلام عبادات ہیں۔ محبت، اخلاص، استقامت سے دل کو اللہ کے ذکر سے معمور رکھنا بہترین عبادت ہے اور بہترین بندوں کو عنایت ہوتی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶۳ ایک اللہ کا بندہ حج کے لئے خشکی کے راستے روانہ ہوا۔ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے مزار شریف پر حاضر ہوا وہاں ان کی حاضری مقبول ہوئی۔ بار سال وہاں سے جانے کی اجازت نہ ملی۔ بارہ سال بعد انہوں نے عرض کیا کہ مجھے حرمین شریف کی زیارت کی اجازت عنایت ہو۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اجازت مرحمت فرمادی۔

جب یہ مدینہ شریف پہنچے وہیں کے ہو رہے۔ کچھ عرصہ بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔
وہ سلام پیش کر کے روانہ ہو گئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۱۳۶۴ تصوف حال کا اصطلاحی نام ہے اور صاحب حال کے سوا کسی دوسرے کو کسی حال کی کوئی خبر نہیں ہوتی، قال حال سے مطلق بے خبر ہوتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۱۳۶۵ تصوف انسانی عقل سے بالاتر ہے۔ حضرت باوا صاحب فرید الدین گنج شکرؒ فرماتے ہیں کہ جو میں نے کمایا، نظام الدینؒ لے گیا جو میرے پیر نے کمایا وہ علاؤالدینؒ لے گیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۱۳۶۶ حضرت قبلہ من سے صابر صاحبؒ اکثر فرماتے کہ
دربار مصطفائی میرا دربا ہے اور میں تیرا دربار ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدُ للحیّ القیّوم
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۳۶۷ میں ہر شے ہے:

| | |
|---|---|
| حرمت ہے | جبروت ہے۔ |
| فضل ہے | کبریائی ہے |
| عظمت ہے | ثناء ہے |
| جلال ہے | بہا (روشنی) ہے |
| جمال ہے | کرامت ہے |

marfat.com
Marfat.com

کمال ہے سلطنت (غلبہ) ہے

ہیبت ہے برکت ہے

منزلت ہے عزت ہے

ملکوت ہے قوت ہے

قدرت ہے اللہ کی قسم اللہ کی رحمت و برکت سے ہر مرض سے شفاء ہے

مَاشَآءَ اللّٰہِ لِا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶۸ اللہ سے ڈر، ناحق حمایت مت کر، مقتول داعی کا دامن پکڑے گا۔ کہے گا کہ
بتا تیرا مجھ سے کیا عناد تھا جو میرے قاتل کی حمایت کی۔ اس وقت کیا جواب دو گے؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۶۹ ایک اللہ کا بندہ ریاضت سے فارغ ہو کر سلام کیلئے سیدنا حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ کے دربار میں ظہر کے وقت حاضر ہوا اور عصر کے وقت فارغ کر دیا گیا۔

ایک نے کہا:

سبحان اللہ، کتنی جلدی فارغ ہوا۔

دوسرے نے کہا:

اگر زیادہ دیر قیام کی اجازت ہوتی، بہتر ہوتا۔

اسی طرح ایک اور صاحب سلام کے لئے حاضر ہوئے، سالوں اجازت نہ ملی۔

ایک نے کہا:

نامعلوم کیا کمی ہے جو اسے واپسی کی اجازت نہیں ملتی۔

دوسرے نے کہا:

marfat.com
Marfat.com

سرکار اس سے اس قدر مانوس ہیں کہ جدائی گوارا نہیں فرماتے۔
دونوں کے بارے میں دوسرے ہی کی رائے مستحسن ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۰ بندوں کے دوست بنتے اور بدلتے رہتے ہیں اور بندوں کی بندوں سے دوستی مطلب تک محدود ہوتی ہے جو دوستی اللہ کے لئے ہو، کبھی نہیں بدلتی، سدا قائم رہتی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۱ حسد و بغض و تعصب دل کی مہلک امراض ہیں۔ دق سے بھی مہلک اور تکلیف دہ۔ جس طرح دق کا مریض جسمانی کام نہیں کرسکتا بعینہ حسد و بغض کا مریض بھی کوئی روحانی کام نہیں کرسکتا۔ جسمانی کام کے لئے جسمانی صحت اور روحانی کام کے لئے روحانی صحت کا ہونا ضروری ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۲ وہ بھی کیا دن تھے کہ دریا ہمارا کہا مانا کرتے تھے:

حضرت عمرؓ کو مصر کے گورنر حضرت عمرو بن العاصؓ نے اطلاع دی کہ نیل کا پانی بند ہو گیا ہے۔ قبطی کہتے ہیں کہ جب تک کسی خوبصورت نوجوان لڑکی کو دلہن کی طرح سجا دھجا کر دریا کی بھینٹ نہ چڑھائی جائے، دریا نہیں بہے گا اور یہ اس دریا کی قدیم عادت ہے۔ میں نے انہیں ایسا کرنے سے روک دیا ہے اور ان پر واضح کر دیا ہے کہ یہ باتیں اب نہیں ہو سکتیں اور نہ ہی ہم اپنے خلیفہ کے حکم کے بغیر کبھی ایسی بات کرنے دیں گے۔

امیر المومنین حضرت عمر بن خطابؓ جب یہ خبر ملی تو جلال میں آ گئے۔ اسی وقت ماشاء اللہ سبحان اللہ الحمدللہ وہیں بیٹھے دریا سے مخاطب ہوئے۔

اے نیل! سن مجھے پتہ چلا ہے کہ تو ایک دوشیزہ کی بھینٹ لے کر چڑھا کرتا ہے، گویا تیرا بہنا تیری اپنی ہی مرضی پر موقوف ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اے نیل! سن اگر تیرا بہنا اور نہ بہنا تیری اپنی مرضی پر منحصر ہے تو ہمیں تیری کوئی ضرورت نہیں اور بالکل نہیں۔ ہمیں تو ایسے دریا کی ضرورت ہے جس کا بہنا اور بند ہونا اللہ ہی کی طرف سے اور اللہ ہی کے حکم سے ہو اور اگر تو میرے اللہ کے حکم سے بہتا ہے۔ میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خلیفہ عمرؓ تجھ کو حکم دیتا ہوں کہ ابھی بہہ اور یہ تنبیہ بھی کرتا ہوں کہ تیری مجال ہی کیا کہ تو نہ بہے۔

یہ لکھ کر مصر کے گورنر حضرت عمرو بن العاصؓ کو بھیج دیا۔

اے نیل! گر تو تابع رب ذوالجلال ہے
پھر کیوں نہ بہے تو تیری کیا مجال ہے

یہ کہنے ہی کی دیر تھی اور اس خط کے دریا میں گرنے کی دیر تھی کہ دریائے نیل میں سیلاب امڈ آیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحمد للحیّ القیّوم

۱۳۷۳ سبحان اللہ، الحمدللہ۔ وہ بھی کیا دن تھے کہ شہر کے کتے بھی ہمارے حکم سے سرتابی نہ کر سکتے تھے۔

حضرت امیر المومنین عمر بن خطابؓ کو جب مدائن کی بدعنوانیوں کی خبر ملی، آپؓ نے حضرت سلمان فارسیؓ کو مدائن کا گورنر مقرر فرمایا اور حکم دیا کہ فوراً جا کر مدائن کا نظم وضبط اپنے ہاتھ میں لیں۔

حکم ملتے ہی حضرت سلمان فارسیؓ نے اپنا بوریا بستر اٹھایا اور مدائن کو چل دیئے ادھر مدائن کے لوگوں کو یہ پتہ چلا کہ حضرت عمرؓ نے ایک نیا گورنر مدائن کے لئے مقرر فرمایا ہے تو ان کے استقبال کے لئے شہر سے باہر آ گئے۔ جب انہوں نے حضرت سلمان فارسیؓ کو دیکھا تو سمجھے کہ کوئی کسی منزل کا تھکا ماندہ راہی ہے، ہمارا گورنر نہایت شان وشوکت سے کہیں پیچھے آتا ہوگا۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے آگے بڑھ کر انہیں جب اپنا تعارف کرایا کہ میں ہی وہ شخص ہوں جسے کہ امیر المومنین نے آپ کی خدمت کے لئے مامور فرمایا ہے تو وہ حیران وششدر رہ گئے۔ چہ مگوئیاں کرنے لگے کہ یہ گورنر؟ اور پھر مدائن کا؟ مدائن کے حالات بہت ابتر ہیں۔ یہ بیچارہ سیدھا سادا بھولا بھالا کسی خانقاہ کا ملنگ یا کسی مسجد کا ملا ہے، یہ تو کسی بھی طرح حالات پر قابو نہیں پا سکتا۔

آپؓ کو دارالخلافہ میں قیام کی دعوت دی گئی لیکن آپؓ نے مسترد کر دی اور فرمایا کہ میری ضرورت کی ہر شے میرے اپنے پاس ہے اور میں اپنا قیام اس مسجد میں ہی کروں گا۔ اس پر وہ اور بھی خوش

marfat.com
Marfat.com

ہوئے کہ چلو یہ بھی اچھا ہوا، عشاء سے فجر تک مراقبہ میں رہیں گے اور شہر اللہ کے حوالے۔
آپؓ یہ سب کچھ خاموشی سے سنتے رہے پھر دوسری رات شہر میں چوری کی بے شمار وارداتیں ہوئیں۔ آپؓ کو مطلع کیا گیا کہ شہر میں رات بھر لوٹ مچی رہی ہے اور لوگوں پر خوف و ہراس طاری ہو گیا ہے، اس کا مداوا فرمائیں۔
عصر کی نماز کے بعد آپؓ نے پہلا اعلان فرمایا کہ آج رات کسی صندوق اور دروازے کو کوئی تالا نہ لگے اور تمام گھروں کے دروازے کھلے رہیں، اس پر انہوں نے خوب تالیاں بجائیں۔
نیز آپؓ نے فرمایا کہ آدھی رات کے بعد کوئی آدمی اپنے گھر سے باہر قدم نہ رکھے کہ اگر وہ مارا گیا تو گورنر اس کا ذمہ دار نہ ہوگا، اس پر وہ اور زیادہ ہنسے۔ مدائن کے تمام دانشور انگشت بدنداں اور متحیر تھے کہ نامعلوم اس میں کیا حکمت ہے پھر وہ مسجد سے باہر تشریف لائے اور ایک کتے کو فرمایا کہ ادھر آ اور میری بات سن، یہ سنتے ہی وہ کتا دوڑتا ہوا آیا اور آپ کے قدموں پر سر رکھ دیا۔ آپ نے کتے کو فرمایا کہ جا اور شہر کے تمام کتوں کو میرا یہ حکم سنا دے کہ رات بھر کسی بھی آدمی کو شہر میں آنے جانے نہیں دینا اور نہ ہی ادھر ادھر پھرنے دینا ہے اگر کوئی ایسا کرے اسے صبح تک اپنی تحویل میں رکھو۔
یہ حکم سنتے ہی وہ کتا تمام شہر میں گھوم گیا اور ایک ایک کو اپنے آقا کا حکم پہنچا دیا، سبحان اللہ، الحمدللہ۔
صبح آپ نے سارے شہر کا دورہ فرمایا اور دیکھا کہ جگہ جگہ شہر کے کتے چوروں کو قابو میں لئے بیٹھے تھے جب تک آپ نے ان کو آزاد کرنے کا حکم نہیں فرمایا، وہ اسی طرح کتوں کی تحویل میں رہے۔
پھر آپ نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا اور کہا کہ
اے مدائن کے لوگو! جب میں تمہارے پاس پہنچا تو تم مجھ پر ہنستے تھے اور کہتے تھے کہ میں کسی بھی طرح تمہاری حفاظت کے فرض سے عہدہ برآ نہ ہو سکوں گا، تم نے دیکھ لیا جس کام کو تم میرے لئے مشکل سمجھتے تھے، وہ اس شہر کے کتوں نے کر دکھایا ہے۔
پھر اس کے بعد مدائن میں مکمل امن قائم ہو گیا اور کبھی چوری کی واردات نہیں ہوئی۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
الحَمْدُ للحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۳۷۴ یہ سب کیا تھا؟ اور کیوں تھا؟

اس لئے اور صرف اس لئے کہ ہماری اپنی کوئی زندگی نہ تھی اور نہ ہی کوئی مرضی ہوتی تھی، ہم جو کچھ بھی کرتے تھے، اللہ ہی کے لئے اور مخلوق کی صلاح وفلاح کے لئے کرتے تھے۔ اجرت وعوضانہ کے لئے نہیں۔ اللہ کی اطاعت کا جلال، شیاطین کو جلا دیتا ہے۔ ہماری مرضی جب اللہ کی مرضی میں مدغم ہوجاتی ہے، اللہ کی ہوجاتی ہے۔ اس حال میں ہم جو بھی کہتے اسی طرح ہوجاتا، ذرا بھی دیر نہ لگتی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

مرحبًا مکرمًا مشرفًا

۱۳۷۵ امیر المومنین حضرت عمر بن خطابؓ کے دربار میں ایک مرتبہ ایک وفد پیش ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جن صاحب کو آپؓ نے ہمارے ہاں گورنر مقرر فرمایا ہے ان کے خلاف اور تو کوئی شکایت نہیں البتہ یہ تین شکایتیں ہیں۔

اولاً: وہ رات کے وقت کسی سے نہیں ملتے۔

ثانیاً: صبح اپنے گھر سے دیر سے باہر نکلتے ہیں۔

ثالثاً: مہینے میں ایک دن تو بالکل ہی نہیں نکلتے اور نہ ملتے ہیں۔

آپؓ نے وفد کی شکایات سن کر انہیں دربار میں طلب فرمایا جو شکایتیں وفد نے کی تھیں، انہیں بتائیں۔ انہوں نے جواب دیا:

میں سارا دن امور سلطنت میں مصروف ومنہمک رہتا ہوں، عبادات کے لئے مجھے کوئی وقت نہیں ملتا، پس میں رات کو اپنے اللہ کی یاد میں محو ہوجاتا ہوں۔

نیز عرض کی:

میرے گھر میں کوئی نوکر یا خدمت گزار نہیں، صبح میں اپنے گھریلو کام اپنے ہی ہاتھوں سے انجام دیتا ہوں، اس لئے مجھے ذرا دیر ہوجاتی ہے۔

مہینے میں ایک دن اس لئے باہر نہیں نکلتا کہ میرے پاس صرف ایک جوڑا کپڑے ہیں، میں ان کو

marfat.com
Marfat.com

اس دن دھوتا ہوں اور جب وہ سوکھ جاتے ہیں، پہن کر باہر نکلتا ہوں۔ میرے پاس کوئی دوسرا کپڑا ہی نہیں کہ جسے پہن کر باہر نکل سکوں۔

اس پر حضرت عمر فاروقؓ بہت خوش ہوئے، فرمانے لگے کہ میں نے ان کے انتخاب میں کوئی غلطی نہیں کی۔

سلف صالحین کے یہ تذکرے اللہ نے اپنے بندوں کی رہنمائی کے لئے اپنے بندوں کی زبانوں پر زندہ رکھے ہوئے ہیں اور یہی باقیات الصالحات ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۶ ذکر واطاعت سے حال اور حال سے جلال پیدا ہوتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۷ جلال جب جوبن پر آتا ہے، جمال بن جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۸ جو چیز کسی بھی قیمت پر اور کسی بھی بازار میں نہ مل سکے، انمول ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۷۹ حرز انبیاء علیہم السلام

دائیں جبرائیل علیہ السلام

بائیں میکائیل علیہ السلام

سامنے سیدنا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اوپر اللہ تعالیٰ جل شانہ

marfat.com

Marfat.com

دیگراں

دائیں پیران پیر

بائیں پیر

آگے حضرت اقدس واکمل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اوپر اللہ جل شانہ

## کلمات

اللہ حافظی اللہ ناصری

اللہ حاضری اللہ ناظری

اللہ معی فاللہ خیر أحافظاً

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْد للحیّ القیّوم

۱۳۸۰ طریقت کے مقامات تو وریٰ الوریٰ ہیں، ہمیں تو اتنا بھی پتہ نہیں کہ اللہ ہمیں دیکھتا ہے اگر کوئی ایک اللہ ہی کو حاضر و ناظر مان لے، کبھی کوئی نامعقول حرکات نہ کرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْد للحیّ القیّوم

۱۳۸۱ مادیات کی حیرت انگیز ایجادات شب و روز کی محنت ہی کا ثمرہ ہیں، اتنی ہی محنت اگر انسانی کردار کی تعمیر و تشکیل کے لئے کی جاتی، انسانیت کا بول بالا ہو جاتا، مادیات بھی اپنے مقام پر برقرار رہتی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْد للحیّ القیّوم

۱۳۸۲ جس بندے کو وہ اپنی محبت کے لئے مقبول فرما لیتے ہیں، ساری دنیا سے بالا بخت ہوتا ہے جس دل میں وہ اپنی محبت بھر دیتے ہیں پھر کسی کی بھی محبت اس دل میں سما نہیں سکتی۔ آپ کی محبت کا خمار دونوں عالم سے بے نیاز و بیگانہ کر دیتا ہے اور یہ بندگی کا بلند ترین مقام ہے۔

marfat.com

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۳ ایک دیوانہ ایک جنگل میں اپنے آپ سے باتیں کرتا ہوا نامعلوم کس دھن میں مستانہ وار جا رہا تھا۔ اس نے کسی کی کوئی بات نہ سنی، کسی بات کا جواب نہ دیا۔ آنکھ تک اٹھا کر نہ دیکھا۔ کسی بھی طرح کسی اور طرف متوجہ نہ ہوا، جیسے کہ کسی نے سنا ہی نہیں ہوتا یا جیسے کہ کسی نے دیکھا ہی نہیں ہوتا۔ وہ کہتے ہیں کہ اس کی ان اداؤں نے اگرچہ وہ ان کے حسب حال نہ تھیں، مار ہی ڈالا۔ اس دیوانے کا خرام ناز سے اٹکھیلیاں کرتے ہوئے چلے جانا ان سب کو لے دے گیا۔ اللہ، اللہ، اللہ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۴ کسی اللہ کے بندے نے اللہ سے پوچھا کہ یا اللہ اگر تو کھانا کھاتا تو کیا کھاتا؟

فرمایا کھیر۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۵ شیطان پرلے درجے کا حاسد، متعصب اور متکبر ہے۔ اپنے کسی مدمقابل کو کچھ بھی نہیں سمجھتا اگر کوئی ماں کا لعل اسے میدان میں ہرا دیتا ہے، اپنی شکست پر بڑا واویلا کرتا ہے۔ اسی مقام پر بیٹھا اپنے سر پر خاک ڈالتا رہتا ہے لیکن قبر تک کسی کا پیچھا نہیں چھوڑتا۔ شب و روز کوئی نہ کوئی تدبیر سوچتا ہی رہتا ہے کہ کس طرح اس سے نمٹوں۔ اللہ کا شکر و احسان ہے کہ اللہ نے اپنے بندوں کی حفاظت کا خود ذمہ لیا ہوا ہے ورنہ شیطان سے محفوظ رہنا عقل و ہمت سے باہر ہے۔ جب تک کوئی شیطان کا عارف نہیں ہوتا، اللہ کا عارف نہیں ہوسکتا۔ شیطان اللہ کی راہ کو روکنے والا اللہ کا دشمن ہے جب تک کوئی اس سے واقف نہیں ہوتا، اللہ کی راہ میں سلامتی سے نہیں چل سکتا، اس کے مکر و فریب و عیاری و مکاری کو سمجھنا کافی مشکل ہے۔ بالآخر اس ایک ہی بات پر اکتفا کریں کہ اس نے پیران پیر محبوب سبحانی غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو دھوکہ دینے کی پوری کوشش کی، ہم تم سب تو ہیں ہی کیا؟

marfat.com

Marfat.com

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَللّٰھُمَّ احْفِظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَ احْفِظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا حَاسِدًا وَّ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ خَزَآئِنُہٗ بِیَدِکَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ شَرٍّ خَزَآئِنُہٗ بِیَدِکَ اٰمِیْنَ۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۶ شیطان انسان کی ہر شے پر ہر وقت پوری طرح متوجہ رہتا ہے اور کسی نہ کسی رنگ میں ہر کسی کو، عالم ہو یا جاہل، دھوکہ دیتا رہتا ہے۔ کروڑوں میں کسی کو پتہ ہوتا ہوگا کہ اس کے اس قول و فعل میں فلاں چیز شیطان کی طرف سے ہے۔ سالک کے تو یہ ہاتھ دھو کر پیچھے پڑا رہتا ہے، اس کی واہیات حرکات اور بہروپیت پر خوب ہنستا ہے۔

یا اللّٰہ یا رحمٰن یا اللّٰہ یا رحمٰن

بے شک ہم جانتے نہیں اور جانتے نہیں کہ ہم جانتے نہیں پھر ہم کیا ہیں؟ کچھ بھی نہیں، ہمارے دعوے یا اللہ! تیری رحمت کے محتاج ہیں، جھوٹے، ناقص اور بودے۔

یا اللہ! جب تک ہم یہ نہیں جانتے کہ ہم نہیں جانتے، ہم کیا جان سکتے ہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۷ ہجر و وصل میں صرف لذت کا فرق ہوتا ہے جو لذت ہجر میں ہے وصل میں نہیں۔ کسی کا کسی کے فراق میں گھلنا ماشاء اللہ سبحان اللہ کوئی معمولی بات ہے؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۸ انسان کا بہترین لقب خطا کار اور خطاب گناہگار ہے یا انسان کے بہترین القابات و خطابات خطا کار و گناہگار ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۸۹ گناہگار وخطا کار انسان کے دو مقبول الخلاصی القابات وخطابات ہیں لیکن یہ اپنے تیں گناہگار و خطا کار کہلانا کبھی پسند نہیں کرتا اور جن القابات وخطابات کی بیچارے کو خبر تک نہیں ان سے منسوب ہو کر پھولے نہیں سماتا۔

قبر میں فرشتے پوچھیں گے بتا کیا تو ایسا ہی تھا جیسے کہ لوگ تجھ کو کہتے تھے؟ تو نے تردید کیوں نہ کی؟ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے اپنے مقام پر رکھے اور کسی خرافات میں مبتلا نہ کرے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اصلح لی شانی کله و لا تکلنی الی نفسی طرفه عین، آمین

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۳۹۰ قدرت معجزہ وکرامت ایک ہی چیز کے مختلف مدارج ہیں۔

اللہ جل جلالہٗ احد الصمد جب اپنی ذات کبریائی سے کوئی محیر العقول واقعہ رونما فرماتے ہیں، قدرت کہلاتی ہے۔

اور جب اپنے کسی نبی کے ذریعے کسی غیر معمولی بات کا اظہار فرماتے ہیں، اسے معجزہ کہتے ہیں اور یہ منکروں کے لئے نبوت ورسالت کی دلیل ہوتی ہے

اور جب کسی اپنے خاص تعلق والے بندے سے کسی خوارق عادات کا ظہور فرماتے ہیں، اسے کرامت کہتے ہیں۔ اور یہ ولایت کی حمایت میں ہوتی ہے۔ یہ تینوں اللہ ہی کی طرف سے اور اللہ ہی کے لئے ہوتی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۹۱ جب وہ کسی بھی دلیل پر مطمئن نہ ہوئے، اس نے یہ کہہ کر بات کو مات کر دیا کہ اگر وہ اس کو ان کی محبت کے جرم کا مجرم قرار دے کر دوزخ میں ڈالنے کا حکم دیں گے تو وہ لا دھڑک دوزخ میں کود

marfat.com
Marfat.com

جائے گا۔ بے شک ان کی محبت کے جرم میں دوزخ میں جانا ان کے بغیر جنت میں جانے سے کہیں بہتر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۳۹۲ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

آدمی جنتیوں کے کام کیا کرتا ہے، حتیٰ کہ جنت اور اس میں ایک قدم کا فرق رہ جاتا ہے پھر تقدیر کا لکھا غالب آجاتا ہے اور وہ دوزخیوں کے کام کرنے لگ جاتا ہے اسی طرح بعض آدمی دوزخیوں کے کام کیا کرتے ہیں حتیٰ کہ دوزخ اور ان میں ایک قدم رہ جاتا ہے پھر تقدیر کا لکھا غالب آجاتا ہے اور وہ جنتیوں کے کام کرنے لگ جاتے ہیں۔

کسی طاعت پر نازمت کر، کوئی طاعت معتبر نہیں، ہوسکتا ہے کل طاعت نصیب نہ ہو۔ اسی طرح کسی بھی معصیت پر ناامید مت ہو، ہوسکتا ہے کل کو طاعت نصیب ہو۔

کسی نیک کی تعریف مت کیا کرو خواہ مخواہ تعریفوں کے پل مت باندھا کرو۔ اللہ کی بے پرواہی سے ڈرا کرو، بات بات پر ڈرا کرو اور نہ ہی کسی برے کو برا کہا کرو، اس کے لئے نیکی کی دعا کیا کرو۔

ہوسکتا ہے کہ وہ کل کو برا نہ رہے، نیک بن جائے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

# مراقبہ عندالموت

۱۳۹۳ اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم پر سکرات الموت کی سختی آسان فرمائے، آمین۔

روح جب تن سے نکلتی ہے تو

پہلے ٹانگوں کی جان قبض ہوتی ہے ایک ٹانگ دوسری کو سلام کرتی ہے۔ کہتی ہے ہم دونوں اس بیچارے کی خادمہ تھیں، اس نے ہمیں اچھے کاموں میں بھی استعمال کیا، برے کاموں میں بھی۔ اب ہم نے پھر کبھی نہیں ملنا۔ ہم ایک دوسرے سے سلامتی کے ساتھ جدا ہو رہی ہیں۔

پھر ٹانگوں کی جان قبض ہو جاتی ہے اور ہاتھوں کی باری آتی ہے، ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو سلام کرتا ہے۔ لے بھئی یہ ہماری جدائی کا وقت ہے اور جس قسم کا آدمی ہوتا ہے، اسی قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ آدمی نے ہاتھوں سے بہت کچھ کیا ہوتا ہے، یہاں تک کہ بندوں کو قتل تک کیا ہوتا ہے جب وہ سالوں کی رفاقت کے بعد ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں ایک دوسرے کو دعائیں دیتے ہوئے جدا ہوتے ہیں۔

جن بندوں نے اپنے ہاتھوں سے نیک کام کئے ہوتے ہیں، دن رات دین کی خدمت کی ہوتی ہے، اللہ کے لئے، اللہ کی راہ میں تلوار اٹھائی ہوتی ہے، امید سے مرا کرتے ہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

بندے نے جتنے قدم اللہ کی راہ میں چلے ہوتے ہیں، وہی قدم اس کی زندگی کے کامیاب قدم ہوتے ہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

جب دائیں آنکھ بائیں آنکھ کو سلام کرتی ہے، نہایت گرمجوشی سے اشکبار ہوتی ہے۔ بندوں کی آنکھیں ہر وقت کسی نہ کسی گناہ میں مبتلا رہتی ہیں۔ بہترین آنکھیں وہ ہیں جو اللہ کے لئے رات کو جاگیں۔ اپنے گناہوں پر نادم ہو کر روئیں۔ سب سے بہتر وہ جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جمال پرانوار سے مشرف ہوئیں۔ اس کے بعد روح قبض کر لی جاتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

جاندی روح نوں بت عرضاں کردا
ہن کدوں کریں گی موڑے

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

الحَمْدللحیّ القیّومَ

۱۳۹۴ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس نے میرے دوست سے عداوت کی تو میں اس کے ساتھ جنگ کا اعلان کروں گا اور مجھے اپنے بندے کا مجھ سے قرب حاصل کرنا کسی اور ذریعہ سے اتنا محبوب نہیں جتنا اس سے جو میں نے اس پر فرض کیا ہے اور میرا بندہ ہمیشگی نوافل سے میرے قریب ہوتا جاتا ہے، یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اس کا وہ کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی وہ آنکھ جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا وہ ہاتھ جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا وہ پیر جس سے وہ چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے کسی چیز کا سوال کرتا ہے تو میں اس کو ضرور دیتا ہوں اور اگر کسی چیز سے پناہ مانگتا ہے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور مجھ کو کسی چیز سے جس کا میں کرنے والا ہوں اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ نفس مومن کے معاملہ میں ہوتا ہے کہ وہ موت کو برا سمجھتا ہے اور میں اس کی برائی کو برا سمجھتا ہوں۔

(بخاری شریف جلد سوئم صفحہ ۳۲۵ شمار ۱۴۱۸)

حضرت عمرؓ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں کھڑے خطبہ جمعہ دے رہے تھے کہ دفعتاً خاموش ہو گئے پھر یکا یک بلند آواز میں فرمایا کہ

یَا سَارِیَۃُ الْجَبَل۔

چنانچہ اس آواز کو سنتے ہی لشکر اسلام نے اپنی پشتوں کو پہاڑ کی جانب سے بڑھنے والے خطرے سے محفوظ کر لیا۔

عمرؓ نے اللہ کی آنکھوں سے دیکھا اور ساریہؓ نے اللہ کے کانوں سے سنا، ان آنکھوں اور کانوں سے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اوپر بیان فرمایا ہے۔ عمرؓ کی آواز اللہ کی آواز بن کر گونجی کہ سینکڑوں

marfat.com
Marfat.com

میل دورلڑنے والے سپاہیوں نے اسے سنااوراس پرعمل کیا۔
اللہ کرے ہمیں بھی ایسی ہی آنکھیں اورایسے ہی کان نصیب ہوں، آمین

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّومَ

۱۳۹۵ عصر کے بعداوراشراق سے پہلے کے اوقات ذکرالٰہی کے لئے مخصوص ہوتے ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

## فضل القرآن العظیم

۱۳۹۶ قرآن کریم سلوک کی منزل کا رہنما ہے، سالک کو کبائر سے مطلع کرتا ہے۔ اہل سلوک جب بھی قرآن کریم کو کھولتے ہیں لا یا الا سے اپنے قاری کو مطلع کرتا ہے کہ ایسے مت کر، یا خبردار اگر ایسے کیا اوروہ سالک ہی کے لئے ہدایت ہوتی ہے۔ جتنا قوی عمل، اتنا ہی قوی شیطان سالک کے ہمراہ ہوتا ہے۔ جب تک کبائر وصغائر سے باز نہیں آتا، ہدایت جاری رہتی ہے اور یہ قرآن کریم کا کرم ہے کہ اسے ڈھیل پر ڈھیل دیئے جاتا ہے۔ سالک کے دل پر جب اللہ معی کا راز منکشف ہو جاتا ہے اوروہ مکروہات وواہیات حرکات سے تائب ہوکر کلیتاً باز آجاتا ہے، منزل کے انوارات کا نزول ہونے لگتا ہے، کسی اورطرح کبھی نہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّومَ

۱۳۹۷ اللہ کریم ہیں، اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی کریم ہیں اوراللہ کی کتاب قرآن عظیم بھی کریم ہے اور یہ کرم ہی کا صدقہ ہے کہ جب تک کسی کو پورے کے پورے راہ راست پر نہیں لے آتے، ہدایت جاری رہتی ہے فوراً ہی گرفت نہیں کی جاتی، ڈھیل پر ڈھیل دی جاتی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

marfat.com
Marfat.com

۱۳۹۸ بارہ سال سلوک کی ایک منزل ہے، ایک آدمی ایک ہی حال میں بارہ سال رہا پھر دوسرا دور شروع ہوا، اس میں بھی وہ اسی حال میں رہا پھر تیسرا دور شروع ہوا اس میں بھی اس کا حال نہ بدلا گویا اتنی طویل مدت وہ کھرجی میں رہا۔ نیچے گھوڑا اوپر سوار اور سوار کی رانوں کے نیچے کھرجی پھر ایک دن اللہ کی رحمت جوش میں آئی اور اس کا رب کریم اس کی طرف اپنے فضل وکرم سے متوجہ ہوا۔ اسی وقت اس کا حال بدل گیا۔ گزشتہ منازل کے تمام جرائم اور ان کی پردہ دری پیش ہوئی، اس وقت اس کے پاس اس کے سوا کوئی راہ نہ تھی کہ وہ صدق دل سے قالو بلیٰ کے اقرار کی تجدید کرتا، یوں میثاق کے اقرار کو عملی جامہ پہناتا۔ ویسے تو ہر کوئی ہر روز سجدے پر سجدہ کیا کرتا ہے جب کوئی صدق دل سے تائب ہو کر اللہ کے حضور میں سجدہ ریز ہوتا ہے، بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام میں مقبول ہوتا ہے جب اس نے کہا یا اللہ میری توبہ، مجھ کو بخش دے۔ اسی وقت قبول فرمالی گویا نامہ اعمال پر لکیر پھیر دی۔ سیئات، حسنات میں بدل دیئے جس معیت کی جستجو میں وہ سرگرداں تھا طاری ہوگئی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدُ للحیّ القیّوم

۱۳۹۹ یہ سعید ورشید منزل سبحانی تھی ورنہ اگر وہ اللہ کی طرف سے نہ ہوتی اور اللہ کو پسند نہ ہوتی تو وہ اتنی طویل مدت کیونکر کسی ایک ہی حال میں گزار سکتا تھا۔ یہ منزل یہ حال یہ مقام اللہ ہی کی طرف سے اور حکمت پہ مبنی تھا۔ اگر اس کے ساتھ ایسا نہ ہوتا اور ایسا نہ ہوتا آتے ہی گدی پر بٹھا دیا جاتا، فقر کی منزل کے اسرار ورموز کے نکات سے واقف کیوں کر ہوتا؟ شیطان اسے اپنی ہتھیلی پہ نچاتا آسمان تک لے جاتا پھر وہاں جا کر یہ کہتا کہ

اے میرے پٹھے! اب تو ہی بتلا کہ کس بل پر تجھ کو پھینکوں۔ تاریخ شاہد ہے کہ اس سمندر میں بھرے ہوئے بیڑے غرق ہوئے اور جو بھی بیڑا اترا اور کنارے پر لگا، اللہ ہی کے فضل وکرم سے لگا۔

اللّٰه حافظی، اللّٰه ناصری، اللّٰه حاضری، اللّٰه ناظری، اللّٰه معی، فاللّٰه خیرًا حافظًا۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

marfat.com
Marfat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۰ اس نے کہا کہ اربعہ عناصر کی یہ جنگ پوری آب وتاب سے قلبوت میں سالوں جاری رہی شیطان اپنے جری لشکر کے ہمراہ اس کے مدمقابل رہا۔ اس نے اس پر ستر ہزار حملے کئے، جب بھی وہ حملہ کرتا، وہ اس کے ساتھ ہوتے تمام تیروں کو اپنی ڈھال پر دبوچتے جب وہ کسی بھی حملہ میں کامیاب نہ ہوا، گتھم گتھا ہونے کے لئے میدان میں کود پڑا۔ بے دھڑک کود پڑا پھر وہ دونوں ایک دشت میں دست وگریبان ہوئے اور دونوں کی یہ جنگ دیکھنے کا ایک دلکش منظر تھی۔

ایک نے ڈرتے ڈرتے پوچھا کہ جنگ کی یہ داستان دلوں کو گرمائے جا رہی ہے، یہ جنگ کہاں ہوئی؟ کہا ایک سنسان جزیرے میں پھر پوچھا وہ جزیرہ کہاں ہے؟ کہا قلزم میں۔ تیسری بار پوچھا کہ قلزم کہاں ہے؟ کہا کوہ قاف میں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۱ ویسے تو بادشاہوں کی جنگ کبھی ختم نہیں ہوا کرتی، کسی نہ کسی رنگ میں جنگ جاری رہا کرتی ہے۔ حتیٰ کہ قبروں میں جا سمائیں۔ اس میدان میں اللہ نے اپنے دین کے دشمن کو گھٹنوں کے بل گرایا، منہ کے بل لٹایا اور ناکامی کے کلنک کا ٹیکہ اس کے ماتھے پر لگایا۔ اس نے اپنی ناکامی کی شرمندگی میں اپنی ناک پر خاک اور سر پر راکھ ڈالی جہاں اس نے شکست کھائی تھی وہیں بیٹھا اپنے سر پر راکھ ڈالتا رہا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّهٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ آمین

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۲ اللہ اکبر اللہ کبر، اللہ بڑا ہے، بہت ہی بڑا، ہر بڑے سے بڑا۔ جو جنگ اللہ ہی کے لئے لڑی جاتی ہے، فتح یاب ہوتی ہے۔ اللہ مالک الملک، قوی العزیز اور قادر المقتدر ہے۔ اللہ کے سامنے کون

marfat.com
Marfat.com

کھڑا ہونے کی تاب لاسکتا ہے؟

خناس وشیطان کی جنگ عالمی جنگ سے کہیں زیادہ پیچیدہ، مشکل، خوفناک وخطرناک ہوتی ہے۔ روح کو رحمن کی حمایت حاصل ہوتی ہے اور نفس کو شیطان کی، شیطان لعین وملعون وراندہ درگاہ ہے، رحمن کی حمایت پر حاوی نہیں ہوسکتا۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۳ جو کام اللہ کے لئے کئے جاتے ہیں، کبھی نہیں بگڑتے، کامیاب ہوتے ہیں جو دوستی اللہ کے لئے کی جاتی ہے، اللہ کے سوا کوئی اور غرض وغایت نہیں ہوتی، ہمیشہ قائم رہتی ہے، کبھی ختم نہیں ہوتی جو دشمنی اللہ کے لئے کی جاتی ہے اسے اللہ کی پوری حمایت حاصل ہوتی ہے جو خیرات اللہ کے لئے کی جاتی ہے، نام ونمود سے پاک ہوتی ہے۔ مقبول ہوتی ہے، کڑوی بیل کی طرح پھلتی اور پھولتی ہے، سداہری بھری رہتی ہے، کبھی نہیں مرجھاتی۔

جو بیڑے اللہ ہی کے توکل پر سمندر میں ٹھیلے جاتے ہیں، صحیح وسلامت ساحل پر پہنچ جاتے ہیں، کسی گرداب میں کبھی نہیں پھنستے اور نہ ہی کوئی موج انہیں ڈبوسکتی ہے جو زندگی اللہ کے کاموں کے لئے اللہ کی بارگاہ میں پیش کردی جاتی ہے، کبھی ضائع نہیں کی جاتی۔ نگارخانہ دہر میں نمونے کا مقام رکھا کرتی ہے جو کام اللہ ہی کے توکل پر شروع کئے جاتے ہیں، اللہ ہی ان کے وکیل، وکفیل ونصیر ہوتے ہیں، کسی بھی معاملہ میں کسی اور کے محتاج نہیں ہوتے۔ ماشاءاللہ بخیر واحسن سرانجام پاتے ہیں۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰهُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۰۴ ایمان مومن کا معاون اور توکل متوکل کا متکفل ہوتا ہے۔

انی توکلت علی اللّٰه ربی و رب کل شی ء و ملیکه اللهم اجعلنی ممن توکل علیك فکفیته واستهدک فهدیته واستنصرک فانصرته۔

marfat.com

Marfat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۰۵ سعادت شجر شہادت ثمر ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۶ حرام کی کمائی میں برکت نہیں ہوتی جس راستے سے آتی ہے، اسی راستے چلی جاتی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۷ حلال کی کمائی کا لقمہ قوت، صحت و رفعت کے لئے کافی ہوتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۸ اتفاق نیکی کی اور نفاق بدی کی جڑ ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۰۹ مقروض کی خیرات نہیں لگا کرتی، مقروض پہلے اپنا قرض ادا کرے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۱۰ فرائض بمنزلہ قرض اور نوافل بمنزلہ خیرات ہیں، ہزاروں نوافل بھی ایک فرض کی ادائیگی کے لئے کافی نہیں ہوتے جو باتیں اللہ نے بندوں پر فرض کی ہیں پورا کر کے پھر آگے چلیں۔
اگر کوئی ہر نماز کے آگے یا پیچھے فرض نمازیں جو قضا ہو چکی ہوں، دہرائے ہزاروں نوافل سے زیادہ ثواب پائے۔ مثال کے طور پر ظہر کے چار فرض ہیں، ظہر کی نماز سے پہلے یا بعد میں چار فرض قضا عمری پڑھے یعنی ظہر کی جو نمازیں تیری قضا ہو گئی ہوں اسے دہرا، کسی بھی آدمی کو صحیح معلوم نہیں ہوتا

Marfat.com

کہ اس کی کتنی نمازیں قضا ہوئی ہیں پس اس حال میں ساری عمر فرض نماز کے ساتھ قضا فرض نماز کو دہرانا فرائض کی ادائیگی کی سہل ترین و بہترین سبیل ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۱ ساری خدائی خدا ہی کی مخلوق ہے، عاجز و ناتوان، بے کس و بے بس مجبور و محکوم کسی بھی مخلوق کو کسی بھی مخلوق پر کسی بھی قسم کی کوئی قدرت حاصل نہیں مگر اللہ کے حکم سے فقط اللہ کے حکم سے جب تک حکم نہیں ملتا، کوئی کچھ بھی کرنے پر قدرت نہیں رکھتا۔ اللہ کا حکم سدا جاری ہے۔ ہر جا جاری ہے، کسی کو بھی دم مارنے کی جرأت نہیں، یہاں تک کہ جبرائیل کو بھی نہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۲ اللہ تبارک وتعالیٰ احد الصمد، قوی العزیز، جبار القہار، قادر المقتدر اور مالک الملک ہے۔
ساری خدائی مل کر بھی خدا کو کچھ نہیں کر سکتی، نہ نفع پہنچا سکتی ہے نہ نقصان۔ خدائی جب خدائی کا دعویٰ کرتی ہے خدا ہنستا ہے، ہاتھی کے مقابلے میں کسی ہاتھی کو نہیں، ایک چھوٹی سی چڑیا کو حکم دیتا ہے کہ اس سرکش کو ملیا میٹ کر دو اور یہ خدا کی قدیم عادت ہے۔ ساری خدائی کے لئے خدا کا ایک اشارہ کافی ہے۔ ہر شے کا ہونا نہ ہونا اللہ ہی کے قبضہ قدرت میں ہے جسے اللہ دے اسے کوئی روک نہیں سکتا جسے نہ دے اسے کوئی دے نہیں سکتا۔ جسے اپنے قریب کر لے اسے کوئی دور نہیں کر سکتا جسے وہ دور کر دے اسے کوئی قریب نہیں لا سکتا جسے عزت دے اسے کوئی ذلیل نہیں کر سکتا جسے ذلیل کرے اسے کوئی عزت نہیں بخش سکتا۔
کوئی بھی اللہ کی کسی بھی چیز کو کبھی گرا نہیں سکتا، مٹا نہیں سکتا، ہرا نہیں سکتا، دبا نہیں سکتا، بھگا نہیں سکتا، دھمکا نہیں سکتا، بہکا نہیں سکتا اور نہ ہی ڈرا سکتا ہے۔ اللہ اپنے کاموں کا آپ ہی وکیل و کفیل و نصیر ہوتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۳ اللہ بڑا ہے، بہت بڑا ہے، بہت ہی بڑا، رحمن ورحیم، حی القیوم، ذوالجلال والاکرام اپنے بندے سے کچھ بھی نہیں چاہتا مگر یہ اور صرف یہ کہ بندہ صدق دل سے یہ کہہ دے کہ یااللہ! تو میرا رب وحدہ لاشریک اور میں تیرا عاجز ومسکین، گناہگار وخطا کار بندہ ہوں۔ تیرے سوا تیری قسم تیرے اس بندے کا نہ کوئی دوسرا رب ہے اور نہ ہی یہ کسی اور رب کا بندہ ہے۔ یااللہ! تیرا یہ ناچیز بندہ تیری ذات وصفات میں کسی کو بھی مطلق شریک نہیں ٹھہراتا، اس وقت یہ بندہ بے شک اللہ کی رحمت کی آغوش میں ہوتا ہے، یہ اللہ کا اور اللہ اس کا ہوتا ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۵ علم سیکھا جاتا ہے، حکمت سکھائی جاتی ہے، علم کسبی اور حکمت وہبی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۶ علم کا وجود ہوتا ہے علم کا وجود اپنے شہود سے عمل ظاہر کیا کرتا ہے، تسلسل عمل سے عمل کا وجود قوی ومحکم ہوکر عامل کا معین ومعاون ہوتا ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۶ ناغہ عمل کو ناقص اور ناغے عمل کو باطل کرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۷ سلوک کی جس منزل میں قرآن کریم کی منزل نہیں ہوتی، پر کیف نہیں ہوتی۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۸ قرآن کریم کی تلاوت قوی العمل ہے، قرآن کریم نور ہے۔ قرآن کریم سلوک کی منزل کی روشنی ہے۔ قرآن کریم کی تلاوت اللہ ہی کی توفیق سے کی جاسکتی ہے۔

باقاعدگی سے قرآن کریم کی تلاوت کسی قسمت والے ہی کو عنایت ہوتی ہے۔ ذرا سی غلطی پر قرآن کریم کی تلاوت کی توفیق چھین لی جایا کرتی ہے گویا قرآن کریم کے قاری کو فوراً ہی گناہ کی سزا دی جایا کرتی ہے۔ جتنے دن کی سزا ہوتی ہے، تلاوت سے محروم رہتا ہے۔ سزا جب ختم ہو جاتی ہے، تلاوت کی توفیق لوٹا دی جاتی ہے۔ سبحان اللہ قرآن کریم کی تلاوت کے انوارات کے کیا کہنے۔ مثلاً جیسے کہ اللہ نے جبرائیل علیہ السلام کو سنایا جیسے کہ جبرائیل علیہ السلام نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنایا یا جیسے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو سنایا پھر درجہ بدرجہ اللہ کے بندوں نے اللہ کے بندوں کو سنایا، قرآن کریم کی تلاوت ایسے ہے جیسے کہ کسی نے اللہ سے بالمشافہ گفتگو کی، ماشاء اللہ الحمدللہ۔

قرآن کریم کی تلاوت کے نور کا جلال جنات وشیاطین کو جلا دیتا ہے کوئی بھی تاب نہیں لاسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۱۹ جنت کا معیار اتنا بلند ہے کہ کوئی بھی آدمی عمل کے اعتبار سے جنت کا مستحق نہیں ہوسکتا اور نہ ہی کوئی جنتی ہونے کا دعویٰ کرسکتا ہے۔ جنت اللہ کی عطا ہے اللہ جسے چاہے عطا کرے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۲۰ شکوہ بندوں کی عادت بن چکا ہے۔ غور سے سوچیں تو تندرستی اور آزادی زندگی کی دو بڑی نعمتیں ہیں۔ ہر کسی کو حاصل ہیں، ہم ان کا شکر نہیں کرتے، نہ ہی قدر کرتے ہیں، تندرستی کی قدر بیمار کو اور آزادی کی قدر قیدی کو ہوتی ہے۔ بیمار کو صرف صحت کی طلب ہوتی ہے۔ اس کی نظروں میں کوئی اور نعمت صحت سے بہتر نہیں ہوتی۔ اسی طرح قیدی جب آزاد بندوں کو پھرتے دیکھا کرتا ہے، حسرت زدہ ہو کر آرزو کرتا ہے۔ کاش! وہ بھی آزاد ہوتا اور اپنی مرضی سے جہاں چاہتا جا سکتا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کلمہ شکر اور بہترین دعا ہے۔

ہر نعمت پر الحمد للہ رب العالمین ماشاء اللہ کہنے کی عادت بنالیں اور حاضر دل سے اللہ کی نعمتوں کا شکر یں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۱ پردہ پوشی اللہ کی بہت بڑی صفت ہے، ساری مخلوق کے سارے گناہوں کو دیکھتا ہے، پردہ پوشی فرماتا ہے رسوا نہیں کرتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۲ بندوں کی روزی مقدور ہے، رازق کے سوا کسی کو بھی رزق پر کوئی تصرف حاصل نہیں۔ جتنی روزی اللہ نے اپنے بندے کی قسمت میں لکھی ہوتی ہے کھا کر مرتا ہے۔ اپنی روزی کا ایک بھی دانہ چھوڑ کر نہیں مرتا، روزی روز ملتی ہے، کم وبیش نہیں ہوسکتی البتہ جس روزی میں اللہ برکت ڈال دیتے ہیں اگرچہ تھوڑی ہو کبھی ختم نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۳ عقیدت، ادب، اطاعت اور خدمت کبھی ناکام نہیں ہوتیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۴ محبت فطرت ہے، فطرت کبھی محبت کو نہیں ٹھکراتی اگرچہ وہ ایک کتے کے دل میں ہو۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۵ ایک حاجی کعبہ کی چوکھٹ کو تھامے یہ کہہ رہا تھا کہ
اے میرے رب! میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ جس اخلاص سے مجھ کو تیرے اس در پر حاضر ہونا چاہئے تھا مجھ میں نہیں۔
میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ جس قسم کا زادراہ مجھ کو تیری راہ میں خرچ کے لئے لانا چاہئے تھا میرا ویسا نہیں۔
میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ مجھ کو جو کام تیرے در پر آ کر کرنے چاہئیں تھے نہیں کئے البتہ میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ میں کتنا پینڈا کر کے تیرے در پر پہنچا ہوں تو مجھ پر راضی ہو جا اور مجھ کو بخش دے، آمین۔

حاجی کے اس آخری جملہ پر حجاج پر رقت طاری ہوگئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۶ للھیت فقیروں کا آبائی ورثہ ہوتا ہے، وہ دنیا میں جو کچھ بھی کیا کرتے ہیں، اجر و اجرت سے بے نیاز ہو کر اللہ ہی کے لئے کیا کرتے ہیں، کوئی اور غرض و غایت نہیں ہوتی اور نہ ہی اللہ کے فقیروں کے بغیر کسی دوسرے کو للھیت کے مقام پر گزر ہوتا ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۷ بدی کے بعد نیکی بدی کا کفارہ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۴۲۸ بندوں کے دل پتھر سے بھی سخت ہوتے ہیں، اللہ کے ذکر کے سوا کسی اور چیز سے کبھی نرم نہیں ہوتے بے شک ذکر الٰہی دل کے جملہ امراض کا علاج اور اللہ کے ساتھ دوستی کی جڑ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۲۹ ولایت، نبوت کی قائم مقام اور نبوت حضرت آدم علیہ السلام کی ساری اولاد کی ہدایت ورہنمائی کی ضامن وذمہ دار ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۰ مخمور ہوکر سونا اور مسرور ہوکر اٹھنا ہونہار بچوں کی دو فطری حالتیں ہوتی ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۱ اللہ سے تعلق ہر تعلق سے مستغنی و بے نیاز کر دیتا ہے، جتنا کوئی اللہ کے قریب ہوتا ہے اتنا ہی دنیا سے دور ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۲ حق کا انکار اور باطل کا اقرار عین کفر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۳ ایک دیوانہ دنیا سے تنگ آ کر جنگل میں جا بسا، اس کی ایک ہرن سے دوستی ہوگئی۔ اس نے دیکھا کہ وہ ہرن دن رات بھاگا بھاگا پھرتا رہتا ہے نہ دن کو آرام کرتا ہے نہ رات کو۔ ایک دن اس نے ہرن سے پوچھا کہ میں نے تجھے کبھی رات کو سوتے اور دن کو آرام کرتے نہیں دیکھا تو کس حال میں مبتلا ہے؟

ہرن نے جواب دیا:

اللہ نے میرے اندر مشک رکھا ہوا ہے میں اس مشک کی مہک کے خمار میں شب و روز مست رہتا ہوں نہ مجھے نیند آتی ہے، نہ تھکتا ہوں، نافہ کی بھینی بھینی خوشبو میرے تن و من میں اس قدر سرایت

marfat.com
Marfat.com

کر چکی ہے کہ میں اس کے نشے میں مدہوش رہتا ہے۔
پھر اس ہرن نے اپنے دوست دیوانے سے پوچھا کہ یہ بات جو تو نے مجھ سے پوچھی ہے کئی دن ہوئے میں تجھ سے پوچھنے کو تھا تو کہتا ہے کہ تو اللہ کی یاد کے لئے بستی سے جنگل میں آیا تو اللہ اللہ تو کرتا ہے لیکن اللہ کی جستجو میں دیوانہ وار نہیں پھرتا۔ ہرن نے دیوانے سے کہا:
میرے اندر مشک ہے اور تیرے اندر اللہ، میں مشک کے نشے میں مدہوش رہتا ہوں اور تجھے اللہ کا پتہ ہی نہیں۔ دیدار کی تمنا کا شوق تجھے اللہ کی ملاقات پر مجبور کیوں نہیں کرتا؟ تم اس کی جدائی میں بے چین کیوں نہیں رہتے؟
ہرن کی یہ ملاقات کایا پلٹ ثابت ہوئی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۴ تیرا دلبر دل میں ہے، تیرے دل کو پتہ نہیں۔ ہر دل میں دلبر ہے، کوئی بھی دل دلبر سے خالی نہیں لیکن کسی بھی دل کو یہ پتہ نہیں کہ وہ دل میں ہے اگر یہ راز ہر کسی پر منکشف ہو جائے کائنات کا نظام درہم برہم ہو جائے۔

الانسان سری و انا سرہ کی تشریح میں صوفیائے عظام نے اکثر یہی کہا ہے کہ

چپ کر دڑ وٹ جا نہ عشقے دا کھول خلاصہ
چمڑی لیہہ جاؤ گی لوکاں دا ہو جاؤ ہاسا

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۵ آندھی جب آ جاتی ہے، چل کر رہتی ہے اور آندھی سے تمام درخت نہیں کہیں کوئی شاخ ٹوٹا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۳۶ جو پامال ناز ہوا، سرفراز ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۷ امراء حرص کے غلام اور فقراء حرص کے حاکم ہوتے ہیں، حرص کو ایک ناچیز لونڈی سمجھ کر کبھی بھی دل کے اندر داخل ہونے نہیں دیتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۸ فقراء سوکھی روٹی کھا کر شکر کرتے ہیں اور امراء کھانوں کے پکوان پر شکوہ، معدہ کی جملہ امراض روغنی غذاؤں کی پیداوار ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۳۹ جو بھیڑ ریوڑ سے علیحدہ ہو جاتی ہے، بھیڑیئے کا شکار ہو جاتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۰ سارا مال کسی کا بھی پاک نہیں ہوتا اگرچہ مزدور کا ہو زکوٰۃ وصدقات وخیرات ہی مال کو پاک کیا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۱ نعمت کے چھننے پر افسوس ہوا کرتا ہے نہ ملنے پر نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۲ کبھی ناپاک پرندوں کا بھی کسی نے شکار کیا، شکاری پاک پرندوں ہی کے پیچھے مارے مارے پھرا کرتے ہیں۔ پرندہ اپنی جان کو بچانے کی پوری کوشش کرتا ہے لیکن جب مار لیا جاتا ہے پھر اس کی ایک ہی تمنا ہوتی ہے کہ صیاد اسے اپنی ہنڈیا میں پکالے اور کھالے پھر یہ سوچ کر کہ اس کی جان

marfat.com
Marfat.com

ایک جان کے کام آئی، خوش ہوجاتا ہے، یہی ایک زندگی کا مقصد ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۳ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
جس شخص نے ہر روز ایک بار یہ کہا کہ:

سُبْحَانَ الْقَآئِمِ الدَّآئِمِ، سُبْحَانَ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ، سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی، سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی۔

تو وہ شخص موت سے پہلے اپنا ٹھکانہ جنت میں دیکھ لے گا یا کسی اور کو دکھا دیا جائے گا۔

کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۰۵ شمار ۸۹۸ ۳ ترتیب شریف صفحہ ۴۹۴

تسبیحات کے بے شمار صیغہ جات ہیں، یہ صیغہ سرفہرست رائج فی الدار الاحسان اور بلوغ الی المرام ہے۔ ماشاءاللہ۔

اپنے قاری کو مطمئن کر دیتا ہے، مسرور کر دیتا ہے اور مخمور کر دیتا ہے۔

ماشاءاللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۴ نفس کی بے آرامی اور بے قدری دل کی بیداری کا واحد ذریعہ ہے، نفس جب اللہ کی راہ میں بے آرام ہوجاتا ہے، بے قدر ہوجاتا ہے، اللہ کے فضل وکرم سے سویا ہوا دل بیدار ہوجاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۵ جو بھی اپنے مالک کے لئے بے آرام ہوا، بے قدر ہوا، مالک نے اس کی وفاداری پر اسے مقتدر کیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۴۶ کیا اللہ کو اپنے اس بندے کی جو اس کی راہ میں بے آرام ہوا اور بے قدر کوئی بھی پرواہ نہیں ہوتی؟
یہ پرواہ تو ایک ٹکڑے کو بھی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۷ دین اپنے داعی کی توہین پہ اگرچہ وہ حکمت پر مبنی ہوتی ہے، آنسو بہتا ہے۔ اللہ کی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام میں استغاثہ کرتا ہے، وکالت کرتا ہے، اللہ کی راہ میں نکلنے اور سفر کرنے والے دین کے مبلغ کی ہر شے جان، مال، عزت اللہ ہی کے حوالے ہوتی ہے جو اس راہ میں جتنا بے قدر ہوا، اتنی ہی اللہ نے اس کی قدر کی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۸ آمد اور آورد میں کوئی نسبت نہیں، زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۴۹ بے دل نہ ہو۔
جب تک مسلمان مائیں بچے جنتی رہیں گی صلاح الدین ایوبی اور ٹیپو سلطان کے پھر سے آنے کی امید ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۰ زبان کو جھوٹ سے، نگاہ کو خیانت سے، عمل کو ریا سے اور دل کو نفاق سے پاک رکھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۱ پھر یہ زبان اللہ کی تلوار، آنکھیں جمال و جلال کا مرکز، عمل کن فیکون اور دل عرش رحمن ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۵۲ دیدار کی لذت لذتوں کی سردار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۳ بندہ جب تمام علائق سے کلیتاً منقطع ہو کر اپنے اللہ کو پکارتا ہے، فریادی کی فریاد فوراً سنی جاتی ہے، ذرا بھی دیر نہیں لگتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۴ مکروب کی پکار ایک کافر کو بھی حمایت پر آمادہ کر دیتی ہے، رب کو کبھی کسی نے نہیں پکارا۔ جب بھی کسی نے پکارا، سبب کو پکارا ورنہ رب اپنے کسی بندے کی کسی پکار کو کبھی رد نہ فرمائے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۵ ایک سکھ ایک مسلمان کی ہتک کر رہا تھا، برا بھلا کہہ رہا تھا۔ کود کود کر اس کی طرف لپک رہا تھا، مسلمان بیچارہ یہی کہہ رہا تھا کہ منہ سنبھال کر بول۔ میں نے تیرا کیا بگاڑا ہے؟ جب وہ کسی منت سماجت سے باز نہ آیا تو ایک سکھ ہی کو اس کے حال پر ترس آیا اور اس کی حمایت پر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا کہ خبردار اگر اسے کچھ کہا، میں اس کا حمایتی ہوں۔ یہ سن کر اس کا جوش سرد پڑ گیا، حمایتی کا جذبہ تو اللہ نے بندوں میں بھرا ہوا ہے، اللہ کی حمایت کے کیا کہنے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۶ تیرے فیصلوں کو خندہ پیشانی سے تسلیم کرنا ہی ہم گناہگاروں کی ایک امید افزاء عبدیت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۷ نیکی اور بدی ایک ہی شہر کے دو بڑے بازار ہیں، ہر کوئی عمر بھر ان ہی دو بازاروں میں گھوما کرتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

بدی کا بازار اگرچہ آمدورفت کے لئے ممنوع ہے پھر بھی ہم اس میں داخل ہونے سے باز نہیں رہتے، بالکل نہیں رہتے۔

جب تک تو یہ بازار اپنے بندوں پر بند نہیں کرتا، بندے اس میں جانے سے کبھی بند نہیں ہوتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۸ ہم نیکی اور بدی کے دونوں بازاروں میں پھرنے والوں کا حال عجب حال ہے، اول تو کسی ایسی نیکی پر ہمیں گزر ہی نہیں جو تیری بارگاہ میں مقبول ہو اگر کہیں ہے تو دوسرے ہی دن بدی اس نیکی کو کھا جاتی ہے، یہاں تک کہ بدی کا پلڑا نیکی کے پلڑے پر بھاری ہو جاتا ہے۔

یا اللہ! ہمیں کسی ایسی نیکی کی توفیق بخش جو ساری بدیوں پر حاوی ہو اور ساری بدیوں کو یکسر مٹا دے، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۵۹ قتل کی تمام وارداتیں زندوں کی عبرت کے لئے ہوتی ہیں لیکن کسی واقعہ سے بھی کوئی عبرت حاصل نہیں کرتا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار،

الحَمْدللحیّ القیّوم

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا سَیِّدِنَا مُحَمَّدًا ﷺ مَّاھُوَ اَھْلُہٗ

۱۴۶۰ جس کے پاس اللہ نہیں، اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۱ اس کے پاس محبت تھی اور کچھ بھی نہ تھا گویا سب کچھ تھا، تیرے پاس سب کچھ ہے ایک محبت نہیں گویا کچھ بھی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com

Marfat.com

۱۴۶۲ جو خیال دین کی تائید میں ہو رحمانی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۳ جس خیال کی تصدیق دین نہیں کرتا شیطانی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۴ نبی کے گھر کی ہر شے نبوت کی گواہی دیا کرتی تھی، ہر شے میں نبوت کا نور پوری آب و تاب سے جلوہ گر ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۵ اللہ کی رحمت جب بھی نازل ہوئی اور جہاں بھی ہوئی، خصلت پر ہوئی اور حضرت آدم علیہ السلام کی ساری اولاد کے سارے تذکرے خصلت ہی کے تذکرے ہیں اور سب سے بہتر خصلت ملی اتحاد ہے۔ جب بھی کوئی قوم ایک مرکز پر متحد ہو کر ملی تعمیری کاموں میں محو عمل ہوئی، اسی وقت اس پر رحمت نازل ہوئی اگرچہ وہ ڈڈو، کچھوا کھانے والے، کنگڑے ہی کیوں نہ ہوں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۶ جدوجہد کے ساتھ اگر قابلیت بھی ہو تو نورٌ علیٰ نور ہے ورنہ جدوجہد قابلیت کی محتاج نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۷ قابلیت بڑی چیز ہے لیکن جدوجہد کے مقابل کوئی چیز نہیں۔ ہر کام کی کامیابی قابلیت پر نہیں، جدوجہد پر موقوف ہوتی ہے۔ جدوجہد قابلیت کی کمی کو پورا کر دیتی ہے لیکن قابلیت اگرچہ کتنی بلند ہو، جدوجہد کی کمی کو پورا نہیں کر سکتی۔ جدوجہد قوموں کی زندگی، عروج کی ضامن اور فطرت کی پکار ہے، جدوجہد امر کن فیکون کی عملی تفسیر کا دوسرا نام ہے، جدوجہد تیز روسیلاب سے بھی کہیں تیز ہوتی

marfat.com
Marfat.com

ہے، کسی بھی رکاوٹ کو اپنی راہ میں حائل ہونے نہیں دیتی۔ جدوجہد کی راہ کوئی رکاوٹ کبھی روک نہیں سکتی۔

ہاتف نے کھلے الفاظ میں تائید کی کہ تو سچ کہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۸ کبھی کبھی اللہ تعالیٰ مسلمان کو عبرت دلانے اور اتحاد کی اہمیت کے فوائد بتانے کیلئے دینا بھر کی گری ہوئی قوم کو اتحاد کی توفیق بخش دیتا ہے اور وہ متحد ہو کر دنیا بھر پر چھا جاتی ہے اور تو اے اقوام عالم کے رہنما نوجوان نہ معلوم کیوں ان ملت شکن سرگرمیوں میں محول عمل ہے، تیرا ذہن ان واہیات باتوں سے کیوں پاک نہیں ہوتا، اس کا جواب اپنے دل سے پوچھ، اس سے مت پوچھ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۶۹ جس طرح بادشاہ اپنی رعیت کے کارناموں کی تحسین بلاتمیز اعلیٰ وادنیٰ کیا کرتے ہیں، کسی کی بھی کارگزاری کو نظرانداز نہیں فرماتے، اسی طرح میرے مولائے کریم جو کل کائنات کے رب ہیں، رب رحمن ورحیم، رب ذوالجلال والاکرام، مالک السموات والارض اپنی کسی مخلوق کی کسی نیکی کو رد نہیں فرماتے۔ معمولی سی نیکی کو قبول فرما کر اجر عنایت فرمایا کرتے ہیں۔ اللہ حق ہے کبھی ناحق نہیں کرتا اگر اللہ رب العالمین اپنی کسی مخلوق کے اتحاد کی تحسین نہ فرماتا اور متحد ہونے والوں کی دلجوئی نہ کرتا تو اتحاد کی عظمت کو بڑی ٹھیس لگتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۰ ساری عمر دنیا کی مذمت کرتے گزری، خود دنیا کی ایک بھی چیز نہ چھوڑ سکے۔ اسی طرح لوگوں کو برائی سے باز رہنے کی تلقین میں عمر گزاری، خود بالکل باز نہ رہے۔ ہمارا یہ حال اصلاح طلب ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ وَلَاتَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْن، آمین۔

marfat.com

Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۱ جو یہ کہے کہ اس سے میں کیا فائدہ لوں، دوست نہیں مطلب پرست ہے۔ دوست دوست کو فائدہ پہنچایا کرتے ہیں لیا نہیں کرتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۲ ذکر میں اضافہ کر، مال کوئی شے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۳ رشوت، سود، جوا، بخل اور بھیک انسان کی شرافت کو پامال کر دیتے ہیں۔
ان برائیوں کو اختیار کر کے آدمی کاہل، بزدل، آرام طلب اور خودغرض بن جاتا ہے اور بالآخر قعر مذلت میں گر کر اپنے دشمن کے آگے گردن جھکا دیتا ہے۔ ایک غیرت مند انسان ان برائیوں کے مقابلے میں موت کو پسند کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

# كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ط

۱۴۷۴ ہر ذی روح موت کا مزہ چکھنے والا ہے۔

تیرا اصلی گھر قبر ہے جو تجھ کو ہر روز تین تین بار پکارتی ہے کہ

اے فرزند آدم!

میں وحشت کا مکان ہوں۔

میں تنہائی کا مقام ہوں۔

میں اندھیری کوٹھڑی ہوں۔

میں خاک اور دھول سے پر ہوں۔

میرے اندر سانپ اور بچھو ہیں۔

تو میری پیٹھ پر چلتا پھرتا ہے، میرے اندر آ کر تو ہل بھی نہ سکے گا۔

تو میری پیٹھ پر حرام کھاتا ہے، میرے اندر تجھے کیڑے کھائیں گے۔

تو میری پیٹھ پر دن رات گناہ کرتا ہے، میرے اندر سخت عذاب پائے گا۔

تو میری پیٹھ پر ہنستا کھیلتا ہے، میرے اندر روئے گا اور چلائے گا۔

تو میری پیٹھ پر خوشیاں مناتا ہے، میرے اندر سخت غمگین ہوگا۔

تو میری پیٹھ پر غرور اور تکبر کرتا ہے، میرے اندر سخت ذلیل و خوار ہوگا۔

تو میری پیٹھ پر دوستوں اور آشناؤں کے ساتھ چلتا پھرتا ہے، میرے اندر بالکل اکیلا اور تن تنہا ہوگا۔

تو میری پیٹھ پر برے عمل کرتا ہے، میرے اندر تجھے برے عملوں کی نسبت پوچھا جائے گا۔

تو میری پیٹھ پر فضول بکواس کرتا ہے، میرے اندر چپ چاپ اور گونگا ہو جائے گا۔

تو میری پیٹھ پر اپنی حالت میں مست ہے، میرے اندر آ کر حیران اور پشیمان ہوگا۔

اب تو جاگ!

میری پیٹھ پر مہلت کو غنیمت جان اور نیک عمل کر لے۔

marfat.com

Marfat.com

قرآن کریم کی تلاوت کو اپنا مونس بنا۔
نماز تہجد کو میرا چراغ تیار کر کے ساتھ لا۔
خوف الٰہی سے روتا رہ، کثرت سے ذکر لا الہ الا اللہ کرتا رہ تا کہ منکر نکیر کے سوالوں کے جواب تم پر آسان ہو جائیں۔
جو شخص اکثر موت کو یاد کرتا ہے، وہ تین چیزوں سے نوازا جاتا ہے۔
اسے توبہ بہت جلد نصیب ہوتی ہے۔
اس کے نفس کو قناعت حاصل ہوتی ہے۔
عبادت میں نشاط و سرور اور فرحت پیدا ہوتی ہے۔
موت اگرچہ ایک بڑی جانکاہ مصیبت اور جگر خراش صدمہ ہے لیکن سب سے زیادہ بڑا صدمہ اور رنج موت سے غافل رہنا اور اس کے لئے کوئی توشہ فراہم نہ کرنا ہے۔
حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ملک الموت ہر دن میں ستر بار بندوں کے چہروں پر نظر ڈالتے رہتے ہیں۔
اے کاش!
کہ مخلوق پیدا ہی نہ ہوتی اور اگر پیدا ہوئی تھی تو کاش انہیں معلوم ہوتا کہ کس کام کے لئے پیدا ہوئی ہے۔

الحمد للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
مَرَاقَبَۃُ الْمَعِیَّۃَ بَعْدَ کُلِّ صَلٰوۃٍ

یعنی

۱۴۷۵ ہر نماز کے بعد چلتے پھرتے اس امر کو مدنظر رکھنا کہ میرا اللہ میرے ساتھ ہے۔

فوق

اللہ تعالیٰ جل جلالہ

اوپر

marfat.com
Marfat.com

امام

حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سامنے

یمین

شیخ المشائخ حضرت عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

دائیں

یسار

بائیں شَیْخَنَا اَوْشَیُوْخَنَا

فی القلب

ذِکْرُ اللہ

دل میں

ثم یکون بفضل اللّٰہ تعالیٰ و کرمہ لسانہ لسان اللّٰہ تعالیٰ و بصرہ بصر اللّٰہ تعالیٰ و سمعہ سمع اللّٰہ و یدہ یداللّٰہ و ارادتہ ارادتہ اللّٰہ و ھذا مقام کن فیکون۔ ان شاء اللّٰہ تعالیٰ العزیز، و ما توفیقی الا باللّٰہ۔

پھر اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ زبان اللہ کی زبان، یہ آنکھ اللہ کی آنکھ، یہ کان اللہ کے کان، یہ ہاتھ اللہ کے ہاتھ، اور ارادہ اللہ کا ارادہ ہوتا ہے اور یہی کن فیکون کا مقام ہے۔

۱۴۷۶ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے، ان کا ان کی سنت مطہرہ پر عزم و استقلال سے کاربند رہنا ایسا ہی ہے جیسے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ رہے ہیں اور یہی مراد ہے اس بات کی کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے سامنے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْم

فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۷ حضرت جنید بغدادیؒ کس درسگاہ کے فارغ التحصیل تھے؟ حضرت جنید شاہی اکھاڑے کے نامور پہلوان

marfat.com

Marfat.com

تھے۔اہل بیتؑ کے ایک فرد کی تعظیم کی بدولت سید الطائف کہلائے لیجئے اب پورا قصہ سنیئے۔

بغداد میں ایک سید صاحب رہتے تھے جو نہایت عسرت اور تنگدستی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ان کی بچی جوان تھی لیکن اتنی استطاعت نہ تھی کہ وہ اس کی شادی کر سکیں۔آپ کو ایک تدبیر سوجھی کہ شاہی پہلوان سے کشتی لڑنے کا اعلان کر دیا۔ان کے اس اعلان سے شہر میں تہلکہ مچ گیا کیونکہ شاہی پہلوان جنید سے مقابلے کی کسی کو جرأت نہ تھی۔لوگوں نے انہیں سمجھایا کہ وہ اس اعلان سے دست کش ہو جائیں اور جنید سے کشتی لڑنے کا ارادہ ترک کر دیں لیکن وہ اپنے ارادے پر ڈٹے رہے بالآخر بادشاہ کے حکم پر کشتی کا اعلان کر دیا گیا۔دونوں پہلوان لنگر لنگوٹ باندھ کر میدان میں اترے۔لوگ حیران تھے کیونکہ وہ سیدزادہ کسی بھی لحاظ سے جنید کا مدمقابل نہ تھا۔دونوں پہلوانوں نے آگے بڑھ کر حسب دستور ہاتھ ملائے تو سیدزادے نے جنید کے کان میں کہا کہ اے جنید! تو بے شک بہت بڑا پہلوان ہے اور بہت بڑی طاقت کا مالک ہے، میں تمہارا مقابلہ کسی بھی طرح کرنے کا اہل نہیں ہوں لیکن کیا کروں، سخت پریشان ہوں اور میری مجبوری ہے جس نے مجھے تم جیسے شہ زور سے کشتی لڑنے پر اکسایا ہے۔

اے جنید! سن میں ایک سیدزادہ ہوں، اس قدر مفلوک الحال ہوں کہ اپنی جوان بیٹی کی شادی سے بھی معذور ہوں اگر آج اس میدان میں تو میری لاج رکھ لے اور ہار مان لے تو اس انعام واکرام سے جو مجھے ملے گا اپنی بچی کے فرض سے سبکدوش ہو سکوں گا اور آج کے بدلے قیامت کے دن میں اپنے نانا سے تمہارے بھرپور سفارش کروں گا۔

یہ بات سن کر جنید نے ایک لمحہ سوچا، بات سینے میں اتر گئی، فوراً سیدزادے کے اس معاہدہ پر رضامندی کا اظہار کر دیا۔کشتی شروع ہوگئی، داؤ پیچ چلنے لگے اور پھر لوگوں نے دیکھا کہ شاہی پہلوان جنید جس کی قوت اور ہیبت سے بڑے بڑوں کے پتے پانی ہو جاتے تھے، ایک کمزور سے شخص کے ہاتھوں میدان میں چت پڑا تھا۔شاہی خزانے سے سیدزادے کو خوب نوازا گیا۔جنید سرنگوں ایک طرف بیٹھا تھا، لوگ جنید کی شکست پر طرح طرح کی قیاس آرائیاں کر رہے تھے۔

رات کو جنید نے خواب میں دیکھا کہ حضور سرور کائنات آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اے جنید! تو نے میرے تعلق کی لاج رکھی تو نے میری نسبت کی عزت کی خاطر شکست کا داغ لیا تو

marfat.com
Marfat.com

نے ایک جوان کی محض اس لئے عزت وتوقیر کی کہ اس کا نسب مجھ سے عبارت ہے اور اس کے لئے تو نے اپنی عزت وشہرت کی پرواہ تک نہیں کی۔ جا آج سے تو سید الطائفہ بنا دیا گیا۔ سبحان اللہ ماشاء اللہ۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان نے جنید کو کسی اور ہی مقام پر پہنچا دیا۔ اسرار سرمدی کے دروازے کھل گئے، جنید کی قسمت جاگ اٹھی۔ شاہی اکھاڑے میں کشتی لڑنے والا پہلوان لامکان کی فضاؤں میں شہباز بن کر پرواز کرنے لگا۔

سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی کا یہ مقام صرف اور صرف اہل بیتؑ کے ایک فرد کی تعظیم کا مرہون منت ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۸ جب تک کسی کی جیب اور دل کی وسعت کا علم نہ ہو خرچ کی فرمائش مت کرو۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۷۹ عام آدمی اَللّٰہُ ھُو کے پاس انفاس کا متحمل نہیں ہوسکتا، پاس انفاس ذکر دوام کا اصطلاحی نام ہے۔ مَقَالِیْدُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ہر ذکر کا نعم البدل اور فوق المرتبت ہے، کل کائنات مل کر بھی ان کلمات طیبات کی عظمت بیان نہیں کرسکتی۔

سلسله طیبه قادریه مجددیه غوریه رحیمیه میں مقالید السموات والارض
کا ذکر پاس انفاس مبارک ہو، مکرم ہو، مشرف ہو، آمین۔

مَقَالِیْدُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یہ ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ، وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَ الْبَاطِنُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَ ھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

marfat.com
Marfat.com

ان کلمات طیبات کی عظمت ہے کہ ہر دل پر جو بھی ان کا متمنی ہو بلا تردد و تکلف وارد ہو جاتے ہیں اور غفلت دور فرما دیتے ہیں، کلمات کے اخیر میں ہر بار اسم اعظم یا حی یا قیوم کا شکریہ ادا کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

مثلاً یوں کہو۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ، وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَ الْبَاطِنُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَ ھُوَ حَیٌّ لَّایَمُوْتُ بِیَدَہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

بعد میں شکریہ کے طور پر یہ کہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

## آداب

۱۴۸۰ باوضو رہنے کی کوشش کریں۔
کچا لہسن، پیاز نہ کھائیں۔
جب قلبی و ذہنی فراغت ہو، یہ تصور کریں:

اللہ میرے اوپر، میرے آقا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے آگے، حضرت پیران پیر محبوب سبحانی غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ میرے دائیں اور میرے پیر میرے بائیں میرے معی و معاون ہیں۔ اس تصور کی پختگی سلوک کی ابتداء و انتہا ہے۔

مَاشَآءَ اللّٰہ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۸۱ امام احمدؒ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں:

جس مال کی زکوٰۃ نہیں دی گئی، قیامت کے دن وہ گنجا سانپ ہوگا، مالک کو ڈرائے گا، وہ بھاگے گا یہاں تک کہ وہ اپنی انگلیاں اس کے منہ میں ڈالے گا۔

طبرانی نے اوسط میں فاروق اعظمؓ سے روایت کی کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ خشکی وتری میں جو مال ضائع ہوتا ہے، وہ زکوٰۃ نہ دینے سے ضائع ہوتا ہے۔

نیز فرمایا:

دوزخ میں سب سے پہلے تین شخص جائیں گے، ان میں ایک وہ تونگر ہے جو اپنے مال میں اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہیں کرتا۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۲ ذکر وطاعت وتبلیغ وخدمت میں جو دم گزرے غفلت کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۳ جو بندہ نعمت پہ شکر نہیں کرتا اور نعمت کو پا کر خوش نہیں ہوتا، اس سے آئندہ کے لئے ایسی نعمت روک لی جاتی ہے یا اس نعمت کی لذت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۴ سونا بھی ایک کام ہے، جسم الوجود کو جو راحت وصحت وقرار وجمعیت سو کر اٹھنے سے ہوتی ہے، کسی اور طرح نہیں ہو سکتی۔

الحَمْدُ للحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۵ خیالات جب پاک ہو جاتے ہیں، متحد ہو جاتے یں، جب متحد ہو جاتے ہیں یکسو ہو جاتے ہیں جب یکسو ہو جاتے ہیں، بلند ہو جاتے ہیں اور خیالات کی بلندی انسانی معراج کا ابتدائی مقام ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۶ اللہ رب العالمین نے بندوں کو فکر کی تاکید کی، بار بار فرمایا کہ تم فکر کیوں نہیں کرتے، بے شک ہم فکر نہیں کرتے، ہماری تقلید کورانہ ہے اگر اس میں فکر ہوتا، اس کی عظمت منکشف ہوتی۔ پھر اس میں ذوق ہوتا، شوق ہوتا، توفیق ہوتی اور استقامت ہوتی، ماشاء اللہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۷ فکر کے مقابلے میں دنیا بھر کی کتابوں کا مطالعہ بھی کوئی معنی نہیں رکھتا، فکر کی پرواز فرش تا عرش ہوتی ہے۔ فکر ازل وابد کا راز دان اور بلند پرواز شاہین کا مقام رکھا کرتا ہے۔ فکر کی راہ میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہوسکتی اگر کسی کے پاس کوئی بھی کتاب نہ ہو، ایک فکر ہو کافی ہے دنیا بھر کی ایجادات فکر ہی کی مرہون منت ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۸ فکر کا حاصل۔

کشف الجدید، کشف الورید، کشف الحدید، کشف القلوب، کشف القبور اور کشف الاحیاء ہیں اور دین اسلام کے سوا دنیا کا کوئی مذہب اپنے پیروکار کو یہاں تک پہنچانے کی اہلیت نہیں رکھتا۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۸۹ مطالعہ کتب فضائل ومسائل تک اور فکر حقیقت تک پہنچاتا ہے۔

مَاشَاءَ اللّٰہِ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۹۰ مظلوم کے حمایتی کا حمایتی اللہ ہوتا ہے، جب بھی کوئی بندہ کسی مظلوم کی حمایت کے لئے کھڑا ہوتا ہے، اللہ اس کے ساتھ ہوتا ہے اور جہاں اللہ ہوتا ہے وہاں اللہ کی ساری خدائی ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۱ دل میں ہر شے ہوتی ہے (قرآن وحدیث کے سوا) کسی کتاب کا محتاج نہیں ہوتا، دل ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام کے علوم کا متحمل ہوتا ہے اور دل ہی اللہ کی کتاب مکنون ہے۔

اللہ نے خود فرمایا کہ

میں زمین وآسمان میں کہیں بھی نہیں سما سکتا مگر ایک مومن کے دل میں۔ (حدیث قدسی)

یہ لائبریری اس کمرے کی زینت ہے، دل اس سے مستغنی ہے، مفکر کو مطالعہ کی فرصت نہیں ہوتی، اپنے ہی فکر میں محو ومستغرق ہوتا ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۲ خیالات کارہائے نمایاں کی طرح کبھی فنا نہیں ہوتے، کسی نہ کسی جگہ اور کسی نہ کسی شکل میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں، صاحب خیال جب چلا جاتا ہے، خیال چھوڑ جاتا ہے، خیال کا ایک وجود ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ قائم رہتا ہے اور جب تک اس کی تکمیل نہیں ہوتی، کسی نہ کسی ذہن میں مچلتا رہتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۳ تمام کارہائے نمایاں خیالات ہی کی پیداوار ہیں، پہلے خیال پیدا ہوتا ہے پھر کارہائے نمایاں۔

ایک آدمی کو ایک جنگل میں رقص وسرود کے عالم میں یہ کہتے ہوئے سنا کہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ، اَلْحَمْدُلِلّٰہِ، اَلْحَمْدُلِلّٰہِ

پھر تھوڑی دیر بعد وہی آدمی یہ کہنے لگا۔

پھر کہنے لگا۔

marfat.com
Marfat.com

پھر خود ہی اس نے اپنے ان کلمات کی تشریح بتلادی کہ

اللہ نے مجھ کو عشق بخشا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوز و گداز نیز میرے خیال نے میری رہنمائی فرمائی، میں اللہ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی اور اپنے نصیحت کنندہ خیال کا بھی۔ میرے خیال نے ان مقامات تک پہنچنے کے لئے میری پوری رہنمائی فرمائی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۴ سمندر کی سطح پر تیرنا اتنا مشکل نہیں جتنا کہ غوطہ زنی، تیراک غوطہ زن کی برابری نہیں کرسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۵ سالک صاحب تجسس ہے، غلبہ حال میں جو بھی کچھ کہے مرفوع القلم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۶ دین کو بطور دین پیش کرو، نہ کہ معاش۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۷ نفس پیاس کی تاب نہیں لاسکتا، پیاس کی شدت سے نفس بے چین ہوجاتا ہے، بے قرار ہوجاتا ہے، ملول ہوجاتا ہے، بے تاب ہوجاتا ہے، کوئی بھی چیز اچھی نہیں لگتی، کھڑا ہونے کی تاب نہیں رکھتا، لیٹ جاتا ہے، لوٹنے لگتا ہے، زبان خشک ہوجاتی ہے، کسی کام کی ہمت نہیں ہوتی گویا خناس کی کمر ٹوٹ جاتی ہے اور پیاس نفس کی سب سے بڑھ کر مخالفت ہے۔ کیا کبھی آپ نے اس پر غور نہیں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹیؑ کے بیٹےؑ کو پیاس ہی کی نعمت سے سرفراز فرما کر امامت کا تاج پہنایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

پیاس ایک وہ خشک چشمہ ہے جس سے علم وحکمت اور عشق ورقت کے چشمے ابلا کرتے ہیں جو کسی اور طرح کبھی جاری نہیں ہو سکتے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۸ موت کے وقت شدت کی پیاس لگا کرتی ہے اگر اس پیاس کو کوئی زندگی میں اپنے اوپر وارد کر لے سرِ دشر وبات کا شکریہ ادا کرتے نہ تھکے۔
موت کے وقت انسان کو ایسی پیاس لگا کرتی ہے اور ایسی لگتی ہے کہ مرنے والوں کے سوا کسی دوسرے کو اس پیاس کا پتہ نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۴۹۹ علمی دنیا میں جو مقام تجربے کو حاصل ہے علم کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۰ ساری دنیا کی تاریخ کا مطالعہ کریں، کسی نے بھی کبھی پہلے دن دو شادیاں نہیں کیں، صرف ایک شادی پر اکتفا کیا اگر کسی وجہ سے کسی کو پہلی شادی راس نہ آئے پھر دوسری کی جائے۔

وَمَاعَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۱ اللہ سب سے بڑھ کر غیرت مند ہے، اللہ کی غیرت کبھی گوارا نہیں کرتی کہ اس کا کوئی بندہ اس کے سوا کسی اور کا محتاج ہو، اللہ کل کائنات میں بسنے والی ہر ذی روح کا روزی رساں ہے جس کی قسمت میں جس قسم کی اور جتنی روزی لکھی ہوتی ہے جب تک وہ پا نہیں لیتا اور کھا نہیں لیتا کبھی نہیں مرتا، اللہ اپنے بندوں کو طیب روزی عنایت فرمایا کرتے ہیں، میل کچیل نہیں۔

وَمَاعَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۲ جب یہ سنا کہ میری حکمت کے تحت میں جس بھی حال میں جہاں رکھوں، رہنا ہوگا، چپ ہوگیا پھر کسی بھی حال پر کبھی شکوہ نہیں کیا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔
اور یہ مقام تسلیم ورضا سلوک کی منزل کا اولین مقام ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۳ مغرب کی موجودہ جنسی تہذیب کتوں کو مات کرتی ہے۔

وَمَاعَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۴ آخرت دوقدم ہے، بندہ بے خبر ہے۔ بالکل نہیں ڈرتا، کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ اللہ حاضر وناظر ہے، اس کی پرواہ نہیں کی جاتی، جو جس کے دل میں آتا ہے کرتا ہے، بالکل خوف نہیں کھاتا۔ قبر کے عذاب کا تصور دنیا کی ساری لذتوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ شخصیت لرزنے لگتی ہے، کرکری ہوجاتی ہے، آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے، دل کانپنے لگتا ہے، کسی بھی چیز میں کوئی لذت باقی نہیں رہتی، کسی کام کو جی نہیں چاہتا، بال بال توبہ توبہ کرنے لگتا ہے۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ، وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ
یااللہ! اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش وشفاعت سے قبر کے عذاب وفتنے سے پناہ بخش۔
یاحی یاقیوم، آمین۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ فِتْنَۃِ الْقَبْرِ ط
یاحی یاقیوم، آمین۔
دنیا کا بڑے سے بڑا عذاب قبر کے چھوٹے سے چھوٹے عذاب سا بھی نہیں ہوتا۔
حضرت زید بن ثابتؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنی نجار کے باغ میں اپنے

marfat.com
Marfat.com

خچر پر سوار تھے اور ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے، اچانک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خچر بگڑی اور قریب تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گرا دے، ناگہاں پانچ چھ قبریں معلوم ہوئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان قبروں کے اندر جو لوگ ہیں، کوئی ان کو جانتا ہے؟ ایک آدمی نے عرض کیا میں جانتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ یہ کس حال میں مرے تھے؟ اس شخص نے عرض کیا شرک کی حالت میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ امت آزمائی جاتی ہے اپنی قبروں میں۔ اگر مجھ کو یہ خوف نہ ہوتا کہ تم (مردوں کو) دفن کرنا چھوڑ دو گے تو میں ضرور اللہ سے یہ دعا کرتا کہ وہ تم کو بھی قبر کے عذاب کو سنا دے جس طرح کہ میں سنتا ہوں۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ اللہ سے دعا مانگو کہ وہ آگ کے عذاب سے بچائے۔ صحابہؓ نے عرض کیا: ہم اللہ سے آگ کے عذاب سے پناہ طلب کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قبر کے عذاب سے تم اللہ سے پناہ طلب کرو۔ صحابہؓ نے عرض کیا: ہم اللہ سے قبر کے عذاب سے پناہ مانگتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پناہ مانگو اللہ سے ظاہری باطنی فتنوں سے۔ صحابہؓ نے عرض کیا: ہم اللہ سے پناہ طلب کرتے ہیں ظاہری اور باطنی فتنوں سے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم پناہ مانگو دجال کے فتنہ سے؟ صحابہؓ نے کہا کہ ہم پناہ مانگتے ہیں اللہ سے دجّال کے فتنہ سے۔ (مسلم)

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْر حَافِظًا وَھُوَ اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ

۱۵۰۵ گدھے کو روڑی پر راحت محسوس ہوتی ہے، اصطبل میں نہیں ہوتی۔ ہر شے اپنی اصل ہی کی طرف لوٹا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْر حَافِظًا وَھُوَ اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ

۱۵۰۶ بندوں کے برے اعمال ہی قبروں میں بچھو اور سانپ ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہُ خَیْر حَافِظًا وَھُوَ اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ

marfat.com

Marfat.com

# حاکم، سرمایہ دار اور مزدور

۱۵۰۷ اسلامی معاشرہ تین گروہوں پر مشتمل ہے۔

ایک حاکم، دوسرا سرمایہ دار، تیسرا مزدور ہے۔ حاکم اللہ کے ملک میں اللہ کی حدوں کو نافذ کرنے کا ذمہ دار ہے اگر رعایا سے اس کا اختلاف ہو جاتا ہے تو یہ معاملہ اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد کیا جاتا ہے اور اسی فیصلے کو بالآخر تسلیم کر لیا جاتا ہے۔ حاکم ہر وہ شخص ہے جس کا حکم ایک گروہ پر حاوی ہو اور جو کسی بھی معاملہ میں اپنی رعایا کا محتاج نہیں ہر خاندان کا ذمہ دار فرد بمنزلہ حاکم ہے اور حاکم کے لئے اللہ کا حکم ہے کہ وہ نماز قائم کرے، زکوٰۃ دے، نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے اور اپنا حکم انصاف کی اساس پر صادر کرے۔

حاکم میزان کا امین ہے اور یہ ایک بڑی امانت ہے، حاکم کی اپنی کوئی ذاتی شخصیت نہیں ہوتی۔ اس کی شخصیت عوام کی فلاح و بہبود کے لئے وقف ہوتی ہے اور وہ ہر قسم کی ذاتیات سے فارغ ہوتا ہے جب وہ عوام سے منہ موڑ کر ذاتیات کی طرف متوجہ ہوتا ہے بدل دیا جاتا ہے حاکم پر حکم کا غلبہ ہوتا ہے اگر ایسے نہ ہو ملکی نظام بگڑ جائے، حقیقتاً حاکم عوام کا خادم ہوتا ہے۔

دوسرے دو بڑے گروہ سرمایہ دار اور مزدور ہیں۔ قومی معیشت سرمایہ دار کے گرد اور محنت مزدور کے گرد گھومتی ہے، مزدور آزاد اور سرمایہ دار مقید ہے۔ سرمایہ دار کا سرمایہ مزدور کے ہاتھ میں ہے، امیر کی امیری غریب کی محتاج ہے اگر غریب نہ ہو کوئی امیر نہیں بن سکتا۔ سرمایہ دار اگرچہ وہ جاگیر دار ہو یا کارخانہ دار اپنے سرمایہ کے پھیلاؤ کے لئے مزدور کا محتاج ہے۔

انسانی نفس راحت کا طالب ہے، مشقت کا نہیں۔ وہ یہ چاہتا ہے کہ اس کے تمام مسائل صرف دماغی فراست ہی سے طے ہو جائیں نہ کہ جسمانی محنت سے، اس لحاظ سے مزدور نفس کا حاکم اور سرمایہ دار نفس کا محکوم ہے۔ سرمایہ دار کا حاکم نفس اور مزدور کی حاکم روح ہے اور روح کو نفس پر برتری حاصل ہے لیکن اسلامی معاشرہ ایک متوازن معاشرہ ہے، یہاں ہر گروہ کے حقوق ہیں اور واجبات ہیں۔ کسی گروہ کو کسی گروہ پر فوقیت نہیں دی گئی۔ اللہ کے قرب کے لئے صرف تقویٰ کو معیار رکھا گیا ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ تقویٰ کے لئے مزدور کا ماحول فطری طور پر سازگار ہے اور وہ

marfat.com
Marfat.com

تقویٰ کی راہ کو آسانی سے اپنا سکتا ہے۔ مزدور کی دماغی مصروفیات بہت کم ہیں، اسلیے وہ اللہ کی توحید کی، عبادت کی طرف زیادہ مائل ہوسکتا ہے۔ اس کے برعکس سرمایہ دار اپنے معاشی معاملات میں اس قدر الجھا ہوا ہے کہ اللہ کے لئے زیادہ دیر تک فارغ نہیں ہوسکتا۔ اس کی معاشی مصروفیات اسے دربدر لئے پھرتی ہیں اور اس کے اندر محتاجی اور بزدلی کے اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں، اس کے مقابل مزدور اپنے کام میں مصروف رہتا ہے، خوددار ہوتا ہے، خوداعتمادی کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے ماشاءاللہ۔

تاریخ شاہد ہے کہ دین کا علم ہمیشہ غریب کے ہاتھ میں رہا لیکن بعض اوقات دین کے افق پر ہمیں بعض ایسی شخصیتیں نظر آتی ہیں جن کے پاس وافر سرمایہ تھا لیکن حقیقتاً یہ وہ لوگ تھے جن پر اللہ نے انعام کیا۔ انہوں نے سرمایہ داری کی راہ میں کوئی جدوجہد نہیں کی۔ ان کے شب و روز اللہ ہی کے کاموں کے لئے وقف تھے۔ اللہ نے ان کے لئے رزق کی راہیں بہت کشادہ کی ہوئی تھیں اور وہ اپنے سرمایہ کو اللہ ہی کے حکم کے مطابق صرف کرتے تھے۔

ان کا مال ان کے ہاتھ پر ہوتا تھا اور دل کلیتاً اللہ کے لئے فارغ ہوتے تھے، یہ وہ جلیل القدر شخصیتیں تھیں جن کے ظاہر اور باطن اہل حکومت تھے اور انسانیت نے ان کی ذات سے بڑا فائدہ اٹھایا۔ ان کا سرمایہ اللہ کی غریب اور نادار مخلوق کے لئے تھا اور انسانی تعمیر اور دلجوئی کے لئے وقف تھا لیکن حاکم کا تعلق سرمایہ سے نہیں، وہ معاشرے میں اللہ کا حکم سنانے اور منوانے کے لئے ہے۔

اسلامی معاشرے میں ایک ذمہ دار حاکم اللہ کی حاکمیت کا مظہر ہے۔

سرمایہ دار اور مزدور دونوں اس کے سامنے جواب دہ ہیں۔ حاکم اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کو سن کر سرمایہ دار اور مزدور کو سنانے والا ہے۔

سرمایہ دار کا تعلق مال سے اور مزدور کا محنت سے ہوتا ہے، سرمایہ دار مخیر ہو اور مزدور دیانتدار، سرمایہ دار حلیم ہو اور مزدور خوددار، مزدور محنتی ہو اور سرمایہ دار قدردان، مزدور خیرخواہ ہو اور سرمایہ دار ذمہ دار، سرمایہ دار بڑا بھائی ہو اور مزدور چھوٹا بھائی۔ کسی کی کوئی چیز دوسرے سے چھپی نہ ہو۔ درمیان فضاء اعتماد سے بھرپور ہو۔ حاکم، سرمایہ دار اور مزدور ساتھ ساتھ ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ ذمہ داری حاکم پر عائد ہوتی ہے۔ ایک اسلامی فضا ہی ان تینوں گروہوں کے درمیان ربط اور اعتماد کو

marfat.com
Marfat.com

فروغ دے سکتی ہے۔اس کے علاوہ کوئی اور معاشرہ اور کوئی نظام فکر، حاکمیت، سرمایہ داری اور محنت کے درمیان توازن نہیں قائم کرسکتا، جب تک کسی ملک میں یہ تینوں گروہ اتحاد نہیں کرتے کوئی قوم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتی۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۸ مزدور معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۰۹ غریب کا وفاداری وخودداری وغیرت میں پہلا نمبر ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۰ ناداری کے ایثار کی برابری سرمایہ داری بھلا کیسے کرسکتی ہے، کبھی نہیں کرسکتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۱ سرمایہ دار بندے بندے کا محتاج اور بزدل ہوتا ہے ذرا سی بھی کوفت برداشت نہیں کرسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۲ غریب ملک وملت کا وفادار وجانباز ومایہ ناز سپوت ہے لیکن بیچارے کی دلجوئی نہیں کی جاتی، اس کی خدمات کی داد نہیں دی جاتی، یہ اپنے مالک کی شفقت سے محروم ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۳ قدر کے روکنے کی تدبیر مت کر، اللہ جیسے چاہتے ہیں ہوکر رہتا ہے، کوئی روک نہیں سکتا اور وہ حکمت

marfat.com
Marfat.com

پر مبنی ہوتا ہے۔ کسی کی کوئی تدبیر قادر کی کسی تقدیر کو کبھی روک نہیں سکتی، قرب میں جو مقام تسلیم کو حاصل ہے، تدبیر کو نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۴ ایک نے کہا: میں نے اپنے لئے کبھی کچھ نہیں کیا، جس کبھی حال میں رکھا مطمئن رہا۔ اس لئے کہ ہر حال ان کی طرف سے ہے اور حکمت پر مبنی ہے اور میرے ہی لئے بھلائی ہے حکیم کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۵ نہ طلب کر، نہ قبول کر، نہ پرواہ کر، ان کے سوا ان کی قسم ہر شے ہیچ و بیکار اور نظر ہی کا سراب و فریب ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۶ دیندار سرمایہ دار نہیں ہوسکتا، کبھی نہیں ہوسکتا، سرمایہ دین کی ضد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۷ دیندار کسی بھی چیز کی طمع نہیں کرتے، اور نہ ہی کسی چیز کو جمع کیا کرتے ہیں جس راستے سے جو چیز آیا کرتی ہے اسے اسی راستے لوٹا دیا کرتے ہیں۔

آوے جاوے ہر دے لیکھے
سائیں کھڑا تماشا ویکھے

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۱۸ سرمایہ دار دین دار ہوسکتا ہے لیکن دیندار کبھی سرمایہ دار نہیں ہوسکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۱۹ سرمایہ دار کی جدوجہد خواہ کسی بھی رنگ میں ہو اپنے سرمایہ ہی کے فروغ وتحفظ کے لئے ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۰ تصور میں تسبیح نہیں تصویر ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۱ سرمایہ دار کی عقل پر سرمایہ ہی غالب ہوتا ہے، وہ جو بھی بات کرتا ہے پیسے کے حوالے ہی سے کرتا ہے۔ ایک سرمایہ دار سے سوال کیا کہئے اب صحت کا کیا حال ہے؟ کہنے لگا روپے میں سے اٹھنی ٹھیک ہوں۔ دوسرے سے سوال کیا کہ آپ کے کاروبار کی اب کیا صورت ہے؟ کہنے لگا پہلے سے اب چار آنے بہتر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۲ ایک سیاح نے ایک صحرانورد سے کہا:

وہ ایک مدت سے سیاحت کر رہا ہے، اسے کہیں بھی کوئی بندہ ایسا نہیں ملا جو صرف اللہ ہی کا طالب ہو۔ اللہ کے سوا کسی اور شے سے کوئی دلچسپی نہ رکھتا ہو، جس کی نظروں میں اللہ کے سوا ہر شے ہیچ و بیکار ہو۔ جو حال ومقام سے مستغنی و بے نیاز ہو، کبھی جھوٹ نہ بولتا ہو، غیبت نہ کرتا ہو، چغلی نہ کرتا ہو اور جس کا دل حسد ونفاق سے کلیتاً پاک ہو۔

اس نے کہا:

وہ ہمیشہ اس انتظار میں رہتا ہے کہ کوئی جواں مرد آئے اور اس کے بیان کو غلط ثابت کرے، ابھی تک کوئی نہیں آیا۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ وَسَدِدْنِیْ آمین،
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۲۳ جن کاموں سے منع کیا گیا ہے، باز رہ۔ جن کاموں کا حکم دیا گیا ہے کر، تیرے ایک ہاتھ میں قرآن کریم اور دوسرے میں سنت مطہرہ ہو۔ سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق عبادت میں محو و منہمک رہ۔ ایک مدت اس حال میں رہنے کے بعد جو حال پیدا ہو، اس وادی کا پہلا قدم ہے اور کوئی سالک کسی اور طرح اس وادی میں داخل نہیں ہوسکتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ تک پہنچنے کے لئے تمام راستے مسدود ہو چکے ہیں، یہ اور صرف یہ راہ کھلا ہے۔ اللہ تک جو بھی پہنچا، اسی راستے سے گزر کر پہنچا۔ یہ راہ کہیں گنجان، کہیں سنسان، کہیں دشوار اور کہیں آسان ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی راہ میں چلنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے، قدم قدم پر رہنمائی فرماتا ہے۔ یہ راہ بڑی تلکنی ہے، بڑی ہی تلکنی، ذرا سی غفلت پر پاؤں پھسل جاتا ہے اور پھر اسی مقام پر دوبارہ پہنچنے کے لئے کافی تگ و دو کی ضرورت ہوتی ہے۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام اور سیدنا خضر علیہ السلام سلطان البحر و بر کی رفاقت سے عبرت حاصل کر، سنبھل سنبھل کر چل۔ کسی سے بھی بے باک مت ہو، گستاخ مت ہو، شکر کر اللہ نے تجھ کو اپنی راہ میں چلنے کی توفیق بخشی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۴ جب تک یہ دل حسد سے پاک نہیں ہوتا، صاف نہیں ہوتا اور حسد نیکیوں کو جلا کر بھسم کر دیتا ہے۔ حسد دل کی ایک مہلک مرض ہے اگر آپ کا دل اس مہلک مرض کا مریض ہے، اس کا علاج کر جہاں سے ہو سکے، ضرور کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۵ بندہ جب سچے دل سے پکی توبہ کرتا ہے، اللہ تعالیٰ ستار العیوب اور غفار الذنوب ہے۔ اپنے لطف و کرم سے اپنے بندے کی توبہ قبول فرما کر صغیرہ و کبیرہ گناہوں کی بخشش فرما دیتا ہے۔ یہ شریعت ہے۔ بندہ جب ماسوا سے دل کو کلیتاً پاک کر لیتا ہے الانسان سری وانا سرہ کے راز کو سمجھ جاتا ہے۔ یہ طریقت ہے، صغائر و کبائر سے پاک رہنا اتنا مشکل نہیں جتنا کہ غیریت سے پاک رہنا مشکل ہے۔ ہم سب غیریت سے پاک رہنے کی تلقین کرتے ہیں لیکن کسی نے بھی کوئی اللہ کا بندہ ایسا نہیں

Marfat.com

دیکھا جس کا دل غیریت سے پاک ہو۔

ایک نے پوچھا:

ان تین سو چھپن بندوں کے بھی دل غیریت سے پاک نہیں ہوتے؟

اس نے کہا:

اللہ کے وہ چنے ہوئے بندے بندوں کی نظروں سے اوجھل ہوتے ہیں، ان کے سوا کوئی دوسرا ان کے حال سے خبردار نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۶ یہ نفس کاہل ہے، سست ہے، بزدل ہے، بخیل ہے، سرکش ہے، عیار ہے، مکار ہے، اسے قابو میں رکھ، ہر وقت کسی نہ کسی کام میں مشغول رکھ، دم بھر کے لئے بھی فارغ ہونے مت دے، اسے سر کھجلانے کی فرصت نہ ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۷ اللہ کے بندو!

اللہ سے ڈرو اور اپنے نفس کی مخالفت کرو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۸ یہ زینت ولذت وراحت وشہرت کا طالب ہے، اس کی کسی بھی طلب کو پورا ہونے مت دو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۲۹ اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندے کو حاکم اور نفس کو محکوم بنا کر بھیجا لیکن حقیقتاً نفس حاکم اور بندہ محکوم ہے۔ افسوس صد افسوس۔

الحَمْدللحیّ القیّوم فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۳۰ اگر آپ کے نزدیک نیکی برائی سے افضل ہے، نیکی کیا کر اگر دین کے کام دنیا کے کاموں سے بہتر ہوں تو دنیا کے کاموں پر دین کے کاموں کو ترجیح دیا کر۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۲ حلم ایمان کی زینت اور تقویٰ مومن کی عزت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۲ مومن (کا قول وفعل) شر سے پاک اور خیر سے معمور ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۳ ایک نے کہا کہ میں نے جب بھی ان سے کوئی بات پوچھی، انہوں نے یہی کہا کہ کسی بھی شے کے پیچھے مت پڑ۔ ہر شے کا ہونا نہ ہونا اللہ ہی کے قبضہ قدرت میں ہے، کل کائنات کا نظام ارادت الٰہی کے تحت محو عمل ہے، صبر سے رحمت کا انتظار کر، حکیم کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۴ قریب ہو کر دیکھ، یہ درندہ نہیں انسان ہے، تیرا بھائی ہے اور تجھ سے افضل۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۵ تیرا یہ کہنا کہ یا اللہ! تیرا یہ گناہگار و خطا کار بندہ کسی بھی امر پر کوئی قدرت نہیں رکھتا، اس کی ہر شے، خیر ہو یا شر تیری ہی طرف سے ہے، مقبول الحق عبادت ہے۔ ماشاء اللہ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۳۶ جس پودے کو زمین قبول کر لیتی ہے کبھی نہیں کمھلاتا، نت نئی کونپل نکالا کرتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۷ جس پودے کو زمین قبول نہیں کرتی، کبھی نہیں لہلہاتا، ہمیشہ کمھلایا رہتا ہے۔ مہینے گزر جاتے ہیں، کوئی کونپل نہیں نکالتا۔ واضح ہو کہ نباتات وحیوانات ایک ہی اصول کے تحت اپنی اپنی منازل پر گامزن ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۸ پانی نیند لاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۳۹ اللہ سب سے بڑھ کر غنی وغیرت مند ہے، اپنے متوکل کو کبھی کسی غیر کی طرف نہیں پھیرتا۔ نہ ہی اپنے ذاکر کو بھولتا ہے۔ تیرے سب سے قریب تر تیرا اللہ ہے۔ ہر حال میں اپنے اللہ کو پکار۔ بے شک اللہ سنتا ہے، دیکھتا ہے، جانتا ہے، قادر المقتدر ہے اور مجیب الدّعوات۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۰ احسان کر، بے شک احسان کا بدلہ احسان ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۱ صبر کر، بے شک صبر کا بدلہ نجات ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۲ تیرا سہارا یا حی یا قیوم، کبھی ختم نہیں ہوتا اور ہم سب تیرے ہی سہارے تیری دنیا میں جی رہے ہیں،

marfat.com
Marfat.com

یا حی یا قیوم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۳ یہ تقدیریں تیری عزت وعظمت والی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام میں کیا ہیں؟ تیری ارادت ہی سے لوح پر ثبت ومحفوظ ہیں۔ تو اے رب ذوالجلال والاکرام! جسے چاہے اور جب چاہے بلند و پست کرے کسی کو مٹادے، کسی کو بڑھادے یہی کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۴ اللہ کے حضور میں لمبی چوڑی باتوں کی ضرورت نہیں ہوتی یوں کہہ دینا کہ اے میرے رب ذوالجلال والاکرام! میرا فلاں کام کردے کافی ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۵ اللہ رب العلمین نے آدم علیہ السلام کو پیدا کر کے حکمت کی حد کردی جو سارے جہان میں ہے' وہ سب ایک انسان میں ہے۔ آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھ سے بنایا اور اپنی صورت پر بنایا۔ اللہ نے آدم علیہ السلام کی تخلیق کی اور آدم نے آدم کی تعمیر آدم کو خلیفہ بنایا۔ خلیفہ بمنزلہ اصل کے ہوتا ہے۔ خلیفہ میں تین باتوں کا ہونا ضروری ہے۔ علم' مقام اور اختیار' جسے علم و مقام و اختیار حاصل نہیں وہ خلیفہ کیسا۔؟

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۶ ہر شے مادی ہو یا روحی جل کر ہی اکسیر بنا کرتی ہے جو مٹ کر خاک ہو جائے یا جل کر راکھ ہو جائے اکسیر ہے، جب تک سونے کو آگ میں نہیں ڈالا جاتا اپنے اصلی رنگ میں نہیں آتا، تپش میل کو جلا کر سونے کو جگمگا دیتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۴۷ جو برکت قوت اور اطمینان توکل میں ہے، اسباب میں نہیں جو ایثار میں ہے ذخیرہ میں نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۸ حال ماضی کا شاہد ہے جو شے ماضی میں تھی حال میں بھی ہے اگر حال میں نہیں ماضی میں بھی نہ تھی۔ حال کو ماضی پر فضیلت ہے جس نے ماضی کو دیکھنا ہو حال کو دیکھے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۴۹ جو جس کی راہ پر ہوتا ہے وہی اس کا شاہد ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۰ ملت کے نونہالو!

ایک ہو جاؤ اور نیک ہو جاؤ، معمولی معمولی اختلافی باتوں کو ہوا دے کر سادہ لوح بندوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے خلاف نفرت مت پھیلاؤ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۱ دین کا علم حاصل کیجیے' اپنے علم پر عمل کیجیے۔ نماز دین کا ستون ہے، نماز قائم کیجیے۔ آپ اپنے معاشرے کی اصلاح کے ضامن و ذمہ دار ہیں۔ اپنی ذمہ داری پوری کیجیے۔ ملت اسلامیہ کے مابین اخوت' اتحاد و محبت کو فروغ دیجئے۔ دین کی کسی درس گاہ کے خلاف اہانت آمیز کلمات نہ کہیے۔ دین کے فضائل و مسائل بیان کیجئے' اختلافی مسائل میں مباحثہ نہ کیجیے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۲ نجات و قرب و ولایت کا واحد ذریعہ اتباع سنت پر مبنی و موقوف ہے۔ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

marfat.com
Marfat.com

پیروی کیجیے۔ اپنے کسی عمل کو باطل نہ کیجیے۔ یعنی ایک بار اختیار کر چکنے کے بعد ترک نہ کیجیے۔ ہر حال میں قبض ہو یا بسط، اللہ کی یاد میں راحت تلاش کیجیے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۳ اللہ کے بندے بندوں سے کچھ نہیں لیا کرتے' تمام معاملات اللہ ہی کے حوالے کر دیا کرتے ہیں۔ اللہ ہی اپنے بندوں کا بندوں سے بدلہ لیا کرتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۴ بچے کو ماں کی اور فصل کو کسان کی محبت بھری نظروں کی ضرورت ہوتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۵ نباتات بدرجہ اولیٰ نظر سے مستفیض ہوتی ہے جس سبزے پر کسی کی نظر پڑ جاتی ہے لہلہانے لگ جاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۶ مباح کا ترک مباح ہے، جن باتوں سے دین میں منع نہیں کیا گیا اور جن باتوں کے کرنے کا حکم نہیں دیا گیا مباح ہے مثلاً نہ قبر پر پھول چڑھانے کا حکم دیا گیا اور نہ ہی منع کیا گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۷ تیرا صدق دل سے یہ کہنا کہ یا اللہ تیرا یہ بندہ کسی بھی امر پر کوئی قدرت نہیں رکھتا' اس کے سارے ہی معاملات تیرے ہی حوالے ہیں' ایک امید افزا عبدیت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۵۸ یہ کہہ:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عشق میرا مذہب، محبت میری ملت اور اتباع میری منزل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۵۹ مسلمانوں نے کوئی سات سو سال کے لگ بھگ ہندوستان پر حکومت کی، خاندان مغلیہ کے آخری حکمران طبلے سرنگی میں مشغول ہو گئے اور اس قدر ہوئے کہ رقص و سرود کی محفل میں دربان نے عرض کی جہاں پناہ دشمن دروازے تک پہنچ گیا، شاہ نے اسے بے جا مداخلت متصور کرتے ہوئے فرمایا

ہنوز دہلی دور است

اسی دن سے یہ کلمہ ہر خاص و عام کا تکیہ کلام بنا ہوا ہے پھر ایک نے شاہ کی تائید میں کہا کہ دشمن کو طبلے کی تھاپ سے اڑا دیں گے' پہلے کی طرح یہ بھی اسی دن سے لوگوں کا تکیہ کلام بنا ہوا ہے۔

مغلیہ خاندان کا آخری تاجدار بہادر شاہ ظفر ایک ادیب و شاعر بھی تھا' اس نے قیامت تک آنے والی نسلوں کی عبرت کے لئے اپنے حال کا اجمالی سا نقشہ کچھ اس انداز میں چھوڑا۔

نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں، نہ کسی کے دل کا قرار ہوں
کسی کام میں جو نہ آسکے، میں وہ ایک مشتِ غبار ہوں
نہ کوئی دوائے جگر ہوں میں، نہ کسی کی میٹھی نظر ہوں میں
نہ ادھر ہوں میں، نہ ادھر ہوں میں نہ شکیب ہوں نہ قرار ہوں
میرا بخت مجھ سے بچھڑ گیا، میرا رنگ روپ بگڑ گیا
جو خزاں سے باغ اجڑ گیا، میں اسی کی فصل بہار ہوں
پئے فاتحہ کوئی آئے کیوں؟ کوئی چار پھول چڑھائے کیوں
کوئی شمع لا کے جلائے کیوں کہ میں بے کسی کا مزار ہوں
نہ میں لاگ ہوں نہ لگاؤ ہوں، نہ سہاگ ہوں نہ سنگار ہوں
جو بگڑ گیا وہ بناؤ ہوں، جو نہیں رہا وہ سنگار ہوں
میں نہیں ہوں نغمۂ جاں فزا، کوئی مجھ کو سن کے کرے گا کیا
میں بڑے ہی روگ کی ہوں صدا، میں بڑے دکھی کی پکار ہوں

marfat.com
Marfat.com

نہ تو میں کسی کا حبیب ہوں، نہ میں مضطراں کا رقیب ہوں
جو بگڑ گیا وہ نصیب ہوں، جو اجڑ گیا وہ دیار ہوں

☆☆☆

خاندان مغلیہ کی کوتاہیوں کی ساری سزا ظفر ہی کو بھگتنا پڑی۔ آپ کو قید کیا گیا۔ تین دن فاقے سے رکھا گیا۔ تیسرے دن طشتری پر سرپوش دے کر ناشتہ بھیجا گیا۔ جب انہوں نے سرپوش اٹھایا تو دیکھا کہ ان کے بیٹے کا سر تھا۔ الامان، الامان۔

پھر آپ کو رنگون میں قید کیا گیا، ایک مگا پانی بھر کر رکھ دیا اور اوڑھنے کو ایک بوریا۔ ایک سیاح آپ سے ملاقی ہوا۔ آپ نے مگا کی طرف اشارہ کیا۔ اس نے دیکھا کہ مٹکے کے اندر پانی میں سونڈیاں تیر رہی تھیں اور پانی متعفن ہو چکا تھا پھر آپ نے اپنے جسم کی طرف متوجہ کیا جس میں زخم تھا اور اس میں کیڑے پڑ چکے تھے۔ سیاح کانپ اٹھا اور یہ وعدہ کر کے چلا گیا کہ میں ابھی جا کر اس کا بندوبست کئے دیتا ہوں۔

مسلمانوں نے اپنے عہد سلطنت میں اپنے لئے بہت کچھ کیا، سب کچھ کیا، فلک بوس تعمیر کیں، آرائش واستراحت کے عدیم المثال اسباب فراہم کئے لیکن اللہ کے دین اسلام کی دعوت وتبلیغ کے لئے کوئی جدوجہد نہ کی اگر دین متین کی تبلیغ کو اپنا مطمح نظر بناتے تو آج نقشہ کچھ اور ہوتا سارا ہند مسلمان ہوتا اور ہمیں یہ دن دیکھنے نصیب نہ ہوتے۔

بادشاہو! عبرت کے لئے نور جہاں کا ایک مقبرہ کافی ہے۔

فَاعْتَبِرُوْا يَا اُولِي الْاَبْصَارِ
وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
الحَمْدللحیّ القیّوم

۱۵۶۰ جس کارواں کا امام عشق نہیں ہوتا، کسی منزل پر نہیں پہنچتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۵۶۱ طریقت کا دارومدار طلب پر موقف ہوتا ہے۔ دنیائے طریقت میں گنتی کے چند بندے ہوتے ہیں جن کی طلب خالص پختہ اور دوام ہوتی ہے جو اپنی طلب کبھی نہیں بدلتے۔ بالکل نہیں بدلتے۔

marfat.com
Marfat.com

طلب کی ساری تاریخ چند اوراق پر مشتمل ہے، ضخیم نہیں۔ ایک نے ان کے لئے اپنے دل کو دنیا و دین کی ہر طلب سے کلیتاً پاک کیا حتیٰ کہ ان کے سوا اس میں کسی بھی شے کی کوئی طلب باقی نہ رہی پھر وہ خرام ناز سے اٹکھیلیاں کرتا ہوا ان کی راہ میں نکلا۔ اس نے کہا کہ اس وقت اس کے ہمراہ اس کی ہر شے تھی۔ دل ساتھ تھا۔ جان ساتھ تھی۔ روح ساتھ تھی۔ نفس ساتھ تھا۔ حوریں ساتھ تھیں اور غلمان ساتھ تھے۔ گویا اس وقت یہ ننھا سا کارواں کل کائنات پر مشتمل تھا۔ جب یہ کارواں اللہ کے لئے صرف اللہ ہی کے لئے اللہ کی راہ میں نکلا، اللہ کے سوا کوئی اور غرض و غایت نہ تھی۔ بالکل نہ تھی نہ کوئی دینی غرض تھی نہ دنیوی۔ اسی وقت اللہ کی رحمت نے اس کا استقبال کیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اپنی آغوش میں لے لیا، کالی کملی میں چھپا لیا، روحی فیض سے مشرف فرما کر خزانوں کی کنجیاں بخش دیں اور یہ عنایات کی حد ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۲ ایک نے پوچھا کہ تم زندگی کا یہ سارا ساز و سامان لئے کہاں جا رہے ہو اور کیا لینے جا رہے ہو؟
اس نے کہا کہ اگر وہ ملیں گھر کا گھر بیچتا ہوں، میں ہستی کی ساری دکان بیچتا ہوں، زر و مال دنیا تو ہے ہی کیا چیز؟ میں قلب و نفس، روح و جان بیچتا ہوں۔
پھر اس کے بعد کسی نے بھی کبھی اس سے کوئی سوال نہیں کیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۳ جب اس سے پوچھا کہ وہ کیا چاہتا ہے اور کیوں آیا ہے؟ اس نے ایک ہی جواب دیا کہ وہ کچھ بھی نہیں چاہتا، اس کے دل میں دنیا و آخرت کی کسی بھی چیز کی کوئی طلب و تمنا نہیں۔ اس کا دل اللہ کا شکر و احسان ہے کہ ہر خواہش سے بالکل خالی ہے اور یہ وہ خود بھی نہیں جانتا کہ کیوں آیا ہے۔ یا تو میرے آقا آپ نے اس ناچیز کو بلایا ہے یا پھر انہوں نے آپ کے پاس بھیجا ہے، اپنے آپ یہ کمینہ سرکار کے حضور میں حاضری کی جسارت نہیں رکھتا۔
یہ سن کر فرمانے لگے:
کیا یہ سچ ہے کہ تیرے دل میں دنیا و آخرت کی کوئی بھی طلب و تمنا نہیں، کیا واقعی تیرا دل ہر خواہش

marfat.com
Marfat.com

سے خالی ہے۔
اس نے کہا:
میرے اس قول کی تصدیق وقت خود کرے گا۔ ان شاء اللّٰہ العزیز۔
زہے قسمت یہ کمینہ تیرے در اقدس کی خاک ہو اور تیرے پائے ناز تلے پائمال ہوتا رہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۴ دنیا ملعون تھی اور ملعون کا ترک کوئی جواں مردی نہیں، خردمندی ہے۔ کوئی مشکل نہیں آسان ہے۔
انہوں نے مزید فرمایا:
ملعون سے دستبردار ہونا تو کوئی بڑی بات نہیں، جنا کنا ہو سکتا ہے، اس وادی کی طلب بیان کر، کیا لینے آئے ہو اور کیا بننے آئے ہو۔
اس پر اس نے عرض کی:
اس وادی کی تو کسی چیز کا مجھے کوئی پتہ نہیں کہ اس میں کیا ہوتا ہے؟ البتہ جس طرح یہ دل دنیا سے فارغ ہے اسی طرح اس وادی کے سارے درجات سے بھی فارغ ہے۔
اس پر وہ مسکرائے اس کی پیشانی کو چوما فرمانے لگے:
تیرا یہ کہنا گویا میرے ہی فیض کی بدولت ہے۔
پھر میری سرکار نے اس وادی کے تمام درجات ایک ایک کر کے بیان فرمائے۔ اس پر اس نے عرض کی:
یہ کمینہ ناقص العقل، عاجز و مسکین، نااہل و نالائق ان میں سے کسی ایک کا بھی متحمل نہیں ہو سکتا اور نہ ہی اس کے دل میں کسی بھی شے کی کوئی طلب باقی ہے، اس کی نظروں میں ان کے سوا ہر شے ہیچ و بیکار ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۵ انسانی جسم الوجود میں پاؤں کو بڑی اہمیت حاصل ہے، پاؤں سارے جسم کی سواری ہے۔ مہد سے لحد تک جہاں بھی وہ جاتا ہے پاؤں ہی پر چل کر جاتا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی پاؤں ہی

marfat.com
Marfat.com

کے متعلق فرمایا:

جو پاؤں اللہ کی راہ میں غبار آلودہ ہوں ان پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔
جسم کے کسی اور حصے کا نام نہیں لیا حالانکہ سفر میں سارا جسم گرد آلود ہوتا ہے، قدم بوسی عجز و احترام کی انتہا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۶ ایک رند ایک جنگل میں ہوکا دے رہا تھا آؤ جس نے اللہ کو دیکھنا ہے۔
ایک نے کہا کہ اپنے اندر کہ باہر؟
کہا اپنے اندر۔
کہنے لگا کہ وہ میں نے دیکھا ہوا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۷ یا اللہ! ہم گناہگار و خطا کار کسی بھی آزمائش کی تاب نہیں لا سکتے، نہ ہی کسی آزمائش میں ثابت قدم رہ سکتے ہیں۔ ایک نے کہا کہ اس نے ایک حال دیکھا۔ سبحان اللہ کہ ایک کو آسمان سے گرایا گیا، اس نے زمین و آسمان کے درمیان قلابازی کھائی اور اس کا گرنا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام ہی کی طرح تھا، کسی کو بھی یہ امید نہ تھی کہ وہ زندہ زمین پر پہنچے گا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وکالت و کفالت سے صحیح و سلامت زمین پر پہنچا، جسم کے کسی حصے کو چوٹ نہیں آئی، بال تک بیکا نہیں ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَ یَرْضٰی ط
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۶۸ بانس اوپر کو اور بیری نیچے کو بڑھا کرتی ہے، بانس کو کوئی پھل نہیں لگتا اور کوئی پتھر نہیں مارتا، پتھراؤ بیری ہی کو ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۶۹ خالق کی تخلیق کا یہ انتہائی کمال ہے کہ ہر مخلوق اپنے تئیں احسن واکمل وافضل سمجھتی ہے۔ اسے اپنے میں کوئی کمی نقص وقباحت نظر نہیں آتی، نہ ہی وہ کسی دوسرے کو اپنے سے دانشمند تصور کرتی ہے۔ بھلا کبھی عقلمند بھی اپنے آپ کو عقلمند سمجھا کرتے ہیں، تخلیق میں جو بھی کمی ہوتی ہے، حکمت پر مبنی ہوتی ہے اور مخلوق کو محسوس نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۰ بندہ جب صدق دل سے اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے، اسی وقت اللہ اس پر اپنی رحمت نازل فرما دیتا ہے۔ عبادت کوئی مشکل نہیں، دل کو دنیا سے اٹھا کر اللہ کی طرف راغب کرنا مشکل ہے اور دل اللہ ہی کی رحمت سے اللہ کی طرف رجوع ہوا کرتے ہیں اور اے میری جان! کسی دل کا اللہ کے لئے فارغ ہونا کوئی معمولی ہے؟ کون ومکاں کی نعمتوں میں سے افضل نعمت ہے مبارک ہے وہ دل جو اللہ کے لئے فارغ ہوا، خوشخبری ہے اس دل کو جس میں اللہ کا ذکر جاری ہوا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۱ یا اللہ! تیرے لطف وکرم سے تیرے اس گناہگار وخطا کار بندے کو تیری کتاب قرآن عظیم وکریم و مجید کی تلاوت کی توفیق عنایت ہو۔

یا حی یا قیوم
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، آمین،

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۲ ساری دنیا میں گنتی کے چند دل اللہ کے لئے فارغ ہوتے ہیں اور اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے دل اللہ کے لئے فارغ ہوتے ہیں، سب کے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۵۷۳ نقلی جنس نقلی ہی رہتی ہے، کبھی نہیں بدلتی اگرچہ کعبہ میں ہو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۴ ہر شہر میں ہر عطار کی دکان سے جتنی بھی کستوری درکار ہو، مل سکتی ہے۔ یہاں تک کہ دارالاحسان کے ایک قریبی گاؤں ساہووالا میں بھی مل سکتی ہے۔ اتنی کستوری کہاں سے آئی؟ اسی طرح زعفران، اسی طرح شہد، اسی طرح مروارید اور اسی طرح ہم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ
وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

۱۵۷۵ میرے آقا تیری یاد میرے دل کے چراغ کا تیل ہے، یہ دیا کبھی گل نہ ہو سدا روشن رہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَمِیْن

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۶ تیری نگاہ میں شفا ہو اور زبان میں فیض، یا حی یا قیوم، آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۷ اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا احسان حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے بڑا احسان توحید کا تعارف ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کل کائنات کا قیامت تک کے لئے خاتم النبیین بنا کر بھیجا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مخلوق کو خالق کی ذات وصفات سے متعارف کرایا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۸ جس کام کے لئے تجھے بھیجا گیا ہے، وہ کام کر، اسی میں ان کی رضا اور اسی میں تیری بھلائی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۷۹ ہمیں کوشش کا حکم دیا گیا ہے جتنی کوشش کی توہمیں توفیق بخشتا ہے، کرتے ہیں لیکن کامیابی ہماری کوشش پرنہیں تیری قدرت پر موقوف ہے۔تواپنی قدرت سے اس کام میں کامیابی نصیب فرما،

یا حی یا قیوم امین،

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۰ تیرا قول تیرا فعل ہو، ہر قول کے مطابق تیرا فعل ہو۔ تیرا فعل تیرے قول کا ترجمان ہو۔ تیرا کوئی قول وفعل قابل اعتراض نہ ہو۔ تیرا قول وفعل تیری قوم کے لئے ایک نمونہ ہو۔ تیری تبلیغ تیرے اپنے قول وفعل تک محدود ہو۔ بے شک آج تیری قوم کو ایسی تبلیغ کی ضرورت ہے جو تو کہنا چاہتا ہے کر کے دکھلا، عملی نمونہ بہترین تبلیغ ہے، اس حال میں ایک دن جینا سو سال جینے سے بہتر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۱ کسی قلب کا کسی جستجو میں ہمہ تن محو ہو کر ہر دیگر جستجو سے مستغنی ودست بردار ہونا وقوف قلبی ہے۔ ہر جستجو جستجو ہے، بہترین جستجو اللہ کی جستجو ہے۔ وقوف قلبی اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک حال ہے۔ جب کوئی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرتا ہے تو اس کی برکت سے اس کا قلب ہر فکر سے آزاد ہو کر اپنے خالق کے لئے وقف ہو جاتا ہے یا درحقیقت خالق اس قلب کو اپنے لئے وقف کر لیتا ہے۔ جدید سلوک سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرنے والے کی اتباع کے سوا ہر اتباع موقوف کرتا ہے۔ اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہی ظاہر وباطن کی ترقی موقوف ہے۔ یہ مقام ہر مقام سے افضل ہے اور ہر مقام اس مقام کی زد میں ہے۔ یہ مقام ماشاء اللہ ہر افضل سے افضل اور ہر مشکل سے مشکل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۲ ہم اپنے علم پر عمل نہیں کرتے، بالکل نہیں کرتے اسی لئے کسی حقیقت کے راز کو نہیں پا سکتے اگر ہم

marfat.com
Marfat.com

اپنے علم پر عمل کریں تو کسی اختلافی مسئلے کو کبھی اتنا نہ کریدیں، عمل کے نشے میں مخمور رہیں اور ملت اسلامیہ کے ہر معاملہ میں اخوت، اتحاد اور محبت کو فروغ دیں۔

یوں کہہ کہ

یا اللہ! مجھ کو اپنے علم پر عمل کی توفیق بخش، یا حی یا قیوم آمین۔

ہماری یہ بے سند اور دل آزار باتیں صرف بے عملی ہی کی بدولت ہیں اور ساری دنیا میں چند گنتی کے بندے ہوں گے جو اپنے علم پر عمل کرتے ہوں گے ورنہ سب کے سب جو کہتے ہیں کرتے نہیں، کہتے سب کچھ ہیں کرتے کچھ بھی نہیں۔

عمل کے نور کی ضیا سالک کی راہ کو روشن رکھتی ہے، کبھی تاریک ہونے نہیں دیتی ورنہ اس راہ کی تاریکی کو کوئی اور اجالا کبھی روشن نہیں کر سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۳ شیر جنگل کا تمکین الوریٰ ہے، گیدڑوں کی طرح ہاؤ ہو نہیں کرتا، کبھی کبھی دھاڑتا ہے اور شیر کی دھاڑ سے جنگل میں ہلچل مچ جاتی ہے۔ جانوروں کے دل دہل جاتے ہیں اور سناٹا چھا جاتا ہے اور بھیڑوں کی طرح شیروں کے ریوڑ نہیں ہوتے، کسی کسی جنگل میں کہیں کوئی شیر ہوتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۴ اسلام کو جو ناز محدثین پر ہے کسی اور پر نہیں۔ محدثین نبوت کے مظہر اور اس میخانے کے بانی و معمار ہیں اور اے قوم تو نے انہیں کبھی یاد نہیں کیا جن کی بدولت یہ میخانہ زندہ و آباد ہے تجھے یاد ہی نہ رہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۵ یہ رند یہ تیرے پراسرار بندے تیرے میکدے کی رونق ہیں اگر تیری دنیا میں یہ رند نہ ہوتے تو تیری دنیا میں کیا کیف ہوتا؟ کسی بھی تاریخ میں کوئی چاشنی نہ ہوتی۔ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کی ساری داستان کو ان رندوں ہی نے رنگین کیا ہوا ہے۔ یا حی یا قیوم۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۶ انہیں کچھ مت کہہ، یہ رند ہی تو تیرے میکدے کی روح رواں ہیں اور یہ میکدہ رندوں ہی کے لئے ہے اگر یہ نہ ہوتے نہ ساقی ہوتا، نہ صبوحی اور نہ ہی مہ کدے میں رونق۔ تیرے میکدے پر رندوں کا یہ جمگھٹ سدا برقرار رہے۔ تیرا کاسہ لبریز ہے اور صراحی اسی طرح بھری رہے اور تو اے میرے ساقی اے اولالہ فام ساقی: اسی طرح اور ہمیشہ ہمیں پلاتا رہے، تیری بھی خیر ہو، تیرے میکدے کی بھی۔ اور رندوں کی یہ بھیڑ اسی طرح قائم ودائم رہے۔ یاحی یاقیوم آمین۔
واضح ہو کہ مہ کدہ توحید کے چار معروف رند صدیقؓ، عمرؓ، عثمانؓ اور علیؑ ہیں۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ
الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۷ رند پاک ہوتے ہیں اور بے باک ہوتے ہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۸ تیری ہر دوا حکمت، تیری ہر دعا حکمت، تیری ہر عطاء حکمت، تیری ہر ادا حکمت، سراسر حکمت اور حکمت پر مبنی ہے۔ یاحی یاقیوم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۸۹ کردار کے ساتھ ایمان اور ایمان کے ساتھ کردار لازم وملزوم ہے۔ کسی کو پہلے کردار عنایت ہوا پھر ایمان، کسی کو پہلے ایمان پھر کردار، کردار بلا ایمان اور ایمان بلا کردار نہ مقبول الفطرت ہے نہ مقبول الاسلام۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۰ یااللہ! تیرا عمرؓ تیری نشانیوں میں سے ایک نشانی، تیرے دین کی قوت وعظمت اور تیرے جلال و

marfat.com
Marfat.com

اکرام کا مظہر تھا۔ اسلام کو مٹانے کی نیت سے تلوار لے کر گھر سے نکلا، ابھی اپنی منزل پر بھی نہ پہنچا تھا کہ خود ہی راہ میں مٹ گیا اور ایسا مٹا کہ شام سے پہلے مکہ کی فضائیں اللہ اکبر کی اذانوں سے گونج اٹھیں۔ کسی کو بھی روکنے کی جرأت نہ ہوئی۔ یا اللہ! یہ تیرے عمرؓ کی کرامت نہ تھی، تیرا کرم تھا، تیری نوازش تھی جو تو نے اپنے عمرؓ کو پل بھر میں نواز لیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۱ یا اللہ! جس طرح تو نے اپنے عمرؓ کے دل کو پھیرا تھا، اسی طرح ہم سب کے ان سب کے اور ان سب کے دلوں کو پھیر کر اپنے دین کی طرف لا۔ یا حی یا قیوم آمین۔ یا اللہ جنہیں تو نے کردار بخشا ہے، ایمان بھی بخش اور جنہیں ایمان بخشا ہے انہیں کردار بھی بخش یا حی یا قیوم آمین۔ یا اللہ تیری عزت وعظمت والی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام میں ہم خاک نشینوں کی یہ دعا مقبول ہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ، اٰمِیْنَ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ، اٰمِیْنَ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ، اٰمِیْنَ

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۲ کردار اگرچہ کتنا بلند ہو، ایمان کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ یا اللہ جن بندوں کو تو نے کردار بخشا ہے ایمان بھی بخش یا حی یا قیوم آمین۔ الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۳ حکمت کے اصولوں سے کوئی بھی چیز بری نہیں، یہاں تک کہ بری سے بری بیماری بھی بری نہیں۔ ہر شے اپنے اندر ایک رحمت لئے ہوتی ہے، یا حی یا قیوم۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۴ ضمیر انسان کا سچا رہنما اور نفس خطرناک دشمن ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۵ حال ماضی کا محاسب ہے، یہ پوچھتا ہے یہ کیوں کیا؟ یہ کیوں کیا؟ وہاں کیوں گئے؟

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۶ مخالف کسی بھی دلیل پر مطمئن نہیں ہوا کرتے، نہ ہی اپنی زیادتی کا اعتراف کیا کرتے ہیں، اختلاف عموماً ذات سے ہوتا ہے بات سے نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۵۹۷ اگر باتوں ہی کا اختلاف ہوتا تو آج تک ضرور ختم ہو جاتا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہتر بات اور کس کی ہو سکتی ہے؟ معلوم ہوا ہمارے اختلافات باتوں کے نہیں ذاتوں کے ہیں اور یہ کبھی ختم نہیں ہو سکتے جب تک ہم خود انہیں ختم نہیں کرتے، ہر ذات اپنی برتری برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ جس کے لئے وہ دین کی ہر بات کا مطلب اپنی ذاتی پسند کے مطابق ڈھال لیتی ہے جب تک کہ اپنی ذاتیات کو دین کے تابع نہیں کرتے، اختلافات کی یہ کشمکش کبھی ختم نہیں ہو سکتی۔ ہم نے دین کو شخصیت میں مدغم کر دیا چاہئے یوں تھا کہ اپنی شخصیت کو دین میں مدغم کرتے پھر کسی بھی اور کسی بھی بات میں کوئی اختلاف نہ رہتا۔ جب بھی کوئی مفکر کسی بھی مسئلہ پر سوچتا ہے، اس میں ذاتی پسند کو ضرور جگہ دیتا ہے جس کی وجہ سے اس مسئلہ کا حل انصاف کے تقاضے پورے نہیں کرتا۔ ہمارے اکابر ذاتیات سے پاک و مبرا تھے۔ انہوں نے ذاتیات کو دین ہی کے تابع کیا ہوا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی ذات قیامت تک آنے والی نسلوں کے لئے حجت بنی ہوئی ہے۔ ہمارا اللہ ایک، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک، کتاب ایک، دین ایک، ملت ایک، ہم سب کا مرکز ایک، منفعت ایک، نقصان ایک پھر ہم کیوں ایک نہیں۔ یا اللہ! تیرے فضل و کرم سے تیری دنیا میں بسنے والے کروڑوں مسلمان ایک مرکز پر متحد ہوں آمین۔ تیرے حکم کے تابع ہو کر ساری دنیا پر حاکم ہوں آمین اور ان کی یہ حاکمیت سرمدی ہو، قیامت تک قائم و برقرار رہے یا حی یا قیوم آمین۔

marfat.com
Marfat.com

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمِ ، اٰمِيْن ،

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۵۹۸ نیکی صرف اس کے لئے کرو کہ یہ نیکی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۵۹۹ غیر ضروری خواہشات کو پامال کر دینا انسانیت کا کمال ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۶۰۰ عملی قوت تقریروں اور تحریروں کی مرہون منت نہیں ہوتی۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۶۰۱ تعمیری اصلاحی تبلیغ کرو۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۶۰۲ ایک اللہ کے بندے نے بتایا کہ جب بھی وہ کسی بھی قسم کا چھوٹے سے چھوٹا گناہ کرتا ہے اسی وقت اس کا دل کالا ہوتا ہے اور چہرہ بھی، دوسرے نے کہا کہ الحمدللہ تو نے میری شرح صدر کر دی یہی حال میرا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

۱۶۰۳ انسانیت ولایت کی ولایت نبوت کی اور نبوت ربوبیت کی مظہر ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۶۰۴ یہ بھید یہ راز یہ سر مولائے کل ختم الرسل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کی اتباع وفیض سے فہم وادراک میں تو آ سکتا ہے، تحریر میں کبھی نہیں آ سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۰۵ غلام اگرچہ ایاز ہو غزنوی اسرار کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۰۶ سلوک کی منزل صالحیت کی منزل ہے، تحریر وتقریر کی نہیں۔

الحَمْدللحیّ القیّوم فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۰۷ حضرت باوا صاحب زہد الانبیاء فرید الدین مسعود گنج شکرؒ نے اپنے محبوب ترین خلیفہ سلطان نظام الدینؒ محبوب الٰہی کو تکمیل ریاضت کے بعد ایک خط کے ہمراہ حضرت شاہ شرف الدین بوعلی شاہ قلندرؒ کی خدمت میں تصدیق تکمیل کے لئے بھیجا۔ آپ نے وہاں پہنچ کر حجرہ شریف کے دروازے پر دستک دی تو اندر سے ایک زنانہ ہاتھ مہندی سے رنگین باہر نکلا۔ آپ نے خط ان کے ہاتھ پر رکھ دیا۔ آپ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ یہ کون اور یہاں کیسے؟ اسی وقت اندر سے آواز آئی جاؤ خط کا جواب دے دیا، جب وہ واپس حضرت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ فرمایا تم فارغ التحصیل سلوک کے امتحان میں ناکام ہو گئے۔ یہ خیال پیدا ہوا ہی کیوں؟ ان کے حضور میں جو بھی حاضر ہوتا ہے بیٹا ہو یا بیٹی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امانت ہوتی ہے اور سرکار دو عالم تاجدار حرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امانت میں کون خیانت کر سکتا ہے اور کیسے کر سکتا ہے؟ پھر آپ کو ایک کڑی ریاضت میں مصروف کیا گیا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۰۸ سبحان القائم الدائم، سبحان الحی القیوم، سبحان الحی الذی لایموت، سبحان اللّٰہ العظیم و بحمدہ، سبوح قدوس، رب الملٰئکۃ و الروح، سبحان العلی الاعلی سبحانہ وتعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

عقل کو دماغ میں، حرص کو گردہ میں، غضب کو کلیجہ میں، شجاعت کو دل میں، رغبت کو پھیپھڑوں میں، ہنسی کو تلی میں اور خوشی وغمی کو چہرہ میں رکھا ہوا ہے۔

احمد للّٰہ الذی تواضح کل شی ءٍ لعظمتہ والحمدللّٰہ الذی ذل کل شی ء لعزتہ و الحمد للّٰہ الذی خضع کل شی ء لملٰئکہ والحمد للّٰہ الذی استسلم کل شی ء لقدرتہ۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۰۹ سینہ جب کدورت سے کلیتاً پاک ہوجاتا ہے نرمل ہوجاتا ہے۔ پانی کی طرح صاف اور شیشے کی طرح شفاف ہوجاتا ہے اور شیشے میں ہر شے دکھائی دیا کرتی ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۰ تعمیر تو مکان کی بھی مشکل ہے، انسان کی تعمیر کے تو کیا کہنے۔ اپنے آپ نہ مکان بن سکتا ہے نہ انسان، ہر تعمیر مکان کی ہو یا انسان کی معمار کی محتاج ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۱ ٹیپ ریکارڈر پر سارے قرآن کریم کی تلاوت کی گئی، سامعین کو ثواب ملا۔ ٹیپ بیچارہ ٹیپ تھا، ٹیپ ہی رہا۔ قرآن عظیم کی تلاوت کے ثواب سے ٹیپ کی حالت ہمیشہ ہی جوں کی توں رہی اور یہ معاملہ قابل غور ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۲ ہر دل گرد وغبار میں لپٹا ہوا ہے۔ عشق کی تپش سے دل کے گرد کی میل جل کر بھسم ہوجاتی ہے۔ دل کی میل جب جاتی رہتی ہے، دل روشن ہوجاتا ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

marfat.com
Marfat.com

۱۶۱۳ ہم سب یہ کہتے ہیں کہ دین کی طرف آؤ، اللہ کی راہ میں نکلو لیکن ہم خود بات بات پر جھوٹ بولتے ہیں، ایک دوسرے کی غیبت کرتے ہیں، چغلی کھاتے ہیں، اپنے سینوں میں حسد و کدورت رکھتے ہیں اور کسی کو بھی اپنے جیسا نہیں سمجھتے۔ اللہ کے بندوں کو جو اللہ کا پیغام سنانے کسی مسجد میں داخل ہوتے ہیں، روک دیئے جاتے ہیں، بیچاروں کو بولنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ ایک مسجد میں لکھا ہوا دیکھا یہاں کوئی تبلیغ نہیں کر سکتا۔

ایک اور مسجد میں یہ لکھا ہوا دیکھا یہاں ذکر الٰہی کی محفل نہیں ہو سکتی۔

یا اللہ، یا رحمن، یا اللہ یا رحمن! یہ سب معاملات تیری رحمت کے محتاج اور قابل غور و اصلاح ہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

وَ مَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰه خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۴ یہ کہہ:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عشق میرا مذہب، محبت میری ملت اور اتباع میری منزل ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰه خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۵ جب اس نے کہا کہ اس کی کوئی ذات نہیں، کوئی صفات نہیں، کوئی حال نہیں، کوئی مقام نہیں، وہ تیرے در کا فقیر اور تیری رحمت کا امیدوار ہے، تیرے سوا تیری قسم، کسی کا بھی کچھ نہیں لگتا اور نہ ہی کسی سے کوئی امید رکھتا ہے، اس کی ہر شے تیری، تیرے ہی لئے اور تیرے ہی حوالے تو ہی اس کا ملجا، تو ہی اس کا ماویٰ، تو ہی اس کا والی اور تو ہی اس کا وارث ہے۔ راضی ہو گیا۔ سارے ہی گناہوں کو بخش دیا، نامہ اعمال پر لکیر پھیر دی جیسے کہ کسی نے کبھی کچھ کیا ہی نہیں ہوتا۔

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰه خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۶ یا حی یا قیوم اسمع واستجب اللّٰه اکبر الاکبر یا ذاالجلال والاکرام

marfat.com

Marfat.com

عالم کو عمل، مومن کو کردار، مجاہد کو شجاعت، فقر کو زہد و تقویٰ عنایت فرما یا حی یا قیوم آمین۔
نوازش تیری قدیم عادت ہے اسے پھر سے دہرا، تیری تاریخ ایک مدت سے اس منظر کی منتظر ہے۔
یا حی یا قیوم آمین۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۷ ہمارے اللہ! اے ہم نشین تو کیا جانے اور ہم کیا جانیں کہ ہمارے اللہ کیا ہیں؟
ہمارے اللہ کون و مکاں کی ہر شے کے خالق و مالک، رازق و حافظ و والی و وارث ہیں۔
ہمارے اللہ شہنشاہوں کے شہنشاہ ذوالجلال والاکرام اور اپنی ہر مخلوق کے وکیل و کفیل و نصیر اور قادر المقتدر ہیں۔
ہمارے اللہ قریب مجیب الدعوات رحیم و ودود اور غفور رحیم ہیں۔
ہمارے اللہ ارحم الراحمین، اکرم الاکرمین اور احکم الحاکمین ہیں۔
ہمارے اللہ اپنی ہر مخلوق کی فریاد کو سننے والے سمیع بصیر اور ہر فریادی کی فریاد کو سننے والے غیاث المستغیثین ہیں۔
ہمارے اللہ ہم سب کے لئے کافی ہیں اور جس کے لئے اللہ کافی نہیں اس کے لئے کوئی بھی کافی نہیں۔ ہر کفایت اللہ ہی کی کفالت کی بدولت ہے۔

الحَمْدللحیّ القیّوم
فَاللّٰہ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ

۱۶۱۸ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اقدس و اکمل، اکرم و اجمل، اطیب و اطہر، سرور کائنات، فخر موجودات، سید المرسلین، رحمۃ العالمین، شفیع المذنبین، خاتم النبیین حبیب کردگار، مولائے غمگسار، طٰہٰ، یٰسٓ، مزمل، مدثر، حم، طسم، روحی خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت کل عالمین پر محیط ہے اور کل عالمین حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دامن رحمت میں سما سکتے ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن رحمت کی وسعت کی کوئی انتہا نہیں اور اللہ کے سوا کسی کے بھی فہم و ادراک میں نہیں آ سکتی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وکالت و کفالت سے بندہ جب اپنے گناہوں کی بخشش کے لئے اللہ کے حضور میں سجدہ ریز ہوتا ہے، بخش دیا جاتا ہے اگرچہ اس کے گناہ ریت کے ذروں سے بھی زیادہ ہوں۔ حضور

marfat.com
Marfat.com

اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نجات کا واحد موجب ہے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا بِحُرْمَتِ حَبِيْبِكَ ﷺ آمین

الحَمْدللحیّ القیّوم

فَاللّٰه خَيْرُالرَّازِقِيْنَ

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا ﷺ مَاهُوَا اَهْلُهٗ

۱۶۱۹ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہے کہ

اَلْحَمْدُللّٰهِ الَّذِیْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَیْءٍ لِّعَظْمَتِهٖ وَ الْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ ذَلَّ كُلُّ شَیْءٍ لِّعِزَّتِهٖ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ خَضَعَ كُلُّ شَیْءٍ لِّمُلْكِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَیْءٍ لِّقُدْرَتِهٖ۔

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے کہ جس کی عظمت کے آگے ہر چیز عاجز ہے اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے کہ جس کی عزت کے آگے ہر چیز ذلیل ہے اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے کہ جس کی حکومت کے سامنے ہر شے جھکی ہوئی ہے اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے ہر چیز کو اپنی قدرت کے مطیع کر رکھا ہے۔

اور اس کے ذریعہ اللہ کے پاس کی چیز (رحمت و بخشش) طلب کرے تو اللہ سبحانہ اس کے لئے ہزار نیکی لکھتے ہیں اور اس کے ہزار درجے بلند کرتے ہیں اور ستر ہزار فرشتوں کو اس کے لئے قیامت تک استغفار کرنے کے لئے مقرر فرما دیتے ہیں۔ (طبرانی، ابن عساکرؒ، کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۰۵ شمار ۳۸۹۱)

بانی دارالاحسان

قبلہ شیخ صوفی حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز

(دارالاحسان سالار والا)

امروز سعید و مسعود و مبارک

پنج شنبہ ۱۰ محرم الحرام ۱۳۹۵ھ

marfat.com

Marfat.com

يَاحَيُّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا قَيُّوم

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا

**مُحَمَّدٍ** النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ

مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ





مہتمم دارالاحسان

صاحبزادہ میاں محمد مقصود احمد عفی عنہ بن میاں محمد انور علی قدس سرہ العزیز بن حضرت محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین دارالاحسان دربار شریف (سالار والا) فیصل آباد۔ پنجاب۔ پاکستان

++92-41-8742650 0300-321-333-9661047

www.darulehsan.net.pk

Email:maqsoodsalarwala@gmail.com